فتاویٰ انوار العلوم

کتاب الصلوٰۃ

حصہ اول

ترتیب

حضرت مولانا مفتی عبد الحق عثمانی صاحب مدظلہ

مہتمم جامعہ انوار العلوم مہرا[illegible]ن کورنگی کراچی

دار الناشر

☆ نام کتاب .... فتاویٰ انوار العلوم

☆ زیر سرپرستی .... حضرت مولانا عبدالحق عثمانی صاحب مدظلہ

☆ ناشر .... دار الناشر

☆ سن اشاعت .... جمعۃ المبارک 7 جمادی الاوّل 1436ھ

ملنے کے پتے

☆ ادارہ العلم ریاض سوک سنٹر نوشہرہ

☆ کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی

☆ مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور

☆ اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی

☆ ادارۃ الرشید بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ رحمانیہ قصہ خوانی پشاور

☆ نیازی کتب خانہ اکوڑہ خٹک

☆ ادارۃ النور بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور

☆ مکتبہ القرآن بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ

☆ مکتبہ عثمانیہ راولپنڈی

☆ مکتبہ لدھیانوی بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ امام محمد بنوری ٹاؤن کراچی

فہرست مضامین فتاوی انوار العلوم

عنوانات	صفحہ نمبر

کتاب الصلاۃ

۱ - باب أحکام المساجد

۲ - كتاب مواقيت الصلاة

۳- باب الأذان والإقامة

٤ - باب شروط الصلاة

۵ - باب الفرائض والواجبات في الصلاة

٦ - باب سنن الصلاة

۷- باب مستحبات الصلاة وآدابها

۸- باب القراءة

۹ - باب الإمامة

۱۰- باب الجماعة

۱۱ - باب السترة

۱۲- باب في اللاحق والمسبوق

۱۳- باب ما يفسد الصلاة وما لا يفسد

١٤- باب مکروهات الصلاة

۱۵- باب الوتر والقنوت

باب أحكام المساجد

مسجد کے نچلے حصے میں بیت الخلاء اور وضو خانہ وغیرہ تعمیر کرنے کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک بندہ مسجد کی تعمیر کرنا چاہتا ہے اور اس کے نچلے حصہ میں بیت الخلاء اور وضوخانہ تعمیر کرکے اس کے اوپر مسجد تعمیر کرنا چاہتا ہے آیا اس کے لئے اس طرح تعمیر کرانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ زمین کے جتنے حصے کو ایک بار مسجد شرعی قرار دیا جائے یعنی زمین سے آسمان تک مکمل مسجد کہلائی جاتی ہے اور مسجد کے لئے وقف کی جائے تو ایسی مسجد شرعی میں کسی چیز کے بنانے کی گنجائش نہیں ہے، خواہ مسجد کے نچلے حصے میں ہو یا اوپر، مسجد شرعی قرار دینے سے قبل امام کے لئے مکان یا مصالحِ مسجد کے لئے اور کچھ بنانا طے کر لیا ہو اور اس کی عام اطلاع بھی کر دی ہو تو جائز ہے، لیکن بیت الخلاء بنانے کی پھر بھی گنجائش نہیں ہے کیونکہ بیت الخلاء مصالحِ مسجد یعنی ضرورتِ مسجد میں داخل نہیں ہے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں مذکور شخص کے لئے مسجد کے تہہ خانے میں بیت الخلاء اور استنجاء خانہ وغیرہ بنانا خواہ زمین پہلے سے مسجد کے لئے وقف ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں درست نہیں ہے، کیونکہ بیت الخلاء مصالحِ مسجد میں سے نہیں ہے اس لئے مسجد کے نیچے یا اوپر بنانے کی بالکل اجازت نہیں ہے بلکہ مسجد کے قریب بھی ان کی تعمیر مسجد کی بے حرمتی اور عبادت میں خلل کا موجب ہے اور مسجد کے نیچے بیت الخلاء وغیرہ کی تعمیر کرنے سے اس کے مسجد شرعی ہونے کی حیثیت متنازع فیہ ہو جاتا ہے۔ البتہ وضوخانہ کی گنجائش ہے کیونکہ وہ مصالحِ مسجد میں سے ہے۔

كذا في تنوير الأبصار:

(وإذا جعل تحته سردا بالمصالحة) أي المسجد (جاز) كمسجد القدس.[١]

(و) كره تحريما (الوطء فوقه، والبول والتغوط) لأنه مسجد إلى عنان السماء.

وكذا في الشامية:

(قوله إلى عنان السماء) وكذا إلى تحت الثرى كما في البيرى عن الإسبيجابي بقي لو جعل الواقف تحته بيتا للخلاء هل يجوز كما في مسجد محلة الشحم في دمشق؟ لم أره صريحا.[٢]

====================

[١] كتاب الصلاة، باب أحكام المسجد، ١/ ٦٥٦، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب أحكام المسجد، ١، ٦٥٦، ط: سعيد

وكذا في تقريرات الرافعي على حاشية ابن عابدين:

قوله (لم أره صريحا) الظاهر عدم الجواز وما يأتي متنا لا يفيد الجواز لأن بيت الخلاء ليس من مصالحه على أن الظاهر عدم صحة جعله مسجدا بجعل بيت الخلاء تحته كما يأتي أنه لو جعل السقاية أسفله لا يكون مسجدا فكذا بيت الخلاء لأنهما ليسا من المصالح تأمل. [۱]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الوقف، باب المساجد، ٦/ ٤٤٤، ٦/ ٤٦٤، ط: سعيد

وكذا في مسائل رفعت قاسمی: مسائل مسجد، ٦/ ١٢١، ط: سید احمد شہید

سود کی رقم سے بنی ہوئی مسجد میں نماز پڑھنے کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ زید سود کا کاروبار کرتا ہے، سود کی رقم سے بنی ہوئی مسجد میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: سودی اور ناجائز رقوم سے مسجد بنانا شرعاً جائز نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کے گھر میں پاک مال لگایا جائے، وہ پاک مال ہی کو قبول کرتا ہے، ناپاک مال نہ لگایا جائے، اور ایسی مسجد میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔

كذا في الصحيح لمسلم:

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ إِلَّا طَيِّبًا. [۲]

وكذا في الطحطاوي:

(قوله لو بماله الحلال) فلو المال خبيثا أو فيه شبهة الخبث يكره لأن الله تعالى لا يقبل إلا الطيب فيكره تلويث بيته بما لا يقبله. [۳]

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ لَوْ بِمَالِهِ الْحَلَالِ) قَالَ تَاجُ الشَّرِيعَةِ: أَمَّا لَوْ أَنْفَقَ فِي ذَلِكَ مَالًا خَبِيثًا وَمَالًا سَبَبُهُ الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ فَيُكْرَهُ لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَا يَقْبَلُ إِلَّا الطَّيِّبَ، فَيُكْرَهُ تَلْوِيثُ بَيْتِهِ بِمَا لَا يَقْبَلُهُ. اهـ. شُرُنْبُلَالِيَّةٌ. [٤]

---

[۱] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٨٥، ط: سعيد

[۲] كتاب الزكاة، باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، ١/ ٣٢٦، ط: قديمي

[۳] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٢٧٨، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، مطلب في أحكام المسجد، ١/ ٦٥٨، ط: سعيد

وکذا في الهندية:

فِي الْمُنْتَقَى قَالَ أَبُو يُوسُفَ - رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالَى - إذَا غَصَبَ رَجُلٌ أَرْضًا وَبَنَاهَا حَوَانِيتَ وَحَمَّامًا وَمَسْجِدًا فَلَا بَأْسَ بِالصَّلَاةِ فِي ذَلِكَ الْمُسْجِدِ فَأَمَّا الْحَمَّامُ فَلَا يُدْخَلُ وَلَا يَسْتَأْجِرُ الْحَوَانِيتَ قَالَ وَلَا بَأْسَ بِأَنْ يَدْخُلَ الْحَوَانِيتَ لِشِرَاءِ الْمَتَاعِ قَالَ هِشَامٌ وَأَنَا أَكْرَهُ الصَّلَاةَ فِيهِ حَتَّى يَطِيبَ بِذَلِكَ أَرْبَابُهُ. [۱]

وفيه أيضا:

الصَّلَاةُ فِي أَرْضٍ مَغْصُوبَةٍ جَائِزَةٌ وَلَكِنْ يُعَاقَبُ بِظُلْمِهِ فَمَا كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللهِ تَعَالَى يُثَابُ وَمَا كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْعِبَادِ يُعَاقَبُ. كَذَا فِي مُخْتَارِ الْفَتَاوَى الصَّلَاةُ جَائِزَةٌ فِي جَمِيعِ ذَلِكَ لِاسْتِجْمَاعِ شَرَائِطِهَا وَأَرْكَانِهَا. [۲]

وكذا في الفقه الإسلامي:

الصلاة في الأرض المغصوبة حرام بالإجماع، لأن اللبث فيها يحرم في غير الصلاة، فلأن يحرم في الصلاة أولى. [۳]

وکذا في مجموعة الفتاوی: کتاب المساجد، ۱/ ۱۸٤، ط: سعید

وکذا في نجم الفتاوی: کتاب الصلاۃ، فصل فیما یفسد الصلاۃ ومایکرہ فیہا، ۲/ ۳۹۵، ط: شعبہ نشر واشاعت

وکذا في احسن الفتاوی: باب المسجد، باب مفسدات الصلاۃ والمکروھات، ۳/ ٤۳۰، ط: سعید

نیشنل ریفائنری سپر ہائی ٹینشن تار کے نیچے مسجد کی تعمیر کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارا علاقہ جو کہ واقع گاہی فقیر گوٹھ سیکٹر ۱۵ کورنگی کراچی ۳۱ نیشنل ریفائنری سپر ہائی ٹینشن تار کے نیچے تقریباً ۲ کلومیٹر تک آبادی ہے تقریباً ۲۸ سال سے لے کر رہائش پذیر ہیں اب اس آبادی میں چند مساجد ومدرسے ودیگر امام بارگاہ پہلے ہی سے موجود ہیں اس مسئلہ میں یہ معلوم کرنا ہے کہ اس آبادی میں کیا مسجد ومدرسہ تعمیر کرنا شرعاً جائز ہوگا یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ نیشنل ریفائنری سپر ہائی ٹینشن تار کے نیچے حکومت کے قانون کے تحت کسی بھی قسم کی آبادکاری ممنوع ہوتی

[۱] کتاب الکراھیة، الباب الثامن في تملك الغاصب المغصوب والانتفاع به، ٥/ ١٤٢، ط: رشيدية

[۲] الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لا يكره، ١/ ١٠٩، ط: قديمي

[۳] المطلب الرابع، ما تحرم الصلاة فيه، ٢/ ٩٨٤، ط: طهران، ايران

ہے، لہٰذا اگر حکومت نے مذکورہ جگہ میں تعمیر مسجد کی اجازت دی ہے تب تو مسجد ومدرسہ کی تعمیر شرعاً جائز ہے، بصورت دیگر درست نہیں، اور اگر حکومت کی ممنوعہ جگہ پر کوئی مسجد پہلے سے موجود ہو تو وہ نہ گرائی جائے، البتہ ایسی ممنوعہ جگہوں پر نئی مسجد کی تعمیر سے بچنا چاہئے کیونکہ ممنوعہ مقامات میں آبادی کا موجود ہونا کسی نئی تعمیر کے لئے شرعاً حجت نہیں ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو چاہئے کہ مساجد کی تعمیر ایسی جگہوں پر کریں جہاں کسی قسم کا شک وشبہ نہ ہو کیونکہ اگر سرکاری انتظامیہ ان ممنوعہ تجاوزات کو منہدم کردے تو مسجد کا تقدس پامال ہوسکتا ہے اور لوگوں کے درمیان فتنہ وفساد برپا ہوسکتا ہے، اس لئے غیر قانونی جگہوں میں مساجد کی تعمیر سے بہر حال پرہیز کرنا چاہئے۔

كذا في الشامية:

أَفَادَ أَنَّ الْوَاقِفَ لَا بُدَّ أَنْ يَكُونَ مَالِكُهُ وَقْتَ الْوَقْفِ مِلْكًا بَاتًّا وَلَوْ بِسَبَبٍ فَاسِدٍ، وَأَنْ لَا يَكُونَ مَحْجُورًا عَنْ التَّصَرُّفِ، حَتَّى لَوْ وَقَفَ الْغَاصِبُ الْمَغْصُوبَ لَمْ يَصِحَّ، وَإِنْ مَلَكَهُ بَعْدُ بِشِرَاءٍ أَوْ صُلْحٍ.(١)

وكذا في الدر مع الرد:

وكذا تكره في أماكن كفوق الكعبة وفي طريق ومزبلة ومجزرة... وأرض مغصوبة أو للغير. (وفي الشامية) وفى الواقعات بني مسجدا على سور المدينة لا ينبغي أن يصلى فيه لأنه حق العامة فلم يخلص لله تعالى كالمبنى في أرض مغصوبة... فالصلاة فيها مكروهة تحريما في قول وغير صحيحة له في قول آخر.(٢)

وكذا في الهندية: كتاب الوقف، فصل فيما ينتقض به الإجارة وما لا ينتقض به، ٢/ ٣٥٣، ط: رشيدية

وكذا في نجم الفتاوى: کتاب الصلاۃ، باب احکام المساجد، ۲/ ۵۶۳، ۵۶۴، ط: شعبہ نشر واشاعت

وكذا في مجموعۃ الفتاوى: کتاب الصلاۃ، ۱/ ۳۰۵، ط: سعید

دو مسجدوں کے درمیان فاصلہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ دو مسجدوں میں شرعاً کس قدر فاصلہ ضروری ہے، نیز امام اور مؤذن کا کیا کیا جائے؟

جواب: اگر ایک مسجد میں نمازی نہیں سما سکتے ہوں جگہ تنگ ہو تو اس صورت میں قریب دوسری مسجد بنانا شرعاً درست ہے، البتہ دونوں مسجدوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہونا چاہئے کہ ایک مسجد کے امام کی قرات دوسری مسجد میں سنائی نہ دے، لیکن دونوں مسجدوں کے

(١) كتاب الوقف، مطلب قد يثبت الوقف بالضرورة، ٤/ ٣٤٠/ ٣٤١، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، مطلب في الصلاة في الأرض المغصوبة، ١/ ٣٧٩، ٣٨١، ط: سعيد

لئے الگ الگ امام اور مؤذن ہونے چاہئیں، جبکہ ایک مؤذن کا دو مسجدوں میں اذان دینا مکروہ ہے لیکن اذان ہو جائے گی، بہتری یہی ہے کہ دو الگ الگ مؤذن رکھے جائیں۔

كذا في الهندية:

أَهْلُ مَحَلَّةٍ قَسَمُوا الْمَسْجِدَ وَضَرَبُوا فِيهِ حَائِطًا وَلِكُلٍّ مِنْهُمْ إِمَامٌ عَلَى حِدَةٍ وَمُؤَذِّنُهُمْ وَاحِدٌ لَا بَأْسَ بِهِ، وَالْأَوْلَى أَنْ يَكُونَ لِكُلِّ طَائِفَةٍ مُؤَذِّنٌ، قَالَ رُكْنُ الصَّبَّاغِيُّ كَمَا يَجُوزُ لِأَهْلِ الْمَحَلَّةِ أَنْ يَجْعَلُوا الْمَسْجِدَ الْوَاحِدَ مَسْجِدَيْنِ فَلَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوا الْمَسْجِدَيْنِ وَاحِدًا لِإِقَامَةِ الْجَمَاعَةِ، أَمَّا لِلتَّذْكِيرِ وَالتَّدْرِيسِ فَلَا؛ لِأَنَّهُ مَا بُنِيَ لَهُ وَإِنْ جَازَ فِيهِ، كَذَا فِي الْقُنْيَةِ. (۱)

وكذا في الدر المختار:

وجعل المسجدين واحدا وعكسه لصلاة لا لدرس. (۲)

وكذا في الرد مع الشامية:

يكره له أن يؤذن في مسجدين (قوله في مسجدين) لأنه إذا صلى في المسجد الأول يكون متنفلا بالأذان في المسجد الثاني والتنفل بالأذان غير مشروع. (۳)

وكذا في البحر الرائق:

أَهْلُ الْمَحَلَّةِ قَسَّمُوا الْمَسْجِدَ وَضَرَبُوا فِيهِ حَائِطًا وَلِكُلٍّ مِنْهُمْ إِمَامٌ عَلَى حِدَةٍ وَمُؤَذِّنُهُمْ وَاحِدٌ لَا بَأْسَ بِهِ وَالْأَوْلَى أَنْ يَكُونَ لِكُلِّ طَائِفَةٍ مُؤَذِّنٌ كَمَا يَجُوزُ لِأَهْلِ الْمَحَلَّةِ أَنْ يَجْعَلُوا الْمَسْجِدَ الْوَاحِدَ مَسْجِدَيْنِ فَلَهُمْ أَنْ يَجْعَلُوا الْمَسْجِدَيْنِ وَاحِدًا لِإِقَامَةِ الْجَمَاعَاتِ أَمَّا لِلتَّذْكِيرِ أَوْ لِلتَّدْرِيسِ فَلَا لِأَنَّهُ مَا بُنِيَ لَهُ وَإِنْ جَازَ فِيهِ. (٤)

وكذا في فتاوی محمودیہ: باب أحكام المساجد، ١٤/ ٤٠٩، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی حقانیہ: باب المساجد، ٥/ ١٠٢، ط: حقانيه

===================

(۱) كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢٠، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٦٣، ط: سعيد

(۳) كتاب الصلاة، باب الأذان، ١/ ٤٠٠، ط: سعيد

(٤) كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد، ٥/ ٤١٩، ط: رشيدية

مسجد میں سے گزرگاہ بنانے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد میں سے گزرگاہ بنانا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بلاعذر مسجد کو گزرگاہ بنانا شرعاً ناجائز ہے۔

كذا في الهندية:

لا يتخذ طريقا في المسجد بأن يكون له بابان فيدخل من هذا ويخرج من ذلك.[1]

وكذا في الشامي:

(وَ) كُرِهَ تَحْرِيمًا (وَاتِّخَاذُهُ طَرِيقًا بِغَيْرِ عُذْرٍ) فِي التَّعْبِيرِ بِالِاتِّخَاذِ إيمَاءٌ إلَى أَنَّهُ لَا يَفْسُقُ بِمَرَّةٍ أَوْ مَرَّتَيْنِ، وَلِذَا عَبَّرَ فِي الْقُنْيَةِ بِالِاعْتِيَادِ نَهْرٌ. وَفِي الْقُنْيَةِ: دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمَّا تَوَسَّطَهُ نَدِمَ، قِيلَ يَخْرُجُ مِنْ بَابٍ غَيْرِ الَّذِي قَصَدَهُ، وَقِيلَ يُصَلِّي ثُمَّ يَتَخَيَّرُ فِي الْخُرُوجِ، وَقِيلَ إنْ كَانَ مُحْدِثًا يَخْرُجُ مِنْ حَيْثُ دَخَلَ إعْدَامًا لِمَا جَنَى فَلَوْ بِعُذْرٍ جَازَ.[2]

وكذا في البحر:

رَجُلٌ يَمُرُّ فِي الْمَسْجِدِ وَيَتَّخِذُهُ طَرِيقًا إنْ كَانَ لِغَيْرِ عُذْرٍ لَا يَجُوزُ وَبِعُذْرٍ يَجُوزُ ثُمَّ إذَا جَازَ يُصَلِّي كُلَّ يَوْمٍ تَحِيَّةَ الْمَسْجِدِ مَرَّةً اه. وَفِي الْقُنْيَةِ يُعْتَدُّ الْمُرُورَ فِي الْجَامِعِ يَأْثَمُ وَيَفْسُقُ وَلَوْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ لِلْمُرُورِ فَلَمَّا تَوَسَّطَهُ نَدِمَ قِيلَ يَخْرُجُ مِنْ بَابٍ غَيْرِ الَّذِي قَصَدَهُ وَقِيلَ يُصَلِّي ثُمَّ يَتَخَيَّرُ فِي الْخُرُوجِ وَقِيلَ إنْ كَانَ مُحْدِثًا يَخْرُجُ مِنْ حَيْثُ دَخَلَ إعْدَامًا ما لِمَا جَنَى.[3]

وكذا في كفايت المفتي: كتاب الوقف، الفصل الخامس فيما يتعلق بالتصرف والتعمير في المسجد وإفادته، ٤/ ١٤٤، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، الفصل الاول فيما يستحب في مسجد وما يكره، ١٥، ٢١٤، ط: فاروقيه

دو قریب مسجدوں میں سے کس مسجد میں نماز افضل ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ دو متقارب مسجدوں میں سے کون سی مسجد میں جماعت زیادہ افضل ہے؟

==================

[1] كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، مطلب في أحكام المسجد، ١/ ٦٥٦، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٦٢، ط: رشيدية

جواب: اگرایک محلّہ میں دو متقارب مسجدیں ہوں توجو مسجد سب سے زیادہ قدیم اور پہلے بنی ہوئی ہواس میں نماز زیادہ افضل ہے،اور اگر یہ معلوم نہ ہو کہ کون سی مسجد پہلے بنی ہے، توان دونوں میں سے جوزیادہ قریب ہواس میں نماز پڑھنا زیادہ بہتر اور صحیح ہے۔ اور اگر دونوں قرب میں بھی برابر ہوں توجس مسجد کا امام زیادہ فقیہ اور مصلح ہواس مسجد میں نماز باجماعت ادا کرے، لیکن اگر محلے کی مسجد ہو توجس مسجد میں لوگ کم جاتے ہوں اس مسجد میں نماز پڑھنا بہتر ہے، تاکہ آپ لوگوں کے لئے کثرت کا سبب بنیں، اور آپ کے جانے کی وجہ سے دیگر قرب وجوار کے لوگ بھی اس مسجد میں آئیں۔

كذا في الشامية:

ثُمَّ الْأَقْدَمُ أَفْضَلُ لِسَبْقِهِ حُكْمًا، إلَّا إذَا كَانَ الْحَادِثُ أَقْرَبَ إلَى بَيْتِهِ فَإِنَّهُ أَفْضَلُ حِينَئِذٍ لِسَبْقِهِ حَقِيقَةً وَحُكْمًا، كَذَا فِي الْوَاقِعَاتِ. وَذُكِرَ فِي الْخَانِيَةِ وَمُنْيَةِ الْمُفْتِي وَغَيْرِهِمَا: أَنَّ الأَقْدَمَ أَفْضَلُ. (١)

وكذا في فتاوى بزازيه:

في جواره مسجدان فالأقدم أولى وإن تساويا فالأقرب وإن تساويا وقوم أحدهما أكثر لو عالما ذهب إلى الذي جماعته أقل لتكثير الجماعة بسببه وغير الفقه يخير. (٢)

وكذا في امداد الاحكام: فصل في أحكام المساجد وآدابه، ١/ ٤٥٨، ٤٥٩، ط: دار العلوم کراچی

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، فصل في آداب المساجد، ١/ ٢٢٥، ط: دار الاشاعت

مسجد کے نام کو کسی کی طرف منسوب کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد کا نام کسی مرد یا عورت کے نام کی طرف منسوب کرنا کیسا ہے، کیونکہ ہمارے محلّہ میں ایک صاحب دیندار ہے اور محلّہ والوں نے مسجد کا نام اسی کے نام سے رکھا ہے جوکہ حمزہ ہے تو آیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: کسی شخص یا قبیلہ یا خاندان کے نام سے مسجد کا نام رکھنا جائز ہے اور احادیث سے ثابت ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں مسجد کا نام حمزہ رکھنے میں کوئی حرج نہیں۔

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، «أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الخَيْلِ الَّتِي أُضْمِرَتْ مِنَ الحَفْيَاءِ،

==================

(١) كتاب الصلاة، مطلب في أفضل المساجد، ١/ ٦٥٩، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب في حكم المسجد، ١/ ٧٣، ط: قديمي

وَأَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الوَدَاعِ، وَسَابَقَ بَيْنَ الخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ» ، وَأَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ فِيمَنْ سَابَقَ بِهَا. [١]

وكذا في عمدة القاري:

أَي: هَذَا بَاب فِي بَيَان إِضَافَة مَسْجِد من الْمَسَاجِد إِلَى قَبيلَة أَو إِلَى أحد مثل بانيه أَو الملازم للصَّلَاة فِيهِ، هَل يجوز أَن يُقَال ذَلِك؟ نعم يجوز، وَالدَّلِيل عَلَيْهِ حَدِيث ابْن عمر... وَفِيهِ جَوَازُ إِضَافَةِ المَسَاجِدِ إِلى بَانِيه وَإِلَى مُصَلٍّ فِيهِ. [٢]

وكذا في كتاب الفتاوى: كتاب الوقف، باب المساجد، ٤/ ٢٢٦، ط: زمزم

وکذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: كتاب الصلاة، باب المساجد، ٣/ ٢٤٥، ٢٤٦، ط: لدھیانوی

مسجد میں انگلیاں چٹخانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نمازی نماز کا انتظار کرتے ہوئے مسجد میں بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں اس دوران بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ انگلیاں چٹخاتے ہیں تو کیا مسجد میں انگلیاں چٹخانا درست ہے؟

جواب: انگلیاں عام حالت میں بھی چٹخانا مکروہ ہے اور مسجد میں چٹخانے سے اس کی کراہت مزید بڑھ جائے گی اس لئے اس سے بچنا چاہئے۔

كذا في الهندية:

ويكره أن يشبك أصابعه وأن يفرقع. كذا في فتاوى قاضي خان والفرقعة أن يغمزها أو يمدها حتى تصوت كذا في النهاية والفرقعة خارج الصلاة كرهها كثير من الناس. [٣]

وفيه أيضا:

وأن لا يفرقع أصابعه فيه. [٤]

---

[١] كتاب الصلاة، باب هل يقال مسجد بني فلان، ١/ ٥٩، ط: قديمي

[٢] كتاب الصلاة، باب هل يقال مسجد بني فلان، ٤/ ٢٣٤، ٢٣٦، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاةن ويكره فيها، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لا يكره فيها، ١/ ١٠٦، ط: رشيديه

[٤] باب الكراهية، الباب الخامس آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيديه

وكذا في البحر الرائق:

نهى أن يفرقع الرجل أصابعه... المسجد فلا يشبك بين يديه قبيل فرقعة الأصابع.[1]

وكذا في الفقه الإسلامي:

ويكره عند الحنابلة والشافعية التشبيك في المساجد، ومن حين يخرج المصلي من بيته قاصداً المسجد، لخبر أبي سعيد أنه صلّى الله عليه وسلم: «إذا كان أحدكم في المسجد، فلا يشبكنَّ، فإن التشبيك من الشيطان.[2]

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، باب مكروهات نماز، ١/ ٣٧١، ط: قديمي

مسجد میں رومال وغیرہ رکھ کر اپنے لئے جگہ مختص کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ بعض لوگ مسجد میں رومال وغیرہ رکھ کر جگہ گھیر لیتے ہیں خود بعد میں آتے ہیں کیااس طرح جگہ پکڑ نا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ مسجد میں پہلے آکر رومال وغیرہ رکھ کر جگہ پر قبضہ کر لینااور خود دیر سے آنا درست نہیں البتہ وہاں بیٹھا ہوا شخص اگر جلد واپس آنے کی نیت سے کسی کام سے اٹھ جائے اور اپنی جگہ کوئی رومال وغیرہ رکھ دے تو یہ درست ہے۔

كذا في الشامي:

(قَوْلُهُ وَتَخْصِيصُ مَكَان لِنَفْسِهِ) لِأَنَّهُ يُخِلُّ بِالْخُشُوعِ، كَذَا فِي الْقُنْيَةِ: أَيْ لِأَنَّهُ إذَا اعْتَادَهُ ثُمَّ صَلَّى فِي غَيْرِهِ يَبْقَى بَالُهُ مَشْغُولًا بِالْأَوَّلِ، بِخِلَافِ مَا إذَا لَمْ يَأْلَفْ مَكَانًا مُعَيَّنًا (قَوْلُهُ وَلَيْسَ لَهُ إلَخْ) قَالَ فِي الْقُنْيَةِ: لَهُ فِي الْمَسْجِدِ مَوْضِعٌ مُعَيَّنٌ يُوَاظِبُ عَلَيْهِ وَقَدْ شَغَلَهُ غَيْرُهُ. قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: لَهُ أَنْ يُزْعِجَهُ، وَلَيْسَ لَهُ ذَلِكَ عِنْدَنَا اهـ أَيْ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ لَيْسَ مِلْكًا لِأَحَدٍ بَحْرٌ عَنْ النِّهَايَةِ. قُلْت: وَيَنْبَغِي تَقْيِيدُهُ بِمَا إذَا لَمْ يَقُمْ عَنْهُ عَلَى نِيَّةِ الْعَوْدِ بِلَا مُهْلَةٍ، كَمَا لَوْ قَامَ لِلْوُضُوءِ مَثَلًا وَلَا سِيَّمَا إذَا وَضَعَ فِيهِ ثَوْبَهُ لِتَحَقُّقِ سَبْقِ يَدِهِ تَأَمَّلْ.[3]

وكذا في الهندية:

ويكره للإنسان أن يخص لنفسه مكانا في المسجد يصلي فيه.[4]

====================

[1] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٢٢، ط: رشيديه

[2] المبحث الثاني صلاة الجمعة، مكروهات الخطبة، ٢/ ١٣٢١، ط: نشر احسان طهران

[3] باب في بيان السنة والمستحب والمندوب والمكروه وخلاف الأولى، مطلب في الفرس في المسجد، ١/ ٦٦٢، ط: سعيد

[4] الباب السابع فيما يفسد في الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة، ١/ ١٠٨، ط: رشيدية

وکذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الوقف، باب آداب المساجد، ۱۵/ ۲۲۲، ط: فاروقیہ

وکذا في فتاوی رحیمیہ: کتاب الوقف، باب أحکام المدارس والمساجد، ۹/ ۹۰، ط: دار الاشاعت

مسجد کا دروازہ بند کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے اوقات کے علاوہ میں مسجد کے دروازہ بند کرکے تالا لگانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نماز کے اوقات کے علاوہ مسجد بند کرنا مکروہ ہے مسجد کا دروازہ ۲۴ گھنٹے کھلا رہنا چاہئے، تاہم اگر انتظامی معاملات کی وجہ سے ایسا کرنا پڑے جیسے مسجد کا سامان وغیرہ چوری ہو جانے کا اندیشہ ہو تو پھر نماز کے اوقات کے علاوہ بقیہ اوقات میں دروازہ بند کرسکتے ہیں۔

كذا في الشامية:

(وَ) كَمَا كُرِهَ (غَلْقُ بَابِ الْمَسْجِدِ) إلَّا لِخَوْفٍ عَلَى مَتَاعِهِ بِهِ يُفْتَى... (قَوْلُهُ إلَّا لِخَوْفٍ عَلَى مَتَاعِهِ) هَذَا أَوْلَى مِنْ التَّقْيِيدِ بِزَمَانِنَا لِأَنَّ الْمَدَارَ عَلَى خَوْفِ الضَّرَرِ، فَإِنْ ثَبَتَ فِي زَمَانِنَا فِي جَمِيعِ الْأَوْقَاتِ ثَبَتَ كَذَلِكَ إلَّا فِي أَوْقَاتِ الصَّلَاةِ، أَوْ لَا فَلَا، أَوْ فِي بَعْضِهَا فَفِي بَعْضِهَا، كَذَا فِي الْفَتْحِ. وَفِي الْعِنَايَةِ: وَالتَّدَبُّرُ فِي الْغَلْقِ لِأَهْلِ الْمَحَلَّةِ، فَإِنَّهُمْ إذَا اجْتَمَعُوا عَلَى رَجُلٍ وَجَعَلُوهُ مُتَوَلِّيًا بِغَيْرِ أَمْرِ الْقَاضِي يَكُونُ مُتَوَلِّيًا. [۱]

وكذا في الهندية:

كُرِهَ غَلْقُ بَابِ الْمَسْجِدِ: وَقِيلَ لَا بَأْسَ بِغَلْقِ الْمَسْجِدِ فِي غَيْرِ أَوَانِ الصَّلَاةِ صِيَانَةً لِمَتَاعِ الْمَسْجِدِ. [۲]

وكذا في مجمع الأنهر:

(وغلق بابه) أي باب المسجد لأنه شبه المنع عن الصلاة وهو حرام... (والأصح جوازه عند الخوف على متاعه). [۳]

وكذا في فتح القدير:

(وَيُكْرَهُ أَنْ يُغْلَقَ بَابُ الْمَسْجِدِ) لِأَنَّهُ يُشْبِهُ الْمَنْعَ مِنْ الصَّلَاةِ، وَقِيلَ لَا بَأْسَ بِهِ إذَا خِيفَ عَلَى مَتَاعِ الْمَسْجِدِ فِي غَيْرِ أَوَانِ الصَّلَاةِ. [٤]

---

[۱] باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب في أحكام المسجد، ۱/ ٦٥٦، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني، ۱/ ۱۰۹، ط: رشيدية

[۳] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ۱۹۰، ط: الحبيبية

[٤] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ٤۳٥، ط: دار الكتب العلمية

وكذا في كفايت المفتی: كتاب الوقف، الباب السادس فيما يتعلق بأحكام المساجد، ١/ ٤٠ - ٤٢، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوى محموديہ: كتاب الوقف، باب المتفرقات، ١٥/ ٣١٦، ط: فاروقيه

مسجد میں انتخابات اور سیاسی میٹنگ کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد میں انتخابات اور سیاسی میٹنگ کرنا جائز ہے یانہیں؟

جواب: اگر مسجد کے آداب کاخیال کرتے ہوئے مسجد میں سیاسی میٹنگ کی جائے تو اس کی گنجائش ہے۔

كذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ كُلُّ عَمَلٍ مِنْ عَمَلِ الدُّنْيَا فِي الْمَسْجِدِ... الْجُلُوسُ فِي الْمَسْجِدِ لِلْحَدِيثِ لَا يُبَاحُ بِالِاتِّفَاقِ؛ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ مَا بُنِيَ لِأُمُورِ الدُّنْيَا، وَفِي خِزَانَةِ الْفِقْهِ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ الْكَلَامَ الْمُبَاحَ مِنْ حَدِيثِ الدُّنْيَا فِي الْمَسْجِدِ حَرَامٌ. (١)

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ بِأَنْ يَجْلِسَ لِأَجْلِهِ) فَإِنَّهُ حِينَئِذٍ لَا يُبَاحُ بِالِاتِّفَاقِ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ مَا بُنِيَ لِأُمُورِ الدُّنْيَا... وَفِي الْمَدَارِكِ: {وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ} الْمُرَادُ بِالْحَدِيثِ الْحَدِيثُ الْمُنْكَرُ كَمَا جَاءَ «الْحَدِيثُ فِي الْمَسْجِدِ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَأْكُلُ الْبَهِيمَةُ الْحَشِيشَ». (٢)

وكذا في فتاوى محموديہ: كتاب الوقف، باب آداب المساجد، الفصل التاسع، ١٥/ ٢٨٠، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوى رحيميہ: كتاب الوقف، باب أحكام المدارس والمساجد، ٩/ ١١١، ط: دار الاشاعت

مساجد میں خانہ کعبہ کی تصویر آویزاں کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ بعض مساجد میں خانہ کعبہ کی تصاویر آویزاں ہوتی ہیں ان میں حاجیوں کی انتہائی چھوٹی چھوٹی تصویریں بھی ہوتی ہیں جو کہ قریب سے دیکھے بغیر انسانی تصویریں معلوم نہیں ہوتیں، کیا اس قسم کی تصویروں والے کتبے مساجد میں آویزاں کرنا جائز ہے یانہیں؟

---

(١) كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيدية

(٢) باب في بيان السنة والمستحب والمندوب والمكروه وخلاف الأولى، مطلب في الغرس في المسجد، ١/ ٦٦٢، ط: سعيد

جواب: جوانسانی تصویریں اتنی چھوٹی اور باریک ہوں کہ انتہائی قریب سے دیکھے بغیر پہچانی نہ جاسکتی ہوں اور تصویر کے اعضاء واضح طور پر نظر نہ آئیں تو اس قسم کی تصویروں کا حکم عام تصویروں کی طرح نہیں جن کے بارے میں سخت وعیدیں آئی ہیں، لہٰذا اس قسم کے کتبے مساجد اور گھروں میں آویزاں کرنے میں کوئی حرج نہیں اور نہ ہی اس سے نماز کی صحت پر کوئی اثر پڑتا ہے تاہم ایسی چیزوں کو مسجد کی دیواروں سے ہٹا کر کہیں اور لگادیا جائے تو بہتر ہے۔

كذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ أَنْ يُصَلِّيَ... إِذَا كَانَتْ الصُّورَةُ كَبِيرَةً... وَلَوْ كَانَتْ صَغِيرَةً بِحَيْثُ لَا تَبْدُو لِلنَّاظِرِ إلَّا بِتَأَمُّلٍ لَا يُكْرَهُ وَإِنْ قَطَعَ الرَّأْسَ فَلَا بَأْسَ بِهِ. (۱)

وكذا في حلبي كبيري:

أما إذا كانت مقطوعة الرأس يعني به إذا لم يكن له أي للشخص المصور رأس أصلا أو كان له ممحاه بخيط نسجه عليه حتى طمست هيأة أو كانت الصورة صغيرة جدا بحيث لا تبدو أي لا تظهر للناظر إذا كان قائما وهي على الأرض أي لا تتبين تفاصل أعضاؤها فلا يكره حينئذ. (۲)

وكذا في الدر المختار مع تنوير الأبصار:

لَا يُكْرَهُ (لَوْ كَانَتْ تَحْتَ قَدَمَيْهِ) أَوْ مَحَلِّ جُلُوسِهِ لِأَنَّهَا مُهَانَةٌ (أَوْ فِي يَدِهِ) عِبَارَةُ الشُّمُنِّيِّ بَدَنِهِ لِأَنَّهَا مَسْتُورَةٌ بِثِيَابِهِ (أَوْ عَلَى خَاتَمِهِ) بِنَقْشٍ غَيْرِ مُسْتَبِينٍ... (أَوْ كَانَتْ صَغِيرَةً) لَا تَتَبَيَّنُ تَفَاصِيلُ أَعْضَائِهَا لِلنَّاظِرِ قَائِمًا وَهِيَ عَلَى الْأَرْضِ، ذَكَرَهُ الْحَلَبِيُّ (أَوْ مَقْطُوعَةَ الرَّأْسِ أَوْ الْوَجْهِ). (۳)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، الفصل السادس، ۱۵/ ۲۶۲، ط: فاروقيه

وكذا في كفايت المفتی: كتاب الوقف، الباب السابع فيما يتعلق بآداب المساجد، الفصل السادس، ۱/ ۲۸۷، ط: فاروقيه

==================

(۱) كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد في الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني، ۱/ ۱۰۷، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب مكروهات، ص۳۱۲، ط: نعمانيه

(۳) كتاب الصلاة، مكروهات الصلاة، ۱/ ٦٤٨، ط: سعيد

مسجد کے کسی حصے کو ختم کرکے اس پر رہائش گاہ بنانا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد کے کسی حصہ کو مسجد سے ختم کرکے اس پر رہائش گاہ وغیرہ بنانا کیسا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ زمین کے جس حصہ کو مسجد بنالیا جائے تو وہ زمین (تحت الثری) نچلی زمین سے لے کر آسمان تک مسجد کے حکم میں ہو کر اللہ تعالی کے لئے وقف ہو جاتی ہے، لہٰذا اس کے کسی حصہ کو ختم کرکے اس پر رہائش گاہ وغیرہ بنانا جائز نہیں البتہ ضروریات مسجد ہی کے لئے استعمال میں لائی جاسکتی ہے۔

كذا في القرآن المجيد:

وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا. (الجن: ١٨)

وكذا في الدر مع الرد مع الشامي:

لَوْ بَنَى فَوْقَهُ بَيْتًا لِلْإِمَامِ لَا يَضُرُّ لِأَنَّهُ مِنْ الْمَصَالِحِ، أَمَّا لَوْ تَمَّتْ الْمَسْجِدِيَّةُ ثُمَّ أَرَادَ الْبِنَاءَ مُنِعَ... قَالَ فِي الْبَحْرِ: وَحَاصِلُهُ أَنَّ شَرْطَ كَوْنِهِ مَسْجِدًا أَنْ يَكُونَ سِفْلُهُ وَعُلُوُّهُ مَسْجِدًا لِيَنْقَطِعَ حَقُّ الْعَبْدِ عَنْهُ لِقَوْلِهِ تَعَالَى {وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ}.(١)

وكذا في تنوير الأبصار مع الدر المختار:

(وَ) كُرِهَ تَحْرِيمًا (الْوَطْءُ فَوْقَهُ، وَالْبَوْلُ وَالتَّغَوُّطُ) لِأَنَّهُ مَسْجِدٌ إلَى عَنَانِ السَّمَاءِ... وَكَذَا إلَى تَحْتَ الثَّرَى.(٢)

وكذا في الهندية:

ويكره كل عمل من عمل الدنيا في المسجد.(٣)

وكذا في الخانية:

قال الفقيه أبو الليث رحمه الله لا يجوز له أن يجعل شيئا من المسجد مسكنا أو مشغلا.(٤)

(١) نوع بناء بيت الإمام فوق المسجد، مطلب في أحكام المسجد، ٤/ ٣٥٨، ط: سعيد

(٢) مطلب في أحكام المسجد، ١/ ٦٥٦، ط: سعيد

(٣) كتاب الكراهية، باب آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيديه

(٤) باب أحكام المسجد، ٣/ ٢٩٣، ط: قديمي

وكذا في البزازية:.

ولا يجوز للقيم أن يجعل شيئا من المسجد مسكنا أو مشغلا ولا أن يبني في فناء المسجد حوانيت.[1]

وكذا في كفایت المفتی: كتاب الوقف، الباب السادس فيما يتعلق بأحكام المساجد، الفصل الخامس، ١/ ١١٥، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، الباب السابع التعمير والتصرف في المسجد، ١٤/ ٥٥٢، ط: فاروقيه

مسافر کا مسجد میں آرام کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد میں کوئی مسافر شخص آرام کر سکتا ہے یا نہیں اور یہ جو جماعتیں آتی ہیں یہ بھی مسجد میں آرام کرتی ہیں ان کاآرام کرنا کیسا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ مسجد نماز کی جگہ ہے سونے اور آرام کرنے کی جگہ نہیں ہے لہٰذا جو مسافر ہو یا معتکف ہو اس کے لئے گنجائش ہے اور جو جماعتیں آتی ہیں ان میں اکثر مسافر ہی ہوتے ہیں اور مسجد میں رات کو اکثر نوافل وذکر میں مشغول ہوتے ہیں لہٰذا ان کے لئے گنجائش ہے بہتر ہے کہ وہ بھی اعتکاف کی نیت کرلیں۔

كذا في حلبي كبيري:

والنوم فيه لغير المعتكف مكروه وقيل لا بأس للغريب أن ينام فيه والأولى أن ينوي الاعتكاف ليخرج من الخلاف.[2]

وكذا في الهندية:

وَلَا بَأْسَ لِلْمُحْدِثِ أَنْ يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ فِي أَصَحِّ الْقَوْلَيْنِ، وَيُكْرَهُ النَّوْمُ وَالْأَكْلُ فِيهِ لِغَيْرِ الْمُعْتَكِفِ، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَفْعَلَ ذَلِكَ يَنْبَغِي أَنْ يَنْوِيَ الِاعْتِكَافَ فَيَدْخُلَ فِيهِ وَيَذْكُرَ اللَّهَ تَعَالَى بِقَدْرِ مَا نَوَى أَوْ يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفْعَلَ مَا شَاءَ، كَذَا فِي السِّرَاجِيَّةِ. وَلَا بَأْسَ لِلْغَرِيبِ وَلِصَاحِبِ الدَّارِ أَنْ يَنَامَ فِي الْمَسْجِدِ فِي الصَّحِيحِ مِنْ الْمَذْهَبِ، وَالْأَحْسَنُ أَنْ يَتَوَرَّعَ فَلَا يَنَامُ.[3]

---

[1] كتاب الوقف، ٢/ ٤٠١، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، فصل في أحكام المسجد، ص٥٢٨، ط: نعمانيه

[3] كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيدية

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَأَكْلٌ وَنَوْمٌ إلَخْ) وَإِذَا أَرَادَ ذَلِكَ يَنْبَغِي أَنْ يَنْوِيَ الِاعْتِكَافَ، فَيَدْخُلَ وَيَذْكُرَ اللَّهَ تَعَالَى بِقَدْرِ مَا نَوَى، أَوْ يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفْعَلَ مَا شَاءَ.[١]

وكذا في فتاوى محموديه: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، الفصل الثاني في النيام والقيام في المسجد، ١٥/ ٢٣١، ط: فاروقيه

وكذا في كفايت المفتي: كتاب الوقف، الباب السابع فيما يتعلق بآداب المساجد، ١٠/ ٣٦٣، ط: فاروقيه

مسجد میں نقش ونگار کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارے محلّہ کی مسجد میں تمام دیواروں پر بہت زیادہ زیب وآرائش کیا گیا ہے، یہاں تک کہ قبلہ کی دیوار اور مکمل محراب پر بھی نقش ونگار کیا گیا ہے، تو کیا قبلہ کی طرف والی دیوار اور محراب میں ایسا نقش ونگار کرنا جائز ہے کہ نہیں؟

جواب: قبلہ کی طرف والی دیوار پر یا محراب میں اس طرح کا نقش ونگار جس سے نمازیوں کی توجہ اور خشوع میں خلل آئے مکروہ ہے، البتہ باقی دیواروں اور چھت پر اس طرح کا نقش ونگار کرنا کہ جس میں بیجا اسراف نہ ہو اس کی گنجائش ہے لیکن وقف کے مال سے مسجد کی در و دیوار کی آرائش کا کام جائز نہیں، اس سے اجتناب ضروری ہے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وَلَا بَأْسَ بِنَقْشِهِ خَلَا مِحْرَابَهُ) فَإِنَّهُ يُكْرَهُ لِأَنَّهُ يُلْهِي الْمُصَلِّي. وَيُكْرَه التَّكَلُّفُ بِدَقَائِقِ النُّقُوشِ وَنَحْوِهَا خُصُوصًا فِي جِدَارِ الْقِبْلَةِ قَالَهُ الْحَلَبِيُّ. وَفِي حَظْرِ الْمُجْتَبَى: وَقِيلَ يُكْرَهُ فِي الْمِحْرَابِ دُونَ السَّقْفِ وَالْمُؤَخَّرِ انْتَهَى. وَظَاهِرُهُ أَنَّ الْمُرَادَ بِالْمِحْرَابِ جِدَارُ الْقِبْلَةِ فَلْيُحْفَظْ (بِجِصٍّ وَمَاءِ ذَهَبٍ) لَوْ (بِمَالِهِ) الْحَلَالِ (لَا مِنْ مَالِ الْوَقْفِ) فَإِنَّهُ حَرَامٌ... (قَوْلُهُ لَوْ بِمَالِهِ الْحَلَالِ) قَالَ تَاجُ الشَّرِيعَةِ: أَمَّا لَوْ أَنْفَقَ فِي ذَلِكَ مَالًا خَبِيثًا وَمَالًا سَبَبُهُ الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ فَيُكْرَهُ لِأَنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَا يَقْبَلُ إلَّا الطَّيِّبَ، فَيُكْرَهُ تَلْوِيثُ بَيْتِهِ بِمَا لَا يَقْبَلُهُ.[٢]

---

[١] كتاب الصلاة، مطلب في غرس المسجد، ١/ ٦٦١، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٥٨، ط: سعيد

وكذا في الهندية:

وَكَرِهَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا النُّقُوشَ عَلَى الْمِحْرَابِ وَحَائِطِ الْقِبْلَةِ؛ لِأَنَّ ذَلِكَ يَشْغَلُ قَلْبَ الْمُصَلِّي، وَذَكَرَ الْفَقِيهُ أَبُو جَعْفَرٍ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى فِي شَرْحِ السِّيَرِ الْكَبِيرِ أَنَّ نَقْشَ الْحِيطَانِ مَكْرُوهٌ قَلَّ ذَلِكَ أَوْ كَثُرَ، فَأَمَّا نَقْشُ السَّقْفِ فَالْقَلِيلُ يُرَخَّصُ فِيهِ وَالْكَثِيرُ مَكْرُوهٌ، هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ. وَإِذَا جَعَلَ الْبَيَاضَ فَوْقَ السَّوَادِ أَوْ بِالْعَكْسِ لِلنَّقْشِ لَا بَأْسَ بِهِ إِذَا فَعَلَهُ مِنْ مَالِ نَفْسِهِ، وَلَا يُسْتَحْسَنُ مِنْ مَالِ الْوَقْفِ؛ لِأَنَّهُ تَضْيِيعٌ، كَذَا فِي الِاخْتِيَارِ شَرْحِ الْمُخْتَارِ.[1]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَلَا نَقْشُهُ بِالْجِصِّ وَمَاءِ الذَّهَبِ)... وَمَحَلُّ الِاخْتِلَافِ فِي غَيْرِ نَقْشِ الْمِحْرَابِ أَمَّا نَقْشُهُ فَهُوَ مَكْرُوهٌ لِأَنَّهُ يُلْهِي الْمُصَلِّيَ كَمَا فِي فَتْحِ الْقَدِيرِ وَغَيْرِهِ قَالَ الْمُصَنِّفُ فِي الْكَافِي وَهَذَا إِذَا فَعَلَ مِنْ مَالِ نَفْسِهِ أَمَّا الْمُتَوَلِّي فَإِنَّمَا يَفْعَلُ مِنْ مَالِ الْوَقْفِ مَا يُحْكِمُ الْبِنَاءَ دُونَ النَّقْشِ فَلَوْ فَعَلَ ضَمِنَ حِينَئِذٍ لِمَا فِيهِ مِنْ تَضْيِيعِ الْمَالِ.[2]

وكذا في فتح القدير:

(وَلَا بَأْسَ أَنْ يُنْقَشَ الْمَسْجِدُ بِالْجِصِّ وَالسَّاجِ وَمَاءِ الذَّهَبِ)... وَمِنْهُمْ مَنْ كَرِهَهُ لِقَوْلِهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - «إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ تُزَيَّنَ الْمَسَاجِدُ» الْحَدِيثَ، وَالْأَقْوَالُ ثَلَاثَةٌ وَعِنْدَنَا لَا بَأْسَ بِهِ. وَمَحْمَلُ الْكَرَاهَةِ التَّكَلُّفُ بِدَقَائِقِ النُّقُوشِ وَنَحْوِهِ خُصُوصًا فِي الْمِحْرَابِ أَوْ التَّزْيِينُ مَعَ تَرْكِ الصَّلَوَاتِ... هَذَا إِذَا فَعَلَ مِنْ مَالِ نَفْسِهِ.[3]

وكذا في كفايت المفتي: احكام المساجد، الفصل السادس فيما يتعلق بزخرفة المساجد والكتابة عليها، ١٠/ ٣٨٥، ط: فاروقيه

وكذا في خير الفتاوى: كتاب الصلاة، ما يتعلق بأحكام المسجد، ٢/ ٧٢٠، ط: امداديه

خاص آدمیوں کے لئے مسجد میں جگہ رکھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص مسجد میں پہلے موجود ہو اور وہ

---

[1] کتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣١٩، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٦٤، ٦٥، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، فصل ويكره... ١/ ٤٣٤، ٤٣٥، ط: دار الكتب العلمية

بعض خاص آدمیوں کے لئے (جو مسجد میں ابھی حاضر نہیں ہوئے ہیں) جگہ روک کر رکھتا ہے اور دوسروں کو اس خاص جگہ سے روکتا ہے جس کی وجہ سے بعد میں آنے والوں کو تکلیف ہوتی ہے، تو آیا اس طرح غیر حاضروں کے لئے جگہ بند کرنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں کسی غیر موجود شخص کے لئے پہلے سے مسجد میں جگہ روک کر رکھنا درست نہیں ہے، مگر جو شخص پہلے سے مسجد میں بیٹھا ہوا تھا، پھر کسی ضروری کام کی وجہ سے اس جگہ میں اپنی کوئی چیز چھوڑ کر چلا گیا تو واپس آنے پر وہ اس جگہ کا زیادہ مستحق ہے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار والشامي:

وَتَخْصِيصُ مَكَان لِنَفْسِهِ، وَلَيْسَ لَهُ إزْعَاجُ غَيْرِهِ مِنْهُ وَلَوْ مُدَرِّسًا، وَإِذَا ضَاقَ فَلِلْمُصَلِّي إزْعَاجُ الْقَاعِدِ وَلَوْ مُشْتَغِلًا بِقِرَاءَةٍ أَوْ دَرْسٍ... وَيَنْبَغِي تَقْيِيدُهُ بِمَا إذَا لَمْ يَقُمْ عَنْهُ عَلَى نِيَّةِ الْعَوْدِ بِلَا مُهْلَةٍ، كَمَا لَوْ قَامَ لِلْوُضُوءِ مَثَلًا وَلَا سِيَّمَا إذَا وَضَعَ فِيهِ ثَوْبَهُ لِتَحَقُّقِ سَبْقِ يَدِهِ تَأَمَّلْ. (١)

وكذا في الهندية:

ذَكَرَ الْفَقِيهُ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى فِي التَّنْبِيهِ حُرْمَةُ الْمَسْجِدِ خَمْسَةَ عَشَرَ أَوَّلُهَا أَنْ يُسَلِّمَ وَقْتَ الدُّخُولِ... وَالْعَاشِرُ أَنْ لَا يُضَيِّقَ عَلَى أَحَدٍ فِي الصَّفِّ. (٢)

وكذا في الموسوعة الفقهية الكويتية:

وَقَالُوا: لَيْسَ لِمَنْ لَهُ فِي الْمَسْجِدِ مَوْضِعٌ مُعَيَّنٌ يُوَاظِبُ عَلَيْهِ - وَلَوْ مُدَرِّسًا - وَقَدْ شَغَلَهُ غَيْرُهُ إِزْعَاجُ هَذَا الْغَيْرِ مِنْهُ لأِنَّ الْمَسْجِدَ لَيْسَ مِلْكًا لأِحَدٍ قَال ابْنُ عَابِدِينَ: وَيَنْبَغِي تَقْيِيدُهُ بِمَا إِذَا لَمْ يَقُمْ عَنْهُ عَلَى نِيَّةِ الْعَوْدِ بِلاَ مُهْلَةٍ كَمَا لَوْ قَامَ لِلْوُضُوءِ مَثَلاً وَلاَ سِيَّمَا إِذَا وَضَعَ فِيهِ ثَوْبَهُ لِتَحَقُّقِ سَبْقِ يَدِهِ. (٣)

وكذا في فتاویٰ محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ٢٢٢، ط: فاروقیه

وكذا في خیر الفتاویٰ: كتاب الصلاة، ما يتعلق بأحكام المسجد، ٢/ ٧١٩، ط: امدادیه

---

(١) كتاب الصلاة، مطلب في الغرس في المسجد، ١/ ٦٦٢، ط: سعيد

(٢) كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيديه

(٣) كتاب آداب المجلس، باب تحب إقامة الشخص، ٣٦/ ١٣٦، ط: دار الصفوة

مسجد میں چندہ وصول کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز جمعہ کے بعد دعا سے پہلے مسجد کے لئے چندہ وصول کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: جن نمازوں کے بعد سنت مؤکدہ ہیں ان میں فرضوں کے بعد زیادہ تاخیر کرنا مکروہ ہے، لہٰذا اس میں احتیاط سے کام لینا چاہئے۔

كذا في الدر المختار:

وَيُكْرَهُ تَأْخِيرُ السُّنَّةِ إِلَّا بِقَدْرِ اللَّهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ إلَخْ. قَالَ الْحَلْوَانِيُّ: لَا بَأْسَ بِالْفَصْلِ بِالْأَوْرَادِ وَاخْتَارَهُ الْكَمَالُ. قَالَ الْحَلَبِيُّ: إنْ أُرِيدَ بِالْكَرَاهَةِ التَّنْزِيهِيَّةُ ارْتَفَعَ الْخِلَافُ.[١]

وكذا في التاتارخانية:

وإن كان صلاة بعدها تطوع كالظهر فالمغرب والعشاء يقوم إلى التطوع ويكره له تأخير التطوع عن حال أداء الفريضة.[٢]

وكذا في الهندية:

وإذا سلم الإمام من الظهر والمغرب والعشاء كره له المكث قاعدا لكنه يقوم إلى التطوع.[٣]

وكذا في خير الفتاوی: كتاب الصلاة، باب ما يتعلق بأحكام المسجد، ٢/ ٧٧٤، ط: امداديه

وكذا في كفايت المفتی: باب صلاة الجمعة، فصل في المتفرقات، ٥/ ٢٧١، ط: فاروقيه

مسجد میں روزہ افطار کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ رمضان شریف میں لوگ مسجد میں افطار کرتے ہیں، اب پوچھنا یہ ہے کہ مسجد کے اندر لوگوں کا افطار کرنا رمضان شریف میں جائز ہے یا نہیں؟

جواب: رمضان شریف میں لوگوں کا مسجد کے آداب کا خیال رکھتے ہوئے مسجد میں افطار کرنا جائز ہے۔

---

[١] كتاب الصلاة، باب آداب الصلاة، ١/ ٥٣٠، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، كيفية الصلاة، ١/ ٤٠٥، ط: قديمي

[٣] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها، ١/ ٧٧، ط: رشيديه

كذا في عمدة القاري:

قَالَ رَأَيتُ عُثْمَان بن عَفَّان نَائِمًا فِيهِ لَيْسَ حوله أحد وَهُوَ أَمِير الْمُؤمنِينَ قَالَ وَقد نَام فِي الْمَسْجِد جمَاعَة من السّلف بِغَيْر مَحْذُور لِلانْتِفَاع بِهِ فِيمَا يحل كَالْأَكْلِ وَالشرب وَالْجُلُوس وَشبه النّوم من الْأَعْمَال وَالله أعلم.[1]

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَأَكْلٌ وَنَوْمٌ إلَخْ) وَإِذَا أَرَادَ ذَلِكَ يَنْبَغِي أَنْ يَنْوِيَ الِاعْتِكَافَ، فَيَدْخُلَ وَيَذْكُرَ اللَّهَ تَعَالَى بِقَدْرِ مَا نَوَى، أَوْ يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفْعَلَ مَا شَاءَ.[2]

وكذا في الهندية:

وَلَا بَأْسَ لِلْمُحْدِثِ أَنْ يَدْخُلَ الْمَسْجِدَ فِي أَصَحِّ الْقَوْلَيْنِ، وَيُكْرَهُ النَّوْمُ وَالْأَكْلُ فِيهِ لِغَيْرِ الْمُعْتَكِفِ، وَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَفْعَلَ ذَلِكَ يَنْبَغِي أَنْ يَنْوِيَ الِاعْتِكَافَ فَيَدْخُلَ فِيهِ وَيَذْكُرَ اللَّهَ تَعَالَى بِقَدْرِ مَا نَوَى أَوْ يُصَلِّيَ ثُمَّ يَفْعَلَ مَا شَاءَ، كَذَا فِي السِّرَاجِيَّةِ.[3]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ٢٠٧، ط: فاروقيه

وكذا في کفایت المفتی: الباب السابع فيما يتعلق بآداب المسجد، ١٠/ ٣٦٦، ط: فاروقيه

مسجد میں دنیاوی باتیں کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد میں دنیاوی باتیں کرنا کیسا ہے؟ لوگوں کو منع کیا جاتا ہے لیکن وہ بلا خوف وخطر مسجد میں دنیاوی باتیں کرتے ہیں۔

جواب: مسجد میں بلا ضرورت دنیاوی باتیں کرنا مکروہ ہے، اس سے اجتناب کرنا چاہئے، جو لوگ اس طرح کرتے ہوں انہیں نرمی اور حکمت سے سمجھانا چاہئے اور مسجد کے آداب سکھانا چاہئیں۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

وَيُكْرَهُ الْإِعطَاءُ... وَالْكَلَامُ الْمُبَاحُ؛ وَقَيَّدَهُ فِي الظَّهِيرِيَّةِ بِأَنْ يَجْلِسَ لِأَجْلِهِ لَكِنْ فِي النَّهْرِ الْإِطْلَاقُ أَوْجَهُ...

==================

[1] كتاب الصلاة، باب نوم الرجال في المسجد، ٤/ ٢٩٣، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب في غرس المسجد، ١/ ٦٦١، ط: سعيد

[3] كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيدية

(قَوْلُهُ بِأَنْ يَجْلِسَ لِأَجْلِهِ) فَإِنَّهُ حِينَئِذٍ لَا يُبَاحُ بِالِاتِّفَاقِ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ مَا بُنِيَ لِأُمُورِ الدُّنْيَا. [1]

وكذا في الهندية:

الْجُلُوسُ فِي الْمَسْجِدِ لِلْحَدِيثِ لَا يُبَاحُ بِالِاتِّفَاقِ؛ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ مَا بُنِيَ لِأُمُورِ الدُّنْيَا، وَفِي خِزَانَةِ الْفِقْهِ مَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ الْكَلَامَ الْمُبَاحَ مِنْ حَدِيثِ الدُّنْيَا فِي الْمَسْجِدِ حَرَامٌ. قَالَ: وَلَا يَتَكَلَّمُ بِكَلَامِ الدُّنْيَا. [2]

وكذا في البحر الرائق:

وَصَرَّحَ فِي الظَّهِيرِيَّةِ بِكَرَاهَةِ الْحَدِيثِ أَيْ كَلَامِ النَّاسِ فِي الْمَسْجِدِ لَكِنْ قَيَّدَهُ بِأَنْ يَجْلِسَ لِأَجْلِهِ وَفِي فَتْحِ الْقَدِيرِ الْكَلَامُ الْمُبَاحُ فِيهِ مَكْرُوهٌ يَأْكُلُ الْحَسَنَاتِ. [3]

وكذا في كفایت المفتی: الباب السابع فيما يتعلق بآداب المسجد، ١٠/ ٣٦٧، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ١٩٨، ط: فاروقيه

غیر مذہب بھنگی سے مسجد میں جھاڑو لگوانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ غیر مذہب بھنگی سے مسجد میں جھاڑو لگوانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر احاطہ مسجد میں نماز کی جگہ کے علاوہ باقی جگہ میں غیر مذہب بھنگی جب حدث اکبر سے پاک ہو تو اس سے جھاڑو لگوایا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے، اور اگر بھنگی کے پاؤں اور بدن پاک ہونے کا یقین ہو تو نماز کی جگہ میں بھی اس سے جھاڑو لگواسکتے ہیں کیونکہ کفر باطنی گندگی کو کہتے ہیں جب تک ظاہری نجاست نہ ہو تب تک مسجد میں داخل ہونا ممنوع نہیں ہوگا۔

كذا في الهندية:

لَا بَأْسَ بِدُخُولِ أَهْلِ الذِّمَّةِ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَسَائِرَ الْمَسَاجِدِ وَهُوَ الصَّحِيحُ. [4]

وكذا في تبيين الحقائق:

(دخول ذمي مسجدا) أي أجاز إدخال الذمي جميع المساجد. [5]

---

[1] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٥٩، ٦٦٢، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، الباب الخامس في آداب المسجد، ٥/ ٣٢١، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٦٣، ط: رشيدية

[4] كتاب الكراهية، الباب الرابع عشر في أهل الذمة والأحكام التي تعود إليهم، ٥/ ٣٤٦، ط: رشيدية

[5] كتاب الكراهية، فصل في البيع، ٦: ٣٠، ط: بولاق القاهرة

وكذا في بدائع الصنائع:

وَلَا بَأْسَ بِدُخُولِ أَهْلِ الذِّمَّةِ الْمَسَاجِدَ عِنْدَنَا... وَأَمَّا الْآيَةُ الْكَرِيمَةُ فَالْمُرَادُ أَنَّهُمْ نَجَسُ الِاعْتِقَادِ وَالْأَفْعَالِ لَا نَجَسُ الْأَعْيَانِ إِذْ لَا نَجَاسَةَ عَلَى أَعْيَانِهِمْ حَقِيقَةً.(١)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ٢٤٢، ط: فاروقيه

وكذا في خیر الفتاوی: كتاب الصلاة، باب ما يتعلق بأحكام المسجد، ٢/ ٧٤٧، ط: امداديه

کچی لہسن اور پیاز کھا کر مسجد میں آنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ کچی لہسن اور پیاز کھا کر مسجد میں آنا کیسا ہے؟

جواب: جب تک لہسن اور پیاز کی بو منہ میں موجود ہو مسجد میں آنا منع ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي غَزْوَةِ خَيْبَرَ: «مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ - يَعْنِي الثُّومَ - فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا».(٢)

وكذا في صحيح مسلم:

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ أَكْلِ الْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ، فَغَلَبَتْنَا الْحَاجَةُ، فَأَكَلْنَا مِنْهَا، فَقَالَ: «مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ الْمُنْتِنَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَأَذَّى مِمَّا يَتَأَذَّى مِنْهُ الْإِنْسُ».(٣)

وكذا في الدر المختار:

ويكره... وأكل نحو ثوم ويمنع منه وكذا كل مؤذو ولو بلسانه.(٤)

وكذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَأَكْلُ نَحْوِ ثُومٍ) أَيْ كَبَصَلٍ وَنَحْوِهِ مِمَّا لَهُ رَائِحَةٌ كَرِيهَةٌ لِلْحَدِيثِ الصَّحِيحِ فِي النَّهْيِ عَنْ قُرْبَانِ آكِلِ

---

(١) كتاب الاستحسان، حكم دخول أهل الذمة المساجد، ٤/ ٣٠٦، ٣٠٧، ط: رشيدية

(٢) كتاب الأذان، باب ما جاء في الثوم، ١/ ١١٨، ط: قديمي

(٣) كتاب الصلاة، باب نهي من اكل ثوما أو بصلا أو كراثا، ١/ ٢٠٩، ط: قديمي

(٤) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٥٩، ٦٦١، ط: سعيد

الثُّومِ وَالْبَصَلِ الْمَسْجِدَ. [١]

وكذا في كفایت المفتی: باب ما يتعلق بإدخال الأشياء المنتنة في المسجد، ١٠/ ٣٧٩، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ٢٤٥، ط: فاروقيه

مسجد میں تھوکنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ انسان کے منہ سے نکلنے والا تھوک پاک ہے، اس کے پاک ہونے کی صورت میں کیا مسجد میں تھوکنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: مسجد اللہ تعالی کا گھر ہے، مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے، اس لئے اس کی عظمت اور عزت کو برقرار رکھنا ہر مسلمان پر ضروری ہے، لہذا انسان کا تھوک اگرچہ پاک ہے مگر ہر جگہ تھوکنے کو سلیم الطبع انسان برا تصور کرتا ہے، تو مسجد جیسے مقدس مقام پر کیسے تھوکا جاسکتا ہے، ایسا کرنا آداب مسجد اور طبیعت سلیمہ دونوں کے خلاف ہے۔

كذا في سنن أبي داود:

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ الْبُزَاقَ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ، وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا». [٢]

وكذا في الهندية:

حرمة المسجد خمسة عشر... والثاني عشر أن لا يبزق فيه. [٣]

وكذا في شرح منية المصلي:

ولا يبزق على حيطان المسجد ولا على أرضه ولا على البواري وكذا المخاط لكن يأخذه بطرف ثوبه ويدلك بعضه ببعض. [٤]

وكذا في مسائل رفعت قاسمی: مسائل مساجد، ٦/ ١٥٩، ط: سید احمد شہید

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب آداب المسجد، ١٥/ ١٩٦، ط: فاروقيه

==================

[١] كتاب الصلاة، مطلب في الغرس في المسجد، ١/ ٦٦١، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب في كراهية البزاق في المسجد، ١/ ٨٠، ط: رحمانيه

[٣] كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة، ٥/ ٣٢١، ط: رشيديه

[٤] كتاب الصلاة، فصل في أحكام المسجد، ٥/ ٥٢٧، ط: نعمانيه

مسجد کو نماز کے اوقات کے علاوہ بند کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد کو نماز کے اوقات کے علاوہ بند کرنا کیسا ہے؟

جواب: اوقات نماز کے علاوہ مسجد کے سامان کی حفاظت کے لئے مسجد کو بند کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

كذا في الهندية:

كُرِهَ غَلْقُ بَابِ الْمَسْجِدِ: وَقِيلَ لَا بَأْسَ بِغَلْقِ الْمَسْجِدِ فِي غَيْرِ أَوَانِ الصَّلَاةِ صِيَانَةً لِمَتَاعِ الْمَسْجِدِ وَهَذَا هُوَ الصَّحِيحُ. [1]

وكذا في التنوير مع شرحه:

(و) كما كره (غلق باب المسجد) إلا لخوف على متاعه، به يفتى. [2]

وكذا في تبيين الحقائق:

قَالَ رَحِمَهُ اللَّهُ (وَغَلْقُ بَابِ الْمَسْجِدِ) لِأَنَّهُ يُشْبِهُ الْمَنْعَ مِنْ الصَّلَاةِ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى {وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللَّهِ أَنْ يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ} وَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ «يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا تَمْنَعُوا أَحَدًا طَافَ بِهَذَا الْبَيْتِ وَصَلَّى فِي أَيِّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ» وَقِيلَ لَا بَأْسَ بِالْغَلْقِ فِي زَمَانِنَا فِي غَيْرِ أَوَانِ الصَّلَاةِ صِيَانَةً لِمَتَاعِ الْمَسْجِدِ وَهَذَا هُوَ الصَّحِيحُ لِأَنَّ الْحُكْمَ قَدْ يَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ الزَّمَانِ كَمَا قُلْنَا فِي مَنْعِ جَمَاعَةِ النِّسَاءِ فِي زَمَانِنَا لِفَسَادِ أَحْوَالِ النَّاسِ وَقِيلَ إذَا تَقَارَبَ الْوَقْتَانِ لَا يُغْلَقُ كَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَنَحْوِ ذَلِكَ وَيُغْلَقُ بَعْدَ الْعِشَاءِ إلَى طُلُوعِ الْفَجْرِ وَمِنْ طُلُوعِ الشَّمْسِ إلَى الظُّهْرِ. [3]

---

[1] كتاب الصلاة، باب ما يكره في الصلاة وما لا يكره، ۱/ ۱۰۹، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ٦٥٦، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ٤١٨، ٤١٩، ط: سعيد

باب مواقيت الصلاة

نماز کے پانچوں اوقات کا ثبوت قرآنی آیت سے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے پانچوں وقتوں کا ثبوت قرآن کریم کی کون سے آیات سے ثابت ہیں؟

جواب: قرآن مجید کی متعدد آیات سے پنجگانہ نماز کا ثبوت ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

كذا في القرآن المجيد:

فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ. (سورة الروم: الآية ١٧)

وكذا في أحكام القرآن للجصاص:

روى عمر وعن الحسن في قوله تعالى (طَرَفِي النَّهارِ) قَالَ صَلَاةُ الْفَجْرِ وَالْأُخْرَى الظُّهْرُ وَالْعَصْرُ وَزُلَفاً مِنَ اللَّيْلِ قَالَ الْمَغْرِبُ وَالْعِشَاءُ فَعَلَى هَذَا الْقَوْلِ قَدْ انْتَظَمَتْ الْآيَةُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ وَرَوَى يُونُسُ عَنْ الحسن (أقم الصلاة طرفي النهار) قَالَ الْفَجْرُ وَالْعَصْرُ. وَرَوَى لَيْثٌ عَنْ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي عِيَاضٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ جَمَعَتْ هَذِهِ الْآيَةُ مَوَاقِيتَ الصَّلَاةِ (فَسُبْحَانَ اللَّهِ حين تمسون) المغرب والعشاء وحين تصبحون الفجر وعشيا العصر وحين تظهرون الظُّهْرَ وَعَنْ الْحَسَنِ مِثْلُهُ. [١]

وكذا في بدائع الصنائع:

وقَوْله تَعَالَى: {وَأَقِمِ الصَّلاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ} [هود: ١١٤] الْآيَةَ يَجْمَعُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ لِأَنَّ صَلَاةَ الْفَجْرِ تُؤَدَّى فِي أَحَدِ طَرَفَيْ النَّهَارِ، وَصَلَاةُ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ يُؤَدَّيَانِ فِي الطَّرَفِ الْآخَرِ إذْ النَّهَارُ قِسْمَانِ: غَدَاةٌ وَعَشِيٌّ، وَالْغَدَاةُ: اسْمٌ لِأَوَّلِ النَّهَارِ إلَى وَقْتِ الزَّوَالِ وَمَا بَعْدَهُ الْعَشِيُّ، حَتَّى أَنَّ مَنْ حَلَفَ لَا يَأْكُلُ الْعَشِيَّ فَأَكَلَ بَعْدَ الزَّوَالِ يَحْنَثُ؛ فَدَخَلَ فِي طَرَفَيْ النَّهَارِ ثَلَاثُ صَلَوَاتٍ، وَدَخَلَ فِي قَوْلِهِ {وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ} [هود: ١١٤] الْمَغْرِبُ، وَالْعِشَاءُ لِأَنَّهُمَا يُؤَدَّيَانِ فِي زُلَفٍ مِنْ اللَّيْلِ وَهِيَ سَاعَاتُهُ.

وَقَوْلُهُ: {أَقِمِ الصَّلاةَ لِدُلُوكِ الشَّمْسِ إِلَى غَسَقِ اللَّيْلِ وَقُرْآنَ الْفَجْرِ}... {فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ

[١] كتاب الصلاة، باب مواقيت الصلاة، ٢/ ٣٧٥، ٣٧٦، ط: قديمي

الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَى} [طه: ١٣٠] قِيلَ فِي تَأْوِيلِ قَوْلِهِ فَسَبِّحْ، أَيْ فَصَلِّ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ: هُوَ صَلَاةُ الصُّبْحِ، وَقَبْلَ غُرُوبِهَا هُوَ: صَلَاةُ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ: صَلَاةُ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ.[1]

طلوع شمس کے دس منٹ بعد نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ طلوع شمس کے کتنے منٹ بعد اشراق کی نماز پڑھی جاسکتی ہے؟
۲۔اگر کوئی شخص طلوع شمس کے دس منٹ بعد اشراق کی نماز پڑھے تو درست ہے یا نہیں اگر درست ہے تو کسی دوسرے شخص کا اس پر ملامت کرنا کیسا ہے؟

جواب: طلوع شمس کے دس منٹ بعد نوافل وغیرہ پڑھنا درست ہے کیونکہ نماز پڑھنے کی ممانعت طلوع شمس کے وقت ہے اور بلا تحقیق کسی کو ملامت کرنا شرعاً درست نہیں۔

كذا في الشامية:

أَقُولُ: يَنْبَغِي تَصْحِيحُ مَا نَقَلُوهُ عَنْ الْأَصْلِ لِلْإِمَامِ مُحَمَّدٍ مِنْ أَنَّهُ مَا لَمْ تَرْتَفِعْ الشَّمْسُ قَدْرَ رُمْحٍ فَهِيَ فِي حُكْمِ الطُّلُوعِ؛ لِأَنَّ أَصْحَابَ الْمُتُونِ مَشَوْا عَلَيْهِ فِي صَلَاةِ الْعِيدِ حَيْثُ جَعَلُوا أَوَّلَ أَوْقَاتِهَا مِنْ الِارْتِفَاعِ وَلِذَا جَزَمَ بِهِ هُنَا فِي الْفَيْضِ وَنُورِ الْإِيضَاحِ.[2]

وكذا في خلاصة الفتاوى:

وفي الكتاب إذا طلعت الشمس حتى ترتفع قدر رمح أو رمحين.[3]

وفي الهندية:

إذا طلعت الشمس حتى ترتفع... قال الشيخ الإمام أبو بكر محمد بن الفضل ما دام الإنسان يقدر على النظر إلى قرص الشمس فهي في الطلوع كذا في الخلاصة.[4]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب المواقيت، الفصل الأول في أوقات الصلاة، ٥/ ٣٣٤، ط: فاروقيه

---

[1] كتاب الصلاة، ١/ ٢٥٢، ٢٥٣، ط: رشيديه

[2] كتاب الصلاة، مطلب يشترط العلم بدخول الوقت، ١/ ٣٧١، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، الفصل الرابع في المواقيت، ١/ ٦٨

[4] الفصل الثالث في بيان الأوقات التي لا تجوز فيها الصلاة، ١/ ٥٢

مغرب کے آخری وقت کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ مغرب کے وقت کی مقدار اور گھڑی کے اعتبار سے کتنا ٹائم ہوگا اور ائمہ حنفیہ کے مابین اس میں کیا اختلاف ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں مغرب کے آخری وقت کے بارے میں امام ابو حنیفہ اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے، امام ابو حنیفہ کے نزدیک جب شفق ابیض یعنی مغربی افق پر جو سفیدی ہوتی ہے وہ غائب ہو جائے تو مغرب کا وقت ختم ہو جاتا ہے جبکہ صاحبین فرماتے ہیں کہ جب شفق احمر یعنی مغربی افق پر جو سرخی ہوتی ہے وہ غائب ہو جائے تو مغرب کا وقت ختم ہو جاتا ہے لیکن فتوی صاحبین کے قول پر ہے اور امام ابو حنیفہ کا قول احوط ہے۔

نیز شفق احمر اور ابیض کا مدار شہر کے محل وقوع اور موسم پر ہوتا ہے اس لئے گھنٹہ اور منٹ کے لحاظ سے اس کی دائمی مقدار نہیں بتائی جا سکتی۔

كذا في الهندية:

وَوَقْتُ الْمَغْرِبِ مِنْهُ إِلَى غَيْبُوبَةِ الشَّفَقِ وَهُوَ الْحُمْرَةُ عِنْدَهُمَا وَبِهِ يُفْتَى. هَكَذَا فِي شَرْحِ الْوِقَايَةِ وَعِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ الشَّفَقُ هُوَ الْبَيَاضُ الَّذِي يَلِي الْحُمْرَةَ. هَكَذَا فِي الْقُدُورِيِّ وَقَوْلُهُمَا أَوْسَعُ لِلنَّاسِ وَقَوْلُ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ أَحْوَطُ؛ لِأَنَّ الْأَصْلَ فِي بَابِ الصَّلَاةِ أَنْ لَا يَثْبُتَ فِيهَا رُكْنٌ وَلَا شَرْطٌ إلَّا بِمَا فِيهِ يَقِينٌ. كَذَا فِي النِّهَايَةِ نَاقِلًا عَنْ الْأَسْرَارِ وَمَبْسُوطِ شَيْخِ الْإِسْلَامِ. (۱)

وكذا في إعلاء السنن:

الشفق هو البياض عند الإمام إلى أن قال فثبت أن قول الإمام هو الأصح وبهذا ظهر أنه لا يفتي ويعمل إلا بقول الإمام الأعظم ولا يعدل عنه إلى قولهما أو قول أحدهما أو غيرهما إلا لضرورة من ضعف دليل أو تعامل بخلافه كالمزارعة وإن صرح المشائخ بأن الفتوى على قولهما كما في هذه المسألة وفي السراج الوهاج فقولهما أوسع للناس وقول أبي حنيفة أحوط. (۲)

---

(۱) كتاب الصلاة، الباب الأول في المواقيت وما يتصل بها وفيه ثلاثة فصول، ۱/ ۵۱، ط: رشيدية

(۲) إعلاء السنن: باب المواقيت، ۳/ ۱٤، ط: إدارة القرآن

وکذا في المبسوط:

ووقت المغرب من حين تغرب الشمس إلى أن يغيب الشفق عندنا.[1]

وکذا في أحسن الفتاوی: کتاب الصلاۃ، ۲/ ۱۴٦

وکذا في فتاوی عثماني: کتاب الصلاۃ، فصل في مواقيت الصلاۃ، ۱/ ۳٦۰

فجر کی نماز کا مستحب اور مکروہ وقت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ فجر کا مستحب وقت اسفار ہے یا غلس اگر اسفار ہے تو فجر کا مستحب وقت کب تک رہتا ہے اور مکروہ وقت کب سے شروع ہوتا ہے؟

جواب: فجر کی نماز میں اسفار مستحب ہے یعنی اس قدر تاخیر کرنی چاہئے کہ فرض نماز اداء کرنے کے بعد طلوع آفتاب تک اتنا وقت باقی رہے کہ اگر امام کا بے وضو ہونا ظاہر ہو یا کسی بھی وجہ سے نماز کے اعادے کی ضرورت ہو تو آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے سنت کے مطابق نماز کا اعادہ ہوسکے۔

کذا في مجمع الأنهر:

ويستحب الإسفار بالفجر بحيث يمكن أداؤه بترتيل أربعين آية أو اكثر ثم إن ظهر فساد الطهارة يمكنه الوضوء وإعادته على وجه المذكور.[2]

وکذا في الجوهرة النيرة:

وكذا في امداد الفتاوی: كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ۱/ ٤٦۱، ط: دار العلوم

اندھیرے میں نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اندھیرے میں نماز پڑھنا کیسا ہے اس سے نماز میں کوئی حرج تونہیں آئے گا؟

جواب: سمت قبلہ صحیح طرح سے معلوم ہو تو اندھیرے میں نماز پڑھنا صحیح ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا قَالَتْ: «كُنْتُ أَنَامُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَايَ، فِي قِبْلَتِهِ فَإِذَا سَجَدَ غَمَزَنِي، فَقَبَضْتُ رِجْلَيَّ، فَإِذَا قَامَ بَسَطْتُهُمَا» ، قَالَتْ: وَالبُيُوتُ يَوْمَئِذٍ لَيْسَ فِيهَا مَصَابِيحُ. (۲)

وكذا في الشامية:

(جِهَةُ قُدْرَتِهِ) وَلَوْ مُضْطَجِعًا بِإِيمَاءٍ لِخَوْفِ رُؤْيَةِ عَدُوٍّ وَلَمْ يُعِدْ لِأَنَّ الطَّاعَةَ بِحَسَبِ الطَّاقَةِ (وَيَتَحَرَّى) هُوَ بَذْلُ الْمَجْهُودِ لِنَيْلِ الْمَقْصُودِ (عَاجِزٌ عَنْ مَعْرِفَةِ الْقِبْلَةِ) بِمَا مَرَّ (فَإِنْ ظَهَرَ خَطَؤُهُ لَمْ يُعِدْ). (۳)

---

(۱) كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الثالث استقبال القبلة، ۱/ ٦۳، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب التطوع خلف المرأة، ۱/ ۷۳، ط: قديمي

(۳) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ٤۳۳، ط: سعيد

وكذا في الهندية:

رَجُلٌ صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ بِالتَّحَرِّي فتبَيَّنَ أَنَّهُ صَلَّى إلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ جَازَتْ صَلَاتُهُ؛ لِأَنَّهُ لَيْسَ عَلَيْهِ أَنْ يَقْرَعَ أَبْوَابَ النَّاسِ لِلسُّؤَالِ عَنْ الْقِبْلَةِ. (١)

وكذا في البحر الرائق:

رَجُلٌ صَلَّى فِي الْمَسْجِدِ فِي لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ بِالتَّحَرِّي فتبَيَّنَ أَنَّهُ صَلَّى إلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ جَازَتْ صَلَاتُهُ؛ لِأَنَّهُ لَيْسَ لَهُ أَنْ يُقْرِعَ أَبْوَابَ النَّاسِ لِلسُّؤَالِ عَنْ الْقِبْلَةِ. (٢)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٦/ ٦٨٤، ط: جامعه فاروقيه

وكذا في جامع الفتاوی: كتاب الصلاة، ٥/ ٢٤٧، ط: اشرفيه

عورتوں کا باریک دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل عورتیں ایسا باریک دوپٹہ اوڑھتی ہیں جس میں بالوں کا رنگ نظر آتا ہے یا بدن کا رنگ نظر آتا ہے تو ایسے دوپٹے میں نماز جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ عورتوں کا ایسا باریک دوپٹہ یا شلوار قمیص استعمال کرنا جس سے جسم کے اعضاء یا سر کے بال واضح طور پر جھلکتے ہوں جائز نہیں۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں ایسا دوپٹہ سر پر لینے سے نماز نہیں ہوگی البتہ اگر سر پر دو تین بل دے دیئے جائیں کہ بال نظر نہ آئیں تو پھر نماز درست ہوگی۔

كذا في سنن أبي داود:

وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهَا ثِيَاب رقاق فَأَعْرض عَنهُ وَقَالَ: «يَا أَسْمَاءُ إِنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيضَ لَنْ يَصْلُحَ أَنْ يُرَى مِنْهَا إِلَّا هَذَا وَهَذَا» . وَأَشَارَ إِلَى وَجْهِهِ وَكَفَّيْهِ. رَوَاهُ أَبُو دَاوُد. (٣)

==================

(١) كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الثالث في استقبال القبلة، ١/ ٦٤، ط: رشيدية

(٢) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٥٠٠، ط: رشيدية

(٣) كتاب اللباس، باب فيما تبدئ المرأة من زينتها، ٢/ ٢١٢، ط: رحمانيه

وكذا في الدر مع الرد:

(وعادم ساتر) لا يصف ما تحته (قوله لا يصف ما تحته) بأن لا يرى منه لون البشرة احتراز عن الرقيق ونحو الزجاج. [۱]

وكذا في الهندية:

والثوب الرقيق الذي يصف ما تحته تجوز الصلاة فيه كذا في التبيين. [۲]

وكذا في البحر الرائق:

وحد الستر أن لا يرى ما تحته حتى لو سترها بثوب رقيق يصف ما تحته لا يجوز. [۳]

وكذا في جامع الفتاوی: كتاب الصلاة، ٥/ ۲۷۳، ۲۷٤، ط: اشرفيه

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، ۳/ ٤٠۲، ط: سعيد

نماز کی ہر رکعت میں دو سجدے فرض ہیں

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر نماز کی کسی رکعت میں ایک سجدہ رہ جائے تو نماز ہوجائے گی یا نہیں؟

جواب: نماز کی ہر رکعت میں دو سجدے فرض ہیں، کوئی ایک سجدہ بھی رہ گیا تو نماز صحیح نہیں ہوگی۔

كذا في الدر مع الرد:

من المفسدات... ترك ركن بلا قضاء وشرط بلا عذر قوله وترك ركن بلا قضاء كما لو ترك سجدة من ركعة وسلم قبل الإتيان بها. [٤]

وكذا في الهندية:

السجود الثاني فرض كالأول بإجماع الأمة كذا في الزاهدي. [٥]

---

[۱] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ٤۱۰، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ٦٥، ط: قديمي

[۳] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ٤٦۷، ط: رشيديه

[٤] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ٦۲۹، ٦۳۰، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۷۷، ط: قديمي

وكذا في البحر الرائق:

والمراد من السجود والسجدتان فأصله ثابت بالكتاب والسنة والإجماع، وكونه مثنى في كل ركعة بالسنة والإجماع وأمر تعبدي لم يعقل له معنى على قول أكثر مشائخنا تحقيقا للابتداء. (١)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الثاني في أركان الصلاة، ٥/ ٥٦٧، ط: فاروقيه

وكذا في قاموس الفقه: كتاب الصلاة، ٤/ ١٢٩، ط: زمزم

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، الباب الحادي عشر في سجود السهو، ٤/ ٢٩٢، ط: دار الاشاعت

عورت کے لئے نماز میں دونوں پاؤں چھپانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ عورتوں کے لئے نماز میں دونوں پاؤں چھپانا ضروری ہے یا نہیں؟ اگر پاؤں کو کھول کر نماز پڑھی تو اس صورت میں نماز جائز ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب: عورتوں کے لئے نماز میں دونوں پاؤں کو کپڑے سے چھپانا ضروری نہیں، پاؤں کے کھلے رہنے سے نماز ہو جائے گی، لیکن پاؤں کے اوپر کا حصہ ٹخنہ سمیت چھپانا ضروری ہے۔

كذا في التاتارخانية:

وأما المرأة يلزمها أن تستر نفسها من قرنها إلى قدمها لا يلزمها ستر الوجه والكفين بك خلاف في جامع الجوامع قيل يداها إلى الرسغ ورجلاها إلى الكعب ليست بعورة. (٢)

وكذا في البزازية:

إذا لم تستر المرأة وجهها وكفها وقدمها في الصلاة جاز لأنها ليست بعورة. (٣)

وكذا في فتح القدير:

(وَبَدَنُ الْحُرَّةِ كُلُّهَا عَوْرَةٌ إلَّا وَجْهَهَا وَكَفَّيْهَا) لِقَوْلِهِ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «الْمَرْأَةُ عَوْرَةٌ مَسْتُورَةٌ» وَاسْتِثْنَاءُ الْعُضْوَيْنِ لِلِابْتِدَاءِ بِإِبْدَائِهِمَا. قَالَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ -: وَهَذَا تَنْصِيصٌ عَلَى أَنَّ الْقَدَمَ عَوْرَةٌ. وَيُرْوَى أَنَّهَا

(١) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥١١، ط: رشيدية

(٢) كتاب الصلاة، الفصل الثاني في فرائض الصلاة، ١/ ٣٠٥، ط: قديمي

(٣) كتاب الصلاة، السادس في ستر العورة، ١/ ٣٣، ط: قديمي

لَيْسَتْ بِعَوْرَةٍ وَهُوَ الْأَصَحُّ.[١]

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، ٢/ ١٠٦، ط: دار الاشاعت

نماز میں نیت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز میں نیت کی کیا حیثیت ہے؟ نیت کے بغیر نماز ہوتی ہے یا نہیں؟

جواب: نماز میں نیت کرنا ضروری ہے اس لئے کہ نیت نماز کے فرائض میں سے ہے، نیت یہ ہے کہ دل میں اس بات کا ارادہ کرے کہ فلاں وقت کی فرض یا سنت نماز پڑھتا ہوں، اگر امام کے پیچھے پڑھ رہا ہو تو امام کی اقتداء کی نیت کرنا بھی ضروری ہے۔

كذا في الدر المختار:

ولا بد من التعيين عند النية فلو جهل الفرضية لم يجز.[٢]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ: وَالنِّيَّةُ بِلَا فَاصِلٍ) يَعْنِي مِنْ شُرُوطِ الصَّلَاةِ لِإِجْمَاعِ الْمُسْلِمِينَ عَلَى ذَلِكَ كَمَا نَقَلَهُ ابْنُ الْمُنْذِرِ وَغَيْرُهُ.[٣]

وفيه أيضا:

(قَوْلُهُ: وَالْمُقْتَدِي يَنْوِي الْمُتَابَعَةَ أَيْضًا) لِأَنَّهُ يَلْزَمُهُ الْفَسَادُ مِنْ جِهَةِ إمَامِهِ فَلَا بُدَّ مِنْ الْتِزَامِهِ وَالْأَفْضَلُ أَنْ يَنْوِيَ الِاقْتِدَاءَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الْإِمَامِ.[٤]

وكذا في الهندية:

النِّيَّةُ إرَادَةُ الدُّخُولِ فِي الصَّلَاةِ وَالشَّرْطُ أَنْ يَعْلَمَ بِقَلْبِهِ أَيَّ صَلَاةٍ يُصَلِّي وَأَدْنَاهَا مَا لَوْ سُئِلَ لَأَمْكَنَهُ أَنْ يُجِيبَ عَلَى الْبَدِيهَةِ.[٥]

==================

[١] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة التي تتقدمها، ١/ ٢٦٦، ط: دار الكتب العلمية

[٢] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤١٨، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٨٠، ط: رشيديه

[٤] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٩١، ط: رشيدية

[٥] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، الفصل الرابع في النية، ١/ ٦٥، ط: رشيديه

صوفہ، تکیہ یا بستر پر سجدہ کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص تکیہ، صوفہ یا بستر پر سجدہ کرلے تو ایسا کرنے سے نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ جس چیز پر سجدہ کیا جائے اس کا اتنا سخت ہونا ضروری ہے کہ اس پر صحیح طریقے سے پیشانی ٹِک جائے اور مزید دبانے سے نہ دبے، لہٰذا صوفہ، تکیہ یا بستر اگر اتنے سخت ہوں کہ نماز پڑھنے والے کی پیشانی ٹِک جائے اور مزید دبانے سے نہ دبتے ہوں تو ایسی صورت میں سجدہ بھی ادا ہو جائے گا اور نماز بھی ہو جائے گی ورنہ سجدہ کی ادائیگی درست نہ ہونے کی بناء پر نماز ادا نہ ہوگی۔

كذا في حاشية الطحطاوي:

ومن شروط صحة السجود "كونه على ما" أي شيء "يجد" الساجد "حجمه" بحيث لو بالغ لا تتسفل رأسه أبلغ مما كان حال الوضع فلا يصح السجود على القطن والثلج والتبن والأرز والذرة وبزر الكتان "و" الحنطة والشعير "تستقر عليه جبهته" فيصح السجود لأن حباتها يستقر بعضها على بعض لخشونة ورخاوة. [١]

وكذا في البحر الرائق:

وَإِنْ سَجَدَ عَلَى الثَّلْجِ إنْ لَمْ يُلَبِّدْهُ وَكَانَ يُغَيِّبُ وَجْهَهُ وَلَا يَجِدُ حَجْمَهُ لَمْ يَجُزْ، وَإِنْ لَبَّدَ جَازَ، وَكَذَا إذَا أَلْقَى الْحَشِيشَ فَسَجَدَ عَلَيْهِ إنْ وَجَدَ حَجْمَهُ جَازَ وَإِلَّا فَلَا، وَكَذَا فِي التِّبْنِ وَالْقُطْنِ... وَهَذَا الْقَيْدُ لَا بُدَّ مِنْهُ فِي السُّجُودِ.

وفيه أيضا:

وَلَوْ سَجَدَ عَلَى الْأَرُزِّ أَوْ الْجَاوَرَسِ أَوْ الذُّرَةِ لَا يَجُوزُ لِعَدَمِ اسْتِقْرَارِ الْجَبْهَةِ عَلَيْهَا. [٢]

وكذا في اللباب في شرح الكتاب:

(فرائض) نفس (الصلاة ستة)... (و) الخامس: (السجود) بوضع الجبهة وإحدى اليدين وإحدى الركبتين وشيء من أطراف أصابع إحدى القدمين على ما يجد حجمه، وإلا لم تتحقق السجدة. [٣]

---

[١] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ١/ ٢٣١، ط: دار الكتب العلمية

[٢] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٥٨، ط: رشيديه

[٣] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٦٥، ط: العصرية

وكذا في مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٨٧، ط: العصرية

وكذا في فتاوی حقانیہ: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ٣/ ٨٣، ط: حقانيه

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٣٢، ط: سعيد

جماعت ثانیہ کے لئے تکبیر کہنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر جماعت ثانیہ مسجد سے باہر ہو تو تکبیر کہی جائے گی یا نہیں؟

جواب: مذکورہ صورت میں تکبیر یعنی اقامت کہی جائے گی۔

كذا في الهندية:

مَسْجِدٌ لَيْسَ لَهُ مُؤَذِّنٌ وَإِمَامٌ مَعْلُومٌ يُصَلِّي فِيهِ النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا بِجَمَاعَةٍ فَالْأَفْضَلُ أَنْ يُصَلِّيَ كُلُّ فَرِيقٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ عَلَى حِدَةٍ. كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ. [١]

وكذا في بدائع الصنائع:

وَلَوْ صَلَّى فِي مَسْجِدٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ هَلْ يُكْرَهْ له أَنْ يُؤَذَّنَ وَيُقَامُ فِيهِ ثَانِيًا؟ فَهَذَا لَا يَخْلُو مِنْ أَحَدِ وَجْهَيْنِ: إمَّا أَنْ كَانَ مَسْجِدًا لَهُ أَهْلٌ مَعْلُومٌ، أَوْ لَمْ يَكُنْ: فَإِنْ كَانَ لَهُ أَهْلٌ مَعْلُومٌ: فَإِنْ صَلَّى فِيهِ غَيْرُ أَهْلِهِ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ لَا يُكْرَهُ لِأَهْلِهِ أَنْ يُعِيدُوا الْأَذَانَ وَالْإِقَامَةَ، وَإِنْ صَلَّى فِيهِ أَهْلُهُ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ، أَوْ بَعْضُ أَهْلِهِ يُكْرَهُ لِغَيْرِ أَهْلِهِ وَلِلْبَاقِينَ مِنْ أَهْلِهِ أَنْ يُعِيدُوا الْأَذَانَ وَالْإِقَامَةَ. [٢]

وكذا في البحر الرائق:

وَإِنْ دَخَلَ مَسْجِدًا لِيُصَلِّيَ فَإِنَّهُ لَا يُؤَذِّنُ وَلَا يُقِيمُ وَإِنْ أَذَّنَ فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ وَصَلَّوْا يُكْرَهُ لِغَيْرِهِمْ أَنْ يُؤَذِّنُوا وَيُعِيدُوا الْجَمَاعَةَ وَلَكِنْ يُصَلُّوا وِحْدَانًا وَإِنْ كَانَ الْمَسْجِدُ عَلَى الطَّرِيقِ فَلَا بَأْسَ أَنْ يُؤَذِّنُوا فِيهِ وَيُقِيمُوا. [٣]

====================

[١] كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، ١/ ٥٥، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، فصل في بيان محل وجوب الأذان، ١/ ٣٧٨، ٣٧٩، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٦٢، ط: رشيدية

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الإقامة والتثويب، ٥/ ٤٦١، ط: فاروقيه

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، الباب الثاني في الأذان، ٢/ ٩٠، ط: دار الاشاعت

نجاست کی جگہ کے علاوہ باقی صف پر نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر مسجد کی کسی صف کے درمیانی حصہ پر نجاست لگ جائے یا صف کے کونے پر لگ جائے تو آیا اس صف میں سے نجاست کی جگہ چھوڑ کر باقی صف پر نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

جواب: نجاست کی جگہ کے علاوہ باقی صف پر نماز پڑھنا درست ہے۔

كذا في الدر المختار مع الشامية:

هي (أي شروط الصلاة) ستة: (طهارة بدنه)... (ومكانه) أي موضع قدميه أو إحداهما إن رفع الأخرى وموضع سجده اتفاقا في الأصح... (قوله ومكانه) فلا تمنع النجاسة في طرف بساط ولو صغيرا في الأصح. [1]

وكذا في الهندية:

وَلَوْ صَلَّى عَلَى بِسَاطٍ وَفِي نَاحِيَةٍ مِنْهُ نَجَاسَةٌ إنْ لَمْ تَكُنْ فِي مَوْضِعِ قَدَمَيْهِ وَلَا فِي مَوْضِعِ سُجُودِهِ لَا تَمْنَعُ أَدَاءَ الصَّلَاةِ سَوَاءٌ كَانَ الْبِسَاطُ كَبِيرًا أَوْ صَغِيرًا... وَكَذَا الثَّوْبُ وَالْحَصِيرُ. [2]

وكذا في خلاصة الفتاوى:

وَلَوْ صَلَّى عَلَى بِسَاطٍ وَفِي نَاحِيَةٍ مِنْهُ نَجَاسَةٌ إنْ لَمْ تَكُنْ فِي مَوْضِعِ قَدَمَيْهِ وَلَا فِي مَوْضِعِ سُجُودِهِ لَا يَمْنَعُ أَدَاءَ الصَّلَاةِ سَوَاءٌ كَانَ الْبِسَاطُ صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا. [3]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٢٢، ط: سعيد

ناپاک زمین پر کپڑا یا چٹائی وغیرہ بچھا کر نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ناپاک زمین جس پر نجاست مرئی ہو جیسے گوبر یا پاخانہ وغیرہ تو اس پر کپڑا یا چٹائی بچھا کر نماز پڑھی جائے تو کیا یہ نماز ہو جائے گی؟

[1] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٠٢، ٤٠٣، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، الفصل الثاني في طهارة ما يستر به العورة وغيره، ١/ ٦٢، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، الفصل السابع في طهارة الثوب والمكان، ١/ ٧٥، ط: رشيديه

جواب: اگر نجاست تر ہے اور کپڑا اتنا موٹا یا اتنا چوڑا ہے کہ اس کی دو تہہ کرکے بچھایا گیا ہے اور نجاست کی تری اوپر کی جانب ظاہر بھی نہیں ہوتی تو اس صورت میں نماز کراہت کے ساتھ ادا ہو جائے گی، اور اگر نماز کی جگہ میں نجاست کی تری واضح ہو جائے تو نماز درست نہ ہو گی۔ البتہ نجاست اگر خشک ہے اور اس پر ایسا کپڑا بچھایا گیا ہے کہ جس سے نجاست نظر نہ آتی ہو تو نماز درست ہے، اور اگر کپڑا باریک ہے جس سے نجاست نظر آتی ہو تو پھر نماز درست نہیں ہو گی۔

كذا في الشامية:

وَكَذَا الثَّوْبُ إذَا فُرِشَ عَلَى النَّجَاسَةِ الْيَابِسَةِ؛ فَإِنْ كَانَ رَقِيقًا يَشِفُّ مَا تَحْتَهُ أَوْ تُوجَدُ مِنْهُ رَائِحَةُ النَّجَاسَةِ عَلَى تَقْدِيرِ أَنَّ لَهَا رَائِحَةً لَا يَجُوزُ الصَّلَاةُ عَلَيْهِ، وَإِنْ كَانَ غَلِيظًا بِحَيْثُ لَا يَكُونُ كَذَلِكَ جَازَتْ. [1]

وكذا في الهندية:

وَلَوْ كَانَتْ النَّجَاسَةُ رَطْبَةً فَأَلْقَى عَلَيْهَا ثَوْبًا وَصَلَّى إنْ كَانَ ثَوْبًا يُمْكِنُ أَنْ يَجْعَلَ مِنْ عَرْضِهِ ثَوْبان كَالنِّهَالِيِّ يَجُوزُ عِنْدَ مُحَمَّدٍ وَإِنْ كَانَ لَا يُمْكِنُ لَا يَجُوزُ إنْ كَانَتْ يَابِسَةً جَازَتْ إذَا كَانَ يَصْلُحُ سَاتِرًا. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ. [2]

وكذا في البحر الرائق:

وَلَوْ بَسَطَ بِسَاطًا رَقِيقًا عَلَى الْمَوْضِعِ النَّجِسِ وَصَلَّى عَلَيْهِ إنْ كَانَ الْبِسَاطُ بِحَالٍ يَصْلُحُ سَاتِرًا لِلْعَوْرَةِ تَجُوزُ الصَّلَاةُ وَإِنْ كَانَتْ رَطْبَةً فَأَلْقَى عَلَيْهَا ثَوْبًا وَصَلَّى إنْ كَانَ ثَوْبًا يُمْكِنُ أَنْ يَجْعَلَ مِنْ عَرْضِهِ ثَوْبًا يَجُوزُ عِنْدَ مُحَمَّدٍ وَإِنْ كَانَ لَا يُمْكِنُ لَا يَجُوزُ... وَإِنْ كَانَتْ النَّجَاسَةُ يَابِسَةً جَازَتْ يَعْنِي إذَا كَانَ يَصْلُحُ سَاتِرًا. [3]

وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح:

فألقى عليها لبدا المراد أنه ألقى عليها ذا جرم غليظ يصلح للشق نصفين كحجر ولبن وخشب كما في البدائع والخانية ومنية المصلي... عليها بعد كونه يصلح ساترا كذا في الخانية، وفي القهستاني: ينبغي أن تكون الصلاة أي على الملقى على النجاسة الرطبة تكره ككراهتها على نحو الأصطبل. [4]

==================

[1] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٢٦، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، الفصل الثاني في طهارة ما يستر به العورة وغيره، ١/ ٦٢، ط: رشيديه

[3] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٦٦، ط: رشيديه

[4] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ١/ ٢٠٨، ط: بيروت

وکذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، الفصل الأول في شروط الصلاۃ، ۵/ ۵۱۶، ط: فاروقیہ

وکذا في کتاب المسائل: کتاب الصلاۃ، شرائط نماز، ۱/ ۲۶۷، ط: قدیمي

نماز میں عورت کا ستر

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ عورت کے لئے نماز میں کن اعضاء کا چھپانا فرض ہے؟

جواب: عورت کے لئے نماز میں چہرہ، ہتھیلی اور قدموں کے علاوہ تمام بدن کا چھپانا فرض ہے۔

کذا في الدر مع الرد:

(وَلِلْحُرَّةِ) وَلَوْ خُنْثَى (جَمِيعُ بَدَنِهَا) حَتَّى شَعْرُهَا النَّازِلُ فِي الْأَصَحِّ (خَلَا الْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ)... (وَالْقَدَمَيْنِ)... (قَوْلُهُ النَّازِلُ) أَيْ عَنْ الرَّأْسِ، بِأَنْ جَاوَزَ الْأُذُنَ، وَقَيَّدَ بِهِ إذَا لَا خِلَافَ فِيمَا عَلَى الرَّأْسِ. [1]

وکذا في البحر الرائق:

وَبَدَنُ الْحُرَّةِ عَوْرَةٌ إلَّا وَجْهُهَا وَكَفَّيْهَا وَقَدَمَيْهَا) لِقَوْلِهِ تَعَالَى {وَلا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إلا مَا ظَهَرَ مِنْهَا} [النور: ۳۱] قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَجْهُهَا وَكَفَّيْهَا... وَاسْتَثْنَى الْمُصَنِّفُ الْقَدَمَ لِلِابْتِلَاءِ فِي إبْدَائِهِ خُصُوصًا الْفَقِيرَاتُ... وَرَجَّحَ فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ كَوْنَهُ عَوْرَةً مُطْلَقًا. [2]

وکذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

یسن للمرأة مخالفة الرجل في ستة أمور... رابعاً. جمیع بدن المرأة عورة إلا الوجه والکفین، أما الرجل فعورته ما بین سرته ورکبته، کما تقدم في شروط الصلاة. [3]

رمضان میں مغرب کی نماز میں قدرے تاخیر کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ رمضان المبارک میں مغرب کی نماز قدرے تاخیر سے ادا کی جاتی ہے، کیا یہ شرعاً درست ہے؟

---

[1] کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ۴۰۵، ط: سعید

[2] کتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ۴۶۹، ۴۷۰، ط: رشیدیه

[3] ما تخالف فیه المرأة والرجل، ۲/ ۹۹۰، ط: نشر احسان

جواب: واضح رہے کہ دین اسلام میں بعض عبادات کا تعلق مخصوص اوقات کے ساتھ ہے، ان عبادات میں سے ایک اہم اور بنیادی عبادت نماز بھی ہے، اس کے لئے بھی اوقات مخصوصہ متعین ہیں، چنانچہ نمازی کے لئے ان اوقات کی پابندی لازمی ہے، پس اگر کوئی شخص بغیر کسی عذر کے کسی بھی نماز کو اس کے وقت کے بعد ادا کرے تو یہ مکروہ ہے، البتہ کسی عذر کی وجہ سے کچھ تاخیر ہو جائے تو کوئی حرج کی بات نہیں۔

لہٰذا رمضان المبارک میں افطاری کی وجہ سے جماعت میں کچھ تاخیر کرنے کی گنجائش ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں، تاہم اس قدر تاخیر سے گریز کرنا چاہئے کہ جس میں فرائض ونوافل کی ادائیگی نہ ہو سکے۔

كذا في الدر المختار:

(وَ) أَخَّرَ (الْمَغْرِبَ إِلَى اشْتِبَاكِ النُّجُومِ) أَيْ كَثْرَتِهَا (كُرِهَ) أَيِ التَّأْخِيرُ لَا الْفِعْلُ لِأَنَّهُ مَأْمُورٌ بِهِ (تَحْرِيمًا) إِلَّا بِعُذْرٍ كَسَفَرٍ، وَكَوْنِهِ عَلَى أَكْلٍ. (۱)

وكذا في التاتارخانية:

وأما المغرب فيكره تأخيرها إذا غربت الشمس، وفي السراجية: إلا بعذر السفر أو بأن كان على المائدة. (۲)

وكذا في فتح القدير:

(ويستحب تعجيل المغرب)... وفي المنية: لا يكره في السفر وللمائدة أو كان يوم غيم. (۳)

وكذا في بدائع الصنائع:

وَإِنَّمَا لَمْ يُؤَخِّرْهُ جِبْرِيلُ عَنْ أَوَّلِ الْغُرُوبِ لِأَنَّ التَّأْخِيرَ عَنْ أَوَّلِ الْغُرُوبِ مَكْرُوهٌ إِلَّا لِعُذْرٍ. (٤)

وكذا في تبيين الحقائق:

وفي المنية: لا يكره في السفر وللمائدة أو كان يوم غيم. (٥).

==================

(۱) كتاب الصلاة، ۱/ ۳٦۸، ۳٦۹، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، نوع آخر في بيان فضيلة الأوقات، ۱/ ۳۰۰، ط: قديمي

(۳) كتاب الصلاة، باب المواقيت، فصل في استحباب التعجيل، ۱/ ۲۳۰، ط: دار الكتب العلمية

(٤) كتاب الصلاة، فصل في شرائط الأركان، معرف الزوال ووقت العصر، ۱/ ۳۲۰ن ط: رشيديه

(٥) كتاب الصلاة، ۱/ ۲۲۸، ط: سعيد

وكذا في البحر الرائق:

وَيُكْرَهُ تَأْخِيرُ الْمَغْرِبِ فِي رِوَايَةٍ وَفِي أُخْرَى لَا مَا لَمْ يَغِبْ الشَّفَقُ الْأَصَحُّ هُوَ الْأَوَّلُ إلَّا مِنْ عُذْرٍ كَالسَّفَرِ وَنَحْوِهِ أَوْ يَكُونُ قَلِيلًا. (۱)

وكذا في البناية: كتاب الصلاة، باب المواقيت، ۲/ ٤٦، ٤٧، ط: حقانيه

وكذا في نجم الفتاوى: كتاب الصلاة، فصل في المواقيت، ۲/ ۲۲۹، ط: ياسين القرآن

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، ۱/ ۲٤٥، ط: قديمي

برہنہ شخص کا اندھیرے میں نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی برہنہ شخص اندھیرے کمرے میں نماز پڑھے تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟

جواب: اگر برہنہ شخص کپڑا ہوتے ہوئے اندھیرے کمرے میں بغیر کپڑوں کے نماز پڑھے تو اس کی نماز نہیں ہوگی، کیونکہ ستر چھپانا نماز کی صحت کی شرائط میں سے ہے، تاہم اگر اس کے پاس ستر چھپانے کے لئے کپڑا نہ ہو تو پھر اس کی نماز ہو جائے گی، لیکن اس کے لئے بہتر ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھے اور رکوع و سجود اشاروں سے کرے تاکہ کسی حد تک ستر چھپانا ممکن ہو سکے۔

كذا في القرآن المجيد:

يَا بَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ. (الأعراف: ۳۱)

وكذا في تفسير روح المعاني:

يَا بَنِي آدَمَ خُذُوا زِينَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ. أي ثيابكم لمواراتكم لأن المستفاد من الأمر الوجوب والواجب إنما هو ستر العورة. (۲)

وكذا في جامع الترمذي:

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ الحَائِضِ إِلَّا بِخِمَارٍ». (۳)

==================

(۱) كتاب الصلاة، ۱/ ٤۳۲، ط: رشيديه

(۲) سورة الأعراف: الآية ۳۱، ۸/ ٤۸۷، ط: دار إحياء التراث العربي

(۳) كتاب الصلاة، باب لا تقبل صلاة الحائض، ۱/ ۸٦، ط: سعيد

وكذا في رد المحتار:

وَأَمَّا لَوْ صَلَّى فِي الْخَلْوَةِ عُرْيَانًا وَلَوْ فِي بَيْتٍ مُظْلِمٍ وَلَهُ ثَوْبٌ طَاهِرٌ لَا يَجُوزُ إجْمَاعًا كَمَا فِي الْبَحْرِ. (١)

وكذا في الهندية:

وَإِنْ صَلَّى فِي بَيْتٍ مُظْلِمٍ عُرْيَانًا وَلَهُ ثَوْبٌ طَاهِرٌ لَا تَجُوزُ صَلَاتُهُ بِالْإِجْمَاعِ. كَذَا فِي السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ. (٢)

وفيه أيضا:

وَجَدَ ثَوْبًا رُبْعُهُ طَاهِرٌ وَصَلَّى عَارِيًّا لَمْ يَجُزْ. وَإِنْ كَانَ أَقَلَّ مِنْ رُبْعِهِ طَاهِرًا أَوْ كُلُّهُ نَجِسًا خُيِّرَ بَيْنَ أَنْ يُصَلِّيَ عَارِيًّا قَاعِدًا بِإِيمَاءٍ وَبَيْنَ أَنْ يُصَلِّيَ فِيهِ قَائِمًا بِرُكُوعٍ وَسُجُودٍ وَهُوَ أَفْضَلُ. كَذَا فِي الْكَافِي. (٣)

وكذا في البحر الرائق:

وَشَمِلَ مَا إذَا كَانَ بِحَضْرَتِهِ أَحَدٌ أَوْ لَمْ يَكُنْ حَتَّى لَوْ صَلَّى فِي بَيْتٍ مُظْلِمٍ عُرْيَانًا وَلَو ثَوْبٌ طَاهِرٌ لَا يَجُوزُ إجْمَاعًا؛ لِأَنَّ السَّتْرَ مُشْتَمِلٌ عَلَى حَقِّ اللهِ وَحَقِّ الْعِبَادِ وَإِنْ كَانَ مُرَاعًى فِي الْجُمْلَةِ بِسَبَبِ اسْتِتَارِهِ عَنْهُمْ فَحَقُّ اللهِ تَعَالَى لَيْسَ كَذَلِكَ، فَإِنْ قِيلَ السَّتْرُ لَا يُحْجَبُ عَنْ اللهِ تَعَالَى. (٤)

وفيه أيضا:

(قَوْلُهُ: وَلَوْ عَدِمَ ثَوْبًا صَلَّى قَاعِدًا مُومِيًا بِرُكُوعٍ وَسُجُودٍ وَهُوَ أَفْضَلُ مِنْ الْقِيَامِ بِرُكُوعٍ وَسُجُودٍ) لِمَا عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبُوا فِي السَّفِينَةِ فَانْكَسَرَتْ بِهِمْ فَخَرَجُوا مِنْ الْبَحْرِ عُرَاةً فَصَلُّوا قُعُودًا بِإِيمَاءٍ. (٥)

وكذا في الهداية:

" ومن لم يجد ثوبا صلى عريانا قاعدا يومئ بالركوع والسجود " هكذا فعله أصحاب رسول الله عليه الصلاة والسلام " فإن صلى قائما أجزأه " لأن في القعود ستر العورة الغليظة وفي القيام أداء هذه الأركان

==================

(١) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في ستر العورة، ١/ ٤٠٤، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٥٨، ط: رشيديه

(٣) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، الفصل الثاني في طهارة ما يستر به العورة، ١/ ٦٠، ط: رشيديه

(٤) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٦٧، ط: رشيديه

(٥) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٧٨، ط: رشيديه

فيميل إلى أيهما شاء " إلا أن الأول أفضل " لأن الستر وجب لحق الصلاة وحق الناس ولأنه لا خلف له والإيماء خلف عن الأركان. [۱]

وكذا في کتاب المسائل: کتاب الصلاۃ، ستر کے احکام، ۱/ ۲۷۲، ط: قدیمی

مکہ مکرمہ کے مقیم کا قبلہ

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مکہ مکرمہ میں مقیم شخص کا قبلہ کون سا ہے؟

جواب: مکہ مکرمہ میں مقیم افراد کا قبلہ عین کعبہ ہے، جس کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنا ضروری ہے، اور دوسرے ممالک میں مقیم لوگوں کا قبلہ جہت کعبہ ہے، ان کے لئے جہت کعبہ کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنا ضروری ہے۔

كذا في القرآن المجيد:

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ. (البقرة: ١٤٤)

وكذا في الهداية:

من كان بمكة ففرضه إصابة عينها ومن كان غائبا ففرضه إصابة جهتها هو الصحيح لأن التكليف بحسب الوسع. [۲]

وكذا في الهندية:

لَا يَجُوزُ لِأَحَدٍ أَدَاءُ فَرِيضَةٍ وَلَا نَافِلَةٍ وَلَا سَجْدَةِ تِلَاوَةٍ وَلَا صَلَاةِ جِنَازَةٍ إلَّا مُتَوَجِّهًا إلَى الْقِبْلَةِ. كَذَا فِي السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ. اتَّفَقُوا عَلَى أَنَّ الْقِبْلَةَ فِي حَقِّ مَنْ كَانَ بِمَكَّةَ عَيْنُ الْكَعْبَةِ فَيَلْزَمُهُ التَّوَجُّهُ إلَى عَيْنِهَا. كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ أَنْ يَكُونَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا حَائِلٌ مِنْ جِدَارٍ أَوْ لَمْ يَكُنْ. كَذَا فِي التَّبْيِينِ. حَتَّى لَوْ صَلَّى مَكِّيٌّ فِي بَيْتِهِ يَنْبَغِي أَنْ يُصَلِّيَ بِحَيْثُ لَوْ أُزِيلَتْ الْجُدْرَانُ يَقَعُ اسْتِقْبَالُهُ عَلَى شَطْرِ الْكَعْبَةِ. كَذَا فِي الْكَافِي. وَلَوْ صَلَّى مُسْتَقْبِلًا بِوَجْهِهِ إلَى الْحَطِيمِ لَا يَجُوزُ. كَذَا فِي الْمُحِيطِ. وَمَنْ كَانَ خَارِجًا عَنْ مَكَّةَ فَقِبْلَتُهُ جِهَةُ الْكَعْبَةِ وَهُوَ قَوْلُ عَامَّةِ الْمَشَايِخِ هُوَ الصَّحِيحُ هَكَذَا فِي التَّبْيِينِ. [۳]

====================

[۱] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٩٤، ط: رحمانيه

[۲] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة التي تتقدمها،

[۳] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، فصل ثالث في استقبال القبلة، ١/ ٦٣، ط: رشيديه

وکذا في قاضي خان:

إلى عينها تعين لكل قوم منها مقام فلأهل الشام الركن الشامي ولأهل المدينة موضع الحطيم والميزاب ولأهل اليمن الركن اليماني ولأهل الهند ما بين الركن اليماني الحجر ولأهل الخراسان والمشرق الباب ومقام إبراهيم واختلفوا في قبلة من هو خارج عن مكة، قال عبد الله الجرجاني: عليه التوجه إلى عين الكعبة وقال غيره من المشائخ: عليه التوجه إلى جهة الكعبة. (۱)

وكذا في فتاوى حقانيه: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ۳/ ۷۷، ط: حقانيه

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، مسائل استقبال قبله، ۱/ ۲۷۸، ط: قديمي

امام کے ساتھ رکعت پانے کے لئے چند صفوف کو خالی چھوڑ کر اکیلا کھڑا ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک آدمی مسجد میں نماز کے لئے داخل ہوا اتنے میں امام نے رکوع کرلیا، اب اگر وہ آگے چل کر صف میں کھڑے ہو کر تکبیر تحریمہ کہے گا تو اس کی رکعت فوت ہو جانے کا اندیشہ ہے، اور اگر جس صف میں وہ کھڑا ہے وہیں رکوع کرے تو اس صورت میں اس کے سامنے کئی صفیں نمازیوں سے خالی ہیں، گویا کہ وہ کافی صفیں چھوڑ کر اکیلا رکوع کرتا ہے، اب آیا اس کو آگے چل کر باقی نمازیوں کی صف میں کھڑے ہو کر تکبیر تحریمہ کہنا چاہئے یا جہاں پر کھڑا ہے وہیں پر تکبیر تحریمہ کہہ کر رکوع کرے، ان دونوں صورتوں میں کون سی افضل ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں مقتدی کے لئے جماعت کی فضیلت یا پھر رکعت چھوٹنے کے خوف سے جماعت سے منفصل صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے کیونکہ اتصال صفوف واجبات نماز میں سے ہے جس کی آپ علیہ السلام نے بھی جابجا تلقین فرمائی ہے، ایسے میں واجب کو چھوڑ کر فضیلت جماعت کو حاصل کرنا درست نہیں، بلکہ مصلی (مقتدی) کے لئے ضروری ہے کہ عام مصلیوں کی صفوں میں شامل ہو جائے اگرچہ اس دوران اس کی رکعت نکل جائے۔

كذا في رد المحتار:

[فَائِدَةٌ] قَالَ فِي الْأَشْبَاهِ: إذَا أَدْرَكَ الْإِمَامَ رَاكِعًا فَشُرُوعُهُ لِتَحْصِيلِ الرَّكْعَةِ فِي الصَّفِّ الْأَخِيرِ أَفْضَلُ مِنْ وَصْلِ الصَّفِّ. اهـ. أَمَّا لَوْ لَمْ يُدْرِكْ الصَّفَّ الْأَخِيرَ فَلَا يَقِفُ وَحْدَهُ، بَلْ يَمْشِي إلَيْهِ إنْ كَانَ فِيهِ فُرْجَةٌ، وَإِنْ فَاتَتْهُ الرَّكْعَةُ كَمَا فِي آخِرِ شَرْحِ الْمُنْيَةِ مُعَلِّلًا بِأَنَّ تَرْكَ الْمَكْرُوهِ أَوْلَى مِنْ إدْرَاكِ الْفَضِيلَةِ تَأَمَّلْ، وَيَشْهَدُ لَهُ «أَنَّ أَبَا بَكْرَةَ

(۱) كتاب الصلاة، باب الأذان، ۱/ ۳٤، ط: اشرفيه

رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ رَكَعَ دُونَ الصَّفِّ ثُمَّ دَبَّ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: زَادَكَ اللَّهُ حِرْصًا، وَلَا تَعُدْ. [۱]

وكذا في التاتارخانية:

الخلاصة إذا دخل المسجد والإمام في الركوع لا يدخل في الركوع ما لم يصل إلى الصف. [۲]

وكذا في فتح القدير:

وَاسْتَدَلَّ لِلْجَوَازِ بِمَا فِي الْبُخَارِيِّ عَنْ «أَبِي بَكْرَةَ أَنَّهُ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - رَاكِعٌ فَرَكَعَ دُونَ الصَّفِّ ثُمَّ وَثَبَ حَتَّى انْتَهَى إِلَى الصَّفِّ: فَلَمَّا سَلَّمَ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ إِنِّي سَمِعْت نَفَسًا عَالِيًا فَأَيُّكُمْ الَّذِي رَكَعَ دُونَ الصَّفِّ، ثُمَّ مَشَى إِلَى الصَّفِّ فَقَالَ أَبُو بَكْرَةَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ خَشِيتُ أَنْ تَفُوتَنِي الرَّكْعَةُ فَرَكَعْتُ دُونَ الصَّفِّ ثُمَّ لَحِقْتُ الصَّفَّ. فَقَالَ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: زَادَكَ اللَّهُ حِرْصًا وَلَا تَعُدْ. [۳]

وفيه أيضا:

وَرَوَى مُسْلِمٌ وَأَصْحَابُ السُّنَنِ إلَّا التِّرْمِذِيَّ عَنْهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ «أَلَا تَصُفُّونَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا؟ قَالُوا وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا، قَالَ: يُتِمُّونَ الصُّفُوفَ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ وَيَتَرَاصُّونَ فِي الصَّفِّ... وَمَنْ وَصَلَ صَفًّا وَصَلَهُ اللَّهُ وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَهُ اللَّهُ» وَرَوَى الْبَزَّارُ بِإِسْنَادٍ حَسَنٍ عَنْهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ «مَنْ سَدَّ فُرْجَةً فِي الصَّفِّ غُفِرَ لَهُ. [٤]

وكذا في البحر الرائق:

وَإِنْ اقْتَدَى بِهِ خَلْفَ الصُّفُوفِ جَازَ لِمَا رُوِيَ «أَنَّ أَبَا بَكْرَةَ قَامَ خَلْفَ الصَّفِّ فَدَبَّ رَاكِعًا حَتَّى الْتَحَقَ بِالصَّفِّ فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ يَا أَبَا بَكْرَةَ زَادَكَ اللَّهُ حِرْصًا فِي الدِّينِ. [٥]

===================

[۱] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۵۷۰، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، الفصل السابع، ۱/ ٤۵۳، ط: قديمي

[۳] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۳٦۷، ط: دار الكتب العلمية

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱ ۳۷۰، ط: دار الكتب العلمية

[٥] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٦۱۷، ط: فاروقيه

کسی نے دائیں کے بجائے بائیں جانب سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک آدمی نے غلطی سے دائیں جانب کے بجائے بائیں جانب سلام پھیر دیا تو اب وہ کیا کرے؟

جواب: اگر کسی شخص نے دائیں کے بجائے بائیں جانب سلام پھیر دیا تو اس کے بعد جب تک بات چیت نہیں کی ہے تو دائیں طرف سلام پھیر کر نماز مکمل کرے، بائیں طرف دوبارہ سلام پھیرنے کی ضرورت نہیں، نیز سجدہ سہو بھی واجب نہیں۔

كذا في التاتارخانية:

ومن سلم عن يساره قبل سلامه عن يمينه فلا سهو عليه. (۱)

وكذا في الهندية:

ولو سلم أولا عن يساره فإنه يسلم عن يمينه ما لم يتكلم ولا يعيد السلام عن يساره. (۲)

وكذا في بدائع الصنائع:

ولو سلم عن يساره قبل سلامه عن يمينه فلا سهو عليه لأن الترتيب في السلام من باب السنن فلا يتعلق به سجود السهو. (۳)

وكذا في البحر الرائق:

وفي البدائع: أنه لو سلم عن يساره أولاً لا سهو عليه لأنه ترك السنة إلخ. (٤)

نماز کے دوران بغیر عذر کے ایک پاؤں پر ٹیک لگانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص بغیر شرعی عذر کے دوران نماز ایک پاؤں پر کھڑا ہوتا ہے آیا اس طرح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نماز پڑھتے وقت دونوں پاؤں پر کھڑا ہونا چاہئے، ایک پاؤں پر بغیر شرعی عذر کے کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

---

(۱) كتاب الصلاة، باب في المتفرقات، ۱/ ٥٣٦، ط: قديمي

(۲) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة، ۱/ ۷۷، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، سجود السهو، ۱/ ٤٠٧، ط: رشيديه

(٤) كتاب الصلاة، باب سجود السهو، ۲/ ۱٦۹، ط: رشيديه

كذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَمِنْهَا الْقِيَامُ) يَشْمَلُ التَّامَّ مِنْهُ وَهُوَ الِانْتِصَابُ مَعَ الِاعْتِدَالِ وَغَيْرَ التَّامِّ وَهُوَ الِانْحِنَاءُ الْقَلِيلُ بِحَيْثُ لَا تَنَالُ يَدَاهُ رُكْبَتَيْهِ، وَقَوْلُهُ بِحَيْثُ إلَخْ صَادِقٌ بِالصُّورَتَيْنِ أَفَادَهُ ط. وَيُكْرَهُ الْقِيَامُ عَلَى أَحَدِ الْقَدَمَيْنِ فِي الصَّلَاةِ بِلَا عُذْرٍ. [1]

وكذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ الْقِيَامُ عَلَى إحْدَى الْقَدَمَيْنِ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَتَجُوزُ الصَّلَاةُ وَلِلْعُذْرِ لَا يُكْرَهُ. [2]

وكذا في الجوهرة النيرة:

(قوله: والقيام) يعني في صلاة الفرض والوتر وحد القيام أن يكون بحيث إذا مد يديه لا ينال ركبتيه، ويكره القيام على أحد القدمين في الصلاة من غير عذر وتجوز الصلاة للعذر لا تكره كذا في الفتاوى. [3]

تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھوں کو باندھنے کی حد

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھوں کو کہاں باندھے سینہ پر یا ناف کے نیچے؟

جواب: تکبیر تحریمہ کے بعد مردوں کے لئے یہ حکم ہے کہ ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھیں، اور عورتوں کو ہاتھ سینے کے نیچے باندھنا چاہئے۔

كذا في الدر المختار:

(وَوَضَعَ) الرَّجُلُ (يَمِينَهُ عَلَى يَسَارِهِ تَحْتَ سُرَّتِهِ آخِذًا رُسْغَهَا بِخِنْصَرِهِ وَإِبْهَامِهِ) هُوَ الْمُخْتَارُ، وَتَضَعُ الْمَرْأَةُ وَالْخُنْثَى الْكَفَّ عَلَى الْكَفِّ تَحْتَ ثَدْيِهَا. [4]

وكذا في الهندية:

(وَوَضْعُ يَدِهِ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى تَحْتَ السُّرَّةِ) كَمَا فَرَغَ مِنْ التَّكْبِيرِ. هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ نَاقِلًا عَنْ الْإِمَامِ

==================

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، ١/ ٤٤٤، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، ومنها القيام، ١/ ٦٩، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠، ط: المطبعة الخيرية

[4] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٨٦، ٤٨٧، ط: سعيد

خُوَاهَرْ زَادَهْ وَهَكَذَا فِي النِّهَايَةِ وَالْمَرْأَةُ تَضَعُهُمَا عَلَى ثَدْيَيْهَا. كَذَا فِي الْمُنْيَةِ. [۱]

وکذا في کفایت المفتی: کتاب الصلاة، الفصل الثالث فيما يتعلق بسنن الصلاة، ۳/ ۵۹۵، ط: فاروقيه

وکذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة وما يتعلق بها، ۳/ ۴۰، ط: سعيد

سجدہ میں پیروں کو اٹھانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ سجدہ میں پیروں کو اٹھانے سے نماز ہو گی یا نہیں؟

جواب: بحالت سجدہ پاؤں زمین پر رکھنے کے بارے میں راجح قول وجوب کا ہے، دونوں پاؤں میں سے کسی ایک کا کوئی جزء مقدار ایک تسبیح کے رکھنا کافی ہے پس اگر پورے سجدہ میں بقدر ایک تسبیح کے دونوں پاؤں میں سے کسی کا کوئی جزء زمین پر رکھ لیا تو واجب ادا ہو جائے گا اگر اتنی مقدار بھی نہیں رکھا تو ترک واجب کی وجہ سے نماز واجب الاعادہ ہو گی اور صرف ایک قدم کو زمین پر بغیر عذر کے رکھنے سے واجب تو ادا ہو جائے گا مگر مکروہ ہے۔

كذا في التنوير مع الدر:

(ومنها السجود) بجبهته وقدميه ووضع إصبع واحدة منهما شرط.

وكذا في الرد:

(قَوْلُهُ وَقَدَمَيْهِ) يَجِبُ إِسْقَاطُهُ لِأَنَّ وَضْعَ إِصْبَعٍ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا يَكْفِي كَمَا ذَكَرَهُ بَعْدُ ح. وَأَفَادَ أَنَّهُ لَوْ لَمْ يَضَعْ شَيْئًا مِنْ الْقَدَمَيْنِ لَمْ يَصِحَّ السُّجُودُ. [۲]

وكذا في الهندية:

وَلَوْ سَجَدَ وَلَمْ يَضَعْ قَدَمَيْهِ عَلَى الْأَرْضِ لَا يَجُوزُ وَلَوْ وَضَعَ إِحْدَاهُمَا جَازَ مَعَ الْكَرَاهَةِ. [۳]

وكذا في إحسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ۳/ ۳۹۸، ط: سعيد

وكذا في كفايت المفتی: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٤/ ٤٤٢، ط: فاروقيه

---

[۱] كتاب الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها، ۱/ ۷۳، ط: رشيدية

[۲] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٤٤٧، ط: سعيد

[۳] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الرابع في فرائض الصلاة، ۱/ ۷۰، ط: قديمي

جس نے پہلی رکعت کو پالیا اس نے تکبیر تحریمہ کا ثواب پالیا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص پہلی رکعت کے رکوع سے پہلے جماعت میں شامل ہو جائے تو کیا اسے تکبیر تحریمہ کی فضیلت ملے گی یا نہیں؟

جواب: صحیح قول کے مطابق جس شخص نے پہلی رکعت پالی اس کو تکبیر تحریمہ کی فضیلت حاصل ہو گئی۔

كذا في الهندية:

أَمَّا فَضِيلَةُ تَكْبِيرَةِ الِافْتِتَاحِ فتكَلَّمُوا فِي وَقْتِ إِدْرَاكِهَا وَالصَّحِيحُ أَنَّ مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَةَ الْأُولَى فَقَدْ أَدْرَكَ فَضِيلَةَ تَكْبِيرَةِ الِافْتِتَاحِ. كَذَا فِي الْحَصْرِ فِي بَابِ أَبِي يُوسُفَ. [۱]

وكذا في الشامية:

وَتَظْهَرُ فَائِدَةُ الْخِلَافِ فِي وَقْتِ إِدْرَاكِ فَضِيلَةِ تَكْبِيرَةِ الِافْتِتَاحِ فَعِنْدَهُ بِالْمُقَارَنَةِ، وَعِنْدَهُمَا إذَا كَبَّرَ فِي وَقْتِ الثَّنَاءِ، وَقِيلَ بِالشُّرُوعِ قَبْلَ قِرَاءَةِ ثَلَاثِ آيَاتٍ لَوْ كَانَ الْمُقْتَدِي حَاضِرًا، وَقِيلَ سَبْعٌ لَوْ غَائِبًا، وَقِيلَ بِإِدْرَاكِ الرَّكْعَةِ الْأُولَى، وَهَذَا أَوْسَعُ وَهُوَ الصَّحِيحُ. [۲]

وكذا في کفایت المفتی: كتاب الصلاة، الفصل الثالث فيما يتعلق بسنن الصلاة، ۳/ ۵۷۹، ط: فاروقيه

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۳۲۰، ط: سعيد .

زبان سے عشاء کی نماز کی نیت کرے اور دل میں وتر کی نیت ہو

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ رمضان میں ایک شخص نے امام کے ساتھ وتر پڑھتے ہوئے زبان سے وتر کی بجائے عشاء کے فرض کی نیت کی مگر دل میں اس کے وتر کی نیت تھی تو کیا اس صورت میں وتر کی نماز درست ہو گی۔

جواب: صورت مذکورہ میں وتر درست ہو جائے گی۔

كذا في التنوير مع الدر:

(وَالْمُعْتَبَرُ فِيهَا عَمَلُ الْقَلْبِ اللَّازِمِ لِلْإِرَادَةِ) فَلَا عِبْرَةَ لِلذِّكْرِ بِاللِّسَانِ إنْ خَالَفَ الْقَلْبَ لِأَنَّهُ كَلَامٌ لَا نِيَّةَ. [۳]

---

[۱] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول في فرائض الصلاة، ۱/ ۶۹، ط: رشيدية

[۲] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۵۲۶، ط: سعيد

[۳] كتاب الصلاة، شروط الصلاة، ۱/ ۴۱۵، ط: سعيد

وکذا في الهندية:

عَزَمَ عَلَى الظُّهْرِ وَجَرَى عَلَى لِسَانِهِ الْعَصْرُ يُجْزِيهِ كَذَا فِي شَرْحِ مُقَدِّمَةِ أَبِي اللَّيْثِ. [1]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة وما يتعلق بها، ۳/ ۱٦، ط: سعيد

نماز میں رکوع کرنے کا صحیح طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز میں رکوع کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

جواب: نماز میں رکوع کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ مصلی اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کشادہ کرکے گھٹنوں کو اس طرح پکڑے کہ پنڈلیاں سیدھی ہوں بشکل قوس نہ ہوں، پیٹھ اور سر کو متوازی رکھے، نیز سر کا نیچے کی طرف جھک جانا یا اوپر کی طرف بلند ہو جانا درست نہیں ہے، کیونکہ اس سے متوازی کیفیت ختم ہو جاتی ہے۔

كذا في الفتاوى التاتارخانية:

وإذا ركع يضع يديه على ركبتيه ويفرج أصابعه... وصورته أن يضم إحدى الكفين إلى الأخرى، ويرسلهما بين فخذيه، ويبسط ظهره، ولا ينكس رأسه ولا يرفعه. [2]

وكذا في الدر المختار:

(وَيَضَعُ يَدَيْهِ) مُعْتَمِدًا بِهِمَا (عَلَى رُكْبَتَيْهِ وَيُفَرِّجُ أَصَابِعَهُ) لِلتَّمَكُّنِ وَيُسَنُّ أَنْ يُلْصِقَ كَعْبَيْهِ وَيَنْصِبَ سَاقَيْهِ (وَيَبْسُطَ ظَهْرَهُ) وَيُسَوِّيَ ظَهْرَهُ بِعَجُزِهِ (غَيْرَ رَافِعٍ وَلَا مُنَكِّسَ رَأْسِهِ وَيُسَبِّحُ فِيهِ). [3]

وكذا في المحيط البرهاني:

وإذا ركع يضع يديه على ركبتيه ويفرج أصابعه... وصورته: أن يضم أحد الكفين إلى الأخرى ويرسلهما بين فخذيه. [4]

==================

[1] كتاب الصلاة، الباب الثالث، الفصل الرابع في النية، ۱/ ٦٦، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، فصل في الركوع، ۱/ ۳۷۰، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل في بيان تأليف الصلاة إلى انتهائها، ۱/ ٤٩۳، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، الفصل السادس عشر في التغني والإلحان، ۱/ ۳۳٦، ط: دار الكتب العلمية

مسافر منفرد دو رکعت کے بجائے چار رکعت پڑھے تو کیا حکم ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر مسافر منفرد دو رکعت قصر پڑھنے کے بجائے چار رکعت پڑھے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اگر منفرد مسافر نے سفر کی حالت میں چار رکعت والی نماز مکمل پڑھ لی اور قعدہ اولی بھی کیا تو دو رکعت فرض ادا ہو گیا اور باقی دو رکعتیں نفل ہو جائیں گی، لیکن سلام جو کہ واجب ہے اس میں تاخیر کی وجہ سے آخر میں سجدہ سہو کرنا پڑے گا، اور اگر قعدہ اولی کے بغیر کھڑے ہو کر مسافر نے چار رکعت پڑھ لی ہے تو ایسی صورت میں اس کی نماز باطل ہو گئی لہٰذا اس صورت میں نماز کا اعادہ شرعاً ضروری ہے۔

كذا في الهندية:

فَإِنْ صَلَّى أَرْبَعًا وَقَعَدَ فِي الثَّانِيَةِ قَدْرَ التَّشَهُّدِ أَجْزَأَتْهُ وَالْأُخْرَيَانِ نَافِلَةٌ وَيَصِيرُ مُسِيئًا لِتَأْخِيرِ السَّلَامِ وَإِنْ لَمْ يَقْعُدْ فِي الثَّانِيَةِ قَدْرَهَا بَطَلَتْ، كَذَا فِي الْهِدَايَةِ. [1]

وكذا في تنوير الأبصار:

فلو أتم مسافر إن قعد... في الأولى تم فرضه... وأساء... وما زاد نفل... وإن لم يقعد بطل فرضه. [2]

وفيه أيضا:

(وإن قعد في الرابعة) مثلا قدر التشهد (ثم قام عاد وسلم... (وإن سجد للخامسة سلموا)... وضم إليها سادسة... (لتصير الركعتان له نفلا)... وسجد للسهو. [3]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ فَلَوْ أَتَمَّ وَقَعَدَ فِي الثَّانِيَةِ صَحَّ وَإِلَّا لَا) أَيْ، وَإِنْ لَمْ يَقْعُدْ عَلَى رَأْسِ الرَّكْعَتَيْنِ لَمْ يَصِحَّ فَرْضُهُ؛ لِأَنَّهُ إذَا قَعَدَ فَقَدْ تَمَّ فَرْضُهُ وَصَارَتْ الْأُخْرَيَاتُ لَهُ نَفْلًا كَالْفَجْرِ وَصَارَ آثِمًا لِتَأْخِيرِ السَّلَامِ، وَإِنْ لَمْ يَقْعُدْ فَقَدْ خَلَطَ النَّفْلَ بِالْفَرْضِ قَبْلَ إكْمَالِهِ. [4]

---

[1] كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ١/ ١٣٩، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ٢/ ١٢٨، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، باب سجود السهو، ٢/ ٨٧، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب المسافر، ٢/ ٢٣٠، ط: رشيدية

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ٤/ ٧٧، ط: سعيد

وكذا في فتاوى محموديه: كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ٧/ ٥٠٧، ط: دار الافتاء فاروقيه

وكذا في فتاوى حقانيه: كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ٣/ ٣٤٩، ط: حقانيه

التحیات کی حالت میں ہاتھوں کے رکھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ التحیات کی حالت میں ہاتھوں کو کس جگہ پر رکھیں؟

جواب: قعدہ کی حالت میں ہاتھ ران پر اس طرح رکھنا چاہئے کہ ہاتھ کا آخری حصہ یعنی انگلیاں گھٹنوں پر رہیں البتہ انگلیوں کے سرے نہیں مڑنے چاہئے کیونکہ مقصود انگلیوں کو قبلہ رخ رکھنا ہے، اور اگر انگلیاں گھٹنوں کی طرف مڑ جائیں تو ان کا رخ قبلہ کی طرف باقی نہیں رہے گا جو شرعا درست نہیں۔

كذا في سنن أبي داود:

عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَأَنْظُرَنَّ إِلَى صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُصَلِّي، «فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، فَكَبَّرَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى حَاذَتَا بِأُذُنَيْهِ، ثُمَّ أَخَذَ شِمَالَهُ بِيَمِينِهِ، فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ رَفَعَهُمَا مِثْلَ ذَلِكَ» ، قَالَ: «ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرَى، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى، وَحَدَّ مِرْفَقَهُ الْأَيْمَنَ عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى، وَقَبَضَ ثِنْتَيْنِ، وَحَلَّقَ حَلْقَةً، وَرَأَيْتُهُ يَقُولُ هَكَذَا» ، وَحَلَّقَ بِشْرٌ الْإِبْهَامَ وَالْوُسْطَى، وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ. (١)

وكذا في كبيري:

من حديث وائل قلت لأنظرن إلى صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما جلس يعني للتشهد افترش رجله اليسرى ووضع يده اليسرى على فخذه اليسرى ونصب رجله اليمنى من غير ذكر زيادة والمراد من العقد المذكور. (٢)

وكذا في الدر المختار:

(وَبَعْدَ فَرَاغِهِ مِنْ سَجْدَتَيْ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ يَفْتَرِشُ) الرَّجُلُ (رِجْلَهُ الْيُسْرَى) فَيَجْعَلُهَا بَيْنَ أَلْيَتَيْهِ (وَيَجْلِسُ

(١) كتاب الصلاة، باب كيف الجلوس في التشهد، ١/ ١٤٥، ط: رحمانيه

(٢) كتاب الصلاة، باب في صفة الصلاة، ص٢٨٥، ط: نعمانيه

عَلَيْهَا وَيَنْصِبُ رِجْلَهُ الْيُمْنَى وَيُوَجِّهُ أَصَابِعَهُ) فِي الْمَنْصُوبَةِ (نَحْوَ الْقِبْلَةِ) هُوَ السُّنَّةُ فِي الْفَرْضِ وَالنَّفْلِ (وَيَضَعُ يُمْنَاهُ عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى وَيُسْرَاهُ عَلَى الْيُسْرَى، وَيَبْسُطُ أَصَابِعَهُ) مُفَرَّجَةً قَلِيلًا (جَاعِلًا أَطْرَافَهَا عِنْدَ رُكْبَتَيْهِ) وَلَا يَأْخُذُ الرُّكْبَةَ هُوَ الْأَصَحُّ لِتَتَوَجَّهَ لِلْقِبْلَةِ. (۱)

نماز میں جہراً بسم اللہ پڑھنے کا بیان

سوال: نماز میں جہراً بسم اللہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: احناف کے نزدیک عام نمازوں میں سراً بسم اللہ پڑھنا سنت ہے، اور جہراً پڑھنے کی بھی اگرچہ شرعاً گنجائش ہے لیکن فقہاء احناف نے سراً پڑھنے کو راجح قرار دیا ہے، اور التزاماً جہراً پڑھنے کو منع کرتے ہیں، چنانچہ تراویح میں ختم قرآن کی سنت میں مقتدیوں کو مکمل شامل کرنے کے لئے پورے ختم کے دوران کم از کم ایک دفعہ جہراً بسم اللہ پڑھنا چاہئے، یہی احتیاط کا تقاضا ہے، اور اگر تراویح میں ہر نئی سورت کے ساتھ جہراً پڑھے تو بھی نماز درست ہو جائے گی۔

كذا في الفقه على المذاهب الأربعة:

ومنها التسمية في كل ركعة قبل الفاتحة، بأن يقول: بسم الله الرحمن الرحيم، وهي سنة عند الحنفية، والحنابلة، أما الشافعية فيقولون: إنها فرض، والمالكية يقولون: إنها مكروهة وفي كل ذلك تفصيل.

الحنفية قالوا: يسمي الإمام والمنفرد سراً في أول كل ركعة، سواء كانت الصلاة سرية أو جهرية أما المأموم فإنه لا يسمي طبعاً، لأنه لا تجوز له القراءة ما دام مأموماً. (۲)

كذا في البدائع:

وَعَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّهُمَا قَالَا: أَرْبَعٌ يُخْفِيهِنَّ الْإِمَامُ وَذَكَرَ مِنْهَا التَّعَوُّذَ، وَلِأَنَّ الْأَصْلَ فِي الْأَذْكَارِ هُوَ الْإِخْفَاءُ لِقَوْلِهِ تَعَالَى {وَاذْكُرْ رَبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً} فَلَا يُتْرَكُ إلَّا لِضَرُورَةٍ ثُمَّ يُخْفِي بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، وَقَالَ الشَّافِعِيُّ يَجْهَرُ بِهِ. (۳)

==================

(۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۵۰۸، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، مبحث شرع بعض سنن الصلاة، ۱/ ۲۳۲، ط: دار الكتب العلمية

(۳) كتاب الصلاة، الكلام في التسمية، ۱/ ۴۷۴، ط: رشيدية

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

وقال الحنفية: يتعوذ في الركعة الأولى فقط. وقال الشافعية والحنابلة: يسن التعوذ سراً في أول كل ركعة قبل القراءة، بأن يقول: (أعوذ بالله من الشيطان الرجيم) وعن أحمد أنه يقول: (أعوذ بالله السميع العليم من الشيطان الرجيم) ثم يقول: (بسم الله الرحمن الرحيم) سراً عند الحنفية والحنابلة. [1]

وكذا في الشامية:

وذكر في المصفى أن الفتوى على قول أبي يوسف أنه يسمى في أول كل ركعة ويخفيها.

وذكر في المحيط: المختار قول محمد وهو أن يسمى قبل الفاتحة وقبل كل سورة في كل ركعة. [2]

وفيه أيضا:

والثالث أنه لا يجهر بها في الصلاة عندنا خلاف الشافعي. [3]

وكذا في فتح القدير:

عَنْ أَنَسٍ «صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَلَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا مِنْهُمْ يَقْرَأُ بِبِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ» لَمْ يُرِدْ نَفْيَ الْقِرَاءَةِ بَلْ السَّمَاعَ لِلْإِخْفَاءِ بِدَلِيلِ مَا صَرَّحَ بِهِ عَنْهُ «فَكَانُوا لَا يَجْهَرُونَ بِبِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ» رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ بِإِسْنَادٍ عَلَى شَرْطِ الصَّحِيحِ.

وَعَنْهُ «صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ فَكُلُّهُمْ يُخْفُونَ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ». [4]

وكذا في الدر المختار:

(وهي آية) واحدة (من القرآن) كله. [5]

ومأخذ از فتاوی دار العلوم دیوبند: کتاب الصلاۃ، فصل رابع، مسائل نماز تراویح، ۴/ ۱۹۶، ط: دار الاشاعت

==================

[1] سنن الصلاة وصفتها، كتاب الصلاة، ٢/ ٨٧٨، ٨٧٩، ط: نشر احسان طهران ايران

[2] كتاب الصلاة، آداب الصلاة، ١/ ٤٩٠، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، آداب الصلاة، ١/ ٤٩٠، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٢٩٧، ٢٩٨، ط: دار الكتب العلمية

[5] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٩١

سجدہ کرنے کا صحیح طریقہ

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز میں سجدہ کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ نماز میں سجدہ کے ادا کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ سجدے میں پیشانی، ناک، دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کے پنجے اور دونوں گھٹنے رکھے جائیں، البتہ اگر کسی نے بغیر کسی عذر کے صرف پیشانی کو زمین پر لگایا اور ناک نہیں لگائی تو سجدہ تو درست ہو جائے گا لیکن کراہت لازم آئے گی۔

كذا في الدر المختار:

(وَمِنْهَا السُّجُودُ) بِجَبْهَتِهِ وَقَدَمَيْهِ، (وفي الشامية) وَفِي الْبَحْرِ: حَقِيقَةُ السُّجُودِ وَضْعُ بَعْضِ الْوَجْهِ عَلَى الْأَرْضِ مِمَّا لَا سُخْرِيَةَ فِيهِ، فَدَخَلَ الْأَنْفُ وَخَرَجَ الْخَدُّ وَالذَّقَنُ. [۱]

وكذا في كبيري:

(السجدة وهي فريضة تتأدى بوضع الجبهة والأنف والقدمين واليدين والركبتين) لما مر في الصحيحين من قوله عليه الصلاة والسلام أمرت أن أسجد على سبعة أعظم على الجبهة واليدين والركبتين وأطراف القدمين والأنف داخل في الجبهة لأن عظمها واحد. (وإن وضع جبهة دون أنفه جاز) سجوده (بالإجماع) إن كان ذلك من غير عذر يكره. [۲]

وكذا في الهندية:

وَمِنْهَا السُّجُودُ... وَكَمَالُ السُّنَّةِ فِي السُّجُودِ وَضْعُ الْجَبْهَةِ وَالْأَنْفِ جَمِيعًا وَلَوْ وَضَعَ أَحَدَهُمَا فَقَطْ إنْ كَانَ مِنْ عُذْرٍ لَا يُكْرَهُ وَإِنْ كَانَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَإِنْ وَضَعَ جَبْهَتَهُ دُونَ أَنْفِهِ جَازَ إجْمَاعًا وَيُكْرَهُ. [۳]

نماز میں سورہ فاتحہ پڑھنا فرض ہے یا واجب

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز میں سورہ فاتحہ کا پڑھنا فرض ہے یا واجب؟

جواب: واضح رہے کہ نماز میں مطلق قرات یعنی بڑی ایک آیت یا چھوٹی کم از کم تین آیتیں پڑھنا فرض ہے، البتہ سورہ فاتحہ کا پڑھنا

==================

[۱] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث الركوع والسجود، ۱/ ٤٤٧، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب فرائض الصلاة، الخامس: السجدة، ص٢٤٧، ط: نعمانية

[۳] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول في فرائض الصلاة، ۱/ ۷۰، ط: رشيدية

واجب ہے لہٰذا اگر کسی منفرد سے سورہ فاتحہ رہ گئی تو بغیر سجدہ سہو کے نماز مکمل نہیں ہو گی۔

قال الله تعالی: فَاقْرَؤُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ. (المزمل: ۲۰)

وكذا في سنن الترمذي:

عن عبادة الصامت عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا صلاة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب. [۱]

وكذا في التنوير مع شرحه:

(وَهِيَ)... (قِرَاءَةُ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ)... (وَضَمُّ)... (سُورَةٍ... أَوْ مَا قَامَ مَقَامَهَا، هُوَ ثَلَاثُ آيَاتٍ قِصَارٍ نَحْوُه ثُمَّ نَظَرَ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ. [۲]

وكذا في البدائع:

أَمَّا الْوَاجِبَاتُ الْأَصْلِيَّةُ فِي الصَّلَاةِ فَسِتَّةٌ: مِنْهَا قِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ وَالسُّورَةِ فِي صَلَاةٍ ذَاتِ رَكْعَتَيْنِ، وَفِي الْأُولَيَيْنِ مِنْ ذَوَاتِ الْأَرْبَعِ وَالثَّلَاثِ، حَتَّى لَوْ تَرَكَهُمَا أَوْ أَحَدَهُمَا: فَإِنْ كَانَ عَامِدًا كَانَ مُسِيئًا، وَإِنْ كَانَ سَاهِيًا يَلْزَمُهُ سُجُودُ السَّهْوِ. [۳]

وكذا في البحر الرائق:

وَوَاجِبُهَا قِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ وَضَمُّ سُورَةٍ وَتَعْيِينُ الْقِرَاءَةِ فِي الْأُولَيَيْنِ وَرِعَايَةُ التَّرْتِيبِ فِي فِعْلٍ مُكَرَّرٍ. [٤]

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: نماز میں کیا پڑھتے ہیں، ۳/ ۳۹۴، ط: لدھیانوی

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الثالث في واجبات الصلاة، ٥/ ٥٧١، ٥٧٢، ط: فاروقيه

نماز میں قیام کا صحیح طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز میں قیام کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

---

[۱] أبواب الصلاة، باب ما جاء أنه لا صلاة إلا بفاتحة الكتاب، ١/ ٥٧، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٥٨، ط: سعيد

[۳] كتاب الصلاة، فصل الواجبات الأصلية في الصلاة، ١/ ٣٩٤، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥١٠، ط: رشيدية

جواب: قیام کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ نمازی اس طرح سیدھا کھڑا ہو جائے کہ اس کے ہاتھ گھٹنوں تک نہ پہنچیں، اور سر کو بھی برابر رکھے کہ نہ آسمان کی طرف اٹھے اور نہ ٹھوڑی بالکل سینے سے ملی ہو، اور دونوں پاؤں اس طرح رکھے کہ ان کے درمیان کم از کم ہاتھ کی چار انگلیوں کے برابر فاصلہ ہو، اور پاؤں کی انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو۔

وكذا في الهندية:

وحد القيام أن يكون بحيث إذا مد يديه لا ينال ركبته. (۱)

وكذا في الشامية:

يشمل التام منه وهو الانتصاب مع الاعتدال وغير التام وهو الانحناء القليل بحيث لا تنال يداه ركبتيه... وينبغي أن يكون بينهما مقدار أربع أصابع اليد. (۲)

وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح:

وحدا لقيام أن يكون بحيث إذا مد يديه لا ينال ركبتيه. (۳)

وكذا في البحر الرائق:

وحد القيام أن يكون بحيث إذا مد يديه لا تنال ركبتيه، كذا في السراج الوهاج. (٤)

عورت کے سجدہ کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر عورت سجدہ کرتے وقت اپنے بازوؤں کو اپنے پہلوؤں سے ملا کر رکھے؟ اور کہنیوں کو زمین کے ساتھ لگا کر رکھے، تو اس کی دلیل کون سی حدیث ہے؟

جواب: عورت کا سجدہ کرتے وقت اپنے بازوؤں کو اپنے پہلوؤں سے ملا کر رکھنا، اور کہنیوں کو زمین کے ساتھ لگا کر رکھنا درج ذیل احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔

كذا في مصنف ابن أبي شيبة:

حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: «إِذَا سَجَدَتِ الْمَرْأَةُ فَلْتَحْتَفِزْ وَلْتَضُمَّ فَخِذَيْهَا».

==================

(۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٦۹، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث القيام، ۱/ ٤٤٤، ط: سعيد

(۳) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ۱/ ۲۲٤، ط: دار الكتب العلمية

(٤) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٥۰۹، ط: رشيديه

وفيه أيضا:

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: «إِذَا سَجَدَتِ الْمَرْأَةُ فَلْتَلْزِقْ بَطْنَهَا بِفَخِذَيْهَا، وَلَا تَرْفَعْ عَجِيزَتَهَا، وَلَا تُجَافِي كَمَا يُجَافِي الرَّجُلُ».

وفيه أيضا:

حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: «إِذَا سَجَدَتِ الْمَرْأَةُ فَلْتَضُمَّ فَخِذَيْهَا، وَلْتَضَعْ بَطْنَهَا عَلَيْهِمَا».[1]

وكذا في فتاوى محموديه: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الرابع في سنن الصلاة، ٥/ ٦١٩، ٦٢٠، ط: فاروقيه

وکذا في آپ کے مسائل اوران کا حل: نماز ادا کرنے کا طریقہ، ۳/ ۳۶۵، ط: لدھیانوی

چار رکعات والی نماز میں درمیانی قعدے اور تشہد کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ چار رکعات والی نماز کے درمیانی قعدے اور اس میں تشہد پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

کوئی شخص امام کی اقتداء میں چار رکعات نماز فرض ادا کر رہا ہو اور امام تشہد پڑھ کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے اور مقتدی نے ابھی تک تشہد نہ پڑھی ہو تو کیا مقتدی تشہد پڑھ کر کھڑا ہو جائے؟ یا امام کی اقتداء کی وجہ سے تشہد کو چھوڑ کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے؟

جواب: چار رکعات والی نماز کے درمیانی قعدے میں تشہد پڑھنا اور بقدر تشہد بیٹھنا، دونوں واجب ہیں۔

مذکورہ صورت میں بہتر ہے کہ مقتدی پوری تشہد پڑھ کر کھڑا ہو، اگر پوری تشہد پڑھے بغیر کھڑا ہو گیا تو بھی نماز میں کوئی فرق نہیں آئے گا، نماز صحیح ہو جائے گی۔

كذا في الدر المختار:

والقعود الأول ولو في نفل في الأصح.[2]

---

[1] كتاب الصلاة، باب المرأة كيف تكون في سجودها، ٢/ ٥٠٤، ٥٠٥، ط: ادارة القرآن والعلوم الاسلامية

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٦٥، ط: سعيد

وكذا في الشامية:

قوله والتشهدان أي تشهد القعدة الأولى وتشهد الأخيرة. [۱]

وفيه أيضا:

فَإِنْ عَارَضَهَا وَاجِبٌ لَا يَنْبَغِي أَنْ يَفُوتَهُ بَلْ يَأْتِي بِهِ ثُمَّ يُتَابِعُ، كَمَا لَوْ قَامَ الْإِمَامُ قَبْلَ أَنْ يُتِمَّ الْمُقْتَدِي التَّشَهُّدَ فَإِنَّهُ يُتِمُّهُ ثُمَّ يَقُومُ لِأَنَّ الْإِتْيَانَ بِهِ لَا يُفَوِّتُ الْمُتَابَعَةَ بِالْكُلِّيَّةِ. [۲]

وكذا في الهندية:

وَتَجِبُ الْقَعْدَةُ الْأُولَى قَدْرَ التَّشَهُّدِ... هُوَ الْأَصَحُّ، هَكَذَا فِي الظَّهِيرِيَّةِ وَيَجِبُ التَّشَهُّدُ فِي الْقَعْدَةِ الْأَخِيرَةِ وَكَذَا فِي الْقَعْدَةِ الْأُولَى وَهُوَ الصَّحِيحُ. [۳]

وفيه أيضا:

إذَا أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِي التَّشَهُّدِ وَقَامَ الْإِمَامُ قَبْلَ أَنْ يُتِمَّ الْمُقْتَدِي أَوْ سَلَّمَ الْإِمَامُ فِي آخِرِ الصَّلَاةِ قَبْلَ أَنْ يُتِمَّ الْمُقْتَدِي التَّشَهُّدَ فَالْمُخْتَارُ أَنْ يُتِمَّ التَّشَهُّدَ. كَذَا فِي الْغِيَاثِيَّةِ وَإِنْ لَمْ يُتِمَّ أَجْزَأَهُ. [٤]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الثاني في واجبات الصلاة، ٥/ ٥٧٤، ٥٧٥، ط: فاروقيه

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: نماز ادا کرنے کا طریقہ، ۳/ ۳۰۷، ط: لدھیانوی

نماز میں کانوں تک ہاتھ اٹھانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس شخص کے بارے میں جو کہ نماز میں کانوں تک ہاتھ اٹھائے بغیر صرف تکبیر تحریمہ پڑھ کر داخل ہو جاتا ہے، تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے؟ اور وہ اس عمل کو عادت بنالے تو اس کے بارے میں شریعت کیا کہتی ہے؟

====================

[۱] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٦٦، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، مطلب مهم في تحقيق متابعة الإمام، ١/ ٤٧٠، ط: سعيد

[۳] كتاب الصلاة، الفصل الثاني، في صفة الصلاة، ١/ ٧١، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل السادس فيما يتابع الإمام وفيما لا يتابعه، ١/ ٩٠، ط: رشيدية

جواب: صورت مذکورہ میں اس شخص کی نماز ادا ہو جائے گی لیکن ہمیشہ اس طرح کرنے سے گنہگار ہوگا کیونکہ ہاتھوں کو کانوں تک اٹھانا سنت ہے۔

كذا في بدائع الصنائع:

وَمِنْهَا رَفْعُ الْيَدَيْنِ عِنْدَ تَكْبِيرَةِ الِافْتِتَاحِ... أَمَّا أَصْلُ الرَّفْعِ فَلِمَا رُوِيَ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ عُمَرَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا - مَوْقُوفًا عَلَيْهِمَا وَمَرْفُوعًا إلَى رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - أَنَّهُ قَالَ: «لَا تُرْفَعُ الْأَيْدِي إلَّا فِي سَبْعَةِ مَوَاطِنَ» وَذَكَرَ مِنْ جُمْلَتِهَا تَكْبِيرَةَ الِافْتِتَاحِ، وَعَنْ أَبِي حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ - أَنَّهُ كَانَ فِي عَشَرَةِ رَهْطٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَقَالَ لَهُمْ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَقَالُوا: هَاتِ، فَقَالَ: رَأَيْته إذَا كَبَّرَ عِنْدَ فَاتِحَةِ الصَّلَاةِ رَفَعَ يَدَيْهِ وَعَلَى هَذَا إجْمَاعُ السَّلَفِ. (۱)

وكذا في فتح القدير:

(ويرفع يديه مع التكبير وهو سنة) لأن النبي عليه الصلاة والسلام واظب عليه. (۲)

وكذا في الدر المختار:

(رَفْعُ الْيَدَيْنِ لِلتَّحْرِيمَةِ) فِي الْخُلَاصَةِ إنْ اعْتَادَ تَرْكَهُ أَثِمَ (وَنَشْرُ الْأَصَابِعِ) أَيْ تَرْكُهَا بِحَالِهَا.

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ فِي الْخُلَاصَةِ إلَخْ) حَكَى فِي الْخُلَاصَةِ أَوَّلًا خِلَافًا، قِيلَ يَأْثَمُ، وَقِيلَ لَا. ثُمَّ قَالَ: وَالْمُخْتَارُ إنْ اعْتَادَهُ أَثِمَ لَا إنْ كَانَ أَحْيَانًا. اهـ. وَجَزَمَ بِهِ فِي الْفَيْضِ وَكَذَا فِي الْمُنْيَةِ. قَالَ شَارِحُهَا: يَأْثَمُ لَا لِنَفْسِ التَّرْكِ، بَلْ لِأَنَّهُ اسْتِخْفَافٌ وَعَدَمُ مُبَالَاةٍ بِسُنَّةٍ وَاظَبَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - مُدَّةَ عُمْرِهِ، وَهَذَا مُطَّرِدٌ فِي جَمِيعِ السُّنَنِ الْمُؤَكَّدَةِ. (۳)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الرابع في سنن الصلاة، ۵/ ۵۸۲، ط: فاروقيه

=================

(۱) كتاب الصلاة، فصل في سنن الصلاة، ۱/ ۴۶۵، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۲۸۰، ط: بيروت

(۳) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب في قولهم الإساءة دون الكراهة، ۱/ ۴۷۴، ط: سعيد

جو نمازی اپنے ستون سامنے ہونے کی وجہ سے سجدہ نہ کرسکنے والے کی نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص نماز کو اس طرح پڑھے کہ اس کے آگے ستون ہو جس کی وجہ سے وہ سجدہ نہیں کرسکتا، جس کی بناء پر شخص مذکور بیٹھ کر سر سے اشارہ کرے، کیا اس شخص کی نماز صحیح ہے یا وہ دوبارہ نماز کا اعادہ کرے گا؟

جواب: سجدہ ارکان نماز میں سے ہے، اگر کوئی شخص اس کو بلا عذر ترک کردے تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی، اس لئے شخص مذکور پر اپنی نماز کا اعادہ لازم ہے۔

كذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَمِنْهَا السُّجُودُ) هُوَ لُغَةً: الْخُضُوعُ قَامُوسٌ، وَفَسَّرَهُ فِي الْمُغْرِبِ بِوَضْعِ الْجَبْهَةِ فِي الْأَرْضِ. وَفِي الْبَحْرِ: وَحَقِيقَةُ السُّجُودِ وَضْعُ بَعْضِ الْوَجْهِ عَلَى الْأَرْضِ مِمَّا لَا سُخْرِيَةَ فِيهِ، فَدَخَلَ الْأَنْفُ وَخَرَجَ الْخَدُّ وَالذَّقَنُ، وَأَمَّا إذَا رَفَعَ قَدَمَيْهِ فِي السُّجُودِ فَإِنَّهُ مَعَ رَفْعِ الْقَدَمَيْنِ بِالتَّلَاعُبِ أَشْبَهُ مِنْهُ بِالتَّعْظِيمِ وَالْإِجْلَالِ اهـ وَتَمَامُهُ فِيمَا عَلَّقْنَاهُ عَلَيْهِ. (۱)

وكذا في الهندية:

وَكَمَالُ السُّنَّةِ فِي السُّجُودِ وَضْعُ الْجَبْهَةِ وَالْأَنْفِ جَمِيعًا وَلَوْ وَضَعَ أَحَدَهُمَا فَقَطْ إنْ كَانَ مِنْ عُذْرٍ لَا يُكْرَهُ وَإِنْ كَانَ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَإِنْ وَضَعَ جَبْهَتَهُ دُونَ أَنْفِهِ جَازَ إجْمَاعًا وَيُكْرَهُ إنْ كَانَ بِالْعَكْسِ فَكَذَلِكَ عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ. (۲)

وكذا في البحر الرائق:

وحقيقة السجود وضع الوجه على الأرض مما لا سخرية فيه فدخل الأنف وخرج الحد والذقن. (۳)

رکوع اور قومہ میں مقتدی اور امام کا عمل

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ رکوع کے بعد امام اور مقتدی دونوں کا وظیفہ ایک ہے یا دونوں کا وظیفہ الگ الگ ہے؟ کیونکہ اکثر عوام امام کے ساتھ "سمع اللہ لمن حمدہ" کے وظیفہ کے ساتھ بھی "سمع اللہ لمن حمدہ" پڑھتے ہیں، کیا

(۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث الركوع والسجود، ۱/ ٤٤٧، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الأول في فرائض الصلاة، ۱/ ۷۰، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٥١١، ط: رشيدية

دونوں کا وظیفہ ایک ہے یا ہر ایک کا الگ وظیفہ ہے؟

جواب: واضح رہے کہ رکوع کے بعد امام اور مقتدی کا وظیفہ الگ الگ ہے، امام کا وظیفہ "سمع اللہ لمن حمدہ" اور مقتدی کا وظیفہ "ربنا لک الحمد" ہے، لہٰذا امام "ربنا لک الحمد" نہ کہے اور مقتدی "سمع اللہ لمن حمدہ" نہ کہے۔

كذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَاكْتَفَى الْإِمَامُ بِالتَّسْمِيعِ وَالْمُؤْتَمُّ وَالْمُنْفَرِدُ بِالتَّحْمِيدِ) لِحَدِيثِ الصَّحِيحَيْنِ «إذَا قَالَ الْإِمَامُ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا رَبَّنَا لَك الْحَمْدُ» فَقَسَمَ بَيْنَهُمَا وَالْقِسْمَةُ تُنَافِي الشَّرِكَةَ. [١]

وكذا في الهندية:

فَإِنْ كَانَ إمَامًا يَقُولُ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ بِالْإِجْمَاعِ وَإِنْ كَانَ مُقْتَدِيًا يَأْتِي بِالتَّحْمِيدِ وَلَا يَأْتِي بِالتَّسْمِيعِ بِلَا خِلَافٍ وَإِنْ كَانَ مُنْفَرِدًا الْأَصَحُّ أَنَّهُ يَأْتِي بِهِمَا. [٢]

وكذا في حاشية الطحطاوي:

ويكتفي به الإمام لما ورد «إذَا قَالَ الْإِمَامُ سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُولُوا رَبَّنَا لَك الْحَمْدُ» فَقَسَمَ بَيْنَهُمَا وَالْقِسْمَةُ تُنَافِي الشَّرِكَةَ. [٣]

وكذا في الدر المختار:

(ويكتفي به الإمام) وقالا: يضم التحميد سرا (و) يكتفي (بالتحميد المؤتم) وأفضله: اللّهم ربنا ولك الحمد إلخ. [٤]

نماز کے دوران ایک دوسرے سے پاؤں چپکانا، نیز صحیح بخاری کی حدیث کا مطلب

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل غیر مقلدین اپنی مساجد میں نماز کے دوران پاؤں ایک دوسرے سے چپکاتے ہیں اور بخاری شریف کی اس حدیث "أَقِيمُوا صُفُوفَكُمْ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي، وَكَانَ أَحَدُنَا يُلْزِقُ

---

[١] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٥٢، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة، ١/ ٧٤، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٢٢١، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٩٧، ط: سعيد

مَنْكِبَهُ بِمَنْكِبِ صَاحِبِهِ، وَقَدَمَهُ بِقَدَمِهِ" سے استدلال کرتے ہیں، کیا اس حدیث کا یہی مطلب ہے، اگر یہی مطلب ہے تو احناف کی مساجد میں اس پر عمل کیوں نہیں ہوتا؟

جواب: حدیث میں الزاق سے محاذات مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ ہر نمازی کا قدم اور کندھا دوسرے کے محاذی اور مقابل ایک سمت میں ہو، ٹخنوں کا چپکانا اس کے لئے ضروری نہیں، اس لئے حافظ ابن حجر اور علامہ عینی رحمہما اللہ نے الزاق المنکب بالمنکب والقدم بالقدم کو مبالغہ پر محمول کیا ہے، جس سے صاف ظاہر ہے کہ اصل مقصود صف کا برابر کرنا اور درمیانی خلاء کو بند کرنا ہے، جس کو مبالغتاً الزاق القدم بالقدم سے تعبیر کیا ہے، نیز قدم کا قدم سے ملانا، اور اسے آخر نماز تک برقرار رکھنے میں مشقت بھی ہے، اور یہ خشوع کے لئے بھی مانع ہے اور حدیث میں قدم کے ساتھ منکبین کے ملانے کا بھی حکم ہے جس کا مطلب محاذی ہونا ہے کیونکہ دو مختلف القامت افراد میں منکبین کا الزاق ممکن نہیں، تو جس طرح منکبین میں محاذات مراد ہے اسی طرح قدمین میں بھی محاذات مراد ہے۔

كذا في فتح الباري:

(قَوْلُهُ بَابُ إِلْزَاقِ الْمَنْكِبِ بِالْمَنْكِبِ وَالْقَدَمِ بِالْقَدَمِ فِي الصَّفِّ) الْمُرَادُ بِذَلِكَ الْمُبَالَغَةُ فِي تَعْدِيلِ الصَّفِّ وَسَدِّ خَلَلِهِ. [1]

وكذا في عمدة القاري:

أي هذا باب في بيان إلصاق المنكب بالمنكب... إلخ، وأشار بهذا إلي المبالغة في تعديل الصوف وسد الخلل فيه. [2]

وكذا في إعلاء السنن:

قوله عن أنس... إلخ، قلت أخذت طائفة في زماننا بظاهر هذا الحديث فتراهم يلزقون أقدامهم بأقدام من يليهم في الصف، ولا يزالون يتكلفون ذلك إلى آخر الصلاة ولا يخفى أن في إلزاق الأقدام بالأقدام مع إلزاق المناكب بالمناكب والركب بالركب مشقة عظيمة لا سيما مع إبقائها كذلك إلى آخر الصلاة كما هو مشاهد، والحرج مدفوع بالنص على أن إلزاق تلك الأعضاء بأجمعها حقيقة غير ممكن إذا كان المصلون مختلفي القامة، فالمراد منه جعل بعضها في محاذاة بعض. وفي عون المعبود: (وَحَاذُوا بَيْنَ الْمَنَاكِبِ) أَيِ اجْعَلُوا بَعْضَهَا حِذَاءَ بَعْضٍ بِحَيْثُ يَكُونُ مَنْكِبُ كُلِّ وَاحِدٍ مِنَ الْمُصَلِّينَ مُوَازِيًا لِمَنْكِبِ الْآخَرِ وَمُسَامِتًا لَهُ فَتَكُونَ الْمَنَاكِبُ

(۱) كتاب الأذان، باب ٧٦، ٢/ ٢٦٨، ط: قديمي

(۲) كتاب الأذان، باب ٧٦، ٥/ ٣٧٧، ط: رشيديه

وَالْأَعْنَاقُ وَالْأَقْدَامُ عَلَى سَمْتٍ وَاحِدٍ. قال الشيخ ولو حمل الإلزاق على الحقيقة، فالمراد منه إحداثه وقت الإقامة لتسوية الصف فإن إحداث الإلزاق بين تلك الأعضاء طريق تحصيل هذه التسوية، ولا دلالة في الحديث على إبقائه في الصلاة بعد الشروع فيها، ومن ادعى ذلك فليأت بحجة عليه قلت وقول أنس رضي الله عنه كان أحدنا وقوله ولقد رأيت أحدنا يفيد أن الفعل المذكور كان في زمن النبي صلى الله عليه وسلم ولم تبق بعده كما صرح به قوله في رواية معمر ولو فعلت ذلك بأحد اليوم لنفر كأنه بغل شموس فلو كان ذلك سنة مقصودة من سنن الصلاة لم يتركه الصحابة ولم ينفر منه أحد فالصحيح ما قلنا إن ذلك كان للمبالغة في تسوية الصف حين الإقامة لا بعدها في داخل الصلاة فافهم. (۱)

وكذا في امداد الاحكام: كتاب الصلاة، فصل في شروط الصلاة، ۱/ ٤٧٧، ٤٧٨، ط: دار العلوم

وكذا في فتاوى دار العلوم زكريا: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل دوئم نماز کی سنتوں اور آداب کا بیان، ۲/ ۱۱۷، ۱۱۸، ط: زمزم پبلشرز

چمڑے کے مصلے پر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ چمڑے کے مصلے پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: پاک کئے ہوئے چمڑے کو مصلّے بنانا اور اس پر نماز پڑھنا بلا کراہت درست ہے۔

كذا في مشكاة المصابيح:

وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسلم يَقُول: «إِذَا دُبِغَ الْإِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ» . رَوَاهُ مُسْلِمٌ. (۲)

وكذا في الهندية:

كل إهاب دبغ دباغة حقيقية بالأدوية أو حكمية بالتتريب والتشميس والإلقاء في الريح فقد طهر وجازت الصلاة فيه إلا جلد الآدمي والخنزير. (۳)

---

(۱) كتاب الصلاة، باب سنية تسوية الصف، ٤/ ٣٥٩، ٣٦٠، ط: ادارة القرآن

(۲) كتاب الطهارة، باب تطهير النجاسات، ١/ ٥٢، ط: قديمي

(۳) كتاب الطهارة، باب المياه، ١/ ٢٨، ط: قديمي

وكذا في الدر المختار:

(كل إهاب) ومثله المثانة والكرش قال القهستاني فالأولى وما (دبغ) ولو شمس (وهو بمثلها طهر) فيصلي به ويتوضأ منه إلخ. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

كل إهاب دبغ فقد طهر... (وكل إهاب) يتناول كل جلد يحتمل الدباغة لا ما لا يحتمل فلا حاجة إلى استثنائه إلخ. (۲)

وكذا في كبيري:

(وكل إهاب دبغ فقد طهر)... (جازت الصلاة) معه ملبوسا أو مفروشا أو محمولا إلا جلد الخنزير والآدمي. (۳)

وكذا في فتاوی دارالعلوم دیوبند: كتاب الطهارة، الفصل السابع في الأنجاس وتطهيرها، ١/ ٢٣٧، ط: دارالاشاعت

وكذا في فتاوی عثمانی: كتاب الطهارة، فصل في النجاسات وأحكام التطهير، ١/ ٣٢١، ط: معارف القرآن کراچی

سجدے میں قدم زمین پر لگانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ سجدے کی حالت میں اگر پاؤں زمین سے اٹھ جائیں تو کیا اس سے نماز فاسد ہوگی یا نہیں؟

جواب: اگر سجدے کی حالت میں دونوں پاؤں زمین سے اٹھے ہوئے ہوں اور پورے سجدے میں ایک لمحہ بھی پاؤں کا کوئی حصہ زمین پر نہ لگا ہو تو اس سے سجدہ صحیح نہ ہوگا ایسی صورت میں نماز بھی نہیں ہوگی، البتہ سجدہ کے دوران اگر ایک لمحہ کے لئے پاؤں کی کوئی انگلی زمین پر لگ جائے تو پھر ایسی صورت میں نماز ہو جائے گی تاہم پاؤں زمین سے اٹھانا بہر حال مکروہ ہے۔

كذا في الشامية:

(قوله وقدميه) يجب إسقاطه لأن وضع إصبع واحدة منها يكفي كما ذكره بعد ح، وأفاده أنه لم يضع شيئا

---

(۱) كتاب الطهارة، باب المياه، ١/ ٢٠٣، ط: سعيد

(۲) كتاب الطهارة، ١/ ١٧٩، ط: رشيدية

(۳) باب الطهارة الكبرى، فصل في الأنجاس والنجاسة الحقيقية، ص١٣٤، ط: نعمانيه

من القدمين لم يصح السجود. [۱]

وكذا في الهندية:

ولو سجد ولم يضع قدميه على الأرض لا يجوز. [۲]

وكذا في الجوهرة النيرة:

ومن شرطه جواز السجود أن لا يرفع قدميه فيه فإن رفعهما في حال سجوده لا تجزيه السجدة. [۳]

وكذا في التاتارخانية:

ووضع القدمين على الأرض حالة السجود فرض فإن وضع إحداهما دون الأخرى لا يجوز وفي الخانية ولا يسجد رافعا إحدى قدميه عن الأرض. [٤]

وكذا في فتح القدير:

ويكفيه موضع إصبع واحدة وفي الوجيز وضع القدمين فرض. [٥]

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

والخلاصة أن فرض السجود عند الحنفية والمالكية يتحقق بوضع

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٤/ ٤٨، ط: دار الاشاعت

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ۳/ ۳۹۸، ط: سعيد

فرض نماز کے سجدوں میں ماثورہ دعا کے علاوہ کوئی اور دعا پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ فرض نماز کے اندر جو سجدیں ہیں ان میں ماثورہ دعا کے علاوہ کوئی اور دعا پڑھنا کیسا ہے؟

---

[۱] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة وبحث الركوع والسجود، ۱/ ٤٤٧، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول في فرائض الصلاة ومنها السجود، ۱/ ۷۸، ط: قديمي

[۳] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٦٣، ط: قديمي

[٤] كتاب الصلاة، فصل في السجود، ۱/ ۳۷۱، ط: قديمي

[٥] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۳۱۱، ط: دار الكتب العلمية

جواب: فرض نمازوں میں تسبیحات مسنونہ وماثورہ کے علاوہ کوئی اور دعا سجدہ کی حالت میں درست نہیں ہے، اس سے احتراز کیا جائے۔

كذا في الدر المختار:

وكذا لا يأتي في ركوعه وسجوده بغير التسبيح على المذهب وما ورد محمول على النفل. [1]

وكذا في الدر المنتقى في شرح الملتقى:

وليس في الركوع والسجود سوى التسبيح ولا بين السجدتين وبعد الرفع من الركوع دعاء على المذهب وما ورد محمول على النفل تهجدا أو غيره. [2]

وكذا في البحر الرائق:

وأشار المصنف إلى أنه لا يأتي في ركوعه وسجوده بغير التسبيحات وما ورد في السنة من غيرها محمول على النوافل تهجدا أو غيره. [3]

وكذا في البناية:

قال مالك: ليس عندنا ذكر محدود في الركوع والسجود، وأنكر قول الناس في الركوع: سبحان ربي العظيم، وفي السجود: سبحان ربي الأعلى، وقال: لا أعرفه وإن قاله جاز... وتكره قراءة القرآن في الركوع والسجود بإجماع الأئمة الأربعة. [4]

چار پائی اور فوم پر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ چار پائی اور فوم پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: چار پائی پر نماز پڑھنا بلا کراہت جائز ہے، بشرطیکہ وہ ٹھوس ہو نیز ادائیگی سجدہ کے لئے ضروری ہے کہ جس چیز پر سجدہ کیا جا رہا ہے وہ کم از کم ایسی ہو کہ جس میں کچھ نہ کچھ سختی ہو، اس طور پر کہ نمازی اگر سجدہ کرنے میں مبالغہ کرے تو وہ چیز اس گہرائی سے

==================

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠٥، ٥٠٦، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ١٤٩، ط: الحبيبية

[3] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٥٢، ط: رشيدية

[4] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ٢/ ٢٥٧، ط: حقانيه

آگے نہ بڑھے اور مزید دبتا نہ رہے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں اس چارپائی اور فوم میں اگر یہ مذکورہ بالا صفات پائی جاتی ہوں تو اس پر نماز پڑھنا درست ہے ورنہ نہیں۔

كذا في الشامية:

وَلَمْ تُصِبْ الْأَرْضُ جَبْهَتَهُ وَلَا أَنْفَهُ عَلَى الْقَوْلِ بِهِ (لَا) يَصِحُّ لِعَدَمِ السُّجُودِ عَلَى مَحَلِّهِ وَبِشَرْطِ طَهَارَةِ الْمَكَانِ وَأَنْ يَجِدَ حَجْمَ الْأَرْضِ... (قَوْلُهُ وَأَنْ يَجِدَ حَجْمَ الْأَرْضِ) تَفْسِيرُهُ أَنَّ السَّاجِدَ لَوْ بَالَغَ لَا يَتَسَفَّلُ رَأْسُهُ أَبْلَغَ مِنْ ذَلِكَ، فَصَحَّ عَلَى طُنْفُسَةٍ وَحَصِيرٍ وَحِنْطَةٍ وَشَعِيرٍ وَسَرِيرٍ... أَوْ حَشِيشٍ إلَّا إنْ وَجَدَ حَجْمَهُ، وَمِنْ هُنَا يُعْلَمُ الْجَوَازُ عَلَى الطُّرَّاحَةِ الْقُطْنِ، فَإِنْ وَجَدَ الْحَجْمَ جَازَ وَإِلَّا فَلَا بَحْرٌ. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

وَالْأَصْلُ كَمَا أَنَّهُ يَجُوزُ السُّجُودُ عَلَى الْأَرْضِ يَجُوزُ عَلَى مَا هُوَ بِمَعْنَى الْأَرْضِ مِمَّا تَجِدُ جَبْهَتُهُ حَجْمَهُ وَتَسْتَقِرُّ عَلَيْهِ وَتَفْسِيرُ وِجْدَانِ الْحَجْمِ أَنَّ السَّاجِدَ لَوْ بَالَغَ لَا يَتَسَفَّلُ رَأْسُهُ أَبْلَغَ مِنْ ذَلِكَ فَيَصِحُّ السُّجُودُ عَلَى الطِّنْفِسَةِ وَالْحَصِيرَةِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالسَّرِيرِ... وكذا إلى ألقى الحشيش فسجد عليه إن وجد حجمه جاز وإلا فلا. (۲)

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ۳/ ۴۳۲، ط: سعيد

امام کی اقتداء میں عصر کی نماز میں مغرب کی نیت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص نے عصر کی نماز میں امام کے پیچھے مغرب کی نیت کی عصر کے بجائے تو کیا اس کی نماز صحیح ہو گئی یا نہیں؟

جواب: اگر کوئی شخص امام کے پیچھے عصر کے بجائے مغرب کی نیت کرے تو ایسی صورت میں نہ عصر کی نماز ہو گی اور نہ ہی مغرب کی البتہ اگر مقتدی کے دل میں نیت عصر کی تھی لیکن غلطی سے زبان سے مغرب کے الفاظ نکل گئے تو اس صورت میں عصر کی نماز ہو جائے گی۔

كذا في الهندية:

لا يصح اقتداء مصلي الظهر بمصلي العصر. (۳)

==================

(۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۵۰۰، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۲/ ۵۵۸، ط: رشيديه

(۳) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۸۶، ط: رشيدية

وكذا في الدر المختار:

فَلَا عِبْرَةَ لِلذِّكْرِ بِاللِّسَانِ إنْ خَالَفَ الْقَلْبَ لِأَنَّهُ كَلَامٌ لَا نِيَّةَ. (وفي الشامي) (قَوْلُهُ إنْ خَالَفَ الْقَلْبَ) فَلَوْ قَصَدَ الظُّهْرَ وَتَلَفَّظَ بِالْعَصْرِ سَهْوًا أَجْزَأَهُ كَمَا فِي الزَّاهِدِيِّ قُهُسْتَانِيٌّ. (۱)

وفيه أيضا:

(قَوْلُهُ وَبِمُفْتَرِضٍ فَرْضًا آخَرَ) سَوَاءٌ تَغَايَرَ الْفَرْضَانِ اسْمًا أَوْ صِفَةً كَمُصَلِّي ظُهْرَ أَمْسِ بِمُصَلِّي ظُهْرِ الْيَوْمِ. (۲)

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة وما يتعلق بها، ۳/ ۱۶، ۱۷، ط: سعيد

رکوع میں سجدہ کی تسبیح پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کسی نے رکوع میں سجدہ کی تسبیح پڑھ لی تواس پر سجدہ سہوواجب ہے یانہیں؟

جواب: اگر کسی نے رکوع میں سجدہ کی تسبیح پڑھ لی تواس پر سجدہ سہوواجب نہیں، البتہ نماز مکروہ تنزیہی ہوگی اس لئے رکوع میں یاد آنے کی صورت میں رکوع کی تسبیح پڑھ لی جائے تاکہ نماز سنت کے مطابق ہوجائے۔

كذا في الدر المختار:

ويسبح فيه وأقله ثلاثا فلو تركه أو نقصه كره تنزيها. (۳)

وكذا في خلاصة الفتاوى:

ويقول في ركوعه سبحان ربي العظيم ثلاثا وفي سجوده سبحان ربي الأعلى ثلاثا أدناه ولم يرد به أدنى الجواز فلو ترك التسبيح أصلا أو أتى به مرة واحدة يجوز ويكره. (٤)

وكذا في التاتارخانية:

ولو ترك تكبيرات الركوع والسجود وتسبيحاتها فلا سهو فيهما. (۵)

---

(۱) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، بحث النية، ۱/ ٤١٥، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في الكلام على الصف الأول، ۱/ ٥٧٩، ط: سعيد

(۳) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب قراءة البسملة بين الفاتحة وسورة حسن، ۱/ ٤٩٤، ط: سعيد

(٤) كتاب الصلاة، الفصل الثاني في فرائض الصلاة وواجباتها، ۱/ ٥٤/ ط: رشيدية

(۵) كتاب الصلاة، الفصل السابع عشر في سجود السهو، ۱/ ٥٢٢، ط: قديمي

وکذا في مسائل رفعت قاسمی: نماز کے مسائل، سجدہ سہو کا بیان، ۲/ ۲۲۹، ط: سید احمد شہید

دوران سجدہ پاؤں زمین سے اٹھ جائے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر نماز پڑھتے وقت سجدہ میں دونوں پاؤں زمین سے اٹھ جائیں تو نماز فاسد ہو جاتی ہے یا نہیں؟

جواب: سجدہ کی حالت میں بغیر کسی عذر کے پاؤں کا زمین سے اٹھا کر رکھنا جائز نہیں، اگر دونوں پاؤں کا کوئی ایک جزء بھی پورے سجدہ میں زمین پر نہ رکھا گیا تو نماز نہیں ہوگی۔

كذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَمِنْهَا السُّجُودُ)... وَأَمَّا إذَا رَفَعَ قَدَمَيْهِ فِي السُّجُودِ فَإِنَّهُ مَعَ رَفْعِ الْقَدَمَيْنِ بِالتَّلَاعُبِ أَشْبَهُ مِنْهُ بِالتَّعْظِيمِ وَالْإِجْلَالِ... (قَوْلُهُ وَقَدَمَيْهِ)... وَأَفَادَ أَنَّهُ لَوْ لَمْ يَضَعْ شَيْئًا مِنْ الْقَدَمَيْنِ لَمْ يَصِحَّ السُّجُودُ. [1]

وكذا في غنية المستملي:

ووضع رؤوس القدمين حالة السجود فرض، وفي مختصر الكرخي: ورفع أصابع رجليه عن الأرض لا تجوز. [2]

وكذا في الجوهرة النيرة:

وَمِنْ شَرْطِ جَوَازِ السُّجُودِ أَنْ لَا يَرْفَعَ قَدَمَيْهِ فِيهِ فَإِنْ رَفَعَهُمَا فِي حَالِ سُجُودِهِ لَا تُجْزِئُهُ السَّجْدَةُ. [3]

وكذا في العناية شرح الهداية:

وَأَمَّا وَضْعُ الْقَدَمَيْنِ فَقَدْ ذَكَرَ الْقُدُورِيُّ - رَحِمَهُ اللَّهُ - أَنَّهُ فَرِيضَةٌ فِي السُّجُودِ فَإِذَا سَجَدَ وَرَفَعَ أَصَابِعَ رِجْلَيْهِ عَنِ الْأَرْضِ لَا يَجُوزُ. [4]

وكذا في فتاوى دار العلوم زكريا: كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، فصل دوم مكروهات نماز كا بيان، ۲/ ۳۴۳، ط: زمزم پبلشرز

====================

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، بحث الركوع والسجود، ۱/ ٤٤٧، ط: سعيد

[2] الخامس من فرائض السجدة، ص٢٤٩، ط: نعمانيه

[3] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٦٣، ط: قديمي

[4] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۳۱۱، ط: دار الكتب العلمية

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۳/ ۳۹۸، ط: سعيد

"السلام" کہنے کے بعد امام کی اقتداء

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ عثمان نامی شخص ایسی حالت میں نماز میں شامل ہوا کہ امام صاحب "السلام" ہی کہہ پائے "علیکم وغیرہ" نہیں کہا تو کیا ایسے وقت میں اقتداء صحیح ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں عثمان کی اقتداء صحیح نہیں ہوئی۔

كذا في جامع الترمذي:

عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال مفتاح الصلاة الطهور وتحريمها التكبير وتحليلها التسليم. [1]

وكذا في رد المحتار:

قَالَ فِي التَّجْنِيسِ: الْإِمَامُ إِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ فَلَمَّا قَالَ السَّلَامُ جَاءَ رَجُلٌ وَاقْتَدَى بِهِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ عَلَيْكُمْ لَا يَصِيرُ دَاخِلًا فِي صَلَاتِهِ لِأَنَّ هَذَا سَلَامٌ؛ أَلَا تَرَى أَنَّهُ لَوْ أَرَادَ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَى أَحَدٍ فِي صَلَاتِهِ سَاهِيًا فَقَالَ السَّلَامُ ثُمَّ عَلِمَ فَسَكَتَ تَفْسُدُ صَلَاتُهُ. [2]

وكذا في بدائع الصنائع:

(وَأَمَّا) كَيْفِيَّةُ التَّسْلِيمِ فَهُوَ أَنْ يَقُولَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللَّهِ. وَهَذَا قَوْلُ عَامَّةِ الْعُلَمَاءِ... (وَأَمَّا) حُكْمُهُ فَهُوَ الْخُرُوجُ مِنْ الصَّلَاةِ، ثُمَّ الْخُرُوجُ يَتَعَلَّقُ بِإِحْدَى التَّسْلِيمَتَيْنِ عِنْدَ عَامَّةِ الْعُلَمَاءِ. وَرُوِيَ عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ قَالَ: التَّسْلِيمَةُ الْأُولَى لِلْخُرُوجِ وَالتَّحِيَّةِ، وَالتَّسْلِيمَةُ الثَّانِيَةُ لِلتَّحِيَّةِ خَاصَّةً. [3]

وكذا في فتاوی رحیمیہ: كتاب الصلاة، احکام مسبوق، لاحق ومدرک، ۵/ ۱۵۳، ط: دار الاشاعت

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۳/ ۱۳، ط: سعيد

تارکول اور آئل لگے ہوئے کپڑوں میں نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص مکینک ہے گاڑیاں بناتا ہے، گاڑیوں کے

---

[1] أبواب الطهارة، باب ما جاء في مفتاح الصلاة الطهور، ۱/ ٦، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٤٦٨، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، كيفية وسنن التسليم، ۱/ ٤٥٧، ط: رشيدية

نیچے لیٹتا ہے اس کے کپڑے گریس، تار کول اور آئل وغیرہ سے میلے کچیلے ہو جاتے ہیں، چونکہ وہ کمپنی کا ملازم ہے نماز کے وقت میں ان ہی کپڑوں میں نماز پڑھتا ہے جبکہ کپڑوں میں ناپاکی نہیں ہوتی ہے کیا اس کا عمل درست ہے اور ایسے کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں اگر وہ کپڑے ناپاک نہ ہوں تو ان کپڑوں میں کراہت کے ساتھ نماز پڑھنا درست ہے اس لئے اگر بآسانی دوسرے کپڑے پہن سکتا ہو تو نماز کے لئے صاف کپڑے پہننے چاہئیں۔

كذا في حلبي كبيري:

وكذلك يكره أن يصلي في ثياب البذلة (بكسر الباء وبالذال المعجمة) وهو ما لا يعان ولا يحفظ من الدنس ونحوه وفي ثياب المهنة ككلمة في أوزانها وبفتح الميم والهاء معا وهي الخدمة والعمل تكميل الرعاية أدب زدفي الوقوف بين يديه تعالى بما أمكنه من تحميل الظاهر والباطن وفي قوله تعالى (خذوا زينتكم عند كل مسجد) إشارة إلى ذلك وإن كان المراد بها ستر العورة على ما ذكره أهل النظير كما تقدم والمستحب أن يصلي الرجل في ثلاثة أثواب إزار وقميص وعمامة. (١)

وكذا في الشامية:

(وَصَلَاتُهُ فِي ثِيَابِ بِذْلَةٍ) يَلْبَسُهَا فِي بَيْتِهِ (وَمِهْنَةٍ) أَيْ خِدْمَةٍ، إنْ لَهُ غَيْرُهَا وَإِلَّا لَا... وَفَسَّرَهَا فِي شَرْحِ الْوِقَايَةِ بِمَا يَلْبَسُهُ فِي بَيْتِهِ وَلَا يَذْهَبُ بِهِ إلَى الْأَكَابِرِ وَالظَّاهِرُ أَنَّ الْكَرَاهَةَ تَنْزِيهِيَّةٌ. (٢)

وكذا في الهندية:

وتكره الصلاة في ثياب البذلة كذا في معراج الدراية. (٣)

وكذا في التاتارخانية:

وكذلك يكره الصلاة في ثياب البذلة. (٤)

مادر زاد بہرے، گونگے کی نماز

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مادر زاد بہرہ آدمی جس نے کبھی نہ کوئی بات کان

(١) فصل في مكروهات الصلاة، ص٣٠٣، ط: نعمانيه

(٢) كتاب الصلاة، باب ما يفسد من الصلاة وما يكره فيها، مطلب في الكراهة التحريمية والتنزيهية، ١/ ٦٤١، ط: سعيد

(٣) كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة وما لا يكره، ١/ ١٠٧، ط: رشيدية

(٤) كتاب الصلاة، الفصل الرابع في بيان ما يكره للمصلي أن يفعل في صلاته وما لا يكره، الجزء الأول، ١/ ٤١٠، ط: قديمي

سے سنی، نہ زبان سے بولی وہ نماز کس طرح پڑھے؟

جواب: مذکورہ شخص چونکہ قرات پر قادر نہیں اس لئے اس پر قرات فرض نہیں باقی ارکان قیام قعود وغیرہ میں سے جن پر قادر ہے ان کو سب لوگوں کی طرح ادا کرتا رہے۔

كذا في البحر الرائق:

وفي المحيط الأخرس والأمي افتتاحا بالنية أجزأهما لأنهما أتيا بأقصى ما في وسعهما. [١]

وكذا في الدر مع الرد:

(مِنْ فَرَائِضُهَا) الَّتِي لَا تَصِحُّ بِدُونِهَا (التَّحْرِيمَةُ) قَائِمًا (وَهِيَ شَرْطٌ) فِي غَيْرِ جِنَازَةٍ عَلَى الْقَادِرِ بِهِ يُفْتَى... أَمَّا الْأُمِّيُّ وَالْأَخْرَسُ لَوْ افْتَتَحَا بِالنِّيَّةِ جَازَ لِأَنَّهُمَا أَتَيَا بِأَقْصَى مَا فِي وُسْعِهِمَا بَحْرٌ عَنْ الْمُحِيطِ... (وَلَا يَلْزَمُ الْعَاجِزَ عَنْ النُّطْقِ) كَأَخْرَسَ وَأُمِّيٍّ (تَحْرِيكُ لِسَانِهِ) وَكَذَا فِي حَقِّ الْقِرَاءَةِ هُوَ الصَّحِيحُ. [٢]

وكذا في فتح القدير:

وَفِي الْمُحِيطِ: الْأُمِّيُّ وَالْأَخْرَسُ لَوْ افْتَتَحَا بِالنِّيَّةِ جَازَ لِأَنَّهُمَا أَتَيَا بِأَقْصَى مَا فِي وُسْعِهِمَا انْتَهَى. وَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ تَحْرِيكُ لِسَانِهِ عِنْدَهُمَا الْوَاجِبُ حَرَكَةٌ بِلَفْظٍ مَخْصُوصٍ. [٣]

وكذا في بدائع الصنائع:

وإن كان قادرا على الأذكار ولو كان على القلب لا يسقط وهو الأخرس. [٤]

وكذا في مسائل رفعت قاسمی: مسائل امامت، ٢/ ٣٥، ط: سید احمد شہید

جہراً قرات میں مقتدی کی ثناء

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ امام قرات کر رہا ہو تو مقتدی کو ثناء پڑھنا چاہیے یا نہیں؟

==================

[١] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠٨، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٤٢، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٢٨٤، ط: دار الكتب العلمية

[٤] كتاب الصلاة، الكلام في القراءة، ١/ ٢٩٣، ط: رشيدية

جواب: اگر مسبوق امام کے ساتھ نماز میں اس وقت شریک ہوا جب امام جہراً قرات کر رہا تھا تو یہ اس وقت ثناء نہیں پڑھے گا البتہ جب فوت شدہ رکعت ادا کرنے کے لئے کھڑا ہوگا تو پھر اس وقت ثناء پڑھے گا۔

كذا في الدر المختار مع الشامي:

(سُبْحَانَك اللَّهُمَّ تَارِكًا مُقْتَصِرًا عَلَيْهِ إِلَّا إِذَا كَانَ مَسْبُوقًا وَإِمَامُهُ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَةِ فَلَا يَأْتِي بِهِ)... إِنْ كَانَ الْإِمَامُ يَجْهَرُ لَا يُثْنِي، وَإِنْ كَانَ يُسِرُّ يُثْنِي. اهـ. وَهُوَ مُخْتَارُ شَيْخِ الْإِسْلَامِ خُوَاهَرْ زَادَهْ، وَعَلَّلَهُ فِي الذَّخِيرَةِ بِمَا حَاصِلُهُ أَنَّ الِاسْتِمَاعَ فِي غَيْرِ حَالَةِ الْجَهْرِ لَيْس بِفَرْضٍ بَلْ يُسَنُّ تَعْظِيمًا لِلْقِرَاءَةِ فَكَانَ سُنَّةً غَيْرَ مَقْصُودَةٍ لِذَاتِهَا وَعَدَمُ قِرَاءَةِ الْمُؤْتَمِّ فِي غَيْرِ حَالَةِ الْجَهْرِ لَا لِوُجُوبِ الْإِنْصَاتِ بَلْ لِأَنَّ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ. وَأَمَّا الثَّنَاءُ فَهُوَ سُنَّةٌ مَقْصُودَةٌ لِذَاتِهَا وَلَيْس ثَنَاءُ الْإِمَامِ ثَنَاءً لِلْمُؤْتَمِّ، فَإِذَا تَرَكَهُ يَلْزَمُ تَرْكُ سُنَّةٍ مَقْصُودَةٍ لِذَاتِهَا لِلْإِنْصَاتِ الَّذِي هُوَ سُنَّةٌ تَبَعًا بِخِلَافِ تَرْكِهِ حَالَةَ الْجَهْرِ. اهـ. فَكَانَ الْمُعْتَمَدُ مَا مَشَى عَلَيْهِ الْمُصَنِّفُ. [۱]

وكذا في البحر الرائق:

وَيَنْبَغِي التَّفْصِيلُ إِنْ كَانَ الْإِمَامُ يَجْهَرُ لَا يَأْتِي بِهِ، وَإِنْ كَانَ يُسِرُّ يَأْتِي بِهِ اهـ. وَمَشَى عَلَيْهِ فِي الْمُنْيَةِ أَيْضًا. [۲]

وكذا في شرح المنية:

وإن أدرك الشارع في الصلاة عند شروعه الإمام وهو أي والحال أن الإمام يجهر بالقراءة لا يأتي بالثناء بل يستمع وينصت للآية. [۳]

نماز کے دران جمائی کو روکنے کا طریقہ

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ بحالتِ نماز اگر جمائی آئے تو کس ہاتھ سے روکا جائے گا؟

جواب: نماز کے دوران اگر جمائی آجائے تو داہنے ہاتھ کی پشت منہ پر رکھ لی جائے۔

[۱] كتاب الصلاة، فصل في بيان المتواتر والشاذ، ۱/ ٤٨٨، ٤٨٩، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ٥٤٢، ط: رشيديه

[۳] كتاب الصلاة، فصل في صفة الصلاة، ۱/ ٢٦٥، ط: نعمانيه

كذا في جامع الترمذي:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " العُطَاسُ مِنَ اللهِ وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلَى فِيهِ. [١]

وكذا في الدر المختار:

(وإمساك فمه عند التثاؤب، فإن لم يقدر غطاه) بظهر (يده) اليسرى، وقيل: باليمنى لو قائما وإلا فيسراه. [٢]

وكذا في رد المحتار:

وعبارة الشارح في الخزائن: أي بظهر يديه اليمنى... فالمناسب إبدال اليسرى باليمنى. [٣]

وكذا في تقريرات الرافعي:

(فالمناسب إبدال اليسرى باليمنى) الذي رأيته في عدة نسخ من الشرح بظهر يده اليمنى. [٤]

وكذا في فتاوى دار العلوم زكريا: كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ٢/ ١٤٦، ط: زمزم پبلشرز

نماز شروع کرتے وقت "اللہ اکبر" کے بجائے "آللہ اکبر" پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی امام نماز میں تکبیر کو "اللہ اکبر" کے بجائے "آللہ اکبر" کے الف پر مد پڑھتا ہو تو کیا اس کی نماز فاسد ہوگی یا نہیں؟

جواب: اگر امام "اللہ اکبر" کے بجائے "آللہ اکبر" یعنی الف پر مد پڑھتا ہو تو تکبیر تحریمہ درست نہیں ہوگی اور اس تحریمہ کی بنیاد پر پڑھی گئی نماز بھی فاسد ہو جائے گی کیونکہ اس میں استفہام کا معنی پیدا ہو جاتا ہے، ایسی حالت میں اس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

كذا في الدر مع الرد:

إِذْ مَدُّ أَحَدِ الْهَمْزَتَيْنِ مُفْسِدٌ، وَتَعَمُّدُهُ كُفْرٌ وَكَذَا الْبَاءُ فِي الْأَصَحِّ. (قَوْلُهُ إِذْ مَدُّ أَحَدِ الْهَمْزَتَيْنِ مُفْسِدٌ إلَخْ) اعْلَمْ أَنَّ الْمَدَّ إنْ كَانَ فِي اللَّهُ، فَإِمَّا فِي أَوَّلِهِ أَوْ وَسَطِهِ أَوْ آخِرِهِ، فَإِنْ كَانَ فِي أَوَّلِهِ لَمْ يَصِرْ بِهِ شَارِعًا وَأَفْسَدَ الصَّلَاةَ

[١] أبواب الاستيذان والأدب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء أن الله يحب العطاس ويكره التثاؤب، ٢/ ١٠٣، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب صفتا لصلاة، ١/ ٤٧٨، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، باب آداب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٧٨، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٩، ط: سعيد

لَوْ فِي أَثْنَائِهَا، وَلَا يَكْفُرُ إِنْ كَانَ جَاهِلًا، لِأَنَّهُ جَازِمٌ، وَالْإِكْفَارُ لِلشَّكِّ فِي مَضْمُونِ الْجُمْلَةِ... (قَوْلُهُ: وَتَعَمَّدَهُ) أَيْ تَعَمَّدَ، مَدَّ الْهَمْزَةِ مِنْ لَفْظِ الْجَلَالَةِ أَوْ أَكْبَرُ كَفَرَ، لِكَوْنِهِ اسْتِفْهَامًا يَقْتَضِي أَنْ لَا يَثْبُتَ عِنْدَهُ كِبْرِيَاءُ اللَّهِ تَعَالَى وَعَظَمَتُهُ. (۱)

وكذا في الهندية:

في المبسوط: لو مد ألف الله لا يصير شارعا وخيف عليه الكفر إن كان قاصدًا. (۲)

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَكَبَّرَ بِلَا مَدٍّ وَرَكَعَ)... وَفِي الْمَبْسُوطِ لَوْ مَدَّ أَلِفَ " اللَّهِ " لَا يَصِيرُ شَارِعًا وَخِيفَ عَلَيْهِ الْكُفْرُ إنْ كَانَ قَاصِدًا. (۳)

سلام پھیرتے وقت نظر کہاں رکھی جائے؟

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ سلام پھیرتے وقت نظر کہاں ہونی چاہیے؟

جواب: سلام پھیرتے وقت نظر کندھوں پر ہونی چاہیے۔

كذا في الهندية:

(وآدابها) نظره... وعند التسليمة الأولى إلى منكبه الأيمن وعند الثانية إلى منكبه الأيسر. (۴)

وكذا في الدر المختار:

(وَلَهَا آدَابٌ) تَرْكُهُ لَا يُوجِبُ إسَاءَةً وَلَا عِتَابًا كَتَرْكِ سُنَّةِ الزَّوَائِدِ، لَكِنَّ فِعْلَهُ أَفْضَلُ (نَظَرُهُ... وَإِلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْمَنِ وَالْأَيْسَرِ عِنْدَ التَّسْلِيمَةِ الْأُولَى وَالثَّانِيَةِ) لِتَحْصِيلِ الْخُشُوعِ. (۵)

---

(۱) كتاب الصلاة، باب آداب الصلاة، ۱/ ۴۸۰، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها، ۱/ ۷۳، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، باب صفة لاصلاة، ۱/ ۵۴۸، ط: رشيدية

(۴) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها، ۱/ ۷۲، ۷۳، ط: رشيدية

(۵) كتاب الصلاة، باب آداب الصلاة، ۱/ ۴۷۷، ۴۷۸، ط: سعيد

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَآدَابُهَا نَظَرُهُ... وَعِنْدَ التَّسْلِيمَةِ الْأُولَى إلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْمَنِ وَعِنْدَ الثَّانِيَةِ إلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْسَرِ؛ لِأَنَّ الْمَقْصُودَ الْخُشُوعُ. [1]

وكذا في تبيين الحقائق:

قَالَ - رَحِمَهُ اللَّهُ - (وَآدَابُهَا) أَيْ آدَابُ الصَّلَاةِ (نَظَرُهُ)... وَعِنْدَ التَّسْلِيمَةِ الْأُولَى إلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْمَنِ وَعِنْدَ الثَّانِيَةِ إلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْسَرِ. [2]

وكذا في المبسوط:

وعند التسليمة الأولى على منكبه الأيمن وعند التسليمة الثانية على منكبه الأيسر. [3]

تکبیرِ تحریمہ نہ کہنے سے نماز ادا نہیں ہوتی

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص تکبیر تحریمہ کہنا بھول جائے یا قصداً نہ کہے تو آیا سجدہ سہو کرنے کی صورت میں نماز درست ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب: تکبیر تحریمہ نماز کی شرائط میں سے ہے اس لئے اگر کوئی بھول کر چھوڑ دے یا قصداً دونوں صورتوں میں نماز نہیں ہوگی اگرچہ سجدہ سہو بھی کر لیا ہو۔

كذا في الدر المختار مع الشامية:

تَرْكُ السُّنَّةِ لَا يُوجِبُ فَسَادًا وَلَا سَهْوًا بَلْ إسَاءَةً لَوْ عَامِدًا غَيْرَ مُسْتَخِفٍّ... أَيْ بِخِلَافِ تَرْكِ الْفَرْضِ فَإِنَّهُ يُوجِبُ الْفَسَادَ، وَتَرْكُ الْوَاجِبِ فَإِنَّهُ يُوجِبُ سُجُودَ السَّهْوِ. [4]

وكذا في شرح منية المصلي:

ولا دخول في الصلاة إلا بتكبيرة الافتتاح لإجماع الأمة على ذلك في كل زمان فإنهم قد أجمعوا على أن لا

---

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة وسنن الصلاة، ١/ ٥٣٠، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٢٨٢، ٢٨٣، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، كيفية الدخول في الصلاة، ١/ ١١٤، ط: رشيدية

[4] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٧٣، ٤٧٤، ط: سعيد

دخول في الصلاة إلا بتكبيرة الافتتاح.(١)

وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر:

(قوله للإعلام) اعلم أن الإمام إذا كبر للافتتاح لا بد لصحة صلاته من قصده بتكبير الإحرام وإلا فلا صلاة له... ووجهه أن تكبيرة الافتتاح شرط أو ركن فلا بد في تحققها من قصد الإحرام أي بالدخول في الصلاة.(٢)

وكذا في التاتارخانية:

تكبيرة الافتتاح أو ما يقوم مقامها مع النية فرض لا دخول في الصلاة إلا بها.(٣)

وكذا في مجمع الأنهر:

(فرضها) يعني ما لا تجوز الصلاة بدونه (التحريمة) وهو جعل الأشياء المباحة قبلها حراما بها.(٤)

امام سے قبل غلطی سے سلام پھیرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر ایک مقتدی امام کے ساتھ شروع سے نماز میں شریک ہوا اور آخری رکعت میں اس نے غلطی سے امام سے پہلے سلام پھیر لیا پھر اسی دوران اس کو یاد آجائے کہ میں نے تو امام سے پہلے سلام پھیر لیا ہے اس وقت امام کے ساتھ پھر نماز میں شریک ہو جائے اب پوچھنا یہ ہے کہ اس مقتدی کی نماز ادا ہوئی یا نہیں؟

جواب: اگر غلطی سے امام سے پہلے سلام پھیر لیا تھا پھر یاد آنے کی صورت میں امام کے ساتھ نماز پوری کی تو نماز ادا ہو جائے گی بشرطیکہ اس دوران اس نے کوئی قول اور فعل ایسا نہ کیا ہو جو نماز کے منافی ہو۔

===================

(١) كتاب الصلاة، فرائض الصلاة، ١/ ٢٢٦، ط: علمية

(٢) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٢١٣، ط: رشيدية

(٣) كتاب الصلاة، النوع الثاني من فرائض الصلاة، فصل في تكبيرة الافتتاح، ١/ ٣٢٢، ط: قديمي

(٤) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ١٣٠، ط: حبيبية

كذا في صحيح مسلم:

عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمَّا قَضَى الصَّلَاةَ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: «أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي إِمَامُكُمْ، فَلَا تَسْبِقُونِي بِالرُّكُوعِ وَلَا بِالسُّجُودِ، وَلَا بِالْقِيَامِ وَلَا بِالِانْصِرَافِ، فَإِنِّي أَرَاكُمْ أَمَامِي وَمِنْ خَلْفِي».[1]

وكذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ لَوْ أَتَمَّهُ إلَخْ) أَيْ لَوْ أَتَمَّ الْمُؤْتَمُّ التَّشَهُّدَ، بِأَنْ أَسْرَعَ فِيهِ وَفَرَغَ مِنْهُ قَبْلَ إتْمَامِ إمَامِهِ فَأَتَى بِمَا يُخْرِجُهُ مِنْ الصَّلَاةِ كَسَلَامٍ أَوْ كَلَامٍ أَوْ قِيَامٍ جَازَ: أَيْ صَحَّتْ صَلَاتُهُ لِحُصُولِهِ بَعْدَ تَمَامِ الْأَرْكَانِ... وَإِنَّمَا كُرِهَ لِلْمُؤْتَمِّ ذَلِكَ لِتَرْكِهِ مُتَابَعَةَ الْإِمَامِ بِلَا عُذْرٍ، فَلَوْ بِهِ... فَلَا كَرَاهَةَ.[2]

وكذا في الهندية:

(وَمِنْهَا الْقُعُودُ الْأَخِيرُ) مِقْدَارُ التَّشَهُّدِ. كَذَا فِي التَّبْيِينِ وَهُوَ مِنْ قَوْلِهِ التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ إلَى عَبْدِهِ وَرَسُولِهِ هُوَ الصَّحِيحُ حَتَّى لَوْ فَرَغَ الْمُقْتَدِي قَبْلَ فَرَاغِ الْإِمَامِ فَتَكَلَّمَ فَصَلَاتُهُ تَامَّةٌ كَذَا فِي الْجَوْهَرَةِ النَّيِّرَةِ.[3]

وكذا في نجم الفتاوى: كتاب الصلاة، فصل فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۲/ ۳۸۷، ط: ياسين القرآن

جھکتے ہوئے تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز میں شریک ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر امام رکوع میں ہو اور کوئی شخص بعد میں آکر جھکتے ہوئے تکبیر تحریمہ کہہ کہ نماز میں شریک ہو جائے تو اس کی نماز ہو گی یا نہیں؟

جواب: اگر تکبیر تحریمہ کھڑے ہو کر نہیں کہی بلکہ اس طرح جھکتے ہوئے کہی ہے کہ رکوع میں تکبیر پوری ہوئی تو اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی، تکبیر تحریمہ کے درست ہونے کے لئے ضروری ہے کہ تکبیر مکمل قیام کی حالت میں ہو یا قیام کے قریب تر حالت میں کہی جائے۔

====================

[1] كتاب الصلاة، باب تحريم سبق الإمام بركوع وسجود ونحوهما، ۱/ ۱۸۰، ط: قديمي

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ۱/ ۵۲۵، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، ۱/ ۷۰، ۷۱، ط: رشيدية

كذا في الدر المختار:

فَلَوْ قَالَ (اللّٰهُ) مَعَ الْإِمَامِ وَأَكْبَرُ قَبْلَهُ أَوْ أَدْرَكَ الْإِمَامَ رَاكِعًا فَقَالَ (اللّٰهُ) قَائِمًا وَأَكْبَرُ رَاكِعًا لَمْ يَصِحَّ فِي الْأَصَحِّ؛ كَمَا لَوْ فَرَغَ مِنْ (اللّٰهُ) قَبْلَ الْإِمَامِ... وَيُشْتَرَطُ كَوْنُهُ (قَائِمًا) فَلَوْ وَجَدَ الْإِمَامَ رَاكِعًا فَكَبَّرَ مُنْحَنِيًا، إِنْ إِلَى الْقِيَامِ أَقْرَبُ صَحَّ وَلَغَتْ نِيَّةُ تَكْبِيرَةِ الرُّكُوعِ. (١)

وكذا في الهندية:

وَلَا يَصِيرُ شَارِعًا بِالتَّكْبِيرِ إِلَّا فِي حَالَةِ الْقِيَامِ أَوْ فِيمَا هُوَ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنَ الرُّكُوعِ... وَكَذَا لَوْ أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِي الرُّكُوعِ فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ إِلَّا أَنَّ قَوْلَهُ: اللّٰهُ كَانَ فِي قِيَامِهِ وَقَوْلَهُ: أَكْبَرُ وَقَعَ فِي رُكُوعِهِ لَا يَكُونُ شَارِعًا فِي الصَّلَاةِ. (٢)

وكذا في البحر الرائق:

وَلَوْ جَاءَ إِلَى الْإِمَامِ وَهُوَ رَاكِعٌ فَحَنَى ظَهْرَهُ، ثُمَّ كَبَّرَ إِنْ كَانَ إِلَى الْقِيَامِ أَقْرَبَ يَصِحُّ، وَإِنْ كَانَ إِلَى الرُّكُوعِ أَقْرَبَ لَا يَصِحُّ. (٣)

پوری نماز میں نیت کا استحضار

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ کیا پوری نماز میں نیت کا استحضار ضروری ہے؟

جواب: واضح رہے کہ نیت کا تمام عبادات ومعاملات کے ساتھ گہرا تعلق ہے، یہی وجہ ہے کہ عبادات ومعاملات میں نیت کو ایک خاص مقام اور ایک امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ نیت لغت میں "قصد" کو کہتے ہیں، اور اصطلاح میں "عبادات میں اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنے کا دل سے قصد کرنا" جبکہ بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ نیت نماز میں داخل ہونے کے ارادے کو کہتے ہیں۔

چونکہ نیت فقط دل کے ارادے کا نام ہے اس لئے اس کا تعلق صرف نماز میں داخل ہونے کے ساتھ ہے، یعنی نماز کی ابتداء کرنے کے ساتھ ہے، پوری نماز میں نیت کا استحضار ضروری نہیں، البتہ اگر کوئی نیت کے استحضار کے ساتھ نماز پڑھے تو ایسا کرنا افضل ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

حدثنا الحميدي... يقول: سمعت عمر بن الخطاب رضي الله عنه على المنبر يقول: سمعت رسول الله

==================

(١) كتاب الصلاة، فصل في بيان تأليف الصلاة إلى انتهائها، ١/ ٤٨٠، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، ١/ ٦٨، ٦٩، ط: رشيدية

(٣) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠٨، ط: رشيدية

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول (إنما الأعمال بالنيات وإنما لكل امرىء ما نوى فمن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو إلى امرأة ينكحها فهجرته إلى ما جاهر إليه). (١)

وكذا في الأشباه والنظائر:

القاعدة الأولى لا ثواب إلا بالنية. (٢)

وكذا في درر الحكام شرح مجلة الأحكام:

الامور بمقاصدها، يعني أن الحكم الذي يترتب على أمر يكون على مقتضى ما هو المقصود من ذلك الامر. (٣)

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

وهي لغة: القصد، وشرعاً: عزم القلب على فعل العبادة تقرباً إلى الله تعالى. بأن يقصد بعمله الله تعالى، دون شيء آخر من تصنع لمخلوق، أو اكتساب محمدة عند الناس إلخ. (٤)

وكذا في الهندية:

النِّيَّةُ إرَادَةُ الدُّخُولِ فِي الصَّلَاةِ وَالشَّرْطُ أَنْ يَعْلَمَ بِقَلْبِهِ أَيَّ صَلَاةٍ يُصَلِّي وَأَدْنَاهَا مَا لَوْ سُئِلَ لَأَمْكَنَهُ أَنْ يُجِيبَ عَلَى الْبَدِيهَةِ إلخ. (٥)

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ: لَازِمٌ لَهَا فِي كُلِّ الْأَرْكَانِ) أَقُولُ: لَمْ تَظْهَرْ لِي فَائِدَةُ هَذَا الْقَيْدِ فِي كَلَامِهِ، نَعَمْ ذَكَرَهُ فِي الْبَحْرِ بَعْدَ التَّعْلِيلِ بِعَدَمِ السُّقُوطِ أَصْلًا لِلِاحْتِرَازِ عَنْ النِّيَّةِ؛ لِأَنَّهَا لَا يُشْتَرَطُ اسْتِصْحَابُهَا لِكُلِّ رُكْنٍ إلخ. (٦)

==================

(١) باب كيف كان بدء الوحي إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، ١/ ٢، ط: قديمي

(٢) الفن الأول، القواعد الكلية، ص٢٤، ط: قديمي

(٣) القواعد الكلية، المقالة الثالثة، ص١٩، ط: العربية

(٤) الفصل الرابع شروط الصلاة، الشرط السادس النية، ١/ ٧٧١، ط: دار الفكر

(٥) كتاب الصلاة، الباب الثالث في شروط الصلاة، الفصل الرابع في النية، ١/ ٦٥، ط: رشيدية

(٦) كتاب الطهارة، ١/ ٨٠، ط: سعيد

وکذا في البحر الرائق:

فتخرج النية لأنه لا يشترط استصحابها لكل ركن من أركانها. (۱)

وكذا في الأشباه والنظائر:

حكمها في كل ركن من الأركان، قالوا: في الصلاة لا تشترط النية في البقاء للحرج كذا في البناية وكذا بقية العبادات. (۲)

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

النية من شروط الصلاة عند الحنفية والحنابلة، وكذا عند المالكية على الراجح، وهي من فروض الصلاة أو أركانها عند الشافعية ولدى بعض المالكية؛ لأنها واجبه في بعض الصلاة، وهو أولها، لا في جميعها. (۳)

وكذا في مجمع الأنهر:

(وضم التلفظ إلى القصد أفضل) لما فيه من استحضار القلب لاجتماع العزية به. (٤)

وكذا في كتاب المسائل: نیت کے مسائل، ۱/ ۲۹۰، ط: قدیمی

====================

(۱) كتاب الطهارة، ۱/ ۲۰، ط: رشيدية

(۲) القاعدة الثانية، الثامن في عدم اشتراطها في البقاء، ص٤٧، ط: قديمي

(۳) الفصل الرابع شروط الصلاة، الشرط السادس النية، ۱/ ۷۷۱، ط: دار الفكر المعاصر

(٤) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ۱۲۷، ۱۲۸، ط: الحبيبية

باب الفرائض والواجبات في الصلاة

فرائض نماز

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے اندر کل کتنے فرائض ہیں؟

جواب: نماز کے اندر کل چھ فرائض ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) تکبیر تحریمہ کہنا۔ واضح رہے کہ تکبیر تحریمہ شرط ہے، رکن نہیں۔ (۲) قیام یعنی کھڑا ہونا۔ (۳) قرات کرنا۔ (۴) رکوع کرنا۔ (۵) دونوں سجدے کرنا۔ (۶) قعدہ اخیرہ یعنی نماز کے آخر میں تشہد کی مقدار بیٹھنا۔

نیز امام صاحب رحمہ اللہ کی طرف نماز کے اندر پائے جانے والے ان فرائض کے علاوہ ایک اور فرض کی بھی نسبت کی جاتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ مصلی کا اپنے ارادے سے نماز کو ختم کرنا، یوں کل سات فرائض ہو جاتے ہیں۔

كذا في التنوير مع الدر:

(من فرائضها) التي لا تصح بدونها (التحريمة) قائما (وهي شرط) في غير جنازة على القادر به يفتى، ومنها القيام... ومنها القراءة... ومنها الركوع... ومنها السجود... ومنها القعود الأخيرة قدر أدنى قراءة التشهد إلى عبده ورسوله... ومنها الخروج بصنعه كفعله المنافي لها بعد تمامها وإن كرها تحريما والصحيح أنه ليس بفرض اتفاق. [1]

وكذا في البحر الرائق:

فرضها التحريمة... والقراءة... والركوع... والسجود... والقعود الأخير قدر التشهد والخروج بصنعه المصلي أي الخروج من الصلاة قصدا من المصلي. [2]

وكذا في الهندية:

فَرَائِضِ الصَّلَاةِ وَهِيَ سِتٌّ. (مِنْهَا التَّحْرِيمَةُ) وَهِيَ شَرْطٌ عِنْدَنَا... (وَمِنْهَا الْقِرَاءَةُ) وَفَرْضُهَا عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ يَتَأَدَّى بِآيَةٍ وَاحِدَةٍ وَإِنْ كَانَتْ قَصِيرَةً. كَذَا فِي الْمُحِيطِ. (وَمِنْهَا الرُّكُوعُ)... (وَمِنْهَا السُّجُودُ) السُّجُودُ الثَّانِي فَرْضٌ كَالْأَوَّلِ... (وَمِنْهَا الْقُعُودُ الْأَخِيرُ) مِقْدَارُ التَّشَهُّدِ. كَذَا فِي التَّبْيِينِ... وَأَمَّا الْخُرُوجُ بِصُنْعِهِ

---

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٤٢- ٤٤٩، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠٥- ٥١٣، ط: رشيديه

فَلَيْسَ بِفَرْضٍ وَهُوَ الصَّحِيْحُ، هَكَذَا فِي التَّبْيِيْنِ وَالْعَيْنِي شَرْحِ الْكَنْزِ. (١)

فرائض اور سنن کی کن کن رکعتوں میں قرات ضروری ہے

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کی کن کن رکعتوں میں قرات فرض ہے؟

جواب: واضح رہے کہ فرائض کی پہلی دو رکعتوں میں، سنن ونوافل اور وتر کی تمام رکعتوں میں ایک آیت کے بقدر تلاوت کرنا فرض ہے، تاہم سورہ فاتحہ اوراس کے ساتھ تین آیتیں یا کوئی چھوٹی سورت تلاوت کرناواجب ہے۔

كذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَمِنْهَا الْقِرَاءَةُ) أَيْ قِرَاءَةُ آيَةٍ مِنْ الْقُرْآنِ، وَهِيَ فَرْضٌ عَمَلِيٌّ فِي جَمِيعِ رَكَعَاتِ النَّفْلِ وَالْوِتْرِ وَفِي رَكْعَتَيْنِ مِنْ الْفَرْضِ كَمَا سَيَأْتِي مَتْنًا فِي بَابِ الْوِتْرِ وَالنَّوَافِلِ. وَأَمَّا تَعْيِينُ الْقِرَاءَةِ فِي الْأُولَيَيْنِ مِنْ الْفَرْضِ فَهُوَ وَاجِبٌ، وَقِيلَ سُنَّةٌ لَا فَرْضٌ كَمَا سَنُحَقِّقُهُ فِي الْوَاجِبَاتِ. (٢)

وكذا في حلبي كبيري:

والقراءة فرض في جميع ركعات النفل... وكذا في جميع ركعات الوتر... وكذا تفرض القراءة في كل الفرض في ذوات الركعتين... أما في ذوات الأربع... ففرض القراءة إنما هو في الركعتين من كل منها حال كون الركعتين بغير عينها. (٣)

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

الركن عند الحنفية الذي هو فرض عملي في جميع ركعات النفل والوتر، وفي ركعتين من الفرض، للإمام والمنفرد: هو قراءة آية من القرآن، لقوله تعالى: {فاقرؤوا ما تيسر من القرآن}، ومطلق الأمر للوجوب، ولقوله صلّى الله عليه وسلم: «لا صلاة إلا بقراءة» وأقل الواجب عند أبي حنيفة: هو آية بمقدار ستة أحرف مثل {ثم نظر}، ولو تقديراً، مثل {لم يلد}، إذ أصله {لم يولد}... وأما تعيين القراءة في الركعتين الأوليين من الفرض فهو واجب. (٤)

==================

(١) كتاب الصلاة، باب الرابع في صفة الصلاة، ١/ ٦٨، ٧٠، ٧١، ط: رشيديه

(٢) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مبحث القراءة، ١/ ٤٤٦، ط: سعيد

(٣) فرائض الصلاة، الثالث القراءة، ص٢٤١، ط: نعمانيه

(٤) الفصل الخامس أركان الصلاة، الركن الثالث القراءة لقادر عليه، ٢/ ٨٣٠، ٨٣١، ط: دار الفكر المعاصر

وكذا في الهندية:

(وَمِنْهَا الْقِرَاءَةُ) وَفَرْضُهَا عِنْدَ أَبِي حَنِيفَةَ - رَحِمَهُ اللهُ - يَتَأَدَّى بِآيَةٍ وَاحِدَةٍ وَإِنْ كَانَتْ قَصِيرَةً. كَذَا فِي الْمُحِيطِ وَفِي الْخُلَاصَةِ وَهُوَ الْأَصَحُّ. كَذَا فِي التَّتَارْخَانِيَّة. وَأَمَّا مَحَلُّ الْقِرَاءَةِ، فَفِي الْفَرَائِضِ الرَّكْعَتَانِ، هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ... وَفِي الْوِتْرِ وَالنَّفَلِ الرَّكَعَاتُ كُلُّهَا. هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ. [1]

وكذا في التاتارخانية:

وأما الكلام في محلها فنقول: محل القراءة في التطوع الركعات كلها... وفي الفرائض محل القراءة الركعتان... وفي شرح الطحاوي: قال أصحابنا رحمه الله القراءة فرض في الركعتين بغير عينها... وفي الوتر محل القراءة الركعات كلها... والقراءة في السنن في جميع الركعات واجبة... وأما الكلام في قدر القراءة فنقول: فرض القراءة عند أبي حنيفة رحمه الله يتأدي بآية واحدة وإن كانت قصيرة. [2]

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، نماز کے فرائض، ۱/ ۳۰۰، ط: قدیمی

وكذا في فتاوی حقانیہ: كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة وأركانها، ۳/ ۸۰، ط: حقانيه

نماز کے واجبات

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے واجبات کتنے ہیں؟

جواب: نماز کے اندر کل چودہ واجبات ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں قرات کرنا۔ (۲) فرض نمازوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ تمام نمازوں کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا۔ (۳) فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں میں اور واجب (یعنی وتر) اور سنتوں اور نفل نمازوں کی تمام رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی ایک سورت یا ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا۔ (۴) سورہ فاتحہ کو سورت سے پہلے پڑھنا۔ (۵) قرات اور رکوع میں اور سجدوں میں اور تمام رکعتوں میں ترتیب قائم رکھنا۔ (۶) قومہ کرنا یعنی رکوع سے اٹھ کر سیدھا کھڑا ہو جانا۔ (۷) جلسہ یعنی دونوں سجدوں کے درمیان میں سیدھا بیٹھ جانا۔ (۸) تعدیل ارکان یعنی رکوع وسجدہ وغیرہ میں کو اطمینان سے اچھی طرح ادا کرنا۔ (۹) قعدہ اولی یعنی تین اور چار رکعتوں والی نماز میں دو رکعتوں کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا۔ (۱۰) دونوں قعدوں میں تشہد پڑھنا۔

---

[1] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الأول في فرائض الصلاة، ١/ ٦٩، ط: رشيديه

[2] كتاب الصلاة، الفرائض، ١/ ٤٤٤، ٤٤٥، ط: ادارة القرآن

(۱۱) امام کا نماز فجر و مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین، تراویح اور رمضان شریف کے وتروں میں بلند آواز سے قرات کرنا اور ظہر و عصر وغیرہ کی نمازوں میں آہستہ آواز سے قرات کرنا۔ (۱۲) لفظ سلام کے ساتھ نماز سے علیحدہ ہونا۔ (۱۳) نماز وتر کی تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر تکبیر کے بعد دعاء قنوت پڑھنا۔ (۱۴) عیدین کی نمازوں میں زائد تکبیرات کا کہنا۔

كذا التنوير مع الدر:

وَلَهَا وَاجِبَاتٌ... وَهِيَ عَلَى مَا ذَكَرَهُ أَرْبَعَةَ عَشَرَ قِرَاءَةُ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ... وَضَمُّ أَقْصَرِ سُورَةٍ كَالْكَوْثَرِ أَوْ مَا قَامَ مَقَامَهَا، هُوَ ثَلَاثُ آيَاتٍ قِصَارٍ فِي الْأُولَيَيْنِ مِنْ الْفَرْضِ وَفِي جَمِيعِ رَكَعَاتِ النَّفْلِ وَكُلِّ الْوِتْرِ احْتِيَاطًا وَتَعْيِينُ الْقِرَاءَةِ فِي الْأُولَيَيْنِ مِنْ الْفَرْضِ عَلَى الْمَذْهَبِ. وَتَقْدِيمُ الْفَاتِحَةِ عَلَى كُلِّ السُّورَةِ وَكَذَا تَرْكُ تَكْرِيرِهَا قَبْلَ سُورَةِ الْأَوَّلَيَيْنِ وَرِعَايَةُ التَّرْتِيبِ بَيْنَ الْقِرَاءَةِ وَالرُّكُوعِ وفِيمَا يَتَكَرَّرُ أَمَّا فِيمَا لَا يَتَكَرَّرُ فَفَرْضٌ كَمَا مَرَّ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ كَالسَّجْدَةِ أَوْ فِي كُلِّ الصَّلَاةِ كَعَدَدِ رَكَعَاتِهَا وَتَعْدِيلُ الْأَرْكَانِ أَيْ تَسْكِينُ الْجَوَارِحِ قَدْرَ تَسْبِيحَةٍ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ... وَالْقُعُودُ الْأَوَّلُ وَلَوْ فِي نَفْلٍ فِي الْأَصَحِّ وَلَفْظُ السَّلَامِ مَرَّتَيْنِ فَالثَّانِي وَاجِبٌ عَلَى الْأَصَحِّ وَقِرَاءَةُ قُنُوتِ الْوِتْرِ وَهُوَ مُطْلَقُ الدُّعَاءِ وَتَكْبِيرَاتِ الْعِيدَيْنِ وَالْجَهْرُ لِلْإِمَامِ وَالْإِسْرَارُ لِلْكُلِّ فِيمَا يَجْهَرُ فِيهِ وَيُسِرُّ. [١]

وكذا في البحر الرائق:

وواجباتها قراءة الفاتحة... وضم سورة ورعاية الترتيب في فعل مكرر... وتعديل الأركان أي وهو تسكين الجوارح في الركوع والسجود وغيره... والقعود الأول لأن النبي صلى الله عليه وسلم واظب عليه في جميع العمر... والتشهد أي الأول والثاني... ولفظ السلام... وقنوت الوتر... والجهر والإسرار فيما يجهر ويسر. [٢]

وكذا في الهندية:

يَجِبُ تَعْيِينُ الْأُولَيَيْنِ مِنْ الثُّلَاثِيَّةِ وَالرُّبَاعِيَّةِ الْمَكْتُوبَتَيْنِ لِلْقِرَاءَةِ الْمَفْرُوضَةِ... وَتَجِبُ قِرَاءَةُ الْفَاتِحَةِ وَضَمُّ السُّورَةِ أَوْ مَا يَقُومُ مَقَامَهَا مِنْ ثَلَاثِ آيَاتٍ قِصَارٍ أَوْ آيَةٍ طَوِيلَةٍ فِي الْأُولَيَيْنِ بَعْدَ الْفَاتِحَةِ إلخ. [٣]

===================

[١] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٥٦، ٤٧٣، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥١٥، ٥١٧، ط: رشيديه

[٣] كتاب الصلاة، الباب الرابع في صفة الصلاة، الفصل الثاني في واجبات الصلاة، ١/ ٧١، ٧٢، ط: رشيديه

باب سنن الصلاۃ

نماز کی سنتیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کی سنتیں کتنی ہیں؟

جواب: واضح رہے کہ بعض کتب فقہ میں نماز کی سنتوں کی تعداد۲۱جبکہ بعض میں بائیس ذکر کی گئی ہیں۔تاہم اگر تمام عبارات پر غور کیاجائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جن کتابوں میں تعداد کم ذکر کی گئی ہے انہوں نے بعض سنتوں کو بعض میں مدغم کرکے ذکر کیا ہے، لہٰذاہم فتاوی شامی کے مطابق نماز کی سنتوں کو شمار کر رہے ہیں کہ نماز کے اندر کل بائیس سنتیں ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) تکبیر تحریمہ کہنے سے قبل دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا۔(۲) دونوں ہاتھوں کی انگلیاں اپنے حال پر کھلی اور قبلہ رخ رکھنا۔

(۳) تکبیر کہتے وقت سر کو نہ جھکانا۔(۴)امام کا تکبیر تحریمہ ایک رکن سے دوسرے رکن میں جانے کی تمام تکبیریں بقدر حاجت بلند آواز سے کہنا۔(۵) سیدھے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے باندھنا۔(۶) ثناء پڑھنا۔(۷) تعوذ یعنی اعوذ باللہ پڑھنا۔(۸) بسم اللہ پڑھنا۔(۹) فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنا۔(۱۰) آمین کہنا۔(۱۱) ثناء، تعوذ اور بسم اللہ وآمین سب کو آہستہ پڑھنا۔(۱۲) سنت کے موافق قرات کرنا، یعنی جس جس نماز میں جس قدر قرآن مجید پڑھنا سنت ہے، اس کے موافق پڑھنا۔(۱۳) رکوع اور سجدے میں تین تین بار تسبیح پڑھنا۔(۱۴) رکوع میں سر اور پیٹھ کو ایک سیدھ میں برابر رکھنا اور دونوں ہاتھوں کی کھلی انگلیوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔(۱۵) قومہ میں امام کا سمع اللہ لمن حمدہ، اور مقتدی کا ربن لک الحمد کہنا، اور منفرد کو تسمیع یعنی سمع اللہ لمن حمدہ، اور تحمید یعنی ربنالک الحمد، دونوں کہنا۔(۱۶) سجدے میں جاتے وقت زمین پر پہلے دونوں گھٹنے پھر دونوں ہاتھ پھر پیشانی رکھنا۔(۱۷) مردوں کے واسطے جلسہ اور قعدہ میں بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھنا اور سیدھے پاؤں کو اس طرح کھڑا رکھنا کہ اس کی انگلیوں کے سرے قبلے کی طرف رہیں، اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھنا۔(۱۸) تشہد میں اشہدان لاالہ الااللہ پر انگلی سے اشارہ کرنا۔(۱۹) قعدے اخیرہ میں تشہد کے بعد درود پڑھنا۔(۲۰) دوران قیام دونوں پاؤں کے درمیان کم از کم چار انگشت کا فاصلہ رکھنا (یہ سنت صرف مردوں کے واسطے ہے) (۲۱) درود کے بعد دعا پڑھنا۔(۲۲) پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف سلام پھیرنا۔

كذا في التنوير مع الدر:

(رَفْعُ الْيَدَيْنِ لِلتَّحْرِيمَةِ) فِي الْخُلَاصَةِ إنْ اعْتَادَ تَرْكَهُ أَثِمَ (وَنَشْرُ الْأَصَابِعِ) أَيْ تَرْكُهَا بِحَالِهَا (وَأَنْ لَا يُطَأْطِئَ رَأْسَهُ عِنْدَ التَّكْبِيرِ) فَإِنَّهُ بِدْعَةٌ (وَجَهْرُ الْإِمَامِ بِالتَّكْبِيرِ) بِقَدْرِ حَاجَتِهِ لِلْإِعْلَامِ بِالدُّخُولِ وَالِانْتِقَالِ. وَكَذَا بِالتَّسْمِيعِ وَالسَّلَامِ. وَأَمَّا الْمُؤْتَمُّ وَالْمُنْفَرِدُ فَيُسْمِعُ نَفْسَهُ. (وَالثَّنَاءِ وَالتَّعَوُّذِ وَالتَّسْمِيَةِ وَالتَّأْمِينِ) وَكَوْنُهُنَّ (سِرًّا،

[4] كتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف وإقامتها وفضل الأول، ١/ ٨٣، ط: قديمي

وكذا في سنن أبي داود:

عَن أَنَسٍ أَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «أَتِمُّوا الصَّفَّ الْمُقَدَّمَ ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ فَمَا كَانَ مِنْ نَقْصٍ فَلْيَكُنْ فِي الصَّفِّ الْمُؤخر».[۱]

وكذا في رد المحتار:

وخير صفوف الرجال أولها إلخ فلو وقف في الصف الثاني داخلها قبل استكمال الصف الأول من خارجها يكون مكروها.[۲]

وكذا في فتاوی رحیمیه: مکروہاتِ صلاۃ، ۵/ ۱۳٦، ط: دار الاشاعت

ایک مسجد میں جماعت ثانیہ کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر محلّہ کی ایک مسجد میں جماعت ہو گئی کچھ لوگ جماعت کے بعد آ گئے اور دوبارہ اپنی جماعت کرائی تو کیا ان کی نماز درست ہو گی یا نہیں؟

جواب: اگر محلّہ کی مسجد میں ایک بار جماعت ہو گئی ہو تو بعد میں آنے والوں کا حدود مسجد کے اندر جماعت ثانیہ کرنا مکروہ ہے تاہم ان کی نماز ہو جاتی ہے، اور اگر مسجد کے باہر برآمدے میں جماعت ثانیہ کرائی جائے تو بلا کراہت ادا ہو جاتی ہے۔

كذا في التنوير مع الدر:

ويكره تكرار الجماعة بأذان وإقامة في مسجد محلة لا في مسجد طريق او مسجد لا إمام له ولا مؤذن.[۳]

وكذا في بدائع الصنائع:

روي عن أنس بن مالك رضي الله عنه أن أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كانوا إذا فاتتهم الجماعة صلوا في المسجد فرادى.[٤]

====================

[۱] كتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف، ۱/ ۱۰۷، ط: رحمانيه

[۲] كتاب الصلاة، مطلب في الكلام على الصف الأول، ۱/ ٥٦٩، ٥٧٠، ط: سعيد

[۳] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٥٥٢، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، فصل في بيان محل وجوب الأذان، ۱/ ٣٧٩، ط: رشيدية

وکذا في البحر الرائق:

ویکرہ تکرارھا في مسجد بأذان وإقامة. [۱]

وکذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الصلاۃ، باب الجماعة، الفصل الثالث في الجماعة الثانية، ٦/ ٤٣٣، ط: فاروقیہ

وکذا في فتاوی رحیمیہ: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة والجماعة، ٤/ ١٣٤، ط: دار الاشاعت

متعین مسجد میں جماعت ثانیہ کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کسی محلّہ کی مسجد میں جب ایک مرتبہ لوگ جماعت کے ساتھ نماز پڑھ کر چلے جائیں تو بعض محلے والے دوسری مرتبہ بعض لوگوں کو جمع کرکے نماز باجماعت پڑھتے ہیں تو کیا شرعاً جماعتِ ثانیہ محلّہ کی مسجد میں کوئی جواز ہے؟

جواب: فقہاءِ احناف کے نزدیک محلّہ کی ایسی مسجد جس کا امام اور مؤذن مقرر ہو اس میں جماعت ثانیہ مکروہ ہے، البتہ ایسی مسجد جس میں امام یا مؤذن مقرر نہ ہو یا راستہ کی مسجد ہو تو اس میں جماعتِ ثانیہ جائز ہے، البتہ اگر مسجد کے ساتھ ملحقہ کوئی حجرہ یا مدرسہ یا حدودِ مسجد سے باہر صحن ہو تو بہتر یہ ہے کہ اس میں جماعتِ ثانیہ کی جائے۔

کذا في الشامية:

يُكْرَهُ تَكْرَارُ الْجَمَاعَةِ فِي مَسْجِدِ مَحَلَّةٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ، إلَّا إذَا صَلَّى بِهِمَا فِيهِ أَوَّلًا غَيْرُ أَهْلِهِ، لَوْ أَهْلَهُ لَكِنْ بِمُخَافَتَةِ الْأَذَانِ، وَلَوْ كَرَّرَ أَهْلُهُ بِدُونِهِمَا أَوْ كَانَ مَسْجِدَ طَرِيقٍ جَازَ إجْمَاعًا؛ كَمَا فِي مَسْجِدٍ لَيْسَ لَهُ إمَامٌ وَلَا مُؤَذِّنٌ وَيُصَلِّي النَّاسُ فِيهِ فَوْجًا فَوْجًا، فَإِنَّ الْأَفْضَلَ أَنْ يُصَلِّيَ كُلُّ فَرِيقٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ عَلَى حِدَةٍ كَمَا فِي أَمَالِي قَاضِي خَانْ. [۲]

وکذا في الهندية:

الْمَسْجِدُ إذَا كَانَ لَهُ إمَامٌ مَعْلُومٌ وَجَمَاعَةٌ مَعْلُومَةٌ فِي مَحِلِّهِ فَصَلَّى أَهْلُهُ فِيهِ بِالْجَمَاعَةِ لَا يُبَاحُ تَكْرَارُهَا فِيهِ بِأَذَانٍ ثَانٍ أَمَّا إذَا صَلَّوْا بِغَيْرِ أَذَانٍ يُبَاحُ إجْمَاعًا وَكَذَا فِي مَسْجِدِ قَارِعَةِ الطَّرِيقِ. كَذَا فِي شَرْحِ الْمَجْمَعِ لِلْمُصَنِّفِ. [۳]

ومثله في البحر الرائق: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ١/ ٦٠٥، ط: رشيدية

==================

[۱] کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ١/ ٦٠٥، ط: رشيدية

[۲] باب الإمامة، مطلب في تكرار الجماعة في المسجد، ١/ ٥٥٢، ٥٥٣، ط: سعيد

[۳] کتاب الصلاۃ، باب الخامس في الإمامة، الفصل الأول في الجماعة، ١/ ٩٢، ط: قديمي

وكذا في فتاوى حقانية: ٣/ ١٢٥، ١٢٦، ط: دار العلوم حقانية

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، ٣/ ٣٨، ط: دارالاشاعت

نابینا شخص کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک نابینا شخص ہے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: نابینا شخص اگر نجاست سے بچتا ہو، پاکی اور طہارت کا خیال رکھتا ہو تو اس کی امامت بلا کراہت درست ہے، البتہ اگر اس نابینا میں مذکورہ امور نہ پائے جاتے ہوں تو پھر اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

كذا في تبيين الحقائق:

قَالَ رَحِمَهُ اللَّهُ: (وَكُرِهَ إِمَامَةُ الْعَبْدِ) (وَالْمُبْتَدِعِ) (وَالْأَعْمَى) لِأَنَّهُ لَا يَتَوَقَّى النَّجَاسَةَ وَلَا يَهْتَدِي إِلَى الْقِبْلَةِ بِنَفْسِهِ وَلَا يَقْدِرُ عَلَى اسْتِيعَابِ الْوُضُوءِ غَالِبًا وَفِي الْبَدَائِعِ إِذَا كَانَ لَا يُوَازِيه غَيْرُهُ فِي الْفَضِيلَةِ فِي مَسْجِدِهِ فَهُوَ أَوْلَى وَمِثْلُهُ فِي الْمُحِيطِ وَقَدْ اسْتَخْلَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ أُمِّ مَكْتُومٍ وَعِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ عَلَى الْمَدِينَةِ وَكَانَا أَعْمَيَيْنِ. [١]

وكذا في الدر المختار:

(وَيُكْرَهُ) تَنْزِيهًا (إِمَامَةُ عَبْدٍ) وَلَوْ مُعْتَقًا قُهُسْتَانِيٌّ. عَنْ الْخُلَاصَةِ، وَلَعَلَّهُ لِمَا قَدَّمْنَاهُ مِنْ تَقَدُّمِ الْحُرِّ الْأَصْلِيِّ، إِذْ الْكَرَاهَةُ تَنْزِيهِيَّةٌ فَتَنَبَّهْ (وَأَعْرَابِيٍّ) وَمِثْلُهُ تُرْكُمَانٌ وَأَكْرَادٌ وَعَامِّيٌّ (وَفَاسِقٌ وَأَعْمَى) وَنَحْوُهُ الْأَعْشَى نَهْرٌ (إِلَّا أَنْ يَكُونَ) أَيْ غَيْرُ الْفَاسِقِ (أَعْلَمَ الْقَوْمِ) فَهُوَ أَوْلَى. [٢]

وكذا في التاتارخانية:

ولا بأس بأن يؤم الأعمي، والبصر أولى، وفي الخلاصة: يكره إمامة الأعمى، وفي الأنفع: ذكر الإمام المعروف بخواهر زاده في (مبسوطه) إنما يكره تقديم الأعمى إذا كان غيره أفضل منه أما إذا كان الأعمى أفضل من غيره وهو أولى. [٣]

==================

[١] كتاب الصلاة، باب الإمام والحدث في الصلاة، ١/ ٣٤٥، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٩، ٥٦٠، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، الفصل السادس، أما الكلام في بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٤٣٨، ط: قديمي

وكذا في فتاویٰ رحیمیہ: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٤/ ١٨٢، ط: دار الاشاعت

وكذا في فتاویٰ دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، ٣: ٨٠، ط: دار الاشاعت

وكذا في فتاویٰ محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٢٩٤، ط: فاروقيه

وكذا في فتاویٰ دار العلوم دیوبند: ٣/ ٨٠، ط: دار الاشاعت

مقتدی کے لئے ثناء پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ثناء کب پڑھی جائے؟ اور مسبوق ثناء کب پڑھے؟ اور امام کے پیچھے ثناء پڑھنے اور نہ پڑھنے کی ممکنہ کتنی صورتیں ہیں؟ نیز سرّی نمازوں کی پہلی رکعت میں مقتدی کب تک ثناء پڑھ سکتا ہے؟

جواب(۱): صورتِ مسئولہ کے جوابات ترتیب وار دیئے جاتے ہیں:

تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء پڑھی جائے خواہ امام ہو یا مقتدی یا منفرد۔

كذا في البحر الرائق:

قال في البحر: أطلقه فأفاد أنه يأتي به كل مصلٍ، إماما كان أو مأموما أو منفردا. (١)

(۲) مسبوق کے بارے میں تفصیل ہے کہ اگر جہری نماز میں مسبوق ہو تو بعد میں جب اپنی رکعتوں کی قضاء لوٹائیں تو پہلی رکعت میں سب سے پہلے ثناء پڑھے اور سرّی نماز میں امام کے ساتھ بھی پڑھے اور بعد میں جب اپنی رکعت کی قضاء لوٹائے تو اس وقت ثناء دوبارہ پڑھ لے۔

كذا في الهندية:

الْمَسْبُوقُ مَنْ لَمْ يُدْرِكْ الرَّكْعَةَ الْأُولَى مَعَ الْإِمَامِ وَلَهُ أَحْكَامٌ كَثِيرَةٌ... (مِنْهَا) أَنَّهُ إذَا أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِي الْقِرَاءَةِ فِي الرَّكْعَةِ الَّتِي يَجْهَرُ فِيهَا لَا يَأْتِي بِالثَّنَاءِ... فَإِذَا قَامَ إلَى قَضَاءِ مَا سَبَقَ يَأْتِي بِالثَّنَاءِ. (٢)

وكذا في التنوير:

إلا إذا كان مسبوقا وإمامه يجهر بالقراءة فلا يأتي به... وفي الشامية: وينبغي التفصيل أن الإمام يجهر لا يثنى وإن كان يسر يثنى فكان المعتمد ما مشى عليه المصنف. (٣)

==================

(١) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٤٠، ط: رشيدية

(٢) كتاب الصلاة، باب الإمام، الفصل السابع في المسبوق واللاحق، ١/ ١٠٠، ط: قديمي

(٣) كتاب الصلاة، مطلب في بيان المتواتر والشاذ، ١/ ٤٨٨، ٤٨٩، ط: سعيد

وكذا في غنية المستملي:

وقال الحلبي رحمه الله تعالى في الغنية: والمسبوق يأتي بالثناء إذا أدرك الإمام حالة المخافتة ثم إذا قام إلى قضاء ما سبق به يأتي به أيضا ووجهه أن القيام إلى قضاء ما سبق كتحريمه أخرى للخروج به فأحكم الاقتداء إلى حكم الانفراد. [1]

وكذا في امداد الفتاوی: كتاب الصلاة، باب في أحكام اللاحق والمسبوق، ۱/ ۴۰۳، ط: دار العلوم کراچی

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب المسبوق واللاحق، ۳/ ۳۸۲، ط: سعيد

(۳) اگر امام کو حالتِ رکوع میں پالے اور ظن غالب ہو کہ اگر ثناء پڑھوں گا تو رکوع نہیں ملے گا تو ایسی صورت میں ثناء نہیں پڑھی جائے گی، بلکہ تکبیر کہہ کہ امام کے ساتھ رکوع میں شریک ہو جائے، اسی طرح اگر امام کو قعدہ میں پالے تب بھی ثناء نہ پڑھنا اولی ہے۔

كذا في فتاوى الهندية:

وَإِنْ أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِي الرُّكُوعِ أَوْ السُّجُودِ يَتَحَرَّى إنْ كَانَ أَكْبَرُ رَأْيِهِ أَنَّهُ لَوْ أَتَى بِهِ أَدْرَكَهُ فِي شَيْءٍ مِنْ الرُّكُوعِ أَوْ السُّجُودِ يَأْتِي بِهِ قَائِمًا وَإِلَّا يُتَابِعَ الْإِمَامَ وَلَا يَأْتِي بِهِ وَإِذَا لَمْ يُدْرِكْ الْإِمَامَ فِي الرُّكُوعِ أَوْ السُّجُودِ لَا يَأْتِي بِهِمَا وَإِنْ أَدْرَكَ الْإِمَامَ فِي الْقَعْدَةِ لَا يَأْتِي بِالثَّنَاءِ بَلْ يُكَبِّرُ لِلِافْتِتَاحِ ثُمَّ لِلِانْحِطَاطِ ثُمَّ يَقْعُدُ. [2]

وكذا في الدر مع الرد:

وَلَوْ أَدْرَكَهُ رَاكِعًا أَوْ سَاجِدًا، إنْ أَكْبَرُ رَأْيِهِ أَنَّهُ يُدْرِكُهُ أَتَى بِهِ.

وفي الشامية: (قَوْلُهُ أَوْ سَاجِدًا) أَيْ السَّجْدَةَ الْأُولَى كَمَا فِي الْمُنْيَةِ، وَأَشَارَ بِالتَّقْيِيدِ بِرَاكِعًا أَوْ سَاجِدًا إلَى أَنَّهُ لَوْ أَدْرَكَهُ فِي إحْدَى الْقَعْدَتَيْنِ فَالْأَوْلَى أَنْ لَا يُثْنِيَ لِتَحْصِيلِ فَضِيلَةِ زِيَادَةِ الْمُشَارَكَةِ فِي الْقُعُودِ وَكَذَا لَوْ أَدْرَكَهُ فِي السَّجْدَةِ الثَّانِيَةِ. [3]

(۴) سری نماز میں مقتدی کو پہلی رکعت میں رکوع سے پہلے آکر ملنے تک ثناء پڑھنے کی گنجائش ہے۔

==================

[1] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ص۲٦٥، ط: نعمانيه

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل السابع في المسبوق واللاحق، ۱/ ۱۰۰، ۱۰۱، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، مطلب في بيان المتواتر والشاذ، ۱/ ۴۸۸، ۴۸۹، ط: سعيد

كذا في الشامية:

وَعَلَّلَهُ فِي الذَّخِيرَةِ بِمَا حَاصِلُهُ أَنَّ الِاسْتِمَاعَ فِي غَيْرِ حَالَةِ الْجَهْرِ لَيْسَ بِفَرْضٍ بَلْ يُسَنُّ تَعْظِيمًا لِلْقِرَاءَةِ فَكَانَ سُنَّةً غَيْرَ مَقْصُودَةٍ لِذَاتِهَا وَعَدَمُ قِرَاءَةِ الْمُؤْتَمِّ فِي غَيْرِ حَالَةِ الْجَهْرِ لَا لِوُجُوبِ الْإِنْصَاتِ بَلْ لِأَنَّ قِرَاءَةَ الْإِمَامِ لَهُ قِرَاءَةٌ. وَأَمَّا الثَّنَاءُ فَهُوَ سُنَّةٌ مَقْصُودَةٌ لِذَاتِهَا وَلَيْسَ ثَنَاءُ الْإِمَامِ ثَنَاءً لِلْمُؤْتَمِّ، فَإِذَا تَرَكَهُ يَلْزَمُ تَرْكُ سُنَّةٍ مَقْصُودَةٍ لِذَاتِهَا لِلْإِنْصَاتِ الَّذِي هُوَ سُنَّةٌ تَبَعًا بِخِلَافِ تَرْكِهِ حَالَةَ الْجَهْرِ. (۱)

فرقہ مبتدعہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل کے فرقہ مبتدعہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کسی بدعتی کے عقائد شرک تک پہنچتے ہوں تو ان کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، البتہ اگر کوئی بدعتی شرکیہ عقائد نہ رکھتا ہو بلکہ موحد ہو، صرف تیجہ، چالیسواں وغیرہ جیسی بدعات میں مبتلا ہو تو اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے، کوئی صحیح العقیدہ امام مل جائے تو بدعتی کی اقتداء میں نماز نہ پڑھے، اگر کوئی صحیح عقیدہ رکھنے والا امام نہ ملے تو اسی کے پیچھے نماز پڑھ لے جماعت نہ چھوڑے، بدعتی کی اقتداء میں پڑھی ہوئی نماز اگرچہ مکروہ تحریمی ہے مگر واجب الاعادہ نہیں، یہ ایسے بدعتی کا حکم ہے جو مشرک نہ ہو، شرکیہ عقائد رکھنے والے کا حکم اوپر لکھا جا چکا ہے کہ اس کے پیچھے نماز قطعاً نہیں ہوتی۔ (۲)

كذا في الشامية:

فهو كالمبتدع تكره إمامته بكل حال. (۳)

وكذا في غنية المستملي:

وقال العلامة الحلبي رحمه الله: ويكره تقديم المبتدع أيضا لأنه فاسق من حيث الاعتقاد وهو أشد من الفسق من حيث العمر إلا أن الفاسق من حيث العمل يعترف بأنه فاسق ويخاف ويستغفر بخلاف المبتدع والمراد بالمبتدع من يعتقد شيئا على خلاف ما يعتقده أهل السنة والجماعة وإنما يجوز الاقتداء به مع الكراهة إذا لم يكن ما يعتقده يؤدي إلى الكفر عند أهل السنة أما لو كان مؤديا إلى الكفر فلا يجوز أصلا. (٤)

---

(۱) كتاب الصلاة، مطلب في بيان المتواتر والشاذ، ١/ ٤٨٨، ٤٨٩، ط: سعيد

(۲) احسن الفتاوی: ۳/ ۲۹۰

(۳) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في تكرار الجماعة في المسجد، ١/ ٥٦٠، ط: سعيد

(٤) فصل في الإمامة، ص٤٤٣، ط: نعمانية

وکذا في البحر الرائق:

وَذَكَرَ فِي غَايَةِ الْبَيَانِ مَعْزِيًا إِلَى الْأَجْنَاسِ أَنَّ تَارِكَ الْجَمَاعَةِ يَسْتَوْجِبُ إِسَاءَةً وَلَا تُقْبَلُ شَهَادَتُهُ إِذَا تَرَكَهَا اسْتِخْفَافًا بِذَلِكَ وَمَجَانَةً، أَمَّا إِذَا تَرَكَهَا سَهْوًا أَوْ تَرَكَهَا بِتَأْوِيلٍ بِأَنْ يَكُونَ الْإِمَامُ مِنْ أَهْلِ الْأَهْوَاءِ أَوْ مُخَالِفًا لِمَذْهَبِ الْمُقْتَدِي لَا يُرَاعِي مَذْهَبَهُ فَلَا يَسْتَوْجِبُ الْإِسَاءَةَ وَتُقْبَلُ شَهَادَتُهُ. (۱)

وکذا في بدائع الصنائع:

وَإِمَامَةُ صَاحِبِ الْهَوَى وَالْبِدْعَةِ مَكْرُوهَةٌ، نَصَّ عَلَيْهِ أَبُو يُوسُفَ فِي الْأَمَالِي فَقَالَ: أَكْرَهُ أَنْ يَكُونَ الْإِمَامُ صَاحِبَ هَوًى وَبِدْعَةٍ؛ لِأَنَّ النَّاسَ لَا يَرْغَبُونَ فِي الصَّلَاةِ خَلْفَهُ، وَهَلْ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَهُ؟ قَالَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا: إِنَّ الصَّلَاةَ خَلْفَ الْمُبْتَدِعِ لَا تَجُوزُ، وَذُكِرَ فِي الْمُنْتَقَى رِوَايَةٌ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ أَنَّهُ كَانَ لَا يَرَى الصَّلَاةَ خَلْفَ الْمُبْتَدِعِ، وَالصَّحِيحُ أَنَّهُ إِنْ كَانَ هَوًى يُكَفِّرُهُ لَا تَجُوزُ، وَإِنْ كَانَ لَا يُكَفِّرُهُ تَجُوزُ مَعَ الْكَرَاهَةِ. (۲)

وکذا في الهندية:

قَالَ الْمَرْغِينَانِيُّ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَ صَاحِبِ هَوًى وَبِدْعَةٍ... وَحَاصِلُهُ إِنْ كَانَ هَوًى لَا يَكْفُرُ بِهِ صَاحِبُهُ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَهُ مَعَ الْكَرَاهَةِ وَإِلَّا فَلَا. هَكَذَا فِي التَّبْيِينِ وَالْخُلَاصَةِ وَهُوَ الصَّحِيحُ، هَكَذَا فِي الْبَدَائِعِ. (۳)

وکذا في الدر مع الرد:

قال العلامة الحصكفي رحمه الله: وَفِي النَّهْرِ عَنْ الْمُحِيطِ: صَلَّى خَلْفَ فَاسِقٍ أَوْ مُبْتَدِعٍ نَالَ فَضْلَ الْجَمَاعَةِ... أَفَادَ أَنَّ الصَّلَاةَ خَلْفَهُمَا أَوْلَى مِنْ الِانْفِرَادِ، لَكِنْ لَا يَنَالُ كَمَا يَنَالُ خَلْفَ تَقِيٍّ وَرِعٍ. (٤)

کذا في امداد الفتاوی:

اور اعادہ ہر چند کہ وقت ترک سنت کے مستحب ہے لیکن بشرطیکہ اعادہ میں ترک سنت لازم نہ آئے، اور یہاں اعادہ میں ترک جماعت کہ سنت ہے لازم آتا ہے، بس اعادہ کچھ ضروری نہیں۔ (۵)

===================

(۱) کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ۱/ ۶۰۳، ط: رشيدية

(۲) کتاب الصلاۃ، بيان من يصلح للإمامة، ۱/ ۳۸۷، ط: رشيديه

(۳) کتاب الصلاۃ، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۹۳، ط: قديمي

(٤) کتاب الصلاۃ، مطلب البدعة خمسة أقسام، ۱/ ۵۶۲، ط: سعيد

(۵) کتاب الصلاۃ، باب الإمامة والجماعة، ۱/ ۳۰٤، ط: دار العلوم کراچی

وکذا في فتاوی دار العلوم دیوبند:

جو شخص علم غیب کا قائل ہو اور احمد رضا سے عقیدت رکھتا ہو یا مرید ہو وہ شخص مبتدع ہے اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے، لیکن اگر اس کے پیچھے نماز پڑھنے سے فتنہ کا اندیشہ ہو یا جماعت فوت ہوتی ہو تو اسی کے پیچھے نماز پڑھے جیسا کہ در مختار میں ہے۔[1]

وکذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل:

فاسق، مبتدع اور ولد الحرام کی امامت مکروہ تحریمی ہے، بشرطیکہ بدعتی کی بدعت حدِ کفر تک پہنچی ہوئی نہ ہو، ورنہ اس کے پیچھے نماز ادا ہی نہیں ہوگی۔[2]

وکذا في کفایت المفتی:

بدعتی شخص کی اقتداء کا حکم: ایسے امام کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے مگر بکراہت، ایسی نماز واجب الاعادہ نہیں ہے۔[3]

امام سے ذاتی اختلافات کے پیش نظر ترک جماعت کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ مقتدی امام سے ذاتی ناراضگی کی وجہ سے جماعت کی نماز سے ہٹ کر جماعت کے وقت میں اپنی نماز انفرادی طور پر ادا کرتا ہے تو کیا مقتدی کی اس طرح علیحدہ نماز قائم کرنے سے اس کی نماز درست ہو جائے گی؟

جواب: کسی مقتدی کا اپنی ذاتی ناراضگی کی بنیاد پر باجماعت نماز کو چھوڑ کر علیحدہ نماز پڑھنا سخت گناہ ہے شرعاً ایسا شخص قابل تعزیر اور مردود الشہادہ ہے، لہٰذا اس شخص پر لازم ہے کہ اپنی اس حرکت پر توبہ کرے اور آئندہ کے لئے نماز باجماعت کا اہتمام کرے۔

کذا في الدر المختار:

(ولو أم قوما وهم له كارهون، إن) الكراهة (لفساد فيه أو لأنهم أحق بالإمامة منه كره) له ذلك تحريما (وإن هو أحق لا) والكراهة عليهم.[4]

وكذا في الهندية: كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ١/ ٨٦، ٨٧، ط: رشيديه

===================

[1] باب الإقامة والجماعة، ٣/ ١٨٩، ط: دار الاشاعت

[2] امام کے مسائل، ولد الحرام اور بدعتی کی امامت، ۲/ ۳۴۶، ط: لدھیانوی

[3] الفصل الثالث فيما يتعلق بإمامة المبتدع، ٤/ ٢٤٣، ٢٤٤، ط: دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

[4] باب الإمامة، ١/ ٥٥٩، ط: سعيد

وكذا في غنية المستملي:

أن تاركها من غير عذر يعزر وترد شهادته ويأثم الجيران بالسكوت عنه. [۱]

وكذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الصلاۃ، باب الإمامۃ، ٦/ ٧٩، ط: فاروقیہ

وكذا في کفایت المفتی: کتاب الصلاۃ، تیسرا باب امامت اور جماعت کے بیان میں، ۳، ۴/ ٧٩، ط: دار الاشاعت

جماعت کی نماز میں صفوں کے اتصال کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جماعت کی نماز میں صفوں کے اتصال کی کیا حد ہے جبکہ تمام نمازی مسجد ... ود میں ہوں اور اگر کچھ باہر ہوں تو اس کی کیا حد ہے؟

جواب: صورت مذکورہ میں اگر امام کی حالت مقتدیوں پر مشتبہ نہ ہو اور درمیان میں کوئی ایسا حائل بھی نہ ہو جو امام کی حالت میں اشتباہ پیدا کرے تو اقتداء درست ہے اور اگر مسجد سے باہر صفیں بنی ہوئی ہوں اور متصل ہوں تو یہ بحکم مسجد کے ہو کر اقتداء درست ہوگی، اگر صفیں متصل نہ ہوں تو اقتداء درست نہ ہوگی، اتصال کی حد یہ ہے کہ فاصلہ دو (۲) صفوں سے زیادہ نہ ہو۔

كذا في بدائع الصنائع:

أَنَّ السَّطْحَ إِذَا كَانَ مُتَّصِلًا بِسَطْحِ الْمَسْجِدِ كَانَ تَبَعًا لِسَطْحِ الْمَسْجِدِ، وَتَبَعُ سَطْحِ الْمَسْجِدِ فِي حُكْمِ الْمَسْجِدِ، فَكَانَ اقْتِدَاؤُهُ وَهُوَ عَلَيْهِ كَاقْتِدَائِهِ وَهُوَ فِي جَوْفِ الْمَسْجِدِ إِذَا كَانَ لَا يَشْتَبِهُ عَلَيْهِ حَالُ الْإِمَامِ. وَلَوْ اقْتَدَى خَارِجَ الْمَسْجِدِ بِإِمَامٍ فِي الْمَسْجِدِ: إِنْ كَانَتْ الصُّفُوفُ مُتَّصِلَةً جَازَ، وَإِلَّا فَلَا؛ لِأَنَّ ذَلِكَ الْمَوْضِعَ بِحُكْمِ اتِّصَالِ الصُّفُوفِ يَلْتَحِقُ بِالْمَسْجِدِ هَذَا إِنْ كَانَ الْإِمَامُ يُصَلِّي فِي الْمَسْجِدِ، فَأَمَّا إِذَا كَانَ يُصَلِّي فِي الصَّحْرَاءِ: فَإِنْ كَانَتْ الْفُرْجَةُ الَّتِي بَيْنَ الْإِمَامِ وَالْقَوْمِ قَدْرَ الصَّفَّيْنِ فَصَاعِدًا - لَا يَجُوزُ اقْتِدَاؤُهُمْ بِهِ؛ لِأَنَّ ذَلِكَ بِمَنْزِلَةِ الطَّرِيقِ الْعَامِّ أَوْ النَّهْرِ الْعَظِيمِ فَيُوجِبُ اخْتِلَافَ الْمَكَانِ. [۲]

وكذا في غنية المستملي:

وقد قالوا إن المسجد إذا كان كبيرا جدا كمسجد بيت المقدس المشتمل على المساجد الثلاثة وقام المقتدي في أقصاء من غير اتصال الصفوف لا يجوز، قال البزازي: المسجد وإن كان كبيرا يمنع الفاصل فيه إلا

---

[۱] فصل في الإمامة، ص٤٣٩، ط: نعمانيه

[۲] كتاب الصلاة، تقدم المأموم على الإمام، ١/ ٣٦٢، ط: رشيدية

في الجامع القديم بخوارزم وجامع القدس الشريف أعني ما يشتمل على المساجد الثلاثة الأقصى والصخرة والبيضاء، انتهى. ولو اقتدى من سطح المسجد فالكلام فيه كما لو اقتدى من وراء الجدار وكذا المازنة حينئذ ولو اقتدى على جدار بيته متصلا بالمسجد ولا يخفى عليه حال الإمام جاز بخلاف ما لو قام على سطحه حيث لا يجوز. (۱)

وكذا في الدر المختار:

(وَيَمْنَعُ مِنْ الِاقْتِدَاءِ) صَفٌّ مِنْ النِّسَاءِ بِلَا حَائِلٍ قَدْرُ ذِرَاعٍ أَوْ ارْتِفَاعُهُنَّ قَدْرَ قَامَةِ الرَّجُلِ أَوْ (طَرِيقٌ تَجْرِي فِيهِ عَجَلَةٌ) أَوْ نَهْرٌ تَجْرِي فِيهِ السُّفُنُ أَوْ خَلَاءٌ فِي الصَّحْرَاءِ أَوْ فِي مَسْجِدٍ كَبِيرٍ جِدًّا كَمَسْجِدِ الْقُدْسِ (يَسَعُ صَفَّيْنِ) فَأَكْثَرَ إلَّا إذَا اتَّصَلَتْ الصُّفُوفُ فَيَصِحُّ مُطْلَقًا وَالْحَائِلُ لَا يَمْنَعُ الِاقْتِدَاءَ (إنْ لَمْ يَشْتَبِهْ حَالُ إمَامِهِ) بِسَمَاعٍ أَوْ رُؤْيَةٍ وَلَوْ مِنْ بَابٍ مُشَبَّكٍ يَمْنَعُ الْوُصُولَ فِي الْأَصَحِّ (وَلَمْ يَخْتَلِفْ الْمَكَانُ) حَقِيقَةً كَمَسْجِدٍ وَبَيْتٍ فِي الْأَصَحِّ قُنْيَةٌ، وَلَا حُكْمًا عِنْدَ اتِّصَالِ الصُّفُوفِ. (۲)

وكذا في امداد الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۱/ ۳۲٦، ط: دار العلوم کراچی

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، فصل مانع اقتداء، ۳/ ۳۰۷، ۳۰۸، ط: سعيد

مستورات کا کسی مرد امام کی اقتداء میں نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی حافظ صاحب فرض نماز یا تراویح پڑھاتا ہو اور مقتدیوں میں سے مستورات کسی پردہ یا دیوار کے پیچھے دو صف کے فاصلے سے مقتدی بن کر نماز پڑھیں تو کیا عورتوں کی نماز جائز ہے یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں مستورات کی نماز درست ہو جائے گی۔

كذا في تنوير الأبصار مع الدر:

كما تكره إمامة الرجل لهن في بيت ليس معهن رجل غيره ولا محرم منه كأخته أو زوجته أو أمته، أما إذا كان معهن واحد ممن ذكر أو أمهن في المسجد لا يكره. (۳)

====================

(۱) فصل في الإمامة، ص٤٥١، ٤٥٢، ط: نعمانيه

(۲) كتاب الصلاة، ص٥٨٤ تا ٥٨٦، ط: سعيد

(۳) كتاب الصلاة، ۱/ ٥٦٦، ط: سعيد

وکذا في التاتارخانية:

إمامة الرجل للمرأة جائزة إذا نوى الإمام إمامتها إذا لم يكن في الخلوة، أما إذا كان الإمام في الخلوة فإن كان الإمام لهن أو لبعضهن محرما فإنه يجوز ويكره. وقال زفر رحمه الله: يجوز إمامة الرجال للنساء سواءٌ نوى الإمام أو لم ينو. [۱]

وكذا في الهندية: كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۸۵، ط:

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۲۸٤، ط: سعيد

نابالغ کی اقتداء کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ تراویح میں نابالغ کی اقتداء جائز ہے یا نہیں؟

جواب: نابالغ کی اقتداء مطلقاً (خواہ فرائض میں ہو یا نوافل میں) مکروہ تحریمی ہے۔

كذا في الهندية:

وَإِمَامَةُ الصَّبِيِّ الْمُرَاهِقِ لِصِبْيَانٍ مِثْلِ يَجُوزُ. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ وَعَلَى قَوْلِ أَئِمَّةِ بَلْخٍ يَصِحُّ الِاقْتِدَاءُ بِالصِّبْيَانِ فِي التَّرَاوِيحِ وَالسُّنَنِ الْمُطْلَقَةِ. كَذَا فِي فَتَاوَى قَاضِي خَانْ الْمُخْتَارُ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا. كَذَا فِي الْهِدَايَةِ وَهُوَ الْأَصَحُّ. هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ وَهُوَ قَوْلُ الْعَامَّةِ وَهُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ. هَكَذَا فِي الْبَحْرِ الرَّائِقِ. [۲]

وكذا في الدر المختار:

(وَلَا يَصِحُّ اقْتِدَاءُ رَجُلٍ بِامْرَأَةٍ) وَخُنْثَى (وَصَبِيٍّ مُطْلَقًا) وَلَوْ فِي جِنَازَةٍ وَنَفْلٍ عَلَى الْأَصَحِّ. [۳]

وكذا في البحر الرائق: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٦۲۸، ط: رشيدية

وكذا في حلبي كبيري:

ولا يصح اقتداء البالغ بغير البالغ في الفرض وغيره وهو الصحيح، لأن صلاة البالغ أقوى للزومها. [٤]

====================

[۱] كتاب الصلاة، الفصل السابع في بيان مقام الإمام والمأموم، ۱/ ٤۵۵، ط: قديمي

[۲] كتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۹٤، ۹۵، ط: قديمي

[۳] باب الإمامة، ۱/ ۵۷٦ تا ۵۷۸، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، فصل في الإمامة، ص٤٤٤، ط: نعمانيه

وکذا في الدر المختار: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ۱/ ۵۷۶ تا ۵۷۸، ط: سعید

وکذا في حاشة الطحطاوي: باب الإمامة، ۱/ ۲۴۹، ط: رشیدیة

وکذا في الهداية: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ۱/ ۱۲۶، ط: رحمانیه

وکذا في فتاوی محمودیة: ۶/ ۳۱۱، ۳۱۲، ط: فاروقیة

وکذا في فتاوی حقانیة: کتاب الصلاۃ، باب الجماعة، نابالغ کی اقتداء کا حکم، ۳/ ۱۳۸، ط: حقانیہ

وکذا في کفایت المفتی: کتاب الصلاۃ، تیسرا باب، امامت وجماعت فعل اول امامت، ۳/ ۷۲، ط: دار الاشاعت

عورتوں کے لئے صلاۃ تسبیح کی نماز جماعت سے پڑھنا جائز نہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ عورتوں کے لئے صلاۃ تسبیح کی نماز جماعت سے پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ عورتوں کی جماعت فرض نماز میں بھی مکروہ تحریمی ہے اور صلاۃ تسبیح تو نفل ہے اس کی جماعت مردوں کے لئے بھی مکروہ ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں عورتوں کے لئے صلاۃ تسبیح کی جماعت جائز نہیں۔

کذا في الدر المختار:

ویکره تحریما جماعة النساء ولو في التراویح. (۱)

وکذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ إمَامَةُ الْمَرْأَةِ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا مِنْ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ إلَّا فِي صَلَاةِ الْجِنَازَةِ. (۲)

وکذا في فتح القدير:

ویکره للنساء أن یصلین جماعة لأنهن في ذلك لا یخلون عن ارتکاب محرم. (۳)

وکذا في کفایت المفتی: کتاب الصلاۃ، الفصل الخامس فیما یتعلق بجماعة النساء، ۴/ ۳۴۰، ۳۴۱، ط: ادارة الفاروق

وکذا في احسن الفتاوی: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۳۱۳، ط: سعید

==================

(۱) کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ۱/ ۵۶۵، ط: سعید

(۲) کتاب الصلاۃ، الفصل الثالث في بیان من یصلح إماما لغیره، ۱/ ۸۵، ط: رشیدیة

(۳) کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ۱/ ۳۶۲، ط: دار الکتب العلمیة

داڑھی منڈے یا ایک مشت سے کم کرنے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جو شخص داڑھی منڈوالیں یا ایک مشت سے کم کرے تو اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟

جواب: داڑھی منڈانے یا ایک مشت سے کم کرنے والا شخص فاسق ہے اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے، اگر کوئی صالح امام میسر ہو، تو (فاسق امام) کی اقتداء میں نماز پڑھنے سے احتراز کرنا چاہئے اور اگر صالح امام میسر نہ ہو تو جماعت کو ترک نہ کرے بلکہ اسی فاسق شخص کے پیچھے نماز باجماعت ادا کرے۔

كذا في الدر المختار:

صلى خلف فاسق أو مبتدع نال فضل الجماعة.

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ نَالَ فَضْلَ الجَمَاعَةِ) أَفَادَ أَنَّ الصَّلَاةَ خَلْفَهُمَا أَوْلَى مِنَ الِانْفِرَادِ، لَكِنْ لَا يَنَالُ كَمَا يَنَالُ خَلْفَ تَقِيٍّ وَرِعٍ. (١)

وكذا في الدر:

وَأَمَّا الْأَخْذُ مِنْهَا وَهِيَ دُونَ ذَلِكَ كَمَا يَفْعَلُهُ بَعْضُ الْمَغَارِبَةِ، وَمُخَنَّثَةُ الرِّجَالِ فَلَمْ يُبِحْهُ أَحَدٌ، وَأَخْذُ كُلِّهَا فِعْلُ يَهُودِ الْهِنْدِ وَمَجُوسِ الْأَعَاجِمِ. (٢)

وكذا في البحر:

(قَوْلُهُ وَكُرِهَ إمَامَةُ الْعَبْدِ وَالْأَعْرَابِيِّ وَالْفَاسِقِ وَالْمُبْتَدِعِ وَالْأَعْمَى وَوَلَدِ الزِّنَا) بَيَانٌ لِلشَّيْئَيْنِ الصِّحَّةِ وَالْكَرَاهَةِ أَمَّا الصِّحَّةُ فَمَبْنِيَّةٌ عَلَى وُجُودِ الْأَهْلِيَّةِ لِلصَّلَاةِ مَعَ أَدَاءِ الْأَرْكَانِ وَهُمَا مَوْجُودَانِ مِنْ غَيْرِ نَقْصٍ فِي الشَّرَائِطِ وَالْأَرْكَانِ وَمِنْ السُّنَّةِ حَدِيثُ «صَلُّوا خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ». (٣)

وفيه أيضا:

لَوْ صَلَّى خَلْفَ فَاسِقٍ أَوْ مُبْتَدِعٍ يَنَالُ فَضْلَ الْجَمَاعَةِ لَكِنْ لَا يَنَالُ كَمَا يَنَالُ خَلْفَ تَقِيٍّ وَرِعٍ. (٤)

====================

(١) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٢، ط: سعيد

(٢) كتاب الصوم، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده، ٢/ ٤١٨، ط: سعيد

(٣) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

(٤) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

وكذا في كفايت المفتی: كتاب الصلاة، الباب الثاني فيما يتعلق بإمامة الفاسق، ٤/ ١٩٣، ط: ادارة الفاروق

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٢٦٠، ط: سعيد

امام کو نماز میں حدث لاحق ہونے پر اپنا نائب بنانے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک امام صاحب کا جماعت کی دوسری رکعت میں وضوٹوٹ جائے تو اس امام صاحب کے لئے کسی اور شخص کو اپنا نائب بنانا جائز ہے یا نماز کو ہی توڑ کر دوبارہ نماز پڑھائی جائے؟

جواب: صورت مسئولہ میں حدث لاحق ہونے والے امام صاحب کو قوم کی نماز فاسد ہونے سے بچانے کے لئے امام سے متصل پہلی صف میں سے کسی شخص کو اپنا نائب بنالینا چاہئے۔

كذا في التنوير مع الدر:

سبق الإمام حدث غير مانع للبناء ولو بعد التشهد استخلف أي جاز له ذلك.

وكذا في الشامية:

قوله: (استخلف) أشار إلى أن الاستخلاف حق الإمام أن الاستخلاف أفضل في حق الكل كما في شرح المجمع لابن الملك من أنه يجب على الإمام الاستخلاف صيانة لصلاة القوم. [1]

وكذا في البدائع:

{يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ} [الحجرات: ١] فَصَارَ هَذَا أَصْلًا فِي حَقِّ كُلِّ إمَامٍ عَجَزَ عَنْ الْإِتْمَامِ أَنْ يَتَأَخَّرَ وَيَسْتَخْلِفَ غَيْرَهُ، وَعَنْ عُمَرَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ - أَنَّهُ سَبَقَهُ الْحَدَثُ فَتَأَخَّرَ وَقَدَّمَ رَجُلًا، وَعَنْ عُثْمَانَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ - مِثْلُهُ؛ وَلِأَنَّ بِهِمْ حَاجَةً إلَى إتْمَامِ صَلَاتِهِمْ بِالْإِمَامِ وَقَدْ الْتَزَمَ الْإِمَامُ ذَلِكَ فَإِذَا عَجَزَ عَنْ الْوَفَاءِ بِمَا الْتَزَمَ بِنَفْسِهِ يَسْتَعِينُ بِمَنْ يَقْدِرُ عَلَيْهِ نَظَرًا لَهُمْ كَيْ لَا تَبْطُلَ عَلَيْهِمْ الصَّلَاةُ بِالْمُنَازَعَةِ. [2]

وكذا في فتاوی دار العلوم: كتاب الصلاة، فصل ہشتم، حدث اور استخلاف کے مسائل، ٢/ ٣٠٨، ط: زمزم

==================

[1] كتاب الصلاة، باب الاستخلاف، ١/ ٦٠٠، ٦٠١، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، فصل في الاستخلاف، ١/ ٥٢٣، ط: رشيدية

نماز کے دوران مرگی والے شخص کا زور سے قہقہہ مارنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص پر مرگی بیماری کے دورے پڑتے ہیں، جس کی وجہ سے کبھی نماز کی حالت میں زور سے قہقہہ غیر اختیاری طور پر نکل جاتا ہے تو کیا اس قہقہہ سے اس کی نماز فاسد ہو جاتی ہے یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں مذکور شخص کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

كذا في الهندية:

(ثُمَّ لِجَوَازِ الْبِنَاءِ شُرُوطٌ): (مِنْهَا) أَنْ يَكُونَ الْحَدَثُ مُوجِبًا لِلْوُضُوءِ وَلَا يَنْدُرُ وُجُودُهُ وَأَنْ يَكُونَ سَمَاوِيًّا لَا اخْتِيَارَ لِلْعَبْدِ فِيهِ وَلَا فِي سَبَبِهِ. هَكَذَا فِي الْبَحْرِ الرَّائِقِ. إذَا أُغْمِيَ فِي صَلَاتِهِ أَوْ جُنَّ أَوْ قَهْقَهَ يَتَوَضَّأُ وَيَسْتَقْبِلُ الصَّلَاةَ. (١)

وكذا في التنوير مع الدر:

ويتعين الاستئناف لجنون أو حدث عمدا أو احتلام أو إغماء أو قهقهة لندرتها. (٢)

وكذا في البحر الرائق:

الثَّالِثُ: أَنْ لَا يَكُونَ الْحَدَثُ يَنْدُرُ وُجُودُهُ فَلَا يَبْنِي بِإِغْمَاءٍ وَقَهْقَهَةٍ... وَأَمَّا فَسَادُهَا بِمَا ذُكِرَ مِنْ الْجُنُونِ وَالْإِغْمَاءِ وَالِاحْتِلَامِ فَلِأَنَّهُ يَنْدُرُ وُجُودُ هَذِهِ الْعَوَارِضِ فَلَمْ تَكُنْ فِي مَعْنَى مَا وَرَدَ بِهِ النَّصُّ مِنْ الْقَيْءِ وَالرُّعَافِ، وَكَذَلِكَ إذَا قَهْقَهَ؛ لِأَنَّهُ بِمَنْزِلَةِ الْكَلَامِ وَهُوَ قَاطِعٌ لِقَوْلِهِ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «وَلْيَبْنِ عَلَى صَلَاتِهِ مَا لَمْ يَتَكَلَّمْ». (٣)

وكذا في نجم الفتاوى: كتاب الصلاة، فصل فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٣٧١، ط: ياسين القرآن

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: كتاب الصلاة، کن چیزوں سے نماز فاسد یا مکروہ ہو جاتی ہے، ۳/ ۵۶۳، ۵۶۴، ط: لدھیانوی

نماز میں "لَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ" کی جگہ "غُرُوْر" پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی امام نماز میں "لایغرنکم باللہ الغرور" میں "غُرور" بفتح الغین

(١) كتاب الصلاة، الباب السادس في الحدث في الصلاة، ١/ ١٠٤، ط: قديمي

(٢) كتاب الصلاة، باب الاستخلاف، ١/ ٦٠٣، ٦٠٤، ط: سعيد

(٣) كتاب الصلاة، باب الحدث في الصلاة، ١/ ٦٤٤، ٦٥٢، ط: رشيدية

کو بضم الغین پڑھتا ہے تو اس سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں اور اسی طرح اگر جمعہ کے خطبہ میں پڑھے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: صورت مذکورہ میں نماز اور خطبہ دونوں درست ہیں۔

كذا في الشامية:

وَأَمَّا الْمُتَأَخِّرُونَ كَابْنِ مُقَاتِلٍ وَابْنِ سَلَامٍ وَإِسْمَاعِيلَ الزَّاهِدِ وَأَبِي بَكْرٍ الْبَلْخِيِّ وَالْهِنْدُوَانِي وَابْنِ الْفَضْلِ وَالْحَلْوَانِيِّ، فَاتَّفَقُوا عَلَى أَنَّ الْخَطَأَ فِي الْإِعْرَابِ لَا يُفْسِدُ مُطْلَقًا وَلَوْ اعْتِقَادُهُ كُفْرًا لِأَنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُمَيِّزُونَ بَيْنَ وُجُوهِ الْإِعْرَابِ. قَالَ قَاضِي خَانَ: وَمَا قَالَ الْمُتَأَخِّرُونَ أَوْسَعُ، وَمَا قَالَهُ الْمُتَقَدِّمُونَ أَحْوَطُ. [۱]

وكذا في قاضي خان:

أما الخطأ في الإعراب إذا لم يغير المعنى لا تفسد الصلاة عند الكل كما لو قرأ أن المؤمنين والمؤمنات أو قرأ ولم يجعل له عوجا بالنصب... فإن ذلك لا يفسد الصلاة لأن الخطأ في الإعراب مما لا يمكن الاحتراز عنه فيعذر. [۲]

وكذا في الهندية:

ومنها اللحن في الإعراب إذا لحن في الإعراب لحنا لا يغير المعنى بأن قرأ (لا ترفعوا أصواتكم) برفع التاء لا تفسد صلاته بالإجماع. [۳]

وكذا في فتاوی محموديہ: كتاب الصلاة، باب في مسائل زلة القاري، ۷/ ۱٤۷، ۱٤۸، ط: ادارة الفاروق

شوہر اپنی بیوی کی امامت کر سکتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ زوجہ اپنے شوہر کی اقتداء میں نماز پڑھے تو کیا حکم ہے اور عورت کو کہاں کھڑا ہونا چاہئے؟

جواب: شوہر اپنی بیوی کی امامت کر سکتا ہے، مرد عورت سے آگے کھڑا ہو کر نماز پڑھے تاکہ نماز میں کوئی خلل واقع نہ ہو، برابر میں شوہر سے مل کر نہ کھڑی ہو، اور یہ بھی ضروری ہے کہ امامت کرتے ہوئے شوہر عورت کی امامت کرنے کی نیت کرے کیونکہ

==================

[۱] مطلب مسائل زلة القاري، ۱/ ٦۳۱، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، فصل في قراءة القرآن خطأ وفي الأحكام المتعلقة بالقراءة، ۱/ ٦۸، ط: اشرفيه

[۳] كتاب الصلاة، الفصل الخامس في زلة القاري، ۱/ ۸۱، ط: رشيدية

اقتداء کرنے والی عورتیں ہوں تو ان کی امامت کی نیت کرنا امام پر شرعا لازم ہوتا ہے۔

كذا في الشامية:

وَقَالَ: الْمَرْأَةُ إِذَا صَلَّتْ مَعَ زَوْجِهَا فِي الْبَيْتِ، إِنْ كَانَ قَدَمُهَا بِحِذَاءِ قَدَمِ الزَّوْجِ لَا تَجُوزُ صَلَاتُهُمَا بِالْجَمَاعَةِ، وَإِنْ كَانَ قَدَمَاهَا خَلْفَ قَدَمِ الزَّوْجِ إِلَّا أَنَّهَا طَوِيلَةٌ تَقَعُ رَأْسُ الْمَرْأَةِ فِي السُّجُودِ قَبْلَ رَأْسِ الزَّوْجِ جَازَتْ صَلَاتُهُمَا لِأَنَّ الْعِبْرَةَ لِلْقَدَمِ. (١)

وكذا في الهندية:

إمامة الرجل جائزة إذا نوى الإمام إمامتها ولم يكن في الخلوة. (٢)

وكذا في البحر الرائق:

وَالْمُحَاذَاةُ الْمُفْسِدَةُ أَنْ تَقُومَ بِجَنْبِ الرَّجُلِ مِنْ غَيْرِ حَائِلٍ أَوْ قُدَّامَهُ اهـ. فَالْحَاصِلُ أَنَّ مُمَاسَّةَ بَدَنِهَا لِبَدَنِهِ لَيْسَتْ بِشَرْطٍ بَلْ أَنْ تَكُونَ عَنْ جَنْبِهِ بِلَا حَائِلٍ وَلَا فُرْجَةٍ. (٣)

وكذا في الفتاوى التاتارخانية:

معنى المحاذاة أن تقوم المرأة بحذاء الرجل في مكان متحد من غير أن يكون بينهما حائل. (٤)

وكذا في بدائع الصنائع:

وإذا كان مع الإمام امرأة أقامها خلفه لأن محاذاتها مفسدة. (٥)

وكذا في فتاوی دار العلوم زکریا: كتاب الصلاة، فصل پنجم محاذات کا بیان، ٢/ ٢٧٤، ٢٧٧، ط: زمزم

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: كتاب الصلاة، نماز باجماعت، ٣/ ٤١٦، ٤١٧، ط: لدھیانوی

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الجماعة، ٦/ ٣٩٨، ط: ادارة الفاروق

====================

(١) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في الكلام على الصف الأول، ١/ ٥٧٢، ط: سعيد

(٢) الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إمام لغيره، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

(٣) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٢١، ط: رشيدية

(٤) الفصل السابع في بيان مقام الإمام والمأموم، ١/ ٤٥٤، ط: قديمي

(٥) كتاب الصلاة، فصل في بيان مقام الإمام والمأموم، ١/ ٣٩٢، ط: رشيدية

عام شخص کے پیچھے نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اکثر دیہاتوں میں ایسے امام مقرر ہوتے ہیں کہ جن کو عمّ پارہ کی آخری دس سورتیں بغیر تلفظ کے یاد ہوتی ہیں تو ایسے عام شخص کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں اگر مذکورہ دیہاتوں میں کوئی شخص قرآن مجید صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنے والا ہو تو اسی کو امام بنایا جائے البتہ اگر کوئی ایسا صحیح قرآن پڑھنے والا حافظ وغیرہ نہ ہو تو پھر ایسے شخص کے پیچھے نماز درست ہے لیکن ساتھ ساتھ اس کو قرآن کے تلفظ صحیح کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، مستقل طور پر اسی طرح پڑھنے پر اکتفاء نہیں کرنا چاہیے۔

كذا في القدوري:

وَأَوْلَى النَّاسِ بِالْإِمَامَةِ أَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَإِنْ تَسَاوَوْا فَأَقْرَؤُهُمْ فَإِنْ تَسَاوَوْا فَأَوْرَعُهُمْ فَإِنْ تَسَاوَوْا فَأَسَنُّهُمْ... وَلَا الْقَارِيْ خَلْفَ الْأُمِّي. [1]

وكذا في ملتقى الأبحر:

فصل الجَمَاعَة سنة مؤكدة: وأولى النَّاس بِالْإِمَامَةِ أعلمهم بِالسنةِ ثمَّ اقرؤهم ثمَّ أورعهم ثمَّ أسنهم ثمَّ أحْسنهم خلقا... وفسد اقتداء قارئ بأمي. [2]

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَلَا غَيْرِ الْأَلْثَغِ بِهِ) هُوَ بِالثَّاءِ الْمُثَلَّثَةِ بَعْدَ اللَّامِ مِنْ اللَّثَغِ بِالتَّحْرِيكِ. قَالَ فِي الْمُغْرِبِ: هُوَ الَّذِي يَتَحَوَّلُ لِسَانُهُ مِنْ السِّينِ إلَى الثَّاءِ، وَقِيلَ مِنْ الرَّاءِ إلَى الْغَيْنِ أَوْ اللَّامِ أَوْ الْيَاءِ. زَادَ فِي الْقَامُوسِ أَوْ مِنْ حَرْفٍ إلَى حَرْفٍ (قَوْلُهُ عَلَى الْأَصَحِّ) أَيْ خِلَافًا لِمَا فِي الْخُلَاصَةِ عَنْ الْفَضْلِيِّ مِنْ أَنَّهَا جَائِزَةٌ لِأَنَّ مَا يَقُولُهُ صَارَ لُغَةً لَهُ، وَمِثْلُهُ فِي التَّتَارْخَانِيَّة. وَفِي الظَّهِيرِيَّةِ وَإِمَامَةُ الْأَلْثَغِ لِغَيْرِهِ تَجُوزُ، وَقِيلَ لَا، وَنَحْوُهُ فِي الْخَانِيَّةِ عَنْ الْفَضْلِيِّ. وَظَاهِرُهُ اعْتِمَادُهُمْ الصِّحَّةَ، وَكَذَا اعْتَمَدَهَا صَاحِبُ الْحِلْيَةِ، قَالَ لِمَا أَطْلَقَهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ الْمَشَايِخِ مِنْ أَنَّهُ يَنْبَغِي لَهُ أَنْ لَا يَؤُمَّ غَيْرَهُ، وَلِمَا فِي خِزَانَةِ الْأَكْمَلِ: وَتُكْرَهُ إمَامَةُ الْفَأْفَاءِ اهـ وَلَكِنْ الْأَحْوَطُ عَدَمُ الصِّحَّةِ كَمَا مَشَى عَلَيْهِ الْمُصَنِّفُ

---

[1] كتاب الصلاة، باب الجماعة، ص٢٢، ٢٣، ط: قديمي

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل الجماعة سنة مؤكدة، ١/ ١٦١، ١٦٣، ١٦٧، ط: الحبيبية

وَنَظَمَهُ فِي مَنْظُومَتِهِ تُحْفَةِ الْأَقْرَانِ، وَأَفْتَى بِهِ الْخَيْرُ الرَّمْلِيُّ وَقَالَ فِي فَتَاوَاهُ: الرَّاجِحُ الْمُفْتَى بِهِ عَدَمُ صِحَّةِ إِمَامَةِ الْأَلْثَغِ لِغَيْرِهِ مِمَّنْ لَيْسَ بِهِ لُثْغَةٌ. (۱)

امامت کے لئے کس شخص کو مقرر کیا جائے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص حافظ و قاری ہو عالم نہ ہو جبکہ دوسرا شخص حافظ نہیں عالم ہے اور قرات بھی بہتر کرلیتا ہے ان میں امامت کے زیادہ لائق کون ہے؟ مسجد میں حافظ و قاری امام موجود ہے مسجد انتظامیہ کے لوگ عالم امام کو لانا چاہتے ہیں تاکہ وہ انہیں مسائل وغیرہ سے بھی آگاہ رکھے تو کیا وہ لوگ حافظ و قاری کی جگہ عالم امام کو لاسکتے ہیں، اگر اس میں فتنہ کا اندیشہ ہو تو کیا کرے؟

جواب: صورت مسئولہ میں امامت کے لئے ایسے شخص کا انتخاب کیا جائے جو عالم متقی و متبع سنت ہو اور قرآن کریم بھی صحیح پڑھتا ہو، اگر ایسا امام نہیں ملتا تو یہ کوشش کی جائے کہ امام صحیح العقیدہ ہو اور نماز کے اکثر مسائل سے واقف ہو قرآن کریم صحیح پڑھ سکتا ہو۔

كذا في عمدة القاري:

حَدَّثنا إِسْحَاقُ بنُ نَصْرٍ قَالَ حدَّثنا حُسَيْنٌ عَن زَائِدَةَ عنْ عَبْدِ المَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ قَالَ حدَّثني أَبُو بُرْدَةَ عَن أبي مُوسَى قَالَ مَرِضَ النبيُّ صلى الله عَلَيْهِ وَسلم فَاشْتَدَّ مَرَضُهُ فَقَالَ مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ قالتْ عَائِشَةُ إِنَّهُ رجُلٌ رَقِيقٌ إِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ قَالَ مُرُوا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ يُوسُفَ فَأَتَاهُ الرَّسُولُ فَصَلَّى بِالنَّاسِ فِي حَيَاةِ النبيِّ صلى الله عَلَيْهِ وَسلم. (۲)

وكذا في التاتارخانية:

والعالم بالسنة أولى بالتقديم إذا كان يجتنب الفواحش الظاهرة وإن كان غيره أورع منه وفي فتاوى الإرشاد يجب أن يكون إمام القوم في الصلاة أفضلهم في العلم والورع والتقوى والقراءة والحسب والنسب والجمال على هذا إجماع الأمة وفي شرح المتفق قال الفقيه أبو الليث رحمه الله في مبسوط الفقه والقراءة والورع والسن إذا اجتمع في واحد فهي أفضل من غيره. (۳)

---

(۱) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۵۸۲، ط: سعيد

(۲) كتاب الأذان، باب أهل العلم والفضل أحق بالإمامة، ۵/ ۲۹۶، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، من هو أحق بالإمامة، ۱/ ۶۰۰، ط: ادارة القرآن

وكذا في بدائع الصنائع:

وَأَمَّا بَيَانُ مَنْ هُوَ أَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ وَأَوْلَى بِهَا فَالْحُرُّ أَوْلَى بِالْإِمَامَةِ مِنْ الْعَبْدِ، وَالتَّقِيُّ أَوْلَى مِنْ الْفَاسِقِ، وَالْبَصِيرُ أَوْلَى مِنْ الْأَعْمَى، وَوَلَدُ الرِّشْدَةِ أَوْلَى مِنْ وَلَدِ الزِّنَا، وَغَيْرُ الْأَعْرَابِيِّ مِنْ هَؤُلَاءِ أَوْلَى مِنْ الْأَعْرَابِيِّ لِمَا قُلْنَا، ثُمَّ أَفْضَلُ هَؤُلَاءِ أَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ وَأَفْضَلُهُمْ وَرَعًا وَأَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى وَأَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا شَكَّ أَنَّ هَذِهِ الْمَعَانِي إذَا اجْتَمَعَتْ فِي إنْسَانٍ كَانَ هُوَ أَوْلَى، لِمَا بَيَّنَّا أَنَّ بِنَاءَ أَمْرِ الْإِمَامَةِ عَلَى الْفَضِيلَةِ وَالْكَمَالِ، وَالْمُسْتَجْمَعُ فِيهِ هَذِهِ الْخِصَالُ مِنْ أَكْمَلِ النَّاسِ، أَمَّا الْعِلْمُ وَالْوَرَعُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فَظَاهِرٌ. وَأَمَّا كِبَرُ السِّنِّ فَلِأَنَّ مَنْ امْتَدَّ عُمُرُهُ فِي الْإِسْلَامِ كَانَ أَكْثَرَ طَاعَةً وَمُدَاوَمَةً عَلَى الْإِسْلَامِ.[1]

وكذا في تبيين الحقائق:

قَالَ رَحِمَهُ اللَّهُ: (وَالْأَعْلَمُ أَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ) يَعْنِي الْأَعْلَمَ بِالسُّنَّةِ وَعَنْ أَبِي يُوسُفَ الْأَقْرَأُ أَوْلَى لِقَوْلِهِ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ فَإِنْ كَانُوا سَوَاءً فِي الْقِرَاءَةِ فَأَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ سِنًّا وَفِي رِوَايَةٍ سِلْمًا» ؛ وَلِأَنَّ الْقِرَاءَةَ لَا بُدَّ مِنْهَا وَالْحَاجَةَ إلَى الْفِقْهِ إذَا نَابَتْ نَائِبَةٌ وَلَنَا حَدِيثُ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ «يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءٌ فَأَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ تَعَالَى».[2]

وكذا في *امداد الاحکام*: ۱/ ۵۰۵، ط: *دار العلوم کراچی*

وكذا في *کفایت المفتی*: كتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل الأول فيما يتعلق بأوصاف الإمام، ٤/ ١٢٣، ط: ادارة الفاروق

مستقلاً سنت ترک کرنے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارے علاقے کے لوگوں میں مشہور ہے کہ امام صاحب نے سنت مؤکدہ ادا نہ کی ہو تو وہ نہیں پڑھا سکتے اور بعض ائمہ بھی اس کا التزام کرتے ہیں کہ نماز کا وقت ہو جانے کے باوجود اول سنت مؤکدہ ادا نہیں

[1] كتاب الصلاة، باب بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٣٨٨، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة والحدث في الصلاة، ١/ ١٣٤، ط: سعيد

کرتے تو کسی اور شخص کو امامت کا کہتے ہیں تو وہ دوسرا شخص نماز پڑھاتا ہے تو سوال یہ ہے کہ ایسے وقت میں امام صاحب کا سنت مؤکدہ ادا کرنا ضروری ہے؟ اگر امام صاحب سنت مؤکدہ ادا نہ کرے اور نماز پڑھادے تو کیا اس سے فرائض پر اثر پڑے گا یعنی جماعت مکروہ ہو گی یا نہیں جبکہ بعض لوگ ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنے کو مکروہ سمجھتے ہیں کیا ان لوگوں کا یہ قول درست ہے؟

جواب: سنت مؤکدہ کا مستقلاً ترک کرنا یا ترک کی عادت ڈالنا بد نصیبی ہے بلکہ خدشہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے محرومی کا سبب نہ بن جائے، ایسے شخص کو امام بنانا مکروہ ہے، سنتوں کا اہتمام کرنا چاہئے چاہے غیر مؤکدہ یا مؤکدہ ہو دونوں کی فضیلت ہے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی سنت کو خفیف نہ سمجھا جائے یہ عمل ایمان کے لئے بھی خطرناک ہو سکتا ہے، البتہ اگر کبھی امام سے سنتیں چھوٹ جائیں اور فرائض کے بعد انہیں باقاعدگی سے ادا کرتا ہو تو اس کی اقتداء میں بلا کراہت نماز درست ہے۔

كذا في التنوير مع الدر المختار:

(وَالْأَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ) تَقْدِيمًا بَلْ نَصْبًا مَجْمَعُ الْأَنْهُرِ (الْأَعْلَمُ بِأَحْكَامِ الصَّلَاةِ) فَقَطْ صِحَّةً وَفَسَادًا بِشَرْطِ اجْتِنَابِهِ لِلْفَوَاحِشِ الظَّاهِرَةِ، وَحِفْظِهِ قَدْرَ فَرْضٍ، وَقِيلَ وَاجِبٍ، وَقِيلَ سُنَّةٍ (ثُمَّ الْأَحْسَنُ تِلَاوَةً) وَتَجْوِيدًا (لِلْقِرَاءَةِ، ثُمَّ الْأَوْرَعُ). (١)

وكذا في الهداية:

من ترك الأربع قبل الظهر لم تنله شفاعتي وقيل هذا في الجميع لأنه عليه السلام واظب عليها عند أداء المكتوبات بالجماعة ولا سنة دون المواظبة والأولى أن لا يتركها في الأحوال كلها لكونها مكملات للفرائض إلا إذا خاف فوت الوقت. (٢)

وكذا في حاشية فتح القدير:

«مَنْ تَرَكَ الْأَرْبَعَ قَبْلَ الظُّهْرِ لَمْ تَنَلْهُ شَفَاعَتِي» وهو وعيد عظيم ودلالته على وكادة الأربع أقوى من الأول وهذا قول فخر الإسلام وشمس الأئمة السرخسي وصاحب المحيط وقاضيخان والتمرتاشي الحلواني. (٣)

وكذا في فتاوی محمودیہ: ٦/ ١٥٦، ط: فاروقيه

===================

(١) باب الإمامة، مطلب تكرار الجماعة في المسجد، ١/ ٥٥٧، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب إدراك الفريضة، ١/ ١٦٠، ١٦١، ط: رحمانيه

(٣) كتاب الصلاة، باب إدراك الفريضة، ١/ ٤٩٨، ٤٩٩، ط: دار الكتب العلمية

نابالغ لڑکے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نابالغ لڑکا جو حافظ قرآن ہے تراویح میں امام بن سکتا ہے یا نہیں کیونکہ وہ تراویح میں قرآن شریف سنانا چاہتا ہے؟

جواب: اگر لڑکا نابالغ ہے تو اس کے پیچھے نہ فرض نماز صحیح ہے نہ تراویح، فرض اور تراویح سب کی امامت کے لئے بلوغت شرط ہے، تراویح میں قرآن سنانے کی خاطر نابالغ کا تراویح پڑھانا شرعا درست نہیں۔

كذا في التنوير مع الدر:

ولا يصح اقتداء رجل بامرأة... وصبي مطلقا، ولو في جنازة ونفل على الأصح. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَفَسَدَ اقْتِدَاءُ رَجُلٍ بِامْرَأَةٍ أَوْ صَبِيٍّ) أَمَّا الْأَوَّلُ فَلِمَا قَدَّمْنَاهُ مِنْ الْحَدِيثِ وَنَقَلَ فِي الْمُجْتَبَى الْإِجْمَاعَ عَلَيْهِ، وَأَمَّا إمَامَةُ الصَّبِيِّ فَلِأَنَّ صَلَاتَهُ نَفْلٌ لِعَدَمِ التَّكْلِيفِ فَلَا يَجُوزُ بِنَاءُ الْفَرْضِ عَلَيْهِ لِمَا سَيَأْتِي. (۲)

وكذا في الهندية:

الْمُخْتَارُ أَنَّهُ لَا يَجُوزُ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا. كَذَا فِي الْهِدَايَةِ وَهُوَ الْأَصَحُّ. هَكَذَا فِي الْمُحِيطِ وَهُوَ قَوْلُ الْعَامَّةِ وَهُوَ ظَاهِرُ الرِّوَايَةِ. هَكَذَا فِي الْبَحْرِ الرَّائِقِ. (۳)

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۸۹، ط: دار الاشاعت

سود کو حلال سمجھنے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایسا شخص جو دین میں ثابت شدہ مسئلہ کی نفی کرتا ہو کہ حلال کو حرام سمجھتا ہو یا حرام کو حلال، مثلاً سود کو جائز کہتا ہو کیا ایسے شخص کو امام بنانا درست ہے؟

جواب: واضح رہے کہ جس چیز کی حرمت قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت نصوص سے ثابت ہو اس کو حلال سمجھنا کفر ہے، اور اسی طرح جس چیز کی حلت قطعی الثبوت و قطعی الدلالت نصوص سے ثابت ہو اس کو حرام سمجھنا کفر ہے۔ سود کی حرمت نص قرآنی سے ثابت

(۱) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۵۷۶ تا ۵۷۸، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۶۲۸، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۸۵، ط: رشيدية

ہے، سود کو حرام جاننے کے باوجود اس کو حلال وجائز سمجھنا کفر کا ارتکاب کرنا ہے، ایسے شخص کی امامت قطعاً جائز نہیں، اس امام کو برطرف کرکے متقی عالم دین اور متبع سنت شخص کو امامت کے لئے تجویز کریں۔

كذا في البحر الرائق:

وَالْأَصْلُ أَنَّ مَنْ اعْتَقَدَ الْحَرَامَ حَلَالًا فَإِنْ كَانَ حَرَامًا لِغَيْرِهِ كَمَالِ الْغَيْرِ لَا يُكْفَرُ. وَإِنْ كَانَ لِعَيْنِهِ فَإِنْ كَانَ دَلِيلُهُ قَطْعِيًّا كَفَرَ وَإِلَّا فَلَا. (۱)

وكذا في خلاصة الفتاوى:

ومنها أن من اعتقد الحرام حلالا أو على القلب يكفر... وفي الاعتقاد هذا إذا كان حراما بعينه وهو يعتقده حلالا حتى يكون كفرا... وفيما إذا كان حراما لعينه إنما يكفر إذا كانت الحرمة قامت بدليل مقطوع به أما إذا كانت بأخبار الآحاد لا يكفر. (۲)

وكذا في مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي:

إن من اعتقد الحلال حراما أو على القلب يكفر إذا كان حراما لعينه وثبتت حرمته بدليل قطعي أما إذا كان حراما لغيره بدليل قطعي أو حراما لعينه بخبر الآحاد لا يكفر إذا اعتقده حلالا. (۳)

وكذا في الهندية:

ومنها ما يتعلق بالحلال والحرام. (٤)

جو شخص سجدہ کرنے پر قادر نہ ہو اس کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایسا شخص جو مریض ہے کہ کھڑے ہو کر نماز ادا کرسکتا ہے لیکن سجدہ کرنے پر قادر نہیں اور اس کے مقتدی سجدہ کرسکتے ہوں کیا ایسا شخص امام بن سکتا ہے؟

جواب: ایسا شخص جو کہ سجدہ کرنے پر قادر نہ ہو اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا اور اس کو امام بنانا درست نہیں، لہٰذا ایسے شخص کو امام

---

(۱) كتاب السير، باب أحكام المرتدين، ٥/ ٢٠٦، ط: رشيدية

(۲) كتاب ألفاظ الكفر، الفصل الثاني في ألفاظ الكفر ما يكون كفرا وما لا يكون إلخ، ٤/ ٣٨٣، ط: رشيدية

(۳) باب الحيض والنفاس والاستحاضة، ص١٣٨، ط: دار الكتب العلمية

(٤) كتاب البيوع، الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع، ٢/ ٢٧٢، ط: رشيدية

بنایا جائے جو اعذار سے پاک ہو۔

كذا في مراقي الفلاح:

وشروط صحة الإمام للرجال الأصحاح ستة أشياء... والسادس السلامة من الأعذار. [1]

وكذا في بدائع الصنائع:

وَلَا يَصِحُّ اقْتِدَاءُ الصَّحِيحِ بِصَاحِبِ الْعُذْرِ الدَّائِمِ... وَلَا يَجُوزُ اقْتِدَاءُ مَنْ يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ بِالْمُومِئِ عِنْدَ أَصْحَابِنَا الثَّلَاثَة. [2]

وكذا في الدر المختار:

ولا قادر على ركوع وسجود بعاجز عنهما لبناء القوي على الضعيف. [3]

وكذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَقَائِمٍ بِقَاعِدٍ) أَيْ قَائِمٍ رَاكِعٍ سَاجِدٍ أَوْ مُومٍ، وَهَذَا عِنْدَهُمَا خِلَافًا لِمُحَمَّدٍ. وَقَيَّدَ الْقَاعِدَ بِكَوْنِهِ يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ مُومِيًا لَمْ يَجُزْ اتِّفَاقًا. [4]

وكذا في الدر مع الرد:

وَكَوْنُهُ مِثْلَهُ أَوْ دُونَهُ فِيهَا... (قَوْلُهُ وَكَوْنُهُ مِثْلَهُ أَوْ دُونَهُ فِيهَا) أَيْ فِي الْأَرْكَانِ... وَاحْتَرَزَ بِهِ عَنْ كَوْنِهِ أَقْوَى حَالًا مِنْهُ فِيهَا كَاقْتِدَاءِ الرَّاكِعِ وَالسَّاجِدِ بِالْمُومِئِ بِهِمَا ح. [5]

وكذا في مجمع الأنهر:

وَالْقَائِمِ بِالْقَاعِدِ لِأَنَّهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى آخِرِ صَلَاتِهِ قَاعِدًا وَالقَومُ خَلفَهُ قِيَامٌ خِلَافًا لِمُحَمَّدٍ فِيهِمَا أَيْ فِي الْمَسْأَلَتَيْنِ الْأَخِيرَتَيْنِ... وَالثَّانِيَةُ: أَنَّ حَالَ الْقَائِمِ أَوْلَى؛ لِأَنَّهُ كَامِلٌ فَلَا يَجُوزُ اقْتِدَاؤُهُ بِالنَّاقِصِ. [6]

---

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ص٢٨٧، ط: دار الكتب العلمية

[2] كتاب الصلاة، بيان شرائط جواز الاقتداء، ١/ ٣٥٠، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٧٩، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب إذا كانت اللثغة يسيرة، ١/ ٥٨٨، ط: سعيد

[5] كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب شروط الإمامة الكبرى، ١/ ٥٥١، ط: سعيد

[6] كتاب الصلاة، فصل في الجماعة، ١/ ١٦٩، ط: الحبيبية

امام کو کن صفات کا حامل ہونا چاہئے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ کن صفات کے حامل انسان کو امام بنایا جائے؟

جواب: امامت ایک اہم منصب ہے، اس کی عظمت کا لحاظ رکھتے ہوئے شریعت مطہرہ نے امام کے اوصاف بتلائے ہیں، تاہم ان سارے اوصاف کا پایا جانا ضروری نہیں، بنیادی طور پر امام کا صحیح العقیدہ مسلمان ہونا اور قرآن پاک صحیح طریقے پر پڑھنے والا ہونا ضروری ہے، اس کے علاوہ کوشش یہ ہونی چاہئے کہ امام متقی عالم دین ہو اگر عالم دین امام میسر نہ ہو تو کم از کم نماز کے اکثر مسائل کا جاننے والا ہو، جسمانی عیوب مثلاً اپاہج وغیرہ نہ ہو، طہارت کا خیال رکھنے والا ہو، اور اسی طرح اعذار سے مامون ہو یعنی سلس البول و ریح یا کوئی اور دائمی بیماری نہ ہو۔

كذا في جامع الترمذي:

عَنْ أَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، قَال: سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُودٍ الأَنْصَارِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ القَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ، فَإِنْ كَانُوا فِي القِرَاءَةِ سَوَاءً، فَأَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً، فَأَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَإِنْ كَانُوا فِي الهِجْرَةِ سَوَاءً، فَأَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا يُؤَمُّ الرَّجُلُ فِي سُلْطَانِهِ. (۱)

وكذا في مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي:

وشروط صحة الإمامة للرجال الأصحاء ستة أشياء الإسلام" وهو شرط عام... والبلوغ... والعقل... والذكورة... والقراءة" بحفظ آية تصح بها الصلاة على الخلاف "و" السادس "السلامة من الأعذار... كالرعاف" الدائم وانفلات الريح ولا يصح اقتداء من به انفلات ريح ممن به سلس بول لأنه ذو عذرين "والفأفأة" بتكرار الفاء "والتمتمة" بتكرار التاء فلا يتكلم إلا به "واللثغ" بالثاء المثلثة والتحريك وهو واللثغة بضم اللام وسكون الثاء تحرك اللسان من السين إلى الثاء ومن الراء إلى الغين ونحوه لا يكون إماما... و" السلامة من "فقد شرط كطهارة" فإن عدمها بحمل خبث لا يعفى لا تصح إمامته لطاهر "و" كذا حكم "ستر عورة" لأن العاري لا يكون إماما لمستور. (۲)

==================

(۱) أبواب الصلاة، باب من احق بالإمامة، ۱/ ۵۵، ط: سعيد

(۲) باب الإمامة، ص۲۸۷ تا ۲۸۹، ط: دار الكتب العلمية

وکذا في البدائع:

فَالْحُرُّ أَوْلَى بِالْإِمَامَةِ مِنَ الْعَبْدِ، وَالتَّقِيُّ أَوْلَى مِنَ الْفَاسِقِ، وَالْبَصِيرُ أَوْلَى مِنَ الْأَعْمَى، وَوَلَدُ الرِّشْدَةِ أَوْلَى مِنْ وَلَدِ الزِّنَا، وَغَيْرُ الْأَعْرَابِيِّ مِنْ هَؤُلَاءِ أَوْلَى مِنَ الْأَعْرَابِيِّ لِمَا قُلْنَا، ثُمَّ أَفْضَلُ هَؤُلَاءِ أَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ وَأَفْضَلُهُمْ وَرَعًا وَأَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللهِ تَعَالَى وَأَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا شَكَّ أَنَّ هَذِهِ المَعَانِي إِذَا اجْتَمَعَتْ فِي إِنْسَانٍ كَانَ هُوَ أَوْلَى، لِمَا بَيَّنَّا أَنَّ بِنَاءَ أَمْرِ الْإِمَامَةِ عَلَى الْفَضِيلَةِ وَالْكَمَالِ، وَالْمُسْتَجْمَعُ فِيهِ هَذِهِ الْخِصَالُ مِنْ أَكْمَلِ النَّاسِ، أَمَّا الْعِلْمُ وَالْوَرَعُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فَظَاهِرٌ. وَأَمَّا كِبَرُ السِّنِّ فَلِأَنَّ مَنِ امْتَدَّ عُمُرُهُ فِي الْإِسْلَامِ كَانَ أَكْثَرَ طَاعَةً وَمُدَاوَمَةً عَلَى الْإِسْلَامِ. [1]

وکذا في الدر المختار:

وَالْأَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ الْأَعْلَمُ بِأَحْكَامِ الصَّلَاةِ فَقَطْ صِحَّةً وَفَسَادًا بِشَرْطِ اجْتِنَابِهِ لِلْفَوَاحِشِ الظَّاهِرَةِ، وَحِفْظِهِ قَدْرَ فَرْضٍ، وَقِيلَ وَاجِبٍ، وَقِيلَ سُنَّةٍ ثُمَّ الْأَحْسَنُ تِلَاوَةً وَتَجْوِيدًا لِلْقِرَاءَةِ، ثُمَّ الْأَوْرَعُ أَيِ الْأَكْثَرُ اتِّقَاءً لِلشُّبُهَاتِ. وَالتَّقْوَى: اتِّقَاءُ الْمُحَرَّمَاتِ (ثُمَّ الْأَسَنُّ) أَيِ الْأَقْدَمُ إِسْلَامًا، فَيُقَدَّمُ شَابٌّ عَلَى شَيْخٍ أَسْلَمَ، وَقَالُوا: يُقَدَّمُ الْأَقْدَمُ وَرَعًا. وَفِي النَّهْرِ عَنِ الزَّادِ: وَعَلَيْهِ يُقَاسُ سَائِرُ الْخِصَالِ، فَيُقَالُ: يُقَدَّمُ أَقْدَمُهُمْ عِلْمًا وَنَحْوَهُ، وَحِينَئِذٍ فَقَلَّمَا يُحْتَاجُ لِلْقُرْعَةِ ثُمَّ الْأَحْسَنُ خُلُقًا بِالضَّمِّ أُلْفَةً بِالنَّاسِ ثُمَّ الْأَحْسَنُ وَجْهًا أَيْ أَكْثَرُهُمْ تَهَجُّدًا؛ زَادَ فِي الزَّادِ: ثُمَّ أَصْبَحُهُمْ: أَيْ أَسْمَحُهُمْ وَجْهًا، ثُمَّ أَكْثَرُهُمْ حَسَبًا ثُمَّ الْأَشْرَفُ نَسَبًا زَادَ فِي الْبُرْهَانِ: ثُمَّ الْأَحْسَنُ صَوْتًا. وَفِي الْأَشْبَاهِ قُبَيْلَ ثَمَنِ الْمِثْلِ: ثُمَّ الْأَحْسَنُ زَوْجَةً. ثُمَّ الْأَكْثَرُ مَالًا، ثُمَّ الْأَكْثَرُ جَاهًا ثُمَّ الْأَنْظَفُ ثَوْبًا... فَإِنِ اسْتَوَوْا يُقْرَعُ بَيْنَ الْمُسْتَوِيَيْنِ أَوِ الْخِيَارُ إِلَى الْقَوْمِ. [2]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٣٦، ٣٧، ط: ادارۃ الفاروق

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، امامت اور جماعت کے مسائل، ۱/ ۴۰۵، ط: قدیمی

کافر امام کے پیچھے پڑھی ہوئی نمازوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک آدمی ایک مدت تک مسجد کا امام رہا، بعد میں معلوم ہوا کہ

---

[1] كتاب الصلاة، فصل وأما بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٣٨٨، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٧، ٥٥٨، ط: سعيد

مذکورہ امام کافر ہے (یعنی عقائد کے لحاظ سے) دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ طلب امر یہ ہے کہ ایسے امام کے پیچھے پڑھی ہوئی نمازوں کالوٹانا ضروری ہے یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں احتیاطاً وہ نمازیں دوبارہ پڑھی جائیں جو اس امام کے پیچھے پڑھی گئی ہیں۔

كذا في الهندية:

رَجُلٌ أَمَّ قَوْمًا شَهْرًا ثُمَّ قَالَ: كُنْت مَجُوسِيًّا، فَإِنَّهُ يُجْبَرُ عَلَى الْإِسْلَامِ وَلَا يُقْبَلُ قَوْلُهُ وَصَلَاتُهُمْ جَائِزَةٌ وَيُضْرَبُ ضَرْبًا شَدِيدًا وَكَذَا لَوْ قَالَ: صَلَّيْت بِكُمْ الْمُدَّةَ عَلَى غَيْرِ وُضُوءٍ وَهُوَ مَاجِنٌ لَا يُقْبَلُ قَوْلُهُ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ كَذَلِكَ وَاحْتُمِلَ أَنَّهُ قَالَ عَلَى وَجْهِ التَّوَرُّعِ وَالِاحْتِيَاطِ أَعَادُوا صَلَاتَهُمْ وَكَذَا إذَا قَالَ كَانَ فِي ثَوْبِي قَذَرٌ. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ، وَكَذَا إذَا بَانَ أَنَّ الْإِمَامَ كَافِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ أَوْ امْرَأَةٌ أَوْ خُنْثَى أَو أُنثى أَو خَلِّي بِغَيرِ إِحرَامٍ أَو مُحدِثًا أَو جُنُبًا، هَكَذَا فِي التَّبْيِينِ. (۱)

وكذا في خلاصة الفتاوى:

رجل أم قوما شهرا ثم قال كنت مجوسيا فإنه يجبر على الإسلام ولا يقبل قوله وصلاة القوم جائزة ويضرب ضربا شديدا... والاحتياط أعادوا صلاتهم. (۲)

وكذا في قاضي خان: كتاب الصلاة، فصل فيمن يصح اقتداء فيمن لا يصح، ۱/ ۴۵، ط: اشرفيه

قاتل کے پیچھے نماز پڑھنے کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر بالفرض ایک پیش امام نے کسی آدمی کو قتل کیا ہو تو آیا اس کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے؟

جواب: واضح رہے کہ قاتل امام کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ہر نیکو اور گناہ گار شخص کے پیچھے نماز پڑھو، البتہ اگر قاتل نے اپنے گناہ سے توبہ کرلی ہو تو اس کے پیچھے نماز بلا کراہت جائز ہے، ورنہ مکروہ ہے، اور ایسے امام کی اقتداء کرنا تنہا نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

====================

(۱) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۸۷، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، الفصل الخامس عشر في الإمامة والاقتداء، ۱/ ۱۴۵، ۱۴۶، ط: رشيدية

كذا في بدائع الصنائع:

وَأَمَّا بَيَانُ مَنْ يَصْلُحُ لِلْإِمَامَةِ فِي الْجُمْلَةِ فَهُوَ كُلُّ عَاقِلٍ مُسْلِمٍ حَتَّى تَجُوزَ إِمَامَةُ الْعَبْدِ وَالْأَعْرَابِيِّ وَالْأَعْمَى وَوَلَدِ الزِّنَا وَالْفَاسِقِ، وَهَذَا قَوْلُ الْعَامَّةِ. وَلَنَا مَا رُوِيَ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: صَلُّوا خَلْفَ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوا خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ. [1]

وكذا في الهندية:

ولو صلى خلف مبتدع أو فاسق فهو محرز ثواب الجماعة لكن لا ينال مثل ما ينال خلف تقي كذا في الخلاصة. [2]

وكذا في الدر المختار:

(ويكره) تنزيها (إمامة عبد)... (وأعرابي) ومثله تركمان... (وفاسق وأعمى) ونحوه.

وفي الشامية:

(قَوْلُهُ وَيُكْرَهُ تَنْزِيهًا إلَخْ) لِقَوْلِهِ فِي الْأَصْلِ: إمَامَةُ غَيْرِهِمْ أَحَبُّ إلَيَّ بَحْرٌ عَنْ الْمُجْتَبَى وَالْمِعْرَاجِ، ثُمَّ قَالَ: فَيُكْرَهُ لَهُمْ التَّقَدُّمُ؛ وَيُكْرَهُ الِاقْتِدَاءُ بِهِمْ تَنْزِيهًا؛ فَإِنْ أَمْكَنَ الصَّلَاةُ خَلْفَ غَيْرِهِمْ فَهُوَ أَفْضَلُ وَإِلَّا فَالِاقْتِدَاءُ أَوْلَى مِنْ الِانْفِرَادِ. [3]

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٨٦، ٨٧، ١٥٢، ط: دار الاشاعت

اسکول میں پڑھانے والے معلم کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایسا شخص جو اسکول وکالج میں استاد ہو انگلش وغیرہ اسباق پڑھاتا ہو، اور احکام شرعیہ سے واقف ہو یعنی عالم ہو اسے امام بنانا کیسا ہے اور اگر وہ شخص اس نیت سے اسکول وکالج میں پڑھاتا ہو کہ وہاں کے بچوں کی اچھی اور دینی تربیت کرسکے تو اس صورت میں اس کو امام بنانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر کوئی اور مانع نہ ہو تو ایسے شخص کی امامت میں شرعا کوئی حرج نہیں ہے، البتہ امامت کے لئے متقی اور عالم باعمل کا

---

[1] كتاب الصلاة، فصل وأما بيان من يصلح للإمامة، ١/ ٣٨٦، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إمام لغيره، ١/ ٨٤، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٩، ط: سعيد

انتخاب ہونا چاہئے۔مذکورہ شخص کو امام بنانا ٹھیک ہے،ان کا وہاں بچوں کی فکری و دینی تربیت کا عزم لے کر جانا مزید لائق ستائش ہے۔

كذا في التنوير:

والأحق بالإمامة الأعلم بأحكام الصلاة. [۱]

وكذا في البحر الرائق:

والأعلم أحق بالإمامة ثم الأقرأ. [۲]

وكذا في الشامية: كتاب الصلاة، مطلب البدعة خمسة أقسام، ۱/ ۵۶۲، ط: سعيد

تیمّم اور مسح کرنے والے کی امامت وضو کرنے والوں کو

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ تیمم متوضی کی امامت کرا سکتا ہے یا نہیں؟ اسی طرح پٹی وغیرہ پر مسح کرنے والا عضو کو دھونے والے کی امامت کرا سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: تیمّم والا شخص وضو والے کی امامت کرا سکتا ہے، اسی طرح پٹی پر مسح کرنے والا شخص عضو دھونے والے کی امامت کرا سکتا ہے۔

كذا في الهندية:

ويجوز أن يؤم المتيمم المتوضئين عند أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله.

وفيه أيضا:

ويجوز اقتداء الغاسل بماسح الخف والماسح على الجبيرة. [۳]

وكذا في الدر المختار:

وصح اقتداء متوضئ لا ماء معه بمتيمم... وغاسل بماسح ولو على جبيرة. [٤]

====================

[۱] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۵۵۷، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۶۰۷، ۶۰۸، ط: رشيدية

[۳] كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ۱/ ۸٤، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۵۸۸، ط: سعيد

وکذا في غنية المستملي:

أما اقتداء المتوضيء بالمتيمم فيجوز خلافا لمحمد رحمه الله. [۱]

وکذا في احسن الفتاوی: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۲٦٥، ط: سعید

کسی تجارت یا حقیر پیشے کو ذریعہ معاش بنانے والے کی امامت کرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص اپنے ذریعہ آمدن کے لئے کوئی پیشہ یعنی تجارت وغیرہ اختیار کرلے تو اس کی امامت کا کیا حکم ہے، اور اگر ایسا پیشہ اختیار کرے جو معاشرے میں گھٹیا سمجھا جاتا ہو مثلاً موچی یا نائی کا پیشہ تو اس کی امامت کا کیا حکم ہوگا؟

جواب: اگر کوئی شخص فریضہ امامت کے ساتھ کوئی جائز ذریعہ معاش اختیار کرے تو یہ نہ صرف جائز بلکہ مستحسن ہے، اس سے امامت پر کوئی فرق نہیں پڑتا، البتہ امام مسجد کو ایسا پیشہ اختیار کرنے سے حتی الامکان احتراز کرنا چاہئے جسے معاشرہ میں حقیر سمجھا جاتا ہو۔

کذا في صحيح البخاري:

عَنِ المِقْدَامِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: «مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ، خَيْرًا مِنْ أَنْ يَأْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ، وَإِنَّ نَبِيَّ اللَّهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ، كَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدِهِ». [۲]

وکذا في الهندية:

الأولى بالإمامة أعلمهم بأحكام الصلاة هكذا في المضمرات. [۳]

وكذا في تنوير الأبصار:

والأحق بالإمامة الأعلم بأحكام الصلاة. [٤]

وکذا في البحر:

والأعلم أحق بالإمامة ثم الأقرأ. [٥]

==================

[۱] فصل في الإمامة، ص٤٦٤، ط: نعمانيه

[۲] كتاب البيوع، باب كسب الرجل عمله بيديه، ۱/ ۱۷۸، ط: قديمي

[۳] الفصل الثاني في بيان من هو أحق بالإمامة، ۱/ ۸۳، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٥٥۷، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٦٠۷، ٦٠۸، ط: رشيدية

وكذا في التاتارخانية:

والعالم بالسنة أولى بالتقديم إذا كان يجتنب الفواحش الظاهرة وإن كان غيره أورع سنة. [1]

وكذا في كفایت المفتی: کتاب الصلاۃ، الفصل الرابع فيما يتعلق بإمامة المحترف المتهم، ٤/ ٢٥٢، ط: ادارۃ الفاروق

وكذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الصلاۃ، الفصل الرابع في إمامة المحترف والمتهم، ٦/ ٢٧٠، ط: ادارۃ الفاروق

فاسد العقیدہ امام کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص ایسے فاسد العقیدہ امام کے پیچھے کئی سال تک نماز پڑھتا رہا جس کا عقیدہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اولیاء اللہ وغیرہ کو شریک مانتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر نہیں مانتا ہے اور عالم الغیب مانتا ہے اور اس فاسد العقیدہ امام کا عقیدہ بالکل مشرکانہ ہے لیکن اس شخص کو پہلے اس امام کے بارے میں معلوم نہیں تھا کہ یہ امام اس طرح کے عقیدہ والا ہے بعد میں کسی کے ذریعے یا خود امام نے اپنے بارے میں کہا کہ میرا یہ عقیدہ ہے جو ما قبل میں گزرا، اب سوال یہ ہے کہ اس مقتدی کی (جو صحیح العقیدہ ہے) وہ نمازیں ادا ہوئیں جو اس فاسد العقیدہ امام کی اقتداء میں ادا کیں؟ اگر ادا نہیں ہوئیں تو ان نمازوں کی قضاء کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں حقیقت معلوم ہونے پر ان تمام نمازوں کا احتیاطاً اعادہ کرلے جو اس فاسد العقیدہ امام کے پیچھے ادا کی گئی ہیں، اور ان نمازوں کا اندازے سے حساب لگا کر قضاء کرے۔

كذا في بدائع الصنائع:

والصحيح أنه إن كان هوى يكفره لا تجوز. [2]

وكذا في الدر المختار:

وإن أنكر بعض ما علم من الدين ضرورة كفر بها... فلا يصح اقتداء أصلا. [3]

وكذا في البحر الرائق:

وأما المبتدع، فهو صاحب البدعة... بأن لا تكون بدعته تكفره، فإن كانت تكفره، فالصلاة خلفه لاتجوز. [4]

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٩٢، ١٣٨، ط: دار الاشاعت

---

[1] كتاب الصلاة، أما الكلام مر في بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٦٠٠، ط: ادارة القرآن

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، فصل وأما بيان من يصلح للإمامة، ١/ ٣٧٨، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦١، ٥٦٢، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١١، ط: رشيدية

لواطت کرنے والے امام کے پیچھے نماز پڑھنے اور میل جول رکھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی آدمی لواطت کرتا ہو اور اپنی زبان سے اقرار بھی کرتا ہو تو ایسے شخص کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اور کھانا پینا کیسا ہے، کیا ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟

جواب: جب کوئی آدمی گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو اور اس کا اقرار بھی کرتا ہو تو اسے اس گناہ سے باز رہنے اور توبہ کرنے کی تلقین کرتے رہنا چاہئے اگر وہ پھر بھی باز نہ آئے تو دینی مصلحت کی خاطر اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا ترک کر دیں، کیونکہ یہ آدمی فاسق ہے، ایسے آدمی کے پیچھے نماز نہیں پڑھنا چاہئے، اگر ایسا آدمی امام ہو تو اس کو منصب امامت سے معزول کر کے کسی دیندار شخص کو امام بنانا چاہئے۔

كذا في الدر المختار:

(وَيُكْرَهُ) تَنْزِيهًا (إِمَامَةُ عَبْدٍ) وَلَوْ معتقا قهُسْتَانِيٌّ عَنْ الْخُلَاصَةِ، وَلَعَلَّهُ لِمَا قَدَّمْنَاهُ مِنْ تَقَدُّمِ الْحُرِّ الْأَصْلِيِّ، إذْ الْكَرَاهَةُ تَنْزِيهِيَّةٌ فَتَنَبَّهْ (وَأَعْرَابِيٌّ)... (وَفَاسِقٌ وَأَعْمَى)

وتحته في الشامية: (وفاسق) من الفسق والخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر والزاني وآكل الربا ونحو ذلك إلخ. [١]

وكذا في فتح القدير:

ويكره تقديم العبد والأعرابي (والفاسق) لأنه لا يهتم لأمر دينه وفي حاشيته وقال مالك لا تجوز الصلاة لأنه ظهر منه حياته في الأمور الدينية لا يؤتمن في أعلم الأمور إلخ. [٢]

وكذا في الهندية:

وتجوز إمامة الأعرابي والأعمى والعبد وولد الزنا والفاسق إلا أنها تكره هكذا في المتون إلخ. [٣]

وكذا في مرقاة المفاتيح:

قَالَ الْخَطَّابِيُّ: رُخِّصَ لِلْمُسْلِمِ أَنْ يَغْضَبَ عَلَى أَخِيهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ لِقِلَّتِهِ، وَلَا يَجُوزُ فَوْقَهَا إِلَّا إِذَا كَانَ الْهِجْرَانُ

---

[١] كتاب الصلاة، الفصل في الإمامة، ٢/ ٣٥٥، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٣٦٠، ط: دار الكتب العلمية

[٣] الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

فِي حَقٍّ مِنْ حُقُوقِ اللّٰهِ تَعَالَى، فَيَجُوزُ فَوْقَ ذَلِكَ. وَفِي حَاشِيَةِ السُّيُوطِيِّ عَلَى الْمُوَطَّأِ، قَالَ ابْنُ عَبْدِ الْبَرِّ: هَذَا مَخْصُوصٌ بِحَدِيثِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَرَفِيقَيْهِ، حَيْثُ أَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْحَابَهُ بِهَجْرِهِمْ، يَعْنِي زِيَادَةً عَلَى ثَلَاثٍ إِلَى أَنْ بَلَغَ خَمْسِينَ يَوْمًا. قَالَ: وَأَجْمَعَ الْعُلَمَاءُ عَلَى أَنَّ مَنْ خَافَ مِنْ مُكَالَمَةِ أَحَدٍ وَصِلَتِهِ مَا يُفْسِدُ عَلَيْهِ دِينَهُ أَوْ يُدْخِلَ مَضَرَّةً فِي دُنْيَاهُ يَجُوزُ لَهُ مُجَانَبَتُهُ وَبُعْدُهُ، وَرُبَّ صَرْمٍ جَمِيلٍ خَيْرٌ مِنْ مُخَالَطَةٍ تُؤْذِيهِ. وَفِي النِّهَايَةِ: يُرِيدُ بِهِ الْهَجْرَ ضِدَّ الْوَصْلِ، يَعْنِي فِيمَا يَكُونُ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ مِنْ عَتْبٍ وَمَوْجِدَةٍ، أَوْ تَقْصِيرٍ يَقَعُ فِي حُقُوقِ الْعِشْرَةِ وَالصُّحْبَةِ دُونَ مَا كَانَ مِنْ ذَلِكَ فِي جَانِبِ الدِّينِ، فَإِنَّ هِجْرَةَ أَهْلِ الْأَهْوَاءِ وَالْبِدَعِ وَاجِبَةٌ عَلَى مَرِّ الْأَوْقَاتِ مَا لَمْ يَظْهَرْ مِنْهُ التَّوْبَةُ وَالرُّجُوعُ إِلَى الْحَقِّ، فَإِنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَافَ عَلَى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَأَصْحَابِهِ النِّفَاقَ حِينَ تَخَلَّفُوا عَنْ غَزْوَةِ تَبُوكَ أَمَرَ بِهِجْرَانِهِمْ خَمْسِينَ يَوْمًا. (۱)

وكذا في کفایت المفتی: الفصل السادس فيما يتعلق بعزال الإمام، ٤/ ٢٦٧، ط: ادارۃ الفاروق

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: فصل استحقاق امامت، ٣/ ١٥٣، ط: دار الاشاعت

وكذا في فتاوی عثمانی: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٣٩٨، ط: معارف القرآن

لنگڑے شخص کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ لنگڑا شخص جو اچھی طرح کھڑے ہو کر نماز ادا نہ کر سکتا ہو اور مقتدی کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے ہوں تو ایسا لنگڑا شخص امام بن سکتا ہے؟

جواب: ایسا سالم الاعضاء شخص جو نماز پڑھا سکتا ہو اس کی موجودگی میں لنگڑے شخص کو امام بنانا خلاف اولی ہے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

وَكَذَا تُكْرَهُ خَلْفَ أَمْرَدَ وَسَفِيهٍ وَمَفْلُوجٍ، وَأَبْرَصَ شَاعَ بَرَصُهُ... (قَوْلُهُ وَمَفْلُوجٍ وَأَبْرَصَ شَاعَ بَرَصُهُ) وَكَذَلِكَ أَعْرَجُ يَقُومُ بِبَعْضِ قَدَمِهِ، فَالِاقْتِدَاءُ بِغَيْرِهِ أَوْلَى. (۲)

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٣/ ١٠٧، ط: دار الاشاعت

---

(۱) الفصل الأول باب ما ينهى عند من التهاجر إلخ، ٩/ ٢٦٢، ط: امدادیه

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٢، ط: رشيدية

وكذا في احسن الفتاوى: باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٢٦٩، ط: سعيد

وكذا في كتاب المسائل للمنصور پوري: باب، امامت وجماعت کے احکام، ۱/ ۴۱۲، ط: قدیمی

امام کاٹوپی پہن کر بغیر عمامہ کے نماز پڑھانا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ امام کامسنون عمامہ پہن کر نماز پڑھانے کاکیاحکم ہے؟ بعض لوگ اس کاالتزام کرتے ہیں کہ امام کے لئے عمامہ پہننا ضروری ہے بغیر عمامہ کے نماز پڑھانا مکروہ ہے، کیاان لوگوں کا یہ قول درست ہے؟ اگر امام ٹوپی پہن کر نماز پڑھائے تو نماز درست ہو جائے گی؟ نماز میں کچھ کراہت تو نہ ہو گی؟

جواب: عمامہ پہن کر نماز پڑھانا مستحب ہے لیکن بغیر عمامہ کے ٹوپی کے ساتھ نماز پڑھانا بھی درست ہے، اس سے نماز میں کسی قسم کی کراہت نہیں آئے گی، جو لوگ کہتے ہیں کہ بغیر عمامہ کے نماز پڑھانا مکروہ ہے ان کی یہ بات درست نہیں ہے۔

كذا في البحر الرائق:

والمستحب أن يصلي في ثلاثة أثواب: قميص وإزار وعمامة. [1]

وكذا في الهندية:

والمستحب أن يصلي الرجل في ثلاثة أثواب: قميص وإزار وعمامة، أما لو صلى في ثوب واحد متوشحا تجوز صلاته من غير كراهة. [2]

وكذا في حلبي كبيري:

والمستحب أن يصلي الرجل في ثلاثة أثواب: قميص وإزار وعمامة، أما لو صلى في ثوب واحد متوشحا به جميع بدنه كإزار الميت تجوز صلاته من غير كراهة. [3]

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ١/ ٢٠٩، ط: دار الاشاعت

وكذا في كفايت المفتى: باب الإمامة، ٤/ ١٣٧، ط: ادارة الفاروق

===================

[1] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٦٨، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب في شروط الصلاة، ١/ ٥٩، ط: رشيدية

[3] فصل فروع في الستر، ص١٩٠، ط: نعمانيه

جو شخص مسجد کے چندے کے پیسے کھاتا ہو اس کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جو شخص مسجد کے چندے کے پیسے کھاتا ہو اس کی امامت درست ہے؟ اور وہ ان پیسوں کے کھانے کو حلال کہتا ہو کہ جو رقم میرے پاس آئی ہے وہ میری ملکیت ہے، میں مرضی سے جہاں خرچ کرنا چاہوں کر سکتا ہوں، چاہوں تو مسجد میں لگاؤں یا اپنی ضروریات میں جبکہ امام مسجد کی تنخواہ مقرر ہے اور کمیٹی والے ادا کرتے ہیں، کیا اس شخص کو امامت سے معزول کیا جا سکتا ہے؟

جواب: جو شخص مسجد کے چندے کے پیسے خود کھا جاتا ہو اور ان کو اپنی ملکیت سمجھ کر حلال سمجھتا ہو ایسا شخص فاسق ہے، ایسے شخص کو معزول کر کے کسی متقی، امانت دار عالم شخص کو امام منتخب کرنا چاہئے، ایسے شخص کی امامت مکروہ ہے۔

كذا في الشامية.

(قوله فاسق) من الفسق وهو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر والزاني وآكل الربا ونحو ذلك. [۱]

وكذا في بدائع الصنائع:

وذلك مكروه... ولأن الإمامة أمانة عظيمة ولا يتحملها الفاسق لأنه لا يؤدي الأمانة على وجهها. [۲]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَكُرِهَ إِمَامَةُ الْعَبْدِ وَالْأَعْرَابِيِّ وَالْفَاسِق وَالْمُبْتَدِعِ وَالْأَعْمَى وَوَلَدِ الزِّنَا) بَيَانٌ لِلشَّيْئَيْنِ الصِّحَّةِ وَالْكَرَاهَةِ... وَالْفَاسِقُ لَا يَهْتَمُّ لِأَمْرِ دِينِهِ. [۳]

وكذا في مجمع الأنهر:

وتكره تنزيها إمامة العبد... والفاسق أي الخارج عن طاعة الله تعالى بارتكاب كبيرة لأنه لا يهم بأمر دينه. [٤]

وكذا في الطحطاوي على الدر: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٢٤٣، ط: رشيدية

===================

[۱] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٠، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، بيان من يصلح للإمامة، ١/ ٣٨٦، ٣٨٧، ط: رشيدية

[۳] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، فصل الجماعة، ١/ ١٦٢، ١٦٣، ط: الحبيبية

وكذا في كتاب المسائل: باب الإمامة، ١/ ٤٠٨، ط: قديمي

وكذا في فتاوى دار العلوم ديوبند: باب الإمامة، ٣/ ١٢٧، ط: دار الاشاعت

اثنا عشریہ کے عقیدے والے کی اقتداء میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ شیعہ رافضی جو اثنا عشریہ کے عقائد والا ہو اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ اور کسی نے اقتداء کی ہو تو کیا اس کی نماز واجب الاعادہ ہوگی یا نہیں؟

جواب: شیعہ رافضی کی اقتداء میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے، اگر کسی نے پڑھی ہو تو وہ واجب الاعادہ ہے۔

كذا في الهندية:

قال المرغيناني تجوز الصلاة خلف صاحب هوى وبدعة ولا تجوز خلف الرافضي والجهمي والقدري والمشبهة ومن يقول بخلق القرآن. (١)

وكذا في البحر الرائق:

وَفِي الْأَصْلِ الِاقْتِدَاءُ بِأَهْلِ الْأَهْوَاءِ جَائِزٌ إلَّا الْجَهْمِيَّةَ وَالْقَدَرِيَّةَ وَالرَّوَافِضَ الْغَالِي وَمَنْ يَقُولُ بِخَلْقِ الْقُرْآنِ وَالْخَطَّابِيَّةَ وَالْمُشَبِّهَةَ وَجُمْلَتُهُ أَنَّ مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ قِبْلَتِنَا وَلَمْ يَغْلُ فِي هَوَاهُ حَتَّى يُحْكَمَ بِكُفْرِهِ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَهُ وَتُكْرَهُ. (٢)

وكذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وإذا ظهر حدث امامه) وكذا كل مفسد في رأي مقتد (بطلت فيلزم إعادتها) لتضمنها صلاة المؤتم حجة وفسادا (كما يلزم الإمام أخبار القوم إذا أمهم وهو محدث أو جنب أو فاقد شرط أو ركن. (٣)

وكذا في كبيري:

ويكره تقديم المبتدع يتعرف أيضا لأنه فاسق من حيث الاعتقاد وهو أشد من الفسق من حيث العمر إلا أن الفاسق من حيث العمل يعترف بأنه فاسق ويخاف يستغفر، بخلاف المبتدع والمراد بالمبتدع من يعتقد شيئا

(١) كتاب الصلاة، الباب الخامس، الفصل الثاني في بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٨٤، ط: رشيدية

(٢) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١١، ط: رشيدية

(٣) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٩١، ط: سعيد

على خلاف ما يعتقده أهل السنة والجماعة. [۱]

وكذا في فتاوی عثمانی: کتاب الصلاۃ، باب امامت کا حکم، ۱/ ۳۹۷، ط: معارف القرآن

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: باب الإمامة، ۳/ ۱۳٤، ط: دار الاشاعت

اللہ تعالیٰ کے لئے جسم ماننا اور اس رسول کو ایک تصور کرنے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جس شخص کا یہ قول ہو کہ معراج کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم اور اللہ کا جسم ایک ہو گیا تھا اور ایسے اشعار کہتا ہو یا کہنے والے کا ساتھ دیتا ہو:

جیڑا ایک نو دو آکھے او کافر تے مشرک ہے — ہک ہے، ہک ہے، ہک ہے

کیا یہ قول صحیح ہے؟ ایسے شخص کی امامت کا کیا حکم ہے؟ کیا اس کو امامت سے معزول کر دینا چاہئے؟

جواب: اہلسنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ جسم سے پاک ہیں، اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے مخلوق کے جسم کی طرح جسم مانے وہ کافر ہے، اور اگر جسم تو مانے لیکن یہ کہے کہ جسم تو ہے "كما يليق بشأنه" مخلوق کے جسم سے مشابہ نہ کہے تو وہ بدعتی ہے۔

اسی طرح اہلسنت والجماعت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جسمانی معراج کرائی گئی اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہوئی ہے لیکن اس کی کیفیت اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں، لیکن اہلسنت والجماعت میں سے کسی کا یہ عقیدہ نہیں کہ معراج کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم اور اللہ کا جسم ایک ہو گیا تھا، یہ قول امت کے اجماعی عقیدے کے سراسر خلاف اور بدعت ہے، بلکہ یہ عقیدہ نصاریٰ کے قول "ان الله ثالث ثلاثة" کے مشابہ ہے، یعنی عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ (اللہ، حضرت عیسیٰ اور حضرت مریم) ان تین میں سے ایک ہے، اور اللہ ان تینوں کے مجموعہ کا نام ہے، لہٰذا اس قول کا کہنے والا اور اس کا ساتھ دینے والا دونوں بدعتی ہیں، بلکہ اس قول سے کفر کا بھی اندیشہ ہے لہٰذا ایسے بدعتی شخص کو امام بنانا درست نہیں، اس کو حکمت و مصلحت کے ساتھ امامت سے ہٹانا چاہئے کہ فتنہ بھی نہ ہو اور لوگوں کی نمازیں بھی خراب نہ ہوں۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وَمُبْتَدِعٌ) أَيْ صَاحِبُ بِدْعَةٍ وَهِيَ اعْتِقَادُ خِلَافِ الْمَعْرُوفِ عَنْ الرَّسُولِ لَا بِمُعَانَدَةٍ بَلْ بِنَوْعِ شُبْهَةٍ... (وَإِنْ) أَنْكَرَ بَعْضَ مَا عُلِمَ مِنْ الدِّينِ ضَرُورَةً (كَفَرَ بِهَا) كَقَوْلِهِ: إنَّ اللَّهَ تَعَالَى جِسْمٌ كَالْأَجْسَامِ... (فَلَا يَصِحُّ

==================

[۱] فصل في الإمامة، ص۴٤٣، ط: نعمانيه

الِاقْتِدَاءُ بِهِ أَصْلًا) فَلْيُحْفَظْ.

وفي الشامية: (قَوْلُهُ وَهِيَ اعْتِقَادُ إلَخْ)... وَلَا يَخْفَى أَنَّ الِاعْتِقَادَ يَشْمَلُ مَا كَانَ مَعَهُ عَمَلٌ أَوْ لَا، فَإِنَّ مَنْ تَدَيَّنَ بِعَمَلٍ لَا بُدَّ أَنْ يَعْتَقِدَهُ كَمَسْحِ الشِّيعَةِ عَلَى الرِّجْلَيْنِ وَإِنْكَارِهِمْ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَذَلِكَ، وَحِينَئِذٍ فَيُسَاوِي تَعْرِيفَ الشُّمُنِّيِّ لَهَا بِأَنَّهَا مَا أُحْدِثَ عَلَى خِلَافِ الْحَقِّ الْمُتَلَقَّى عَنْ رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - مِنْ عِلْمٍ أَوْ عَمَلٍ أَوْ حَالٍ بِنَوْعِ شُبْهَةٍ وَاسْتِحْسَانٍ، وَجُعِلَ دِينًا قَوِيمًا وَصِرَاطًا مُسْتَقِيمًا... (قَوْلُهُ كَقَوْلِهِ جِسْمٌ كَالْأَجْسَامِ) وَكَذَا لَوْ لَمْ يَقُلْ كَالْأَجْسَامِ، وَأَمَّا لَوْ قَالَ لَا كَالْأَجْسَامِ فَلَا يَكْفُرُ لِأَنَّهُ لَيْسَ فِيهِ إلَّا إطْلَاقُ لَفْظِ الْجِسْمِ الْمُوهِمِ لِلنَّقْصِ فَرَفَعَهُ بِقَوْلِهِ لَا كَالْأَجْسَامِ، فَلَمْ يَبْقَ إلَّا مُجَرَّدَ الْإِطْلَاقِ وَذَلِكَ مَعْصِيَةٌ. [١]

وكذا في البحر الرائق:

(وكره إمامة العبد... والمبتدع)... وَأَمَّا الْمُبْتَدِعُ فَهُوَ صَاحِبُ الْبِدْعَةِ وَهِيَ كَمَا فِي الْمُغْرِبِ اسْمٌ مِنْ ابْتَدَعَ الْأَمْرَ إذَا ابْتَدَأَهُ وَأَحْدَثَهُ كَالرِّفْقَةِ مِنْ الِارْتِفَاقِ... ثُمَّ غَلَبَتْ عَلَى مَا هُوَ زِيَادَةٌ فِي الدِّينِ أَوْ نُقْصَانٌ مِنْهُ اهـ. وَعَرَّفَهَا الشُّمُنِّيُّ بِأَنَّهَا مَا أُحْدِثَ عَلَى خِلَافِ الْحَقِّ... وَأَطْلَقَ الْمُصَنِّفُ فِي الْمُبْتَدِعِ فَشَمِلَ كُلَّ مُبْتَدِعٍ هُوَ مِنْ أَهْلِ قِبْلَتِنَا وَقَيَّدَهُ فِي الْمُحِيطِ وَالْخُلَاصَةِ وَالْمُجْتَبَى وَغَيْرِهَا بِأَنْ لَا تَكُونَ بِدْعَتُهُ تُكَفِّرُهُ، فَإِنْ كَانَتْ تُكَفِّرُهُ فَالصَّلَاةُ خَلْفَهُ لَا تَجُوزُ... وَالْمُشَبِّهُ إنْ قَالَ إنَّ لِلَّهِ يَدًا أَوْ رِجْلًا كَمَا لِلْعِبَادِ فَهُوَ كَافِرٌ، وَإِنْ قَالَ إنَّهُ جِسْمٌ لَا كَالْأَجْسَامِ فَهُوَ مُبْتَدِعٌ. [٢]

وكذا بدائع الصنائع:

وَإِمَامَةُ صَاحِبِ الْهَوَى وَالْبِدْعَةِ مَكْرُوهَةٌ، نَصَّ عَلَيْهِ أَبُو يُوسُفَ فِي الْأَمَالِي فَقَالَ: أَكْرَهُ أَنْ يَكُونَ الْإِمَامُ صَاحِبَ هَوًى وَبِدْعَةٍ؛ لِأَنَّ النَّاسَ لَا يَرْغَبُونَ فِي الصَّلَاةِ خَلْفَهُ، وَهَلْ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَهُ؟ قَالَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا: إنَّ الصَّلَاةَ خَلْفَ الْمُبْتَدِعِ لَا تَجُوزُ، وَذُكِرَ فِي الْمُنْتَقَى رِوَايَةٌ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ أَنَّهُ كَانَ لَا يَرَى الصَّلَاةَ خَلْفَ الْمُبْتَدِعِ، وَالصَّحِيحُ أَنَّهُ إنْ كَانَ هَوًى يُكَفِّرُهُ لَا تَجُوزُ، وَإِنْ كَانَ لَا يُكَفِّرُهُ تَجُوزُ مَعَ الْكَرَاهَةِ. [٣]

---

[١] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٩ تا ٥٦١، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ٦١١، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب صلاة الجماعة، ١/ ٣٨٧، ط: رشيدية

وكذا في الهندية:

قَالَ الْمَرْغِينَانِيُّ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَ صَاحِبِ هَوًى وَبِدْعَةٍ... وَحَاصِلُهُ إِنْ كَانَ هَوًى لَا يَكْفُرُ بِهِ صَاحِبُهُ تَجُوزُ الصَّلَاةُ خَلْفَهُ مَعَ الْكَرَاهَةِ وَإِلَّا فَلَا. [1]

وكذا في فتاوى عثماني: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٣٩٦، ط: معارف القرآن

جس شخص کے گھر کی عورتیں بدکردار ہوں اس کی امامت کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جس شخص کے گھر کی خواتین بیوی، بیٹی وغیرہ بدچلن ہوں، پردہ نہ کرتی ہوں یا حرامکاری میں مبتلا ہوں، ایسے شخص کو امام بنانا کیسا ہے؟ کیا گھر کی خواتین کی حرامکاری کی وجہ سے امام کو معزول کیا جاسکتا ہے؟

جواب: حدیث مبارکہ میں آتا ہے:

وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسلم: «أَلا كُلُّكُمْ راعٍ وكُلُّكُمْ مسؤولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ... وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مسؤولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ عَلَى أهل بَيْتِ زَوْجِهَا وولدِهِ وَهِيَ مسؤولةٌ عَنْهُمْ إلخ. [2]

(ترجمہ) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگاہ ہو جاؤ تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعایا کے بارے میں سوال کیا جائے گا... مرد اپنے گھر والوں کا نگہبان ہے، اس سے اس کی رعایا کے بارے میں سوال ہوگا، اور عورت اپنے شوہر کے گھر والوں اور اس کے بچوں کی نگہبان ہے اس سے ان کے بارے میں سوال ہوگا۔

اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ آدمی اپنے گھر کا نگران ہے، اور قیامت کے دن اس سے اس کے گھر والوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا لہٰذا آدمی کو گھر کا نگران ہونے کی حیثیت سے چاہئے کہ وہ گھر کے افراد کی دیکھ بھال کرے، بالخصوص جب اس کے گھر کی خواتین بیوی، بیٹی وغیرہ بدکردار اور بدچلن ہوں تو انہیں تنبیہ کرے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرتے ہوئے انہیں بری خصلتوں سے روکے، اگر اس کے روکنے کے باوجود اس کے گھر کے افراد بدکاریوں سے باز نہ آئیں تو یہ شخص بری الذمہ ہے، قرآن میں ارشاد ہے:

==================

[1] الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثاني في بيان من يصلح إماما لغيره، ١/ ٨٤، ط: رشيدية

[2] صحيح البخاري: كتاب الأحكام، باب قول الله (أطيعوا الله وأطيعوا الرسول) ٢/ ١٠٥٧، ط: قديمي

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى. (سورة الأنعام الآية: ١٦٤)

کہ کوئی بھی کسی دوسرے کے گناہوں کے بوجھ کو نہیں اٹھائے گا۔

لہٰذا ایسا شخص جو خود متقی وپرہیزگار ہو اور گھر والوں کی بدکاریوں پر راضی نہ ہو بلکہ انہیں امر بالمعروف کرتا رہتا ہو اس کی امامت درست ہے، گھر کی خواتین کی حرامکاریوں کی وجہ سے اسے معزول کرنا درست نہیں۔

لیکن اگر کوئی شخص اپنے گھر والوں کی ایسی بدکاریوں پر رضامند اور خوش ہے اور انہیں منع نہیں کرتا تو یہ آدمی فاسق وفاجر ہے، ایسے شخص کو امام بنانا درست نہیں، مسجد کی انتظامیہ کو چاہئے کہ اس کو حکمت اور مصلحت سے سمجھائیں اور پھر بھی وہ اپنی بات پر مصر ہو اور گھر والوں کی اصلاح نہ کرے تو انتظامیہ پر لازم ہے کہ اس کو معزول کردیں۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

ويكره إمامة عبد... وفاسق) (قوله وفاسق) من الفسق وهو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر والزاني وآكل الربا ونحو ذلك. [1]

ولذا كره إمامة الفاسق العالم لعدم اهتمامه بالدين فتجب إهانته شرعا فلا يعظم بتقديمه للإمامة.

وكذا في حاشية الطحطاوي:

قوله: "ولذا كره إمامة الفاسق... والمراد الفاسق بالجارحة لا بالعقيدة... والفسق لغة خروج عن الاستقامة وهو معنى قولهم خروج الشيء عن الشيء على وجه الفساد وشرعا خروج عن طاعة الله تعالى بارتكاب كبيرة.

وكذا في مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي:

وكره إمامة العبد والأعرابي والفاسق إلخ. [2]

وكذا في البحر الرائق: باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

وكذا في فتاوى دار العلوم ديوبند: ٣/ ١٠٣، ١٠٤، ط: دار الاشاعت

وكذا في كفايت المفتي: باب الإمامة، ٤/ ١٩٩، ط: ادارة الفاروق

==================

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٩، ٥٦٠، ط: سعيد

[2] باب الإمامة، ص٣٠٢، ٣٠٣، ط: رشيدية

اپنی بیٹی کا نکاح نہ کرانے والے کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کسی شخص کے گھر میں اس کی جوان بیٹی بغیر نکاح کے بیٹھی ہو اور وہ شخص جان بوجھ کر یا مناسب رشتہ نہ ملنے کی وجہ سے اس کا نکاح نہ کرائے تو کیا اسے امام بنایا جا سکتا ہے؟ اور اگر ایسا شخص امام ہو تو کیا اس کو امامت سے معزول کر دینا چاہئے؟

جواب: جس شخص کے گھر میں جوان بیٹی موجود ہو، اسے چاہئے کہ دیندار رشتہ ملنے پر اپنی بیٹی کی فوراً شادی کرادے، بلاوجہ اس میں تاخیر سے کئی قسم کے فتنے کھڑے ہو جاتے ہیں اور پھر یہ خود اپنی اولاد سے ظلم کے مترادف ہے، اس لئے جان بوجھ کر نکاح نہ کرانا شرعاً کسی طرح درست نہیں اور یہ شخص گنہگار ہے، تاہم صرف اس جہالت کی وجہ سے اس کو شرعاً امامت کے لئے نااہل قرار نہیں دیا جا سکتا ہے، اس لئے اگر کوئی اور وجہ نہ ہو تو اس شخص کی اقتداء میں نماز پڑھنا درست ہے۔

كذا في شعب الإيمان:

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: من وُلِدَ لَهُ وَلَدٌ فَلْيُحْسِنِ اسْمَهُ وَأَدَبَهُ فَإِذَا بَلَغَ فَلْيُزَوِّجْهُ فَإِنْ بَلَغَ وَلَمْ يُزَوِّجْهُ فَأَصَابَ إِثْمًا فَإِنَّمَا إثمه على أبيه. (١)

حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کا بچہ پیدا ہو تو وہ اس کا اچھا نام رکھے اور اسے ادب سکھائے، جب بالغ ہو جائے تو اس کی شادی کرائے، بچہ بالغ ہو جائے اور باپ اس کی شادی نہ کرائے اور وہ گناہ (زنا وغیرہ) میں مبتلا ہو گیا تو اس کا گناہ اس کے باپ کو بھی ہوگا۔

وفيه أيضا:

وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي التَّوْرَاةِ مَكْتُوبٌ: مَنْ بَلَغَتِ ابْنَتُهُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَلَمْ يُزَوِّجْهَا فَأَصَابَتْ إِثْمًا فَإِثْمُ ذَلِكَ عَلَيْهِ. (٢)

حضرت عمر بن خطاب اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تورات میں لکھا ہے کہ جس شخص کی بیٹی بارہ سال کی ہو جائے اور وہ اس کی شادی نہ کرائے اور بچی گناہ (زنا) میں مبتلا ہو گئی تو اس کا گناہ اس کے باپ پر ہوگا۔

==================

(١) كتاب حسن الخلق، باب حقوق الأولاد والأهلين، ١١/ ١٣٧، رقم: ٨٢٩٩، ط: الرشد

(٢) كتاب حسن الخلق، باب حقوق الأولاد والأهلين، ١١/ ١٣٩، رقم: ٨٣٠٣، ط: الرشد

كذا في جامع الترمذي:

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا عَلِيُّ ثَلَاثٌ لَا تُؤَخِّرْهَا الصَّلَاةُ إِذَا أَتَتْ وَالْجَنَازَةُ إِذَا حَضَرَتْ وَالْأَيِّمُ إِذَا وَجَدْتَ لَهَا كُفُؤًا. [1]

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزوں کو مؤخر نہ کرنا، ایک نماز جب اس کا وقت آجائے، دوسرا جنازہ جب وہ حاضر ہو اور تیسرا بے نکاحی عورت جب اس کا کفو مل جائے (تو اس کی شادی کرادو)

ان احادیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آدمی کی اولاد (بچہ ہو یا بچی) جب بالغ ہو جائے تو اس کا جلد از جلد نکاح کر دیا جائے، بلا وجہ اس میں تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔

وكذا في فتاوی دار العلوم دیوبند: باب الإمامة، ۳/ ۱۵۶، ط: دار الاشاعت

گانے سننے والے کے پیچھے نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی امام مسجد گانے سنتا ہو یا فلمیں دیکھتا ہو تو اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ کسی بھی مسلمان کے بارے میں کوئی رائے قائم کرنے سے پہلے مکمل تحقیق کرنا شرعاً ضروری ہے محض سنی سنائی بات پر کسی کے بارے میں بدگمانی کرنا درست نہیں، اس سے اجتناب کرنا چاہئے تاہم تحقیق یا مشاہدہ سے کسی کا قصداً گانے سننا یا فلمیں دیکھنا ثابت ہو جائے اور توبہ نہ کی ہو تو ایسا شخص فاسق ہوگا، ایسے شخص کو اپنے اختیار سے امام بنانا درست نہیں۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وَيُكْرَهُ... إِمَامَةُ عَبْدٍ... وَأَعْرَابِيٍّ... وَفَاسِقٌ)... (قَوْلُهُ وَفَاسِقٌ) مِنْ الْفِسْقِ: وَهُوَ الْخُرُوجُ عَنْ الِاسْتِقَامَةِ، وَلَعَلَّ الْمُرَادَ بِهِ مَنْ يَرْتَكِبُ الْكَبَائِرَ كَشَارِبِ الْخَمْرِ، وَالزَّانِي وَآكِلِ الرِّبَا وَنَحْوِ ذَلِكَ... وَأَمَّا الْفَاسِقُ فَقَدْ عَلَّلُوا كَرَاهَةَ تَقْدِيمِهِ بِأَنَّهُ لَا يُهْتَمُّ لِأَمْرِ دِينِهِ، وَبِأَنَّ فِي تَقْدِيمِهِ لِلْإِمَامَةِ تَعْظِيمَهُ، وَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِمْ إهَانَتُهُ شَرْعًا... بَلْ مَشَى فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ عَلَى أَنَّ كَرَاهَةَ تَقْدِيمِهِ كَرَاهَةُ تَحْرِيمٍ لِمَا ذَكَرْنَا. [2]

وكذا في حلبي كبيري:

ومن كراهة تقديم الفاسق على ما يأتي أن العالم أولى بالتقديم إذا كان يجتنب الفواحش، وإن كان غيره

[1] كتاب الصلاة، باب باب ما جاء في الوقت الأول من الفصل، ۱/ ۴۳، ط: قديمي

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في تكرار الجماعة في المسجد، ۱/ ۵۵۹، ۵۶۰، ط: سعيد

أورع منه ذكره في المحيط. (١)

وكذا في تبيين الحقائق:

(وَكُرِهَ إِمَامَةُ الْعَبْدِ)... (وَالْأَعْرَابِيِّ)... (وَالْفَاسِقِ) لِأَنَّهُ لَا يَهْتَمُّ لِأَمْرِ دِينِهِ؛ وَلِأَنَّ فِي تَقْدِيمِهِ لِلْإِمَامَةِ تَعْظِيمَهُ وَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِمْ إِهَانَتُهُ شَرْعًا. (٢)

وكذا في مجمع الأنهر:

(وَتُكْرَهُ إِمَامَةُ الْعَبْدِ)... (وَالْأَعْرَابِيِّ)... (وَالْأَعْمَى)... (وَالْفَاسِقِ) أَيْ الْخَارِجِ عَنْ طَاعَةِ اللَّهِ تَعَالَى بِارْتِكَابِ كَبِيرَةٍ؛ لِأَنَّهُ لَا يُهِمُّ بِأَمْرِ دِينِهِ وَكَذَا إِمَامَةُ النَّمَّامِ وَالْمُرَائِي وَالْمُتَصَنِّعِ وَشَارِبِ الْخَمْرِ. (٣)

وكذا في الهندية:

وَتَجُوزُ إِمَامَةُ الْأَعْرَابِيِّ وَالْأَعْمَى وَالْعَبْدِ، وَوَلَدِ الزِّنَا وَالْفَاسِقِ. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ إِلَّا أَنَّهَا تُكْرَهُ. هَكَذَا فِي الْمُتُونِ. (٤)

محراب خارج مسجد ہے یا داخل مسجد/ اور اس میں کھڑے ہو کر امامت کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل عام طور پر محراب کو مسجد میں شامل سمجھا جاتا ہے، اگر محراب مسجد میں شامل ہو تو کیا اس صورت میں بھی امام محراب میں کھڑا نہیں ہو سکتا؟ اگر محراب میں کھڑا ہو کر جماعت کرائے تو کیا مکروہ ہوگا؟

جواب: محراب تو داخل مسجد ہے مگر اس کے باوجود امام کو اس طرح کھڑا ہونا چاہئے کہ اس کا پورا پیر محراب سے خارج ہو یا کچھ حصہ محراب سے خارج ہو اور اگر امام داخل محراب کھڑے ہو کر نماز پڑھائے تو تب بھی نماز کراہیت کے ساتھ ادا ہو جائے گی۔

كذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ قِيَامُ الْإِمَامِ وَحْدَهُ فِي الطَّاقِ وَهُوَ الْمِحْرَابُ وَلَا يُكْرَهُ سُجُودُهُ فِيهِ إِذَا كَانَ قَائِمًا خَارِجَ الْمِحْرَابِ هَكَذَا فِي التَّبْيِينِ، وَإِذَا ضَاقَ الْمَسْجِدُ بِمَنْ خَلْفَ الْإِمَامِ فَلَا بَأْسَ بِأَنْ يَقُومَ فِي الطَّاقِ. كَذَا فِي الْفَتَاوَى الْبُرْهَانِيَّةِ. (٥)

---

(١) كتاب الصلاة، فصل في الإمامة، ص٤٤٢، ط: نعمانيه

(٢) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٣٤٥، ط: سعيد

(٣) كتاب الصلاة، فصل الجماعة للسنة مؤكدة وأولى الناس بالإمامة أعلمهم، ١/ ١٦١، ط: الحبيبية

(٤) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

(٥) كتاب الصلاة، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة ما لا يكره، ١/ ١٠٨، ط: رشيدية

وكذا في البحر الرائق:

إِذَا ضَاقَ الْمَسْجِدُ بِمَنْ خَلْفَ الإِمَامِ عَلَى الْقَوْمِ لَا بَأْسَ بِأَنْ يَقُومَ الإِمَامُ فِي الطَّاقِ لِأَنَّهُ تَعَذَّرَ الأَمْرُ عَلَيْهِ وَإِنْ لَمْ يَضِقْ الْمَسْجِدُ بِمَنْ خَلْفَ الإِمَامِ لَا يَنْبَغِي لِلإِمَامِ أَنْ يَقُومَ فِي الطَّاقِ لِأَنَّهُ يُشْبِهُ تَبَايُنَ الْمَكَانَيْنِ اهـ. يَعْنِي: وَحَقِيقَةُ اخْتِلَافِ الْمَكَانِ تَمْنَعُ الْجَوَازَ فَشُبْهَةُ الِاخْتِلَافِ تُوجِبُ الْكَرَاهَةَ وَهُوَ وَإِنْ كَانَ الْمِحْرَابُ مِنْ الْمَسْجِدِ. [1]

وكذا في الشامية:

أَيْ لِأَنَّ الْمِحْرَابَ إِنَّمَا بُنِيَ عَلَامَةً لِمَحَلِّ قِيَامِ الإِمَامِ لِيَكُونَ قِيَامُهُ وَسْطَ الصَّفِّ كَمَا هُوَ السُّنَّةُ، لَا لِأَنْ يَقُومَ فِي دَاخِلِهِ، فَهُوَ وَإِنْ كَانَ مِنْ بِقَاعِ الْمَسْجِدِ لَكِنْ أَشْبَهَ مَكَانًا آخَرَ فَأَوْرَثَ الْكَرَاهَةَ. [2]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الوقف، باب أحكام المسجد، ١٤/ ٤٥٠، ط: جامعه فاروقيه

وكذا في فتاوی رحیمیہ: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة، ٥/ ١٥١، ط: دار الاشاعت

صرف ٹوپی پہن کر نماز پڑھانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ صرف ٹوپی پہن کر نماز پڑھانا کیسا ہے؟ کیا اس سے ثواب میں کمی آئے گی؟

جواب: صرف ٹوپی پہن کر نماز پڑھانا جائز ہے اس کی وجہ سے نماز کے ثواب میں کسی قسم کی کمی نہیں آئے گی۔

كذا في صحيح البخاري:

وقال الحسن كان القوم يسجدون على العمامة والقلنسوة. [3]

وفيه أيضا:

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: «يَسْتَعِينُ الرَّجُلُ فِي صَلَاتِهِ مِنْ جَسَدِهِ بِمَا شَاءَ» وَوَضَعَ أَبُو إِسْحَاقَ: «قَلَنْسُوَتَهُ فِي الصَّلَاةِ وَرَفَعَهَا». [4]

====================

[1] كتاب الصلاة، باب ما يفسد في الصلاة، ٢/ ٤٦، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، مطلب إذا تردد الحكم بين سنة وبدعة، ١/ ٦٤٦، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، باب السجود على الثوب، ١/ ٥٦، ط: قديمي

[4] كتاب التهجد، باب استعانة اليد في الصلاة، ١/ ١٥٩، ط: قديمي

وكذا في خلاصة الفتاوى:

والمستحب أن يصلي الرجل في ثلاثة أثواب قميص وإزار وعمامة أما لو صلى في ثوب واحد متوشحا به جميع بدنه كإزار الميت يجوز صلاته من غير كراهة. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

والمستحب أن يصلي في ثلاثة أثواب قميص وإزار وعمامة. (۲)

داڑھی منڈے اور مسنون مقدار سے کم کرنے والے کی اقتداء میں نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ جب امام نماز پڑھائے تو کیا یہ ضروری ہے کہ ٹوپی اور ایک مشت ڈاڑھی ہو، مقتدی کی داڑھی لمبی (ایک مشت) ہو اور امام کی داڑھی کم ہو (یعنی سنت داڑھی سے کم) ہو تو کیا وہ نماز پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ اگر حافظِ قرآن جس کی داڑھی سنت کے مطابق نہ ہو، مسجد میں ہو اور دوسرے غیر حافظ جن کی داڑھی لمبی (سنت کے مطابق) ہو تو امامت کا حق دار کون ہے۔ اگر ایک آدمی کی داڑھی چھوٹی (غیر مسنون) ہو اور وہ غیر حافظ ہو لیکن قرآن کی قرات تجوید کے ساتھ جانتا ہو اور اس کے برعکس دوسرا آدمی لمبی داڑھی (مسنون) والا تجوید سے نماز کی قرات نہ جانتا ہو اور الفاظ بھی صحیح ادا نہ کرسکتا ہو تو اس صورت میں کون امامت کا مستحق ہے؟

ہماری اس نماز کی جگہ پر ہم عشاء کی نماز کے فوراً بعد حدیث پڑھ کر سناتے ہیں اور لوگ سو فیصد اس میں شریک ہو کر حدیث سن لیتے ہیں، بعض لوگ یہ کہتے ہیں یہ غلط ہے آپ کو یہ حدیث سنانے کا عمل سنتوں اور وتر کے بعد کرنا چاہئے اس صورت میں صرف امام مقتدی ہی حدیث سن سکیں گے۔ حدیث کا پڑھنا فرض کے بعد اور سنتوں سے پہلے کیا یہ سنت کے خلاف ہے؟

صورت مسئولہ میں اس بات کی وضاحت مطلوبہ ہے کہ جن کی داڑھی نہیں ہے یا داڑھی سنت کے مطابق نہیں ہے ان کے معاملات (کاروباری/ معاشرتی) صاف ہیں اور حرام سے حد درجہ بچنے کی کوشش کرتے ہیں، مزید یہ کہ ان کی قرات بھی درست ہے اور مقتدیوں میں بعض ایسے بھی ہیں جن کی داڑھی تو سنت کے مطابق ہے لیکن قرات واضح نہیں اور حرام سے بچنے کا بھی کوئی خاص اہتمام نہیں ہے۔ اب اس صورت میں نماز پڑھانے کے لئے کس کو آگے کیا جائے؟ آیا صرف داڑھی والے کو یا معاملات کی درستگی والے کو؟

جواب: (ا) نماز پڑھانے کے لئے داڑھی کا ہونا ضروری ہے، اس کے بغیر نماز مکروہ ہوگی۔ اور اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول سر ڈھک کر نماز پڑھنے کا تھا اس لئے ٹوپی موجود ہو اور محض از راہ سستی بغیر ٹوپی کے نماز پڑھی جائے تو ایسا کرنا مکروہ ہے۔

==================

(۱) كتاب الصلاة، فصل في ستر العورة، ۱/ ۷۳، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ۱/ ٤٦٨، ط: رشيدية

(۲،۳) امام اگر داڑھی کاٹتا ہو تو ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اس لئے سوال نمبر (۲) میں مذکورہ صورت کے مطابق مقتدی جو کہ غیر حافظ ہیں اگر مسائل ضروریہ سے واقف ہوں تو امامت کے حقدار وہی ہوں گے۔

(۴) شرعی داڑھی والا مستحق امامت ہوگا جبکہ وہ قرات ایسی کر سکتا ہو کہ جس سے نماز ہو جاتی ہے۔

(۵) درس حدیث سنتوں اور وتر سے پہلے بھی کر سکتے ہیں اور بعد میں بھی۔ تاہم مقتدیوں پر کسی طرح بوجھ بنتا ہو یا کوئی اور شرعی عذر ہو تو سنتوں اور وتر کے بعد درس حدیث دینا چاہئے۔

(۶) ان دونوں قسم کے لوگوں کی اقتداء میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے ایسے شخص کو مستقل طور پر منصب امامت حوالہ کرنا شرعا درست نہیں ہے، بلکہ کسی متبع شریعت امام کا انتظام کرنا چاہئے، جب تک کوئی متبع شریعت مستقل امام میسر نہ ہو اس وقت تک ایسے باشرع شخص سے امامت کرائی جائے جو قرآن درست پڑھنا جانتا ہو، اگر کوئی بھی درست قرآن پڑھنے والا امام موجود نہ ہو تو اسی داڑھی منڈے کی اقتداء درست ہے۔

كذا في صحيح مسلم:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم بشروا ولا تنفروا يسروا ولا تعسروا. [1]

وكذا في الهندية:

تكره الصلاة حاسرا رأسه إذا كان يجد العمامة وقد فعل ذلك تكاسلا أو تهاونا بالصلاة. [2]

وكذا في الدر المختار:

وأما الأخذ وهي دون ذلك كما يفعله بعض المغاربة وفخنثة الرجال فلم يبحه أحد، وأخذ كلها فعل يهود الهند ومجوس الأعاجم. [3]

وفيه أيضا:

(والأحق بالإمامة)... الأعلم بأحكام الصلاة) فقط صحة وفسادا بشرط اجتنابه للفواحش الظاهرة. [4]

وكذا في البحر: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٠٧، ط: رشيدية

==================

[1] كتاب الجهاد، باب تأمير الإمام، ٢/ ٨٢، ط: قديمي

[2] الفصل الثاني، ١/ ١١٨، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصوم وما يفسد، ٢/ ٤١٨، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٧، ط: سعيد

وكذا في كبيري: كتاب الصلاة، فصل في الإمامة، ص٤٤٢، ط: نعمانيه

وكذا في البناية:

قوله عليه الصلاة والسلامصلوا خلف كل بر وفاجر. [١]

نفل پڑھنے والے کی اقتداء میں فرض نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ کچھ لوگ مل کر نفل نماز باجماعت ادا کررہے ہوں اور ایک شخص آکران کے ساتھ وقتی نماز کی نیت سے شامل ہوجائے توکیااس شخص کی وقتی نماز نفل پڑھنے والوں کے پیچھے درست ہوگی یا واجب الاعادہ ہوگی؟

جواب: نفل نماز جماعت کے ساتھ علی سبیل التداعی پڑھنامکروہ ہے،اگر علی سبیل التداعی نہ ہوتوجائز ہے لیکن نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی نماز درست نہیں ہوگی،اگر کسی نے ایساکیاتواس کودوبارہ وہ فرض نماز ادا کرنا ضروری ہے۔

كذا في الهندية:

التطوع بالجماعة إذا كان على سبيل التداعي يكره. [٢]

وكذا في الدر المختار:

وتطوع على سبيل التداعي مكروهة. [٣]

وكذا في الشامية:

(قوله على سبيل التداعي) بأن يقتدي أربعة فأكثر بواحد. [٤]

وكذا في البحر الرائق:

وأصل هذا أن التطوع بالجماعة إذا كان على سبيل التداعي يكره في الأصل للصدر الشهيد. [٥]

====================

[١] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٢/ ٣٩٠، ط: حقانيه

[٢] كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الأول في الجماعة، ١/ ٨٣، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٢، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٣، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٠٤، ط: رشيدية

وفيه أيضا:

(قَوْلُهُ وَمُفْتَرِضٍ بِمُتَنَفِّلٍ وَبِمُفْتَرِضٍ آخَرَ) أَيْ وَفَسَدَ اقْتِدَاءُ الْمُفْتَرِضِ بِإِمَامٍ مُتَنَفِّلٍ أَوْ بِإِمَامٍ يُصَلِّي فَرْضًا غَيْرَ فَرْضِ الْمُقْتَدِي؛ لِأَنَّ الِاقْتِدَاءَ بِنَاءٌ، وَوَصْفُ الْفَرْضِيَّةِ مَعْدُومٌ فِي حَقِّ الْإِمَامِ فِي الْأُولَى وَهُوَ مُشَارَكَةٌ وَمُوَافَقَةٌ فَلَا بُدَّ مِنْ الِاتِّحَادِ وَهُوَ مَعْدُوْمٌ فِي الثَّانِيَةِ. [1]

وكذا في الهداية:

(ولا يصلي المفترض خلف المتنفل) لأن الاقتداء بناء ووصف الفرضية معدوم في حق الإمام فلا يتحقق البناء على المعدوم. [2]

وكذا في التاتارخانية:

ولا اقتداء المفترض بالمتنفل ويصح اقتداء المتنفل بالمفترض وفي جامع الجوامع وإن لم يقرأ في الأخريين، وقال الشافعي يصح الاقتداء في جميع ذلك. [3]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب السنن والنفل، الفصل الخامس في صلاة النفل بالجماعة، ٧/ ٢٤٢، ط: فاروقيه

غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: غیر مقلد اگر متشدد اور متعصب نہ ہو اور نواقض وضو اور مفسدات صلاۃ میں حنفی مذہب کی رعایت کرکے نماز پڑھاتا ہو تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا درست ہے، اگر وہ حنفی مذہب کی رعایت نہیں کرتا ہو تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا درست نہیں، اور جس کے متعلق رعایت وعدم رعایت کا علم نہ ہو تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

كذا في رد المحتار:

أن الحاصل: أنه إن علم الاحتياط منه في مذهبنا، فلا كراهة في الاقتداء، وإن علم عدمه، فلا صحة،

=====================

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٣١، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ١٢٩، ط: رحمانيه

[3] كتاب الصلاة، الفصل السادس، ١/ ٤٤٩، ط: قديمي

وإن لم يعلم شيئا كره. [1]

وكذا في الخانية:

وأما الاقتداء بشفعوي المذهب قالوا لا بأس به إذا لم يكن متعصبا... وأن يكون متوضئا من الخارج النجس من غير السبيلين ولا يتوضأ بالماء القليل الذي وقعت فيه النجاسة. [2]

وكذا في التاتارخانية:

وأما الصلاة خلف شافعي المذهب، ذكره شيخ الإسلام: إن كان منهم من يميل من القبلة، أو احتجم ولم يتوضأ، أو خرج منه شيء من غير السبيلين ولم يتوضأ، أو أصاب ثوبه من أكثر قدر الدرهم ولم يغسله، لاتجوز. [3]

وكذا في البحر الرائق:

فَصَارَ الْحَاصِلُ أَنَّ الِاقْتِدَاءَ بِالشَّافِعِيِّ عَلَى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ الْأَوَّلُ أَنْ يَعْلَمَ مِنْهُ الِاحْتِيَاطَ فِي مَذْهَبِ الْحَنَفِيِّ فَلَا كَرَاهَةَ فِي الِاقْتِدَاءِ بِهِ الثَّانِي أَنْ يَعْلَمَ مِنْهُ عَدَمَهُ فَلَا صِحَّةَ... الثَّالِثُ أَنْ لَا يَعْلَمَ شَيْئًا فَالْكَرَاهَةُ. [4]

وكذا في فتاوی محمودیه: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٣٨٠، ط: فاروقيه

وكذا في احسن الفتاوی: باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٢٨٢، ط: سعيد

وكذا في كتاب الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٢/ ٣٠٨، ط: زمزم

ولد الزنا کی اذان اور امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ولد الزنا کا اذان دینا اور نماز پڑھانا کیسا ہے؟

جواب: ولد الزنا اذان دے سکتا ہے، ولد الزنا کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے، اگر ولد الزنا خود صالح وعالم ہو اور فسق وفجور سے بچتا ہو

====================

[1] كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ٢/ ٧، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، فصل فيمن يصح الاقتداء وفيمن لا يصح، ١/ ٤٤، ط: اشرفيه

[3] كتاب الصلاة، الفصل السادس في بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٤٣٧، ط: قديمي

[4] كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، ٢/ ٨١، ٨٢، ط: رشيدية

اور قراءت صحیح پڑھتا ہو اور لوگوں کی نظر میں حقیر نہ ہو تو اس کے پیچھے نماز بلا کراہت درست ہے۔

كذا في الشامية:

ويجوز بلا كراهة أذان صبي مراهق وعبد ولا يحل إلا بإذن كأجير خاص وأعمى وولد الزنا وأعرابي إنما يستحق صوب المؤذنين إذا كان عالما بالسنة. [1]

وكذا في الهندية:

ويجوز أذان العبد والقروي وأهل المفازة وولد الزنا والأعمى ومن يؤذن في بعض الصلاة إلخ. [2]

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَوَلَدُ الزِّنَا) إذْ لَيْسَ لَهُ أَبٌ يُرَبِّيهِ وَيُؤَدِّبُهُ وَيُعَلِّمُهُ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِ الْجَهْلُ بَحْرٌ، أَوْ لِنُفْرَةِ النَّاسِ عَنْهُ (قَوْلُهُ هَذَا) أَيْ مَا ذُكِرَ مِنْ كَرَاهَةِ إمَامَةِ الْمَذْكُورِينَ (قَوْلُهُ إنْ وُجِدَ غَيْرُهُمْ) أَيْ مَنْ هُوَ أَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ مِنْهُمْ (قَوْلُهُ بَحْرٌ بَحْثًا) قَدْ عَلِمْت أَنَّهُ مُوَافِقٌ لِلْمَنْقُولِ عَنْ الِاخْتِيَارِ وَغَيْرِهِ (قَوْلُهُ نَالَ فَضْلَ الْجَمَاعَةِ) أَفَادَ أَنَّ الصَّلَاةَ خَلْفَهُمَا أَوْلَى مِنْ الِانْفِرَادِ، لَكِنْ لَا يَنَالُ كَمَا يَنَالُ خَلْفَ تَقِيٍّ وَرِعٍ. [3]

وكذا في البحر الرائق:

وولد الزنا إذا كان أفضل القوم فلا كراهة إذا لم يكونا محتقرين بين الناس لعدم العلة للكراهة. [4]

وكذا في فتاوى دار العلوم ديوبند: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ١٤٢، ط: دار الاشاعت

وكذا في قاموس الفقه: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٢/ ٢١٩، ط: زمزم

یتیموں کا مال کھانے والے کی امامت

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ یتیموں کا مال کھانے والے کو امام بنانا کیسا ہے؟

====================

[1] كتاب الصلاة، باب الأذان، ١/ ٣٩٢، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب الأذان، ١/ ٦٠، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في الإمامة، ١/ ٥٦٢، ط: سعيد

[4] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

جواب: یتیموں کامال کھانا ظلم ہے، اور قرآن کریم واحادیث مبارکہ میں اس پر سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں ایسا شخص فاسق ہے، اوراس کی امامت مکروہ ہے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

ويكره إمامة عبد وأعرابي وفاسق وأعمى. (قوله وفاسق) من الفسق وهو الخروج من الاستقامة ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر والزاني وآكل الربا ونحو ذلك. [١]

وكذا في البحر الرائق:

قوله وكره إمامة العبد والأعرابي والفاسق والمبتدع والأعمى وولد الزنا، ومن السنة حديث ''صلوا خلف كل بر وفاجر'' وإن ابن عمر رضي الله عنه كان يصلي خلف الحجاج وكفى به فاسقا كما قاله الشافعي رحمه الله، وقال المصنف: إنه أفسق أهل زمانه... والفاسق لا يهتم لأمر دينه. [٢]

وكذا في تبيين الحقائق:

وكره إمامة العبد والفاسق لأنه لا يهتم لأمر دينه ولأن في تقديمه للإمامة تعظيمه وقد وجب عليهم إهانته شرعا. [٣]

وكذا في الهداية:

ويكره تقديم العبد والأعرابي والفاسق لأنه لا يهتم لأمر دينه. [٤]

وكذا في مجمع الأنهر:

وتكره إمامة العبد والأعرابي والأعمى والفاسق أي الخارج عن طاعة الله تعالى بارتكاب كبيرة لأنه لا يهم لأمر دينه. [٥]

====================

[١] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٥٩، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب الإمامة والحدث في الصلاة، ١/ ٣٤٥، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ١٢٤، ط: رحمانيه

[٥] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ١٦٣، ط: الحبيبية

شافعی امام کے پیچھے حنفی مقتدی کی نماز کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ شافعی امام جب فجر میں قنوت پڑھے تو اس صورت میں حنفی مقتدی کے لئے کیا حکم ہے، پڑھے یا خاموش رہے؟

جواب: شافعی امام جب فجر میں قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ ہاتھ چھوڑ کر خاموش کھڑا رہے اور پھر جب امام سجدے میں جائے تو اس کے ساتھ سجدے میں چلا جائے۔

كذا في الشامية:

وَلَوْ زَادَ تَابِعُهُ إِلَى سِتَّةَ عَشَرَ (وفي الشامية) (قَوْلُهُ: وَلَوْ زَادَ تَابِعُهُ إلَخْ) لِأَنَّهُ تَبَعٌ لِإِمَامِهِ فَتَجِبُ عَلَيْهِ مُتَابَعَتُهُ وَتَرْكُ رَأْيِهِ بِرَأْيِ الْإِمَامِ لِقَوْلِهِ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَلَا تَخْتَلِفُوا عَلَيْهِ» فَمَا لَمْ يَظْهَرْ خَطَؤُهُ بِيَقِينٍ كَانَ اتِّبَاعُهُ وَاجِبًا وَلَا يَظْهَرُ الْخَطَأُ فِي الْمُجْتَهَدَاتِ فَأَمَّا إذَا خَرَجَ عَنْ أَقْوَالِ الصَّحَابَةِ فَقَدْ ظَهَرَ خَطَؤُهُ بِيَقِينٍ فَلَا يَلْزَمُهُ اتِّبَاعُهُ وَلِهَذَا لَوْ اقْتَدَى بِمَنْ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ الرُّكُوعِ أَوْ بِمَنْ يَقْنُتُ فِي الْفَجْرِ أَوْ بِمَنْ يَرَى تَكْبِيرَاتِ الْجِنَازَةِ خَمْسًا لَا يُتَابِعُهُ لِظُهُورِ خَطَئِهِ بِيَقِينٍ لِأَنَّ ذَلِكَ كُلَّهُ مَنْسُوخٌ. [١]

وكذا في بدائع الصنائع:

لو اقتدى بمن يرفع يديه عند الركوع ورفع الرأس منه أو بمن يقنت في الفجر أو بمن يرى خمس تكبيرات في صلاة الجنازة لا يتابعه لظهور خطئه بيقين لأن ذلك كله منسوخ. [٢]

وكذا في الهندية:

إن قنت الإمام في صلاة الفجر يسكن من خلفه كذا في الهداية ويقف قائما وهو الصحيح. [٣]

وكذا في الهداية:

فإن قنت الإمام في صلاة الفجر يسكت من خلفه. [٤]

==================

[١] كتاب الصلاة، باب العيدين، مطلب أمر الخليفة لا يبقى بعد موته، ٢/ ١٧٢، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٢١، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب صلاة الوتر، ١/ ١٢٤، ط: قديمي

[٤] كتاب الصلاة، باب الوتر، ١/ ١٥٠، ط: رحمانيه

وکذا في آپ کا مسائل اور ان کا حل: کتاب الصلاۃ، مسائل مقتدی، ۳/۴۷۴، ط: لدھیانوی

وکذا في فتاوی محمودیہ: کتاب الصلاۃ، باب الإمامة، ٦/ ۳۷۰، ۳۷۱، ط: فاروقیہ

فاسق کی امامت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ فاسق کی تعریف اور اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟

جواب: فاسق وہ شخص ہے جو گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو، نیک اور صالح شخص کی موجودگی میں فاسق کی اقتداء میں نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، ایسے شخص کو از خود امام بنانے والے گنہگار ہوں گے۔

کذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَفَاسِقٌ) مِنْ الْفِسْقِ: وَهُوَ الْخُرُوجُ عَنْ الِاسْتِقَامَةِ، وَلَعَلَّ الْمُرَادَ بِهِ مَنْ يَرْتَكِبُ الْكَبَائِرَ كَشَارِبِ الْخَمْرِ، وَالزَّانِي وَآكِلِ الرِّبَا وَنَحْوِ ذَلِكَ... وَأَمَّا الْفَاسِقُ فَقَدْ عَلَّلُوا كَرَاهَةَ تَقْدِيمِهِ بِأَنَّهُ لَا يَهْتَمُّ لِأَمْرِ دِينِهِ، وَبِأَنَّ فِي تَقْدِيمِهِ لِلْإِمَامَةِ تَعْظِيمَهُ، وَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِمْ إهَانَتُهُ شَرْعًا، وَلَا يَخْفَى أَنَّهُ إذَا كَانَ أَعْلَمَ مِنْ غَيْرِهِ لَا تَزُولُ الْعِلَّةُ، فَإِنَّهُ لَا يُؤْمَنُ أَنْ يُصَلِّيَ بِهِمْ بِغَيْرِ طَهَارَةٍ فَهُوَ كَالْمُبْتَدِعِ... بَلْ مَشَى فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ عَلَى أَنَّ كَرَاهَةَ تَقْدِيمِهِ كَرَاهَةُ تَحْرِيمٍ لِمَا ذَكَرْنَا. [١]

وكذا في بدائع الصنائع:

ولأن الإمامة أمانة عظيمة فلا يتحملها الفاسق لأنه لا يؤدي الأمانة على وجهها. [٢]

وكذا في حاشية الطحطاوي:

(قوله وفاسق) لأنه لأمر دينه بحر. والمراد الفاسق بجارحة... وتكره إمامته ولو في جمعة لوجود المندوحة بالانتقام إلى أيامٍ أخر فيها لأن المفتى به جواز تعددها قاله أبو السعود. [٣]

وكذا في حلبي كبيري:

وفيه إشارة إلى أنهم قدموا فاسقا يأثمون بناء على أن كراهة تقديمه كراهة تحريم لعدم اعتنائه بأمور دينه

---

[١] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٢/ ٣٥٥، ٣٥٦، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، بيان من يصلح للإمامة، ١/ ٣٨٧، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٢٤٣، ط: رشيدية

وتساهله في الإتيان بلوازمه. [1]

وكذا في البزازية: كتاب الصلاة، الخامس عشر في الإمامة والاقتداء، ١/ ٥١، ط: قديمي

وكذا في الهندية: كتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل الثالث، ١/ ٩٣، ط: قديمي

وكذا في البحر: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٠، ٦١١، ط: رشيدية

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ١/ ٤٠٨، ط: قديمی

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٩٥، ط: فاروقيه

خصی آدمی کی امامت کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ خصی آدمی کی امامت شرعادرست ہے یا نہیں؟

جواب: خصی آدمی کی امامت مکروہ تنزیہی ہے البتہ اگر اس سے زیادہ دیندار پابند شریعت آدمی میسر نہ ہو تو اس کی امامت بلا کراہت درست ہے۔

كذا في الشامية:

(قَوْلُهُ وَكَذَا تُكْرَهُ خَلْفَ أَمْرَدَ) الظَّاهِرُ أَنَّهَا تَنْزِيهِيَّةٌ... (قَوْلُهُ وَسَفِيهٍ)... (قَوْلُهُ وَمَفْلُوجٍ وَأَبْرَصَ شَاعَ بَرَصُهُ) وَكَذَلِكَ أَعْرَجُ يَقُومُ بِبَعْضِ قَدَمِهِ، فَالِاقْتِدَاءُ بِغَيْرِهِ أَوْلَى تَتَارْخَانِيَّةٌ، وَكَذَا أَجْذَمُ بُرْجُنْدِيٌّ، وَمَجْبُوبٌ وَحَاقِنٌ، وَمَنْ لَهُ يَدٌ وَاحِدَةٌ فَتَاوَى الصُّوفِيَّةِ عَنْ التُّحْفَةِ. [2]

وكذا في فتاوى محموديه: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٣٤، ط: فاروقيه

وكذا في احسن الفتاوى: باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٢٨٦، ط: سید احمد شہید

وكذا في مسائل رفعت قاسمی: مسائل امامت، ٢/ ٥٠، ط: سید احمد شہید

سر اور داڑھی پر خضاب لگانے والے کی امامت کا بیان

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ سر اور داڑھی کو خضاب لگانے والے شخص کی

==================

[1] كتاب الصلاة، فصل في الإمامة، / ٤٤٢، ط: نعمانيه

[2] كتاب الصلاة، مطلب في إمامة الأمرد، ١/ ٥٦٢، ط: سعيد

امامت کا شرعاً کیا حکم ہے؟

جواب: سر اور داڑھی کو خالص سیاہ خضاب لگانے والے شخص کی اقتداء میں نماز پڑھنا مکروہ ہے، البتہ اگر کوئی شخص خالص سیاہ خضاب کے علاوہ کوئی اور رنگ کا خضاب لگائے تو اس کی اقتداء میں نماز بلا کراہت درست ہے۔

كذا في الشامية:

ومذهبنا استحباب خضاب الشيب للرجل والمرأة بصفرة أو حمرة وتحريم خضابه بالسواد على الأصح لقوله عليه السلام ''غيروا هذا الشيب واجتنبوا السواد''.(١)

وفيه أيضا:

أما فاسق فقد عللو كراهة تقديمه بأنه لا يهتم لأمر دينه وبأن في تقديمه للإمامة تعظيمه وقد وجب عليهم إهانته شرعا إلى أن قال فهو كالمبتدع تكره إمامته بكل حال بل مشى في شرح المنية على أن كراهة تحريم لما في ذكرنا. (٢)

وكذا في الهندية:

وَأَمَّا الْخِضَابُ بِالسَّوَادِ فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْ الْغُزَاةِ لِيَكُونَ أَهْيَبَ فِي عَيْنِ الْعَدُوِّ فَهُوَ مَحْمُودٌ مِنْهُ، اتَّفَقَ عَلَيْهِ الْمَشَايِخُ رَحِمَهُمْ اللَّهُ تَعَالَى وَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ لِيُزَيِّنَ نَفْسَهُ لِلنِّسَاءِ وَلِيُحَبِّبَ نَفْسَهُ إلَيْهِنَّ فَذَلِكَ مَكْرُوهٌ وَعَلَيْهِ عَامَّةُ الْمَشَايِخِ وَبَعْضُهُمْ جَوَّزَ ذَلِكَ مِنْ غَيْرِ كَرَاهَةٍ وَرُوِيَ عَنْ أَبِي يُوسُفَ - رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى - أَنَّهُ قَالَ كَمَا يُعْجِبُنِي أَنْ تَتَزَيَّنَ لِي يُعْجِبُهَا أَنْ أَتَزَيَّنَ لَهَا كَذَا فِي الذَّخِيرَةِ. (٣)

وكذا في التاتارخانية:

ويكره أن يكون الإمام فاسقا ويكره للرجال أن يصلوا خلفه. (٤)

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٤٠٩، ط: قديمي

(١) كتاب الصلاة، مسائل شتى، ٦/ ٧٥٦، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٠، ط: سعيد

(٣) كتاب الكراهية، الباب العشرون في الزينة واتخاذ الخادم للخدمة، ٥/ ٣٥٩، ط: رشيدية

(٤) كتاب الصلاة، الفصل السادس الكلام في بيان من هو أحق، ١/ ٦٠٣، ط:

وكذا في كتاب الفتاوى: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة، ٢/ ٢٤٨، ط: زمزم

اگر امام نے فجر کی نماز نہ پڑھی ہو تو ظہر کی نماز پڑھا سکتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر امام نے فجر کی نماز نہ پڑھی ہو تو ظہر کی نماز پڑھا سکتا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ امام اگر صاحبِ ترتیب ہے تو پھر ظہر کی نماز اس وقت تک نہیں پڑھا سکتا کہ جب تک فجر کی نماز نہ پڑھ لے، اور اگر صاحب ترتیب نہیں ہے تو پھر پڑھا سکتا ہے۔

كذا في غنية المستملي:

إذَا كَانَ مَعَ الْإِمَامِ رَجُلٌ وَاحِدٌ أَوْ صَبِيٌّ يَعْقِلُ الصَّلَاةَ قَامَ عَنْ يَمِينِهِ وَهُوَ الْمُخْتَارُ... وَإِذَا كَانَ مَعَهُ اثْنَانِ قَامَا خَلْفَهُ وَكَذَلِكَ إذَا كَانَ أَحَدُهُمَا صَبِيًّا وَإِنْ كَانَ مَعَهُ رَجُلٌ وَامْرَأَةٌ أَقَامَ الرَّجُلُ عَنْ يَمِينِهِ وَالْمَرْأَةُ خَلْفَهُ وَإِنْ كَانَ رَجُلَانِ وَامْرَأَةٌ أَقَامَ الرَّجُلَيْنِ خَلْفَهُ وَالْمَرْأَةُ وَرَاءَهُمَا وَإِنْ كَانَ مَعَهُ رَجُلَانِ وَقَامَ الْإِمَامُ وَسَطَهُمَا فَصَلَاتُهُمْ جَائِزَةٌ. [2]

وکذا في احسن الفتاوی: باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۲۹۸، ط: سعید

پہلی صف چھوڑ کر دوسری صف میں کھڑا ہونا نیز امام کی ایک جانب اگر مقتدی کم ہوں

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر ایک صف میں ایک یا دو آدمیوں کی جگہ ہو اور لوگوں نے دوسری صف میں آکر نماز شروع کر دی یا امام کے بائیں جانب دس آدمی اور دائیں جانب پانچ آدمی کھڑے ہو گئے تو ان کی نماز ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب: پہلی صف میں جگہ ہونے کے باوجود دوسری صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے، اسی طرح یہ بھی مکروہ ہے کہ امام کے ایک جانب زیادہ نمازی ہوں اور دوسری جانب کم، کیونکہ یہ خلاف سنت ہے، جس سے اجتناب ضروری ہے، البتہ مذکورہ دونوں صورتوں میں نماز کراہت کے ساتھ ادا ہو جائے گی۔

کذا في أبي داود:

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «أَتِمُّوا الصَّفَّ الْمُقَدَّمَ، ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ، فَمَا كَانَ

---

[1] کتاب الصلاة، صلاة الجماعة، ۱/ ۳۸۵، ط: رشيدية

[2] کتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل الخامس في بيان مقام الإمام والمأموم، ۱/ ۹۸، ط: قديمي

مِنْ نَقْصٍ فَلْيَكُنْ فِي الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ»... حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «وَسِّطُوا الْإِمَامَ وَسُدُّوا الْخَلَلَ».(۱)

وكذا في صحيح مسلم:

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى فِي أَصْحَابِهِ تَأَخُّرًا فَقَالَ لَهُمْ: «تَقَدَّمُوا فَأْتَمُّوا بِي، وَلْيَأْتَم بِكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ، لَا يَزَالُ قَوْمٌ يَتَأَخَّرُونَ حَتَّى يُؤَخِّرَهُمُ اللهُ».(۲)

وكذا في الشامية:

وَيَنْبَغِي أَنْ يَأْمُرَهُمْ بِأَنْ يَتَرَاصُّوا وَيَسُدُّوا الْخَلَلَ وَيُسَوُّوا مَنَاكِبَهُمْ وَيَقِفُ وَسَطًا... (قَوْلُهُ وَيَقِفُ وَسَطًا) قَالَ فِي الْمِعْرَاجِ: وَفِي مَبْسُوطِ بَكْرٍ: السُّنَّةُ أَنْ يَقُومَ فِي الْمِحْرَابِ لِيَعْتَدِلَ الطَّرَفَانِ، وَلَوْ قَامَ فِي أَحَدِ جَانِبَيْ الصَّفِّ يُكْرَهُ... وعليه فلو وقف الأول من خارجها يكون مكروها.(۳)

وكذا في الهندية:

وَيَنْبَغِي لِلْإِمَامِ أَنْ يَقِفَ بِإِزَاءِ الْوَسَطِ فَإِنْ وَقَفَ فِي مَيْمَنَةِ الْوَسَطِ أَوْ فِي مَيْسَرَتِهِ فَقَدْ أَسَاءَ لِمُخَالَفَةِ السُّنَّةِ. وَالْقِيَامُ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ أَفْضَلُ مِنْ الثَّانِي وَفِي الثَّانِي أَفْضَلُ مِنْ الثَّالِثِ وَإِنْ وَجَدَ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ فُرْجَةً دُونَ الصَّفِّ الثَّانِي يَخْرِقُ الصَّفَّ الثَّانِيَ.(٤)

جماعت میں شرکت کے لئے دوڑنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ جماعت میں شرکت کے لئے دوڑنا شرعا کیسا ہے؟

جواب: جماعت میں شرکت کے لئے دوڑنا شرعا درست نہیں، بلکہ جماعت میں شریک ہونے کے لئے اطمینان اور سکون کے ساتھ آنا چاہئے، اگرچہ رکعت فوت ہوجائے۔

==================

(۱) کتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف، باب مقام الإمام من الصف، ۱/ ۱۰۷، ۱۰۸، ط: رحمانيه

(۲) کتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف وإقامتها وفضل الأول فالأول منها، ۱/ ۱۸۲، ط: قديمي

(۳) کتاب الصلاة، ۲/ ۳۷۱، ۳۷۳، ط: رشيدية

(٤) کتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۹۸، ط: قديمي

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «إِذَا سَمِعْتُمُ الإِقَامَةَ، فَامْشُوا إِلَى الصَّلاَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَالوَقَارِ، وَلاَ تُسْرِعُوا، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا».[١]

وكذا في صحيح مسلم:

أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: «إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَأْتُوهَا تَسْعَوْنَ، وَأْتُوهَا تَمْشُونَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ، فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا، وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا».[٢]

وكذا في مسند أحمد:

عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا سمع أحدكم الإقامة فليأت عليه السكينة فما أدرك فليصل وما فاته فليتم.[٣]

وكذا في عمدة القاري:

ومما يستفاد من الحديث الحث في الإتيان إلى الصلاة بالسكينة والوقار، وسواء فيه سائر الصلوات سواء خاف فوت تكبيرة الإحرام أم لا.[٤]

وكذا في الفقه الحنفي وأدلته:

عن أبي قتادة رضي الله عنه قال بينما نحن فصلى مع النبي صلى الله عليه وسلم إذ سمع جلبة رجال، فلما صلى قال: ما شأنكم؟ قالوا استعجلنا إلى الصلاة، قال فلا تفعلوا، إذا أتيتم الصلاة فعليكم بالسكينة فما أدركتم فصلوا وما فاتكم فأتموا. ويكره لمن أتى الإمام وهو راكع أن يركع دون الصف وإن خاف الفوت.[٥]

---

[١] كتاب الأذان، باب ما أدركتم فصلوا وما فاتكم فاتموا، ١/ ٨٨، ط: قديمي

[٢] كتاب المساجد، باب استحباب إتيان الصلاة بوقار وسكينة والنهي عن إتيانها سعيا، ١/ ٢٢٠، ط: قديمي

[٣] مسند أبي هريرة، ٤/ ٤٩٥، ط: رحمانيه

[٤] كتاب الأذان، باب (٢١) ٥/ ٢٢١، ط: رشيدية

[٥] كتاب الصلاة، باب صلاة الجماعة، كيف يمشي إلى الصلاة، ١/ ٢٠٥، ط: وحيدي

میاں بیوی کی جماعت میں اذان واقامت کاحکم

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ میاں بیوی دونوں مل کر جماعت کر رہے ہوں اس صورت میں آیااذان واقامت ہوگی؟اور جماعت کے لئے اقامت شوہر کہے گایابیوی بھی کہہ سکتی ہے؟

جواب: عورت کے لئے اذان واقامت کہنامکروہ تحریمی ہے اور کبھی کسی ضرورت کی بناء پر گھر میں میاں بیوی جماعت سے نماز پڑھیں تومحلّہ کی مسجد میں کہی گئی اذان پراکتفاء کرلیناجائز ہے،البتہ اگراذان واقامت کہناچاہیں توصرف شوہر ہی کہے۔

كذا في معارف السنن:

ثم من فاتته الجماعة في مسجده له أن يصلي في مسجد حية منفردا أو يأتي بيته فيجمع بأهله ويصلي بهم. [١]

وكذا في الشامية:

ثُمَّ اعْلَمْ أَنَّهُ ذَكَرَ فِي الْحَاوِي الْقُدْسِيِّ مِنْ سُنَنِ الْمُؤَذِّنِ: كَوْنُهُ رَجُلًا عَاقِلًا، صَالِحًا، عَالِمًا بِالسُّنَنِ وَالْأَوْقَاتِ... وَأَنَّهُ يُكْرَهُ أَذَانُ الْمَرْأَةِ وَالصَّبِيِّ الْعَاقِلِ، وَيُجْزِي حَتَّى لَا يُعَادَ لِحُصُولِ الْمَقْصُودِ وَهُوَ الْإِعْلَامُ. وَرُوِيَ عَنْ الْإِمَامِ أَنَّهُ تُسْتَحَبُّ إعَادَةُ أَذَانِ الْمَرْأَةِ. [٢]

وكذا في خلاصة الفتاوى:

وليس على النساء أذان ولا إقامة... وللرجال يكره أداء المكتوبة بالجماعة في المسجد بغير أذان وإقامة ولا يكره في البيوت والكروم والضياع فإن تركوا الأذان والإقامة جاز. [٣]

وكذا في نجم الفتاوى: فصل في الأذان، ٢/ ٢٥٦، ط: ياسين القرآن

فوج کے ملازمین کے لئے کمرے میں باجماعت نمازپڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص فوج میں ملازم ہے عموماًعصر کی نماز کے وقت افسران کی جانب سے میدان میں حاضر ہونے کاحکم ہوتاہے اگر دیکھاجائے توایک طرف جماعت سے نماز پڑھنے کی فضیلت اور دوسری طرف افسروں کاحکم ہےاور کبھی کبھی توعصر کی نماز سے پہلے میدان میں پہنچنے کاحکم ہوتاہےاس صورت میں اگرچند فوجی مل کر

[١] أبواب الصلاة، مسألة من فاتته الجماعة هل يصلي منفردا أو يأتي مسجدا آخر، ٢/ ٢٨٧، ط: مجلس الدعوة

[٢] كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في المؤذن إذا كان غير محتسب في أذانه، ١/ ٣٩٣، ٣٩٤، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، الفصل الأول في الأذان، ١/ ٤٨، ط: رشيديه

کمرے میں جماعت سے نماز پڑھ لیں تو کیا اللہ کے ہاں گنہگار ہوں گے یا نہیں؟

جواب: مذکورصورت میں جب بھی جماعت کے وقت میدان میں حاضر ہونے کا حکم ہو تو چند افراد مل کر کمرے ہی میں جماعت سے نماز پڑھ لیں اس سے جماعت کا ثواب بھی ملے گا اور افسران کی بات پر بھی عمل ہوگا، اور اس سے یہ لوگ گنہگار نہیں ہوں گے بلکہ اجر وثواب کے مستحق ہوں گے۔

كذا في الهندية:

وَفِي فَتَاوَى الْفَضْلِيِّ - رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى -: إذَا اسْتَأْجَرَ رَجُلًا يَوْمًا لِيَعْمَلَ كَذَا فَعَلَيْهِ أَنْ يَعْمَلَ ذَلِكَ الْعَمَلَ إلَى تَمَامِ الْمُدَّةِ وَلَا يَشْتَغِلُ بِشَيْءٍ آخَرَ سِوَى الْمَكْتُوبَةِ وَفِي فَتَاوَى أَهْلِ سَمَرْقَنْدَ قَدْ قَالَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا رَحِمَهُمْ اللَّهُ تَعَالَى: إنَّ لَهُ أَنْ يُؤَدِّيَ السَّنَةَ أَيْضًا وَاتَّفَقُوا أَنَّهُ لَا يُؤَدِّي نَفْلًا وَعَلَيْهِ الْفَتْوَى، كَذَا فِي الذَّخِيرَةِ. (۱)

وكذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَلَيْسَ لِلْخَاصِّ أَنْ يَعْمَلَ لِغَيْرِهِ) بَلْ وَلَا أَنْ يُصَلِّيَ النَّافِلَةَ. قَالَ فِي التاتارخانية: وَفِي فَتَاوَى الْفَضْلِيِّ وَإِذَا اسْتَأْجَرَ رَجُلًا يَوْمًا يَعْمَلُ كَذَا فَعَلَيْهِ أَنْ يَعْمَلَ ذَلِكَ الْعَمَلَ إلَى تَمَامِ الْمُدَّةِ وَلَا يَشْتَغِلَ بِشَيْءٍ آخَرَ سِوَى الْمَكْتُوبَةِ وَفِي فَتَاوَى سَمَرْقَنْدَ: وَقَدْ قَالَ بَعْضُ مَشَايِخِنَا لَهُ أَنْ يُؤَدِّيَ السُّنَّةَ أَيْضًا. وَاتَّفَقُوا أَنَّهُ لَا يُؤَدِّي نَفْلًا وَعَلَيْهِ الْفَتْوَى. (۲)

وكذا في فتاوى حقانيه: كتاب الإجارة، ٦/ ٢٥١، ط: حقانيه

متنفل کے پیچھے مفترض کی اقتداء

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر مسافر امام عصر کی نماز دو رکعات کے بجائے چار رکعات پڑھیں تو آیا ان کے پیچھے مقیم مقتدی کی نماز درست ہوگی یا نہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں مقتدی کی نماز درست نہیں ہوگی کیونکہ امام کی آخری دو رکعتیں نفل ہیں اور مقتدی کی فرض اور فرض پڑھنے والے کی اقتداء نفل پڑھنے والے کے پیچھے درست نہیں ہوتی۔

---

(۱) كتاب الإجارة، الباب الثالث في الأوقات التي يقع عليها عقد الإجارة، ٤/ ٤١٦، ٤١٧، ط: رشيدية

(۲) كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير، مطلب ليس للأجير الخاص أن يصلي النافلة، ٦/ ٧٠، ط: سعيد

كذا في الشامي:

يُؤْخَذُ مِنْ هَذَا أَنَّهُ لَوْ اقْتَدَى مُقِيمُونَ بِمُسَافِرٍ وَأَتَمَّ بِهِمْ بِلَا نِيَّةِ إقَامَةٍ وَتَابَعُوهُ فَسَدَتْ صَلَاتُهُمْ لِكَوْنِهِ مُتَنَفِّلًا فِي الْأُخْرَيَيْنِ. [1]

وكذا في الهندية:

وَفَرْضُ الْمُسَافِرِ فِي الرُّبَاعِيَّةِ رَكْعَتَانِ، كَذَا فِي الْهِدَايَةِ، وَالْقَصْرُ وَاجِبٌ عِنْدَنَا، كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ فَإِنْ صَلَّى أَرْبَعًا وَقَعَدَ فِي الثَّانِيَةِ قَدْرَ التَّشَهُّدِ أَجْزَأَتْهُ وَالْأُخْرَيَانِ نَافِلَةٌ وَيَصِيرُ مُسِيئًا لِتَأْخِيرِ السَّلَامِ وَإِنْ لَمْ يَقْعُدْ فِي الثَّانِيَةِ قَدْرَهَا بَطَلَتْ، كذا في الهداية. [2]

وكذا في الفقه الإسلامي:

وإذا قام الإمام للإتمام سهواً أو جهلاً بعد نية القصر، سبّح له المأموم، بأن يقول: سبحان الله، فإن رجع سجد لسهوه، وإن لم يرجع فلا يتبعه بل يجلس حتى يسلم إمامه. [3]

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۲٦٤، ط: سعيد

ترک واجب کی وجہ سے اعادہ کی جانے والی نماز میں نئے شخص کا شریک ہونا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ کسی مسجد میں امام نے فرض نماز پڑھائی اور نماز کے اندر کسی واجب عمل کو ترک کر دیا، اور آخر میں سجدہ سہو بھی نہیں کیا، اب ترک واجب کی وجہ سے نماز کا جو اعادہ کیا جائے گا اس نماز میں وہ شخص بھی شامل ہو سکتا ہے جس نے پہلے فرض نماز نہیں پڑھی تھی؟ اور اگر وہ شریک ہو گیا اور نماز ادا کر لی تو آیا اس کی یہ نماز درست ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ ترک واجب کی وجہ سے جو نماز دوبارہ پڑھی جائے وہ نقصان کی تلافی کے لئے نفل کے حکم میں ہے۔
لہٰذا صورت مسئولہ میں عام فرض پڑھنے والے شخص کا اعادہ کی جانے والی نماز میں شامل ہونے سے فرض ادا نہیں ہوگا۔

كذا في الدر المختار مع الشامية:

(وَلَهَا وَاجِبَاتٌ) لَا تَفْسُدُ بِتَرْكِهَا وَتُعَادُ وُجُوبًا فِي الْعَمْدِ وَالسَّهْوِ إنْ لَمْ يَسْجُدْ لَهُ، وَإِنْ لَمْ يُعِدْهَا يَكُونُ فَاسِقًا

---

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٥٨١، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر، ۱/ ۱۳۹، ط: رشيديه

[3] المبحث الثالث باب صلاة المسافر، ۲/ ۱۳٥۹، ط: نشر احسان

آثِمًا وَكَذَا كُلُّ صَلَاةٍ أُدِّيَتْ مَعَ كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ تَجِبُ إِعَادَتُهَا. وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ جَابِرٌ لِلْأَوَّلِ، لِأَنَّ الْفَرْضَ لَا يَتَكَرَّرُ. (قَوْلُهُ وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ) أَيْ الْفِعْلَ الثَّانِيَ جَابِرٌ لِلْأَوَّلِ بِمَنْزِلَةِ الْجَبْرِ بِسُجُودِ السَّهْوِ وَبِالْأَوَّلِ يَخْرُجُ عَنْ الْعُهْدَةِ وَإِنْ كَانَ عَلَى وَجْهِ الْكَرَاهَةِ عَلَى الْأَصَحِّ، كَذَا فِي شَرْحِ الْأَكْمَلِ عَلَى أُصُولِ الْبَزْدَوِيِّ. [١]

وکذا في البحر الرائق:

وَلَا إِشْكَالَ فِي وُجُوبِ الْإِعَادَةِ إِذْ هُوَ الْحُكْمُ فِي كُلِّ صَلَاةٍ أُدِّيَتْ مَعَ كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ وَيَكُونُ جَابِرًا لِلْأَوَّلِ؛ لِأَنَّ الْفَرْضَ لَا يَتَكَرَّرُ. [٢]

وکذا في حاشية الطحطاوي:

والمختار أن المعادة لترك واجب نفل جابر، والفرض سقط بالأولى، لأن الفرض لا يتكرر كما في الدر وغيره. [٣]

وکذا في رد المحتار:

وأما المعادة لترك واجب فلا شك أنها جابرة لا فرض، فعليه ينوي كونها جابرة. [٤]

وکذا في فتح القدير:

وَلَا إِشْكَالَ فِي وُجُوبِ الْإِعَادَةِ إِذْ هُوَ الْحُكْمُ فِي كُلِّ صَلَاةٍ أُدِّيَتْ مَعَ كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ وَيَكُونُ جَابِرًا لِلْأَوَّلِ لِأَنَّ الْفَرْضَ لَا يَتَكَرَّرُ. [٥]

وکذا في *فتاوی محمودیہ*: کتاب الصلاة، الفصل الثالث في الجماعة الثانية، ٦/ ٤٤٥، ط:

وکذا في *امداد الاحکام*: فصل فيما يفسد الصلاة، ١/ ٥٦٣، ط:

وکذا في *کفایت المفتی*: کتاب الصلاة، الفصل الثالث فيما يتعلق بالجماعة الثانية، ٤/٣٣١، ط: الفاروق

====================

[١] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب أكل صلاة أديت مع كراهة التحريم، ١/ ٤٥٦، ٤٥٧، ط: سعيد

[٢] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٢٣، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، فصل في بيان واجب الصلاة، ١/ ٢٤٨، ط: دار الكتب العلمية

[٤] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في حضور القلب والخشوع، ١/ ٤١٨، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٣٠٨، ط: دار الكتب العلمية

مقتدیوں میں سے ایک بالغ اور نابالغ ہو تو دونوں امام کے پیچھے کھڑے ہوں گے

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک امام کو صرف دو ہی مقتدی میسر ہیں اور ان میں سے بھی ایک نابالغ اور دوسرا بالغ ہے، پوچھنا یہ ہے کہ ان کو امام صاحب کہاں کھڑا کرے؟

جواب: امام صاحب کو چاہئے کہ ان دونوں کو اپنے پیچھے کھڑا کرے کیونکہ جب مقتدی دو ہوں تو ان کو امام کے پیچھے کھڑا کرنا چاہئے۔

كذا في الدر المختار:

قَالَ: وَكَذَا لَوْ كَانَ الْمُقْتَدِي رَجُلًا وَصَبِيًّا يَصُفُّهُمَا خَلْفَهُ لِحَدِيثِ أَنَسٍ «فَصَفَفْت أَنَا وَالْيَتِيمُ وَرَاءَهُ وَالْعَجُوزُ مِنْ وَرَائِنَا» وَهَذَا بِخِلَافِ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ فَإِنَّهَا تَتَأَخَّرُ مُطْلَقًا كَالْمُتَعَدِّدَاتِ لِلْحَدِيثِ الْمَذْكُورِ. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

وَلَمْ أَرَ صَرِيحًا حُكْمَ مَا إذَا صَلَّى وَمَعَهُ رَجُلٌ وَصَبِيٌّ، وَإِنْ كَانَ دَاخِلًا تَحْتَ قَوْلِهِ وَالِاثْنَانِ خَلْفَهُ وَظَاهِرُ حَدِيثِ أَنَسٍ أَنَّهُ يُسَوِّي بَيْنَ الرَّجُلِ وَالصَّبِيِّ وَيَكُونَانِ خَلْفَهُ فَإِنَّهُ قَالَ فَصَفَفْت أَنَا وَالْيَتِيمُ وَرَاءَهُ وَالْعَجُوزُ مِنْ وَرَائِنَا وَيَقْتَضِي أَيْضًا أَنَّ الصَّبِيَّ الْوَاحِدَ لَا يَكُونُ مُنْفَرِدًا عَنْ صَفِّ الرِّجَالِ بَلْ يَدْخُلُ فِي صَفِّهِمْ. (۲)

وكذا في الهندية:

وإذا كان معه اثنان قاما خلفه وكذلك إذا كان أحدهما صبيا. (۳)

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۲۹۹، ط: سعيد

حافظہ عورت کا تراویح کی جماعت کروانا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک حافظہ عورت رمضان شریف کے مہینہ میں تراویح کی جماعت کراتی ہے، اب پوچھنا یہ ہے کہ رمضان شریف میں عورتوں کا آپس میں جماعت نفل تراویح کا کیا حکم ہے؟

جواب: واضح رہے کہ حافظہ عورتوں کے لئے رمضان المبارک میں تراویح کی جماعت کرانا مکروہ ہے؛ اگر قرآن مجید کے بھول

==================

(۱) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في الكلام على الصف الأول، ۱/ ۵۷۱، ط: سعيد

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ۶۱۸، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الخامس في بيان مقام الإمام، ۱/ ۸۸، ط: رشيديه

جانے کا ڈر ہو تو کسی کو منزل سنا کر دور کر لینا بہتر ہے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وَ) يُكْرَهُ تَحْرِيمًا (جَمَاعَةُ النِّسَاءِ) وَلَوْ التَّرَاوِيحَ. (قَوْلُهُ وَلَوْ فِي التَّرَاوِيحِ) أَفَادَ أَنَّ الْكَرَاهَةَ فِي كُلِّ مَا تُشْرَعُ فِيهِ جَمَاعَةُ الرِّجَالِ فَرْضًا أَوْ نَفْلًا. (١)

وكذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ إمَامَةُ الْمَرْأَةِ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا مِنْ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ إلَّا فِي صَلَاةِ الْجِنَازَةِ. هَكَذَا فِي النِّهَايَةِ. (٢)

وكذا في النهر الفائق:

(و) كره أيضا تحريما (جماعة النساء) للزوم أحد المكروهن أعني قيام الإمام وسط الصف أو تقديمه لا فرق في ذلك بين الفرائض وغيرها كالتراويح إلا الجنازة فإنها غير مكروهة. (٣)

وكذا في فتاوی رحیمیہ: كتاب الصلاة، تراویح اور حفاظت قرآن، ٦/ ٢٣٣، ط: دار الاشاعت

مقتدی اور امام کے درمیان اگر کئی صفوں کا فاصلہ ہو

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر امام مسجد کے اندر نماز پڑھا رہا ہو اور کوئی شخص مسجد کے صحن میں اس کی اقتدا کرے تو اس کی نماز درست ہوگی یا نہیں جبکہ اس مقتدی اور امام کے درمیان کئی صفوں کا فاصلہ ہو؟

جواب: مذکورہ مسئلہ میں مقتدی کا امام کی اقتدا میں نماز پڑھنا درست نہیں ہوگی اقتدا کے درست ہونے کے لئے صفوں کا اتصال ضروری ہے، مذکورہ صورت میں چونکہ صفیں متصل نہیں ہیں اس لئے صحن میں نماز پڑھنے والے کی نماز درست نہیں ہوگی۔

كذا في رد المحتار:

فَقَدْ تَحَرَّرَ بِمَا تَقَرَّرَ أَنَّ اخْتِلَافَ الْمَكَانِ مَانِعٌ مِنْ صِحَّةِ الِاقْتِدَاءِ وَلَوْ بِلَا اشْتِبَاهٍ، وَأَنَّهُ عِنْدَ الِاشْتِبَاهِ لَا يَصِحُّ الِاقْتِدَاءُ وَإِنْ اتَّحَدَ الْمَكَانُ. (٤)

==================

(١) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٥، ط: سعيد

(٢) الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثاني في بيان من هو أحق بالإمامة، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

(٣) كتاب الصلاة، باب الإمامة والحدث في الصلاة، ١/ ٢٤٣، ط: دار الكتب العلمية

(٤) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب إذا كانت اللثغة يسيرة، ١/ ٥٨٨، ط: سعيد

وكذا في الهندية:

وَلَوْ قَامَ عَلَى دُكَّانٍ خَارِجَ الْمَسْجِدِ مُتَّصِلٍ بِالْمَسْجِدِ، يَجُوزُ الِاقْتِدَاءُ لَكِنْ بِشَرْطِ اتِّصَالِ الصُّفُوفِ. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ. [1]

وكذا في التاتارخانية:

إذا صلى الرجل في سوق الصيارفة صلاة الجمعة مقتديا بإمام المسجد جاز إذا كانت الصفوف متصلة بصفوف المسجد اعتبر اتصال الصفوف ولم يعتبر كون المسجد ملآن. [2]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۳۰۷، ط: سعيد

وكذا في خير الفتاوی: كتاب الصلاة، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۲/ ٤٦۰، ط: امداديه

نماز میں صفوں کا اتصال ضروری ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ امام کے پیچھے مسجد سے تقریبا پندرہ بیس صفوں کے فاصلے پر اور چھت کے اوپر بیمار یا کوئی اور قسم کا معذور جو مسجد تک نہیں جا سکتا ہو، ایسا کوئی مقتدی اقتداء کر سکتا ہے یا نہیں جبکہ امام کی آواز لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ پہنچ سکتی ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں اگر صفوں کا اتصال نہیں ہے تو اقتداء صحیح نہیں ہوگی۔

كذا في تنوير الأبصار مع الدر المختار:

(وَيَمْنَعُ مِنَ الِاقْتِدَاءِ)... تَجْرِي فِيهِ عَجَلَةٌ) آلَةٌ يَجُرُّهَا الثَّوْرُ (أَوْ نَهْرٌ تَجْرِي فِيهِ السُّفُنُ)... (أَوْ خَلَاءٌ) أَيْ فَضَاءٌ (فِي الصَّحْرَاءِ) أَوْ فِي مَسْجِدٍ كَبِيرٍ جِدًّا كَمَسْجِدِ الْقُدْسِ (يَسَعُ صَفَّيْنِ) فَأَكْثَرَ إِلَّا إِذَا اتَّصَلَتْ الصُّفُوفُ. [3]

وكذا في الهندية:

الْمَانِعُ مِنَ الِاقْتِدَاءِ ثَلَاثَةُ أَشْيَاءَ. (مِنْهَا) طَرِيقٌ عَامٌ يَمُرُّ فِيهِ الْعَجَلَةُ وَالْأَوْقَارُ... إِذَا كَانَ بَيْنَ الْإِمَامِ وَبَيْنَ الْمُقْتَدِي طَرِيقٌ إِنْ كَانَ ضَيِّقًا لَا يَمُرُّ فِيهِ الْعَجَلَةُ وَالْأَوْقَارُ لَا يَمْنَعُ... وَالْمَانِعُ مِنَ الِاقْتِدَاءِ فِي الْفَلَوَاتِ قَدْرُ مَا

---

[1] كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الرابع في بيان ما يمتنع صحة الاقتداء وما لا يمنع، ۱/ ۸۸، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، الفصل السادس، مطلب وأما بيان ما يمنع صحة الاقتداء وما لا يمنع، ۱/ ٤٤۷، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب الكافي للحاكم جمع كلام إلخ، ۱/ ٥۸٤، ٥۸٥، ط: سعيد

يَسَعُ فِيهِ صَفَّيْنِ وَفِي مُصَلَّى الْعِيدِ الْفَاصِلُ لَا يَمْنَعُ الِاقْتِدَاءَ وَإِنْ كَانَ يَسَعُ فِيهِ الصَّفَّيْنِ أَوْ أَكْثَرَ وَفِي الْمُتَّخَذِ لِصَلَاةِ الْجِنَازَةِ اخْتِلَافُ الْمَشَايِخِ وَفِي النَّوَازِلِ جَعَلَهُ كَالْمَسْجِدِ. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

وَلَوْ اقْتَدَى بِالْإِمَامِ فِي الصَّحْرَاءِ وَبَيْنَهُم مَا قَدْرُ صَفَّيْنِ فَصَاعِدًا لَا يَصِحُّ الِاقْتِدَاءُ وَدُونَهُ يَصِحُّ وَصَحَّحَ أَنَّ النَّهْرَ الْعَظِيمَ مَا تَجْرِي فِيهِ السُّفُنُ. وَفِي الْمُجْتَبَى وَفِنَاءُ الْمَسْجِدِ لَهُ حُكْمُ الْمَسْجِدِ يَجُوزُ الِاقْتِدَاءُ فِيهِ، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ الصُّفُوفُ مُتَّصِلَةً وَلَا تَصِحُّ فِي دَارِ الضِّيَافَةِ إِلَّا إِذَا اتَّصَلَتْ الصُّفُوفُ. (۲)

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ۳/ ۳۰۷، ط: سعيد

وكذا في خير الفتاوى: كتاب الصلاة، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۲/ ٤٥٠، ط: امداديه

قصداً جماعت کو چھوڑنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ مسجد میں جماعت کاوقت پورا ہو جائے اور کوئی شخص تنہا نماز پڑھنا شروع کردے جماعت کو چھوڑ کر قصداً، اب پوچھنا یہ ہے کہ یہ شخص جماعت کے چھوڑنے کی وجہ سے گناہگار ہوگا یانہیں؟

جواب: صورت مسئولہ میں یہ شخص جماعت کو چھوڑنے کی وجہ سے گناہ گار ہوگا۔

كذا في الدر المختار:

والجماعة سنة مؤكدة للرجال... وقيل واجبة... ثمرته تظهر في الإثم بتركها مرة. (۳)

وكذا في الهندية:

الْجَمَاعَةُ سُنَّةٌ مُؤَكَّدَةٌ. كَذَا فِي الْمُتُونِ وَالْخُلَاصَةِ وَالْمُحِيطِ وَمُحِيطِ السَّرَخْسِيِّ وَفِي الْغَايَةِ قَالَ عَامَّةُ مَشَايِخِنَا: إنَّهَا وَاجِبَةٌ... تَجِبُ عَلَى الرِّجَالِ الْعُقَلَاءِ الْبَالِغِينَ الْأَحْرَارِ الْقَادِرِينَ عَلَى الصَّلَاةِ بِالْجَمَاعَةِ مِنْ غَيْرِ حَرَجٍ. (٤)

---

(۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الرابع، ۱/ ۸۷، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ۱/ ٦٣٥، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب في تكرار الجماعة في المسجد، ۱/ ٥٥٢، ٥٥٤، ط: سعيد

(٤) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الأول في الجماعة، ۱/ ۸۲، ط: رشيدية

وكذا في البحر الرائق:

وَمِنْهَا أَنَّهَا لَا تَجِبُ إِلَّا عَلَى الرِّجَالِ الْبَالِغِينَ العاقلين الْأَحْرَارِ الْقَادِرِينَ عَلَيْهَا مِنْ غَيْرِ حَرَجٍ. (۱)

وكذا في بدائع الصنائع:

فالجماعة إنما تجب على الرجال والعاقلين الأحرار القادرين عليها من غير حرج. (۲)

وكذا في امداد الفتاوی: کتاب الصلاۃ، مسائل منثورہ متعلقہ کتاب الصلاۃ، ۱/ ۶۳۴، ط: دار العلوم کراچی

وكذا في فتاوی رشیدیہ: کتاب الصلاۃ، ص ۴۴۰، ط: اشاعت اکیڈمی

عورتوں کی جماعت کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک ہی گھر کی عورتیں گھر میں کسی کمرے کو مخصوص کرکے اس میں جماعت کا اہتمام کر سکتی ہیں یا نہیں؟ عورتوں کی جماعت عورت امام کی اقتداء میں درست ہوجاتی ہے یا نہیں؟

جواب: خواتین کی جماعت خاتون امام کے پیچھے مکروہ ہے خواتین کے لئے انفرادی نماز پڑھنا باجماعت پڑھنے سے افضل ہے۔

كذا في الهندية:

ويكره إمامة المرأة للنساء في الصلوات كلها من الفرائض والنوافل إلا في صلاة الجنازة. (۳)

وكذا في الدر المختار:

ويكره تحريما جماعة النساء ولو التراويح في غير صلاة جنازة. (٤)

وكذا في البدائع:

ولأن مبنى حالهن على الستر، وهذا أستر لها إلا أن جماعتهن مكروهة عندنا. (٥)

وكذا في کفایت المفتی: باب عورتوں کی جماعت کا بیان، ۴/ ۳۴۰، ط: ادارۃ الفاروق

---

[۱] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٠٥، ط: رشيدية

[۲] كتاب الصلاة، باب صلاة الجماعة، فصل أما بيان من تجب عليه الجماعة، ١/ ٣٨٤، ط: رشيدية

[۳] كتاب الصلاة، الفصل الثاني من هو أحق بالإمامة، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

[٤] ١/ ٥٦٥، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، صلاة الجماعة، ١/ ٣٨٨، ط: رشيدية

عورتوں کا نمازِ تراویح کے لئے مسجد جانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز تراویح کے لئے عورتوں کا مسجد میں جانا شرعا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ عورتوں کا نماز تراویح کے لئے مسجد جانا مکروہ ہے۔

كذا في صحيح مسلم:

عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ: «لَوْ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ».[١]

وكذا في سنن أبي داود:

وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا وَصَلَاتُهَا فِي مَخْدَعِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي بَيْتِهَا».[٢]

وكذا في بذل المجهود:

والفتوى اليوم على الكراهة في الصلوات كلها لظهور الفساد.[٣]

وكذا في تنوير الأبصار:

(و) يكره تحريما (جماعة النساء) ولو التراويح في غير صلاة جنازة... (ويكره حضورهن الجماعة) ولو لجمعة وعيد ووعظ (مطلقا) ولو عجوزا ليلا (على المذهب) المفتى به لفساد الزمان.[٤]

وكذا في مجمع الأنهر:

(وَلَا يَحْضُرْنَ الْجَمَاعَاتِ) فِي كُلِّ الصَّلَاةِ نَهَارِيَّةً أَوْ لَيْلِيَّةً لِقَوْلِهِ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «صَلَاتُهَا فِي قَعْرِ بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي صَحْنِ دَارِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي صَحْنِ دَارِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي مَسْجِدِهَا، وَبُيُوتُهُنَّ

---

[١] كتاب الصلاة، باب خروج النساء إلى المسجد، ١/ ١٨٣، ط: قديمي

[٢] كتاب الصلاة، باب ما جاء في خروج النساء إلى المسجد، ١/ ٩٤، ط: رحمانيه

[٣] كتاب الصلاة، باب ما جاء في خروج النساء إلى المسجد، ١/ ٣١٩، ط: امداديه

[٤] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٥، ٥٦٦، ط: سعيد

خَيْرٌ لَهُنَّ» وَلِأَنَّهُ لَا تُؤْمَنُ الْفِتْنَةُ مِنْ خُرُوجِهِنَّ... وَأَمَّا فِي زَمَانِنَا فَيُمْنَعْنَ عَنْ حُضُورِ الْجَمَاعَاتِ وَعَلَيْهِ الْفَتْوَى.(۱)

وكذا في بدائع الصنائع:

أما النساء فلأن خروجهن إلى الجماعات فتنة.(۲)

وكذا في الهندية:

وَكُرِهَ لَهُنَّ حُضُورُ الْجَمَاعَةِ... وَالْفَتْوَى الْيَوْمُ عَلَى الْكَرَاهَةِ فِي كُلِّ الصَّلَوَاتِ لِظُهُورِ الْفَسَادِ. كَذَا فِي الْكَافِي وَهُوَ الْمُخْتَارُ.(۳)

وكذا في البحر الرائق: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٢٧، ٦٢٨، ط: رشيدية

وكذا في فتح القدير: كتاب الصلاة، باب الامامة، ١/ ٣٧٥، ط: دار الكتب العلمية

وكذا في فتاوى محموديه: كتاب الصلاة، باب الإمامة، ٦/ ٤٧٤، ط: الجامعة الفاروقية

معذور شخص کا گھر بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر پر امام کی اقتداء کرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ معذور شخص کا گھر بیٹھ کر لاؤڈ اسپیکر پر امام کی اقتداء کرنا شرعا درست ہے یا نہیں جبکہ گھر اور مسجد کے درمیان فاصلہ ہو؟

جواب: لاؤڈ اسپیکر پر امام کی اقتداء شرعا اس وقت درست ہے جبکہ امام اور مقتدی کے درمیان خلل نہ ہو اور مکان متحد ہو۔ صورت مسئولہ میں گھر بیٹھ کر اقتداء سے اتحاد مکان یا اتصال صفوف کا تحقق چونکہ نہیں ہو سکتا اس لئے یہ اقتداء شرعا درست نہیں۔

كذا في الشامية:

إذَا قَامَ عَلَى الْجِدَارِ الَّذِي يَكُونُ بَيْنَ دَارِهِ وَبَيْنَ الْمَسْجِدِ وَلَا يُشْتَبَهُ حَالُ الْإِمَامِ يَصِحُّ الِاقْتِدَاءُ، وَإِنْ قَامَ عَلَى سَطْحِ دَارِهِ وَدَارُهُ مُتَّصِلَةٌ بِالْمَسْجِدِ لَا يَصِحُّ اقْتِدَاؤُهُ وَإِنْ كَانَ لَا يَشْتَبِهُ عَلَيْهِ حَالُ الْإِمَامِ لِأَنَّ بَيْنَ الْمَسْجِدِ وَبَيْنَ سَطْحِ دَارِهِ كَثِيرَ التَّخَلُّلِ فَصَارَ الْمَكَانُ مُخْتَلِفًا. أَمَّا فِي الْبَيْتِ مَعَ الْمَسْجِدِ لَمْ يَتَخَلَّلْ إلَّا الْحَائِطُ وَلَمْ يَخْتَلِفْ الْمَكَانُ، وَعِنْدَ اتِّحَادِ الْمَكَانِ يَصِحُّ الِاقْتِدَاءُ إلَّا إذَا اشْتَبَهَ عَلَيْهِ حَالُ الْإِمَامِ. اهـ. أَقُولُ: حَاصِلُ كَلَامِ الدُّرَرِ أَنَّ اخْتِلَافَ

---

(۱) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ١٦٤، ١٦٥، ط: الحبيبية

(۲) كتاب الصلاة، ١/ ٣٨٥، ط: رشيدية

(۳) كتاب الصلاة، باب الإمامة، الفصل الخامس، ١/ ٩٨، ط: قديمي

الْمَكَانِ مَانِعٌ مُطْلَقًا. وَأَمَّا إِذَا اتَّحَدَ، فَإِنْ حَصَلَ اشْتِبَاهٌ مَنَعَ وَإِلَّا فَلَا.[1]

وكذا في قاضي خان:

وإن قام على الجدار الذي يكون بين داره وبين المسجد لم يشتبه عليه حال الإمام يصح الاقتداء وإن قام على سطح داره وداره متصل بالمسجد لا يصح اقتداؤه وإن كان لا يشتبه عليه حال الإمام لأن بين المسجد وبين سطح الدار كثير التخلل فصار المكان مختلفا أما في البيت مع المسجد لم يتخلل إلا الحائط فلم يختلف المكان وعند اتحاد المكان يصح الاقتداء إلا إذا اشتبه عليه حال الإمام.[2]

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب تسوية الصفوف وترتيبها، ٦/ ٥٢٦ - ٥٢٨، ط: فاروقيه

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: نماز کے مسائل، مقتدی، ۴/ ۴۸۲، ط: لدھیانوی

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ١/ ٤٠٥، ط: قدیمی

تنہا عورتوں کا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ عورتوں کی باجماعت تراویح کی نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ جبکہ امام بھی عورت اور خالص عورتوں کی جماعت ہو؟

جواب: تنہا عورتوں کی باجماعت نماز مکروہ تحریمی ہے، عورتوں کے لئے جماعت کے بغیر نماز پڑھنے میں زیادہ ثواب ہے۔

كذا في الدر المختار:

(وَيُكْرَهُ حُضُورُهُنَّ الْجَمَاعَةَ) وَلَوْ لِجُمُعَةٍ وَعِيدٍ وَوَعْظٍ (مُطْلَقًا) وَلَوْ عَجُوزًا لَيْلًا (عَلَى الْمَذْهَبِ) الْمُفْتَى بِهِ لِفَسَادِ الزَّمَانِ... (كَمَا تُكْرَهُ إِمَامَةُ الرَّجُلِ لَهُنَّ فِي بَيْتٍ لَيْسَ مَعَهُنَّ رَجُلٌ غَيْرُهُ وَلَا مَحْرَمٌ مِنْهُ) كَأُخْتِهِ أَوْ زَوْجَتِهِ أَوْ أَمَتِهِ. أَمَّا إِذَا كَانَ مَعَهُنَّ وَاحِدٌ مِمَّنْ ذُكِرَ أَوْ أَمَّهُنَّ فِي الْمَسْجِدِ لَا) يُكْرَهُ بَحْرٌ.[3]

وكذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ إِمَامَةُ الْمَرْأَةِ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا مِنْ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ إِلَّا فِي صَلَاةِ الْجَنَازَةِ. هَكَذَا فِي النِّهَايَةِ فَإِنْ

==================

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٨٧، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، فصل في من يصح الاقتداء، ١/ ٤٦، ط: اشرفيه

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٥٦٦، ط: سعيد

فَعَلْنَ وَقَفَتْ الْإِمَامُ وَسَطَهُنَّ وَبِقِيَامِهَا وَسَطَهُنَّ لَا تَزُولُ الْكَرَاهَةُ.. وَصَلَاتُهُنَّ فُرَادَى أَفْضَلُ هَكَذَا فِي الْخُلَاصَةِ. (۱)

وكذا في البحر الرائق:

وَكُرِهَ جَمَاعَةُ النِّسَاءِ؛ لِأَنَّهَا لَا تَخْلُو عَنْ ارْتِكَابِ مُحَرَّمٍ وَهُوَ قِيَامُ الْإِمَامِ وَسَطَ الصَّفِّ فَيُكْرَهُ كَالْعُرَاةِ كَذَا فِي الْهِدَايَةِ وَهُوَ يَدُلُّ عَلَى أَنَّهَا كَرَاهَةُ تَحْرِيمٍ؛ لِأَنَّ التَّقَدُّمَ وَاجِبٌ عَلَى الْإِمَامِ لِلْمُوَاظَبَةِ مِنْ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عَلَيْهِ وَتَرْكُ الْوَاجِبِ مُوجِبٌ لِكَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ الْمُقْتَضِيَةِ لِلْإِثْمِ وَيَدُلُّ عَلَى كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ فِي جَمَاعَةِ الْعُرَاةِ بِالْأَوْلَى... وَكَذَلِكَ يُكْرَهُ أَنْ يَؤُمَّ النِّسَاءَ فِي بَيْتٍ وَلَيْسَ مَعَهُنَّ رَجُلٌ وَلَا مَحْرَمٌ مِنْهُ. (۲)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب الجماعة، الفصل الخامس في جماعة النساء، ٦/ ٤٧٢، ط: فاروقيه

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٣١٣، ط: سعيد

نماز سکھانے کی غرض سے عورتوں کی جماعت

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک عورت دینی تعلیم دیتی ہے اور جب ظہر کی نماز کا وقت آتا ہے تو وہ عورتوں کی صف بنا کر ان کو جماعت کے ساتھ جہر اًقرات کے ساتھ نماز پڑھاتی ہے جب انہیں ان سے منع کیا گیا تو وہ اس کے جواب میں کہتی ہے کہ میں نماز کا طریقہ سکھاتی ہوں۔

جواب: واضح رہے کہ عورتوں کا جماعت سے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، نیز ظہر میں جہر اًقرات سرے سے مشروع ہی نہیں ہے پھر عورتوں کے لئے تو جہری نمازوں میں بھی جہراً تلاوت کرنا درست نہیں ہے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں اس عورت کو نماز پڑھانے سے منع کیا جائے اور انہیں بتایا جائے کہ آپ کا یہ عمل اگر نماز سکھانے کی غرض سے کرنا ہے تو اس کو نماز کی ادائیگی کے لئے کافی نہ سمجھا جائے بلکہ اس کے بعد نماز ظہر الگ سے پڑھنا ضروری ہے کیونکہ ظہر کی نماز میں قرات سراً کرنا واجب ہے اور عمداً واجب کو ترک کرنے سے نماز دوبارہ پڑھنا ضروری ہوتا ہے۔

كذا في القرآن المجيد:

وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ. (سورة الأحزاب: الآية ٣٣)

---

(۱) كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماما لغيره، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

(۲) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٤، ٦١٦، ط: رشيدية

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَلَا يَحْضُرْنَ الْجَمَاعَاتِ) لِقَوْلِهِ تَعَالَى {وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ} وَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ «صَلَاتُهَا فِي قَعْرِ بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي صَحْنِ دَارِهَا وَصَلَاتُهَا فِي صَحْنِ دَارِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي مَسْجِدِهَا وَبُيُوتُهُنَّ خَيْرٌ لَهُنَّ» وَلِأَنَّهُ لَا يُؤْمَنُ الْفِتْنَةُ مِنْ خُرُوجِهِنَّ. [1]

وفيه أيضا:

وَكُرِهَ إمَامَةُ الْعَبْدِ... وَجَمَاعَةُ النِّسَاءِ. (قَوْلُهُ وَجَمَاعَةُ النِّسَاءِ) أَيْ وَكُرِهَ جَمَاعَةُ النِّسَاءِ؛ لِأَنَّهَا لَا تَخْلُو عَنْ ارْتِكَابِ مُحَرَّمٍ وَهُوَ قِيَامُ الْإِمَامِ وَسَطَ الصَّفِّ فَيُكْرَهُ كَالْعُرَاةِ كَذَا فِي الْهِدَايَةِ وَهُوَ يَدُلُّ عَلَى أَنَّهَا كَرَاهَةُ تَحْرِيمٍ؛ لِأَنَّ التَّقَدُّمَ وَاجِبٌ عَلَى الْإِمَامِ لِلْمُوَاظَبَةِ مِنْ النَّبِيِّ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عَلَيْهِ وَتَرْكُ الْوَاجِبِ مُوجِبٌ لِكَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ الْمُقْتَضِيَةِ لِلْإِثْمِ وَيَدُلُّ عَلَى كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ فِي جَمَاعَةِ الْعُرَاةِ بِالْأَوْلَى. [2]

وكذا في العناية:

(ويكره للنساء أن يصلين جماعة لأنهن في ذلك لا يخلون عن ارتكاب محرم)... (وحمل فعلها الجماعة على ابتداء الإسلام) جواب عما يقال إذا كانت إمامتهن مكروهة فكيف فعلت عائشة ووجهه أنها فعلت ذلك في ابتداء الإسلام وكانت جائزة ستة تقف الامام وسطهن فنسخت سنيتها دون الجواز. [3]

وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر:

(قوله ويكره تحريما جماعة النساء) لأن الإمام إن تقدمت لزم زيادة الكشف وإن وقفت وسط الصف لزم ترك الإمام مقامه وكل منهما مكروه كما في العناية... (قوله لفساد الزمان) ولذا قالت عائشة للنساء حين شكون إليها من عمر لنهيه لهن عن الخروج إلى المساجد لو علم النبي صلى الله عليه وسلم ما علم عمر ما أذن

==================

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٢٧، ط: رشيديه

[2] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١٤، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٣٥٢، ٣٥٣، ط: بيروت

لَكُنَّ في الخروج، قهستاني. [١]

وكذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ إِمَامَةُ الْمَرْأَةِ لِلنِّسَاءِ فِي الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا مِنْ الْفَرَائِضِ وَالنَّوَافِلِ... فَإِنْ فَعَلْنَ وَقَفَتْ الإِمَامُ وَسَطَهُنَّ وَبِقِيَامِهَا وَسَطَهُنَّ لَا تَزُولُ الْكَرَاهَةُ. [٢]

وكذا في رد المحتار:

وَلَا تَجْهَرُ فِي الْجَهْرِيَّةِ، بَلْ لَوْ قِيلَ بِالْفَسَادِ بِجَهْرِهَا لَأَمْكَنَ بِنَاءً عَلَى أَنَّ صَوْتَهَا عَوْرَةٌ. [٣]

وفيه أيضا:

(قَوْلُهُ وَصَوْتِهَا)... نَغْمَةُ الْمَرْأَةِ عَوْرَةٌ، وَتَعَلُّمُهَا الْقُرْآنَ مِنْ الْمَرْأَةِ أَحَبُّ. قَالَ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ» فَلَا يَحْسُنُ أَنْ يَسْمَعَهَا الرَّجُلُ. اهـ. وَفِي الْكَافِي: وَلَا تُلَبِّي جَهْرًا لِأَنَّ صَوْتَهَا عَوْرَةٌ... وَعَلَى هَذَا لَوْ قِيلَ إذَا جَهَرَتْ بِالْقِرَاءَةِ فِي الصَّلَاةِ فَسَدَتْ كَانَ مُتَّجِهًا، وَلِهَذَا مَنَعَهَا - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - مِنْ التَّسْبِيحِ بِالصَّوْتِ لِإِعْلَامِ الْإِمَامِ. [٤]

وكذا في الدر المختار:

(وَالْجَهْرِ فِيمَا يُخَافِتُ فِيهِ) لِلْإِمَامِ (وَعَكْسُهُ) لِكُلِّ مُصَلٍّ فِي الْأَصَحِّ وَالْأَصَحُّ تَقْدِيرُهُ (بِقَدْرِ مَا تَجُوزُ بِهِ الصَّلَاةُ فِي الْفَصْلَيْنِ. وَقِيلَ) قَائِلُهُ قَاضِي خَانْ يَجِبُ السَّهْوُ (بِهِمَا) أَيْ بِالْجَهْرِ وَالْمُخَافَتَةِ (مُطْلَقًا) أَيْ قَلَّ أَوْ كَثُرَ. [٥]

====================

[١] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٢٤٥، ط: رشيدية

[٢] كتاب الصلاة، الباب الخامس في الإمامة، فصل ثالث، ١/ ٨٥، ط: رشيدية

[٣] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٥٠٤، ط: سعيد

[٤] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، مطلب في ستر العورة، ١/ ٤٠٦، ط: سعيد

[٥] كتاب الصلاة، باب سجود السهو، ٢/ ٨١، ط: سعيد

باب السترة

سترہ کی لمبائی اور موٹائی کتنی ہو اور کن کن چیزوں کو سترہ بنا سکتے ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کس چیز کو بطور سترہ استعمال کرتے تھے؟ اگر آج کل وہ چیز دستیاب نہ ہو تو کوئی اور چیز سترہ کے طور پر رکھی جائے جیسا کہ مسجدوں میں جنگلہ وغیرہ بنا کر رکھ دیتے ہیں تو کیا ان کو بطور سترہ استعمال کرنا درست ہے؟ اور کیا ہر چیز کو سترہ بنایا جاسکتا ہے؟ جیسا کہ سواری کو سترہ بنالے، یا کسی جانور کو سامنے باندھ کر نماز پڑھ لے، یا درخت وغیرہ کو سترہ بنالے، تو کیا ان کے سامنے ہوتے ہوئے نمازی کے سامنے سے گزرا جاسکتا ہے؟ نماز پر کوئی فرق تو نہیں پڑے گا؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سترہ کے طور پر ایک چھوٹا نیزہ جسے "عنزہ" کہتے ہیں استعمال کرتے تھے۔

واضح رہے کہ سترہ کی لمبائی ایک ذراع یعنی ایک ہاتھ اور موٹائی کم از کم ایک انگلی کے بقدر ہو تو اس کے ہوتے ہوئے نمازی کے سامنے سے گزرا جاسکتا ہے، اور اگر سترہ کی لمبائی ایک ہاتھ سے کم ہو تو نمازی کے سامنے سے گزرنا جائز نہیں۔

اسی طرح سترہ ہر چیز کو بنایا جاسکتا ہے، خواہ سواری ہو یا درخت یا دیوار یا کوئی جانور، ان چیزوں کے ہوتے ہوئے نمازی کے سامنے سے گزرا جاسکتا ہے، چاہے سترہ ہو یا نہ ہو نماز پڑھنے والے کے سامنے سے گزرنے پر نماز کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑے گا، تاہم بغیر سترہ کے گزرنے والے پر حدیث شریف میں سخت وعید وارد ہے، اس لئے اس سے بچنا ضروری ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: «خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالهَاجِرَةِ، فَصَلَّى بِالْبَطْحَاءِ الظُّهْرَ وَالعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ، وَنَصَبَ بَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةً وَتَوَضَّأَ» ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَتَمَسَّحُونَ بِوَضُوئِهِ. [۱]

وفيه أيضا:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْدُو إِلَى الْمُصَلَّى وَالْعَنَزَةُ بَيْنَ يَدَيْهِ تُحْمَلُ وَتُنْصَبُ بِالْمُصَلَّى بَيْنَ يَدَيْهِ فَيصَلي إِلَيْهَا. [۲]

---

[۱] كتاب الصلاة، باب السترة بمكة وغيرها، ١/ ٧٢، ط: قديمي

[۲] كتاب العيدين، باب حمل العنزة والحربة بين يدي الإمام يوم الجمعة، ١/ ١٣٣، ط: قديمي

وفیہ أیضا:

وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَرِّضُ رَاحِلَتَهُ فَيُصَلِّي إِلَيْهَا. [١]

وفیہ أیضا:

وَعَن أبي جهيم قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسلم: «لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِينَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ». [٢]

وكذا في المرقاة:

مَا يُسْتَتَرُ بِهِ كَائِنًا مَا كَانَ، وَقَدْ غَلَبَ عَلَى مَا يَنْصِبُهُ الْمُصَلِّي قُدَّامَهُ مِنْ عَصًا أَوْ سَجَّادَةٍ أَوْ سَوْطٍ أَوْ غَيْرِ ذَلِكَ، مِنْ آدَمِيٍّ أَوْ شَجَرَةٍ أَوْ دَابَّةٍ مِمَّا يَظْهَرُ بِهِ مَوْضِعُ سُجُودِ الْمُصَلِّي كَيْلَا يَمُرَّ مَارٌّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَوْضِعِ سُجُودِهِ، وَيَكْفِي قَدْرُ ذِرَاعٍ فِي غِلَظِ أُصْبُعٍ... فَإِنْ لَمْ يَجِدْ عَصًا وَنَحْوَهَا جَمَعَ حِجَارَةً أَوْ تُرَابًا، وَإِلَّا فَلْيَبْسُطْ مُصَلًّى وَإِلَّا فَلْيَخُطَّ خَطًّا، وَسُتْرَةُ الْإِمَامِ سُتْرَةُ الْمَأْمُومِ إِلَّا أَنْ يَجِدَ الدَّاخِلُ فُرْجَةً فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ، فَلَهُ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيِ الصَّفِّ الثَّانِي لِتَقْصِيرِ أَهْلِ الصَّفِّ الثَّانِي، ذَكَرَهُ الطِّيبِيُّ، وَفِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ يَجُوزُ تَرْكُ السُّتْرَةِ فِي مَوْضِعٍ يَأْمَنُ الْمُرُورَ فِيهِ. [٣]

وكذا في الدر المختار:

ويغزر الْإِمَامُ وَكَذَا الْمُنْفَرِدُ... سُتْرَةً بِقَدْرِ ذِرَاعٍ طُولًا وَغِلَظِ أُصْبُعٍ لِتَبْدُوَ لِلنَّاظِرِ. قوله (بِقَدْرِ ذِرَاعٍ) بيان لأقلها والظاهر أن المراد به ذراع اليد كما صرح به الشافعية وهو شبران. [٤]

وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح:

مروره" أي المار "يستحب له" أي مريد الصلاة "أن يغرز سترة" لما روينا ولقوله صلى الله عليه وسلم "ليستتر أحدكم ولو بسهم" "وأن تكون طول ذراع فصاعدا... ثم قال: وفسرت بأنها ذراع، فما فوقه في غلط

---

[١] كتاب الصلاة، باب الصلاة إلى الراحلة والبعير والشجر والرحل، ١/ ٧٢، ط: قديمي

[٢] كتاب الصلاة، باب إثم المار بين يدي المصلي، ١/ ٧٣، ط: قديمي

[٣] كتاب الصلاة، باب السترة، ٢/ ٢٤٠، ط: امداديه

[٤] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٣٧، ط: سعيد

الإصبع وذلك أدناه لأن ما دونه ربما لا يظهر للناظر فلا يحصل المقصود منها.[1]

نمازی کے سامنے سے گزرنا اور سترہ کی مقدار

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نمازی کے سامنے جو سترہ ہونا چاہئے اس کی مقدار کیا ہے؟ اور نمازی کے سامنے سے گزرنا ہو تو کتنے دور فاصلہ رکھنا چاہئے؟ اور وہ حدیث شریف جس میں نمازی کے سامنے سے گزرنے پر وعید آئی ہے وہ کون سی ہے؟

جواب: سترہ کم از کم ایک ذراع شرعی (تقریباً ڈیڑھ فٹ) اونچا ہونا چاہئے، اگر بقدر ذراع سترہ میسر نہ ہو تو اس سے کم بھی کافی ہے، بوقت ضرورت سترہ کی کئی صورتیں ہیں، مثلاً:

۱) کوئی ایسی چیز جو ایک ذراع سے کم بلند ہو۔

۲) چھڑی وغیرہ لٹالینا، اگر کھڑی نہ ہو سکے۔

۳) سامنے خط کھینچ لینا (لمبائی یا چوڑائی یا محراب کی شکل میں وغیرہ) اگر اتنی چھوٹی مسجد یا کمرے یا صحن میں نماز پڑھ رہا ہو کہ چالیس چالیس ذراع شرعی سے کم ہے تو نمازی کے سامنے سے گزرنا مطلقاً ناجائز ہے خواہ قریب سے گزرے یا دور سے، البتہ اگر کھلی فضاء میں یا ۳۳۴،۴۵ مربع میٹر یا اس سے بڑی مسجد یا بڑے کمرے یا بڑے صحن میں نماز پڑھ رہا ہو تو سجدہ کی جگہ پر نظر جمانے سے آگے جہاں تک بالتبع نظر پہنچتی ہو وہاں تک گزرنا جائز نہیں، اس سے ہٹ کر گزرنا جائز ہے، تقریباً اس کا فاصلہ سجدہ کی جگہ سے ایک صف کے قریب ہوتا ہے، لہٰذا نمازی کے موضع قیام سے دو صف کی مقدار (تقریباً آٹھ فٹ ۲،۴۴ میٹر) چھوڑ کر گزرنا جائز ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

وَعَن أبي جهيم قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسلم: «لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِينَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ» قَالَ أَبُو النَّضر: لَا أَدْرِي قَالَ: «أَرْبَعِينَ يَوْمًا أَوْ شَهْرًا أَو سنة».[2]

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر نمازی کے سامنے سے گزرنے والا یہ جان لے کہ اس پر اس گزرنے کا کیا گناہ ہے تو

===================

[1] كتاب الصلاة، فصل في اتخاذ السترة ورفع المار بين يدي... إلخ، ص٣٦٥، ٣٦٦، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب إثم المار بين يدي المصلي، ١/ ٧٠، ط: قديمي

وہ اس کے لئے چالیس (دن یا مہینے یا سال) کھڑا رہنا بہتر ہے اس سے کہ وہ نمازی کے سامنے سے گزرے۔

وكذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ وَمَسْجِدِ صَغِيرٍ) هُوَ أَقَلُّ مِنْ سِتِّينَ ذِرَاعًا، وَقِيلَ مِنْ أَرْبَعِينَ، وَهُوَ الْمُخْتَارُ كَمَا أَشَارَ إلَيْهِ فِي الْجَوَاهِرِ قُهُسْتَانِيٌّ (قَوْلُهُ فَإِنَّهُ كَبُقْعَةٍ وَاحِدَةٍ) أَيْ مِنْ حَيْثُ إنَّهُ لَمْ يُجْعَلْ الْفَاصِلُ فِيهِ بِقَدْرِ صَفَّيْنِ مَانِعًا مِنْ الِاقْتِدَاءِ تَنْزِيلًا لَهُ مَنْزِلَةَ مَكَان وَاحِدٍ، بِخِلَافِ الْمَسْجِدِ الْكَبِيرِ فَإِنَّهُ جُعِلَ فِيهِ مَانِعًا فَكَذَا هُنَا يُجْعَلُ جَمِيعُ مَا بَيْنَ يَدَيْ الْمُصَلِّي إلَى حَائِطِ الْقِبْلَةِ مَكَانًا وَاحِدًا، بِخِلَافِ الْمَسْجِدِ الْكَبِيرِ وَالصَّحْرَاءِ فَإِنَّهُ لَوْ جُعِلَ كَذَلِكَ لَزِمَ الْحَرَجُ عَلَى الْمَارَّةِ، فَاقْتُصِرَ عَلَى مَوْضِعِ السُّجُودِ، هَذَا مَا ظَهَرَ لِي فِي تَقْرِيرِ هَذَا الْمَحَلِّ. [1]

وكذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(سُتْرَةً بِقَدْرِ ذِرَاعٍ) طُولًا (وَغِلَظِ أُصْبُعٍ) لِتَبْدُوَ لِلنَّاظِرِ (بِقُرْبِهِ) دُونَ ثَلَاثَةِ أَذْرُعٍ (عَلَى) حِذَاءِ (أَحَدِ حَاجِبَيْهِ) مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَالْأَيْمَنُ أَفْضَلُ (وَلَا يَكْفِي الْوَضْعُ وَلَا الْخَطُّ) وَقِيلَ يَكْفِي فَيَخُطُّ طُولًا، وَقِيلَ كَالْمِحْرَابِ (وَيَدْفَعُهُ) هُوَ رُخْصَةٌ، فَتَرْكُهُ أَفْضَلُ بَدَائِعُ.

(قَوْلُهُ بِقَدْرِ ذِرَاعٍ) بَيَانٌ لِأَقَلِّهَا. وَالظَّاهِرُ أَنَّ الْمُرَادَ بِهِ ذِرَاعُ الْيَدِ كَمَا صَرَّحَ بِهِ الشَّافِعِيَّةُ، وَهُوَ شِبْرَانِ. [2]

وكذا في مجمع الأنهر:

(وَإِنْ مَرَّ مَارٌّ فِي مَوْضِعِ سُجُودِهِ إذَا كَانَ عَلَى الْأَرْضِ أَوْ حَاذَى الْأَعْضَاءُ الْأَعْضَاءَ إذَا كَانَ عَلَى الدُّكَّانِ أَثِمَ الْمَارُّ وَلَا تَفْسُدُ)... وَفِي تَفْسِيرِ مَوْضِعِ السُّجُودِ تَفْصِيلٌ، فَاعْلَمْ أَنَّ الصَّلَاةَ إنْ كَانَتْ فِي الْمَسْجِدِ الصَّغِيرِ هُوَ أَقَلُّ مِنْ سِتِّينَ ذِرَاعًا، وَقِيلَ مِنْ أَرْبَعِينَ فَالْمُرُورُ أَمَامَ الْمُصَلِّي حَيْثُ كَانَ يُوجِبُ الْإِثْمَ لِأَنَّ الْمَسْجِدَ الصَّغِيرَ مَكَانٌ وَاحِدٌ فَأَمَامُ الْمُصَلِّي حَيْثُ كَانَ فِي حُكْمِ مَوْضِعِ سُجُودِهِ، وَإِنْ كَانَتْ فِي الْمَسْجِدِ الْكَبِيرِ أَوْ فِي الصَّحْرَاءِ فَعِنْدَ بَعْضِ الْمَشَايِخِ إنْ مَرَّ فِي مَوْضِعِ السُّجُودِ يَأْثَمُ وَإِلَّا فَلَا، وَعِنْدَ الْبَعْضِ الْمَوْضِعُ الَّذِي يَقَعُ عَلَيْهِ النَّظَرُ إذَا كَانَ الْمُصَلِّي نَاظِرًا فِي مَوْضِعِ سُجُودِهِ. [3]

---

[1] كتاب الصلاة، مطلب إذا قرأ تعالى جد بدون ألف لا تفسد، ١/ ٦٣٤، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٣٧، ط: سعيد

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ١٨٣، ط: الحبيبية

وكذا في كفايت المفتي: كتاب الصلاة، ٤/ ٤٥٨، ط: الفاروق

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٠٩، ٤١٠، ط: سعيد

وكذا في فتاوى زكريا: كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٣٥١، ط: زمزم پبلشرز

نمازی کے آگے سے گزرنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا ہو اگر کوئی بھول کر اس کے آگے سے گزر جائے تو کیا وہ گناہ گار ہوگا اور اسی طرح اگر کوئی قصداً نمازی کے آگے سے گزر جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: نمازی کے آگے سے قصداً گزر جانا سخت گناہ ہے، حدیث مبارک میں نمازی کے آگے سے گزرنے والے پر سخت وعید آئی ہے تاہم کوئی بھول کر یا معلوم نہ ہونے پر گزر جائے تو گناہ گار نہ ہوگا۔

كذا في صحيح البخاري:

إِثْمِ الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ، أَرْسَلَهُ إِلَى أَبِي جُهَيْمٍ يَسْأَلُهُ: مَاذَا سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَارِّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي؟ فَقَالَ أَبُو جُهَيْمٍ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ، لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِينَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ».[١]

وكذا في در المختار:

(إن إثم المار) لِحَدِيثِ الْبَزَّارِ «لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ مَاذَا عَلَيْهِ مِنْ الْوِزْرِ لَوَقَفَ أَرْبَعِينَ خَرِيفًا» (فِي ذَلِكَ) الْمُرُورِ لَوْ بِلَا حَائِلٍ وَلَوْ سِتَارَةً تَرْتَفِعُ إذَا سَجَدَ وَتَعُودُ إذَا قَامَ وَلَوْ كَانَ فُرْجَةً فَلِلدَّاخِلِ أَنْ يَمُرَّ عَلَى رَقَبَةِ مَنْ لَمْ يَسُدَّهَا لِأَنَّهُ أَسْقَطَ حُرْمَةَ نَفْسِهِ فَتَنَبَّهْ.[٢]

وكذا في الفتاوى الهندية:

ولو مر مار في موضع سجوده لا تفسد وإن أثم.[٣]

==================

[١] كتاب الصلاة، باب إثم المار بين يدي المصلي، ١/ ٧٣، ط: قديمي

[٢] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما لا يكره فيها، ١/ ٦٣٦، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ١٠٤، ط: رشيدية

وكذا في التاتارخانية:

الثالث أن المرور بين يدي المصلي مكروه والمار آثم. [١]

وكذا في آپ کے مسائل اوران کا حل: کتاب الصلاۃ، مسبوق ولاحق کے مسائل، نمازی کے سامنے سے گزرنا، ۳/ ۵۲۷،ط: لدھیانوی

امام کا سترہ مقتدی کے لئے کافی ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے کافی ہے یا مقتدی حضرات علیحدہ اپنا سترہ بنائیں؟ اگر امام کا سترہ مقتدیوں کی طرف سے کافی ہو جاتا تو پھر ان مقتدیوں کے سامنے سے گزرنے پر گناہ ہوگا یا نہیں؟ اگر گناہ ہوتا ہے تو امام کا سترہ مقتدیوں کی طرف سے کافی ہونے کا مطلب کیا ہے؟

جواب: واضح رہے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے کافی ہوتا ہے مقتدیوں کے لئے الگ سترے کی ضرورت نہیں لہٰذا مقتدیوں کے سامنے سے بلاسترہ اگر کوئی شخص گزر جائے تو اس کو گناہ نہیں ہوگا، البتہ یہ ادب کے خلاف ہے، اس لئے بلاضرورت شدیدہ ایسا نہیں کرنا چاہئے۔

كذا في الدر المختار:

وَكَفَتْ سُتْرَةُ الْإِمَامِ (قَوْلُهُ لِلْكُلِّ) أَيْ لِلْمُقْتَدِينَ بِهِ كُلِّهِمْ؛ وَعَلَيْهِ فَلَوْ مَرَّ مَارٌّ فِي قِبْلَةِ الصَّفِّ فِي الْمَسْجِدِ الصَّغِيرِ لَمْ يُكْرَهْ إذَا كَانَ لِلْإِمَامِ سُتْرَةٌ وَظَاهِرُ التَّعْمِيمِ شُمُولُ الْمَسْبُوقِ وَبِهِ صَرَّحَ الْقُهُسْتَانِيُّ. [٢]

وكذا في الهندية:

وسترة الإمام سترة للقوم ويدر المار إذا لم تكن بين أيديه سترة أو مر بينه وبين السترة بالإشارة أو بالتسبيح كذا في الهداية. [٣]

وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار:

قوله (الإمام) وسترته سترة مأمومه. [٤]

===================

[١] كتاب الصلاة، الفصل التاسع في المار بين يدي المصلي، ١/ ٤٥٨، ط: قديمي

[٢] كتاب الصلاة، باب ما يفسده وما لا يكره، ١/ ٦٣٨، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره وفيه فصلان، ١/ ١٠٤، ط: رشيدية

[٤] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما لا يفسد، ١/ ٢٦٩، ط: رشيدية

وكذا في التاتارخانية:

سترة الإمام تجزي أصحابه. [١]

وكذا في كفايت المفتى: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثالث فيما يتعلق بالسترة، ٤/ ٤٥٧، ط: الفاروق

وكذا في فتاوى زكريا: كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، فصل سوم سترہ کے احکام، ٢/ ٣٤٧، ط: زمزم پبلشرز

نمازی کے آگے سے چادر یا رومال وغیرہ لٹکا کر گزرنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ بسا اوقات ایک شخص کو جلدی اپنی نماز پڑھ کر جانا ہوتا ہے اور اس کے پیچھے دوسری صفوں میں لوگ نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں تو یہ شخص رومال یا چادر وغیرہ کو لٹکا کر گزر جاتا ہے تو کیا گزرنے والے شخص کا اس طرح گزرنا درست ہے وہ اس طرح کرنے سے گنہگار تو نہیں ہوگا؟

جواب: واضح رہے کہ نمازی کے آگے سے گزرنا سخت گناہ ہے، البتہ اگر گزرنا ناگزیر ہو تو نمازی کے آگے کوئی چیز بطور سترہ رکھ کر گزرنا چاہئے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں نمازی کے آگے کوئی سترہ نہ ہو تو رومال یا چادر وغیرہ نمازی کے سامنے لٹکا کر گزرنے کی گنجائش ہے، البتہ اس کو عادت نہیں بنانا چاہئے۔

وكذا في الدر المختار:

وإن إثم المار لحديث البزار لو يعلم المار ماذا عليه من الوزر لوقف أربعين خريفا في ذلك المرور لو بلا حائل ولو ستارة ترتفع إذا سجد وتعود إذا قام. [٢]

وكذا في الشامية:

أراد المرور بين يدي المصلي فإن كان معه شيء يضعه بين يديه ثم يمر ويأخذه. [٣]

---

[١] كتاب الصلاة، المرور بين يدي المصلي، ١/ ٦٣١، ط: ادارة القرآن

[٢] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٣٦، ط: سعيد

[٣] كتاب الصلاة، ١/ ٦٣٦، ط: سعيد

وفيه أيضا:

لم يذكروا ما إذا لم يكن معه سترة ومعه ثوب أو كتاب مثلا هل يكفي وضعه بين يديه والظاهر نعم كما يؤخذ من تعليل ابن الهمام المار آنفا. [۱]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ۳/ ٤١٠، ط: سعيد

وكذا في امداد الفتاوی: مسائل منثورہ متعلقہ کتاب الصلاۃ، ۱/ ٦٤٢، ط:

وكذا في فتاوی زکریا: كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۲/ ۳٤٩، ط: زمزم پبلشرز

سترہ کے بغیر گزرگاہ میں نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص ایسی جگہ پر نماز پڑھ رہاتھاجو گزرگاہ ہو اوراس کو معلوم بھی ہواس نے سترہ بھی نہ رکھاہواہو توکیااس شخص کی نماز قبول ہوجائے گی اور کیاوہ شخص جو نماز عام گزرگاہ پرادا کررہا ہے لوگ اس کے سامنے سے گزرتے ہیں تووہ شخص گناہ گار ہوگایاجو گزرتے ہیں اس کے سامنے سے وہ گناہ گار ہوں گے؟

جواب: صورت مسئولہ میں نماز توہوجائے گی البتہ بلاضرورت ایسی جگہ نماز نہیں پڑھنی چاہئے اورآگے گزرنے والے کو بھی احتیاط کرناچاہئے کیونکہ نمازی کے سامنے سے گزرنامکروہ ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَوْ يَعْلَمُ المَارُّ بَيْنَ يَدَيِ المُصَلِّي مَاذَا عَلَيْهِ، لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِينَ خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ» قَالَ أَبُو النَّضْرِ: لاَ أَدْرِي، أَقَالَ أَرْبَعِينَ يَوْمًا، أَوْ شَهْرًا، أَوْ سَنَةً. [۲]

وكذا في الهندية:

لو كان يصلي في الدكان فإن كانت أعضاء المار تحاذي أعضاء المصلي يكره وإلا فلا كذا في محيط السرخسي. [۳]

وكذا في الدر المختار:

أَوْ مُرُورُهُ أَسْفَلَ مِنْ الدُّكَّانِ أَمَامَ الْمُصَلِّي لَوْ كَانَ يُصَلِّي عَلَيْهَا أَيْ الدُّكَّانِ بِشَرْطِ مُحَاذَاةِ بَعْضِ أَعْضَاءِ الْمَارِّ

[۱] كتاب الصلاة، ۱/ ٦٣٧، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، باب إثم المار بين يدي المصلي، ۱/ ۷۳، ط: قديمي

[۳] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ۱/ ۱۰٤، ط: رشيدية

بَعْضَ أَعْضَائِهِ، وَكَذَا سَطْحٌ وَسَرِيرٌ وَكُلُّ مُرْتَفِعٍ دُونَ قَامَةِ الْمَارِّ وَقِيلَ دُونَ السُّتْرَةِ كَمَا فِي غُرَرِ الْأَذْكَارِ وَإِنْ أَثِمَ الْمَارُّ لِحَدِيثِ الْبَزَّارِ «لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ مَاذَا عَلَيْهِ مِنْ الْوِزْرِ لَوَقَفَ أَرْبَعِينَ خَرِيفًا».(۱)

وكذا في البحر الرائق:

وفي منية المصلي وتكره الصلاة في الصحراء من غير سترة إذا خاف المرور بين يديه. (۲)

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: كتاب الصلاة، نمازی کے سامنے سے گزرنا، ۳/ ۵۲۹، ط: لدھیانوی

رومال کو سترہ بنانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ رومال کو ہاتھ میں پکڑ کر نمازی کے سامنے سے گزرنا اور اس رومال کو سترہ بنانا شرعاً کیسا ہے؟

جواب: بوقت ضرورت اس پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔

كذا في معارف السنن:

وأما إذا أرخى أحدهم ثوبا أو منديلا بين يدي المصلي ليمر الآخر فلعله لا يأثم إذن. (۳)

وكذا في الشامية:

وَإِذَا كَانَ مَعَهُ عَصَا لَا تَقِفُ عَلَى الْأَرْضِ بِنَفْسِهَا فَأَمْسَكَهَا بِيَدِهِ وَمَرَّ مِنْ خَلْفِهَا هَلْ يَكْفِي ذَلِكَ؟ لَمْ أَرَهُ... [تَنْبِيهٌ] لَمْ يَذْكُرُوا مَا إذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهُ سُتْرَةٌ وَمَعَهُ ثَوْبٌ أَوْ كِتَابٌ مَثَلًا هَلْ يَكْفِي وَضْعُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ؟ وَالظَّاهِرُ نَعَمْ كَمَا يُؤْخَذُ مِنْ تَعْلِيلِ ابْنِ الْهُمَامِ الْمَارِّ آنِفًا. (٤)

وكذا في حاشية الطحطاوي:

روي عن محمد لما ورد فإن لم يكن معه عصا فليخط خطا... ويؤخذ منه أنه لو وضع ثوبا من ثيابه بين يديه أو نحو كتاب يكون سترا. (٥)

وكذا في احسن الفتاوی: باب ما يفسد الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤١٠، ط: سعيد

---

(١) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٣٤، ٦٣٥، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الأكل والشرب في الصلاة، ٢/ ٣٠، ط: رشيديه

(٣) كتاب الصلاة، باب ما جاء في سترة المصلي، ٣/ ٣٥٢، ط: سعيد

(٤) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٣٦، ٦٣٧، ط: سعيد

(٥) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة، ١/ ٢٦٩، ط: رشيدية

باب في اللاحق والمسبوق

لاحق کے لئے سجدہ سہو کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک آدمی جماعت کی نماز میں شریک ہوا، اور پھر نماز کے اندر ہی اس کا وضوٹوٹ گیااور وہ وضو کے لئے چلا گیا اس کے بعد امام صاحب کو نماز میں سہو ہو گیا اور اس نے سجدہ سہو کیا، امام صاحب کے سجدہ سہو کرنے کے بعد وہ لاحق نماز میں شریک ہوا، امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد جب وہ لاحق رہی ہوئی نماز پوری کرے گا تو اس پر وہ سجدہ سہو کرنا ضروری ہوگا یا نہیں جو امام صاحب پر واجب ہوا تھا؟

جواب: لاحق کے لئے امام کی متابعت لازم ہوتی ہے، وہ تمام نماز میں مقتدی کے حکم میں ہوگا لہٰذا مذکورہ صورت میں یہ شخص جب باقی رکعتیں پڑھے گا تو آخر میں سجدہ سہو کرنا بھی ضروری ہوگا۔

كذا في بدائع الصنائع:

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد قباء میں تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں نماز پڑھ رہے تھے اتنے میں انصار کے کچھ لوگ آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا، میں نے (عبداللہ بن عمر) صہیب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کا جواب کس طرح دیا تو صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ (جامع الترمذي: باب

---

[1] كتاب الصلاة، باب وجوب متابعة الإمام والنهي، ٤/ ٣٣١، ط: ادارة القرآن والعلوم الإسلامية

[2] كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة، ١/ ١٠٧، ط: رشيديه

[3] كتاب الصلاة، باب مطلب مهم في تحقيق متابعة الإمام، ١/ ٤٧١، ط: سعيد

المصلي يسلم عليه كيف يرد) فقہ حنفی کی مشہور کتاب شرح منیہ میں لکھا ہے کہ اگر ہاتھ یا آنکھ کے اشارے سے سلام کا جواب دیا تو نماز فاسد نہ ہوگی لیکن مکروہ ہے؟

جواب: نماز اللہ تعالیٰ کی بندگی اور مخلوق کی اپنے خالق کے ساتھ ہم کلامی اور سرگوشی کا عمل ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف اس طرح متوجہ ہو کہ انسان کا پورا وجود خدا کی بندگی میں مشغول رہے، زبان خدا کے ذکر سے تر ہو، ہاتھ نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ خدا کے سامنے بندھے ہوئے ہوں اور کوئی ایسی چھوٹی یا بڑی حرکت نہ کرے جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہو، اگر ایسی کوئی بھی حرکت یا کام پایا جائے گا تو وہ مکروہ شمار ہوگا، دوران نماز ہاتھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا بھی ایسا ہی ایک عمل ہے۔

تفصیل اس مسئلہ کی یہ ہے کہ عند الاحناف نماز کی حالت میں اگر ہاتھ کے اشارے سے سلام کیا جائے یا جواب دیا جائے تو نماز فاسد تو نہ ہوگی البتہ ایسا کرنا مکروہ ہے، سوالِ مذکور میں سائل کا حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ والی حدیث درج کرکے اور پھر آخر میں "لائق اتباع کون" تحریر کرکے یہ تاثر دینا کہ فقہ حنفی کے مسائل قرآن یا صحیح حدیثوں کے خلاف ہیں، یہ درحقیقت سائل کی اپنی کم فہمی، فقہ حنفی کے مسائل اور ان کے دلائل سے لاعلمی و قلّتِ تدبر کا نتیجہ ہے، یہ بات واضح رہے کہ فقہ حنفی کے مسائل کا ماخذ قرآن کریم، احادیثِ نبویہ، اجماعِ امت اور قیاس صحیح ہے، جو لوگ اس مسئلہ میں حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ یا فقہ حنفی پر اعتراض کرتے ہیں اور ان پر زبانِ طعن دراز کرتے ہیں وہ مسئلہ کو صحیح نہ سمجھنے کی وجہ سے کرتے ہیں، زیر بحث مسئلہ میں ان کا یہ طعن حضرت امام اعظم رحمہ اللہ یا فقہ حنفی پر نہیں ہے بلکہ درحقیقت اس حدیث اور حدیث کو نقل کرنے والے اس صحابی پر ہے جس کی روایت کی روشنی میں فقہ حنفی میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے، جہاں تک تعلق ہے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کے واقعہ کا جو سائل نے بطور استدلال کے پیش کرکے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ احناف اس حدیث کی مخالفت کرکے محض ایک فقہی کتاب کی عبارت پر عمل پیرا ہیں تو یہ ایک غلطی فہمی کی بناء پر ہے، سائل نے جو حدیث تحریر کی ہے اس حدیث میں ابتدائے اسلام کا واقعہ بیان کیا گیا ہے جبکہ نماز میں اس قسم کے افعال وحرکات جائز تھے جو بعد میں منسوخ ہوگئے جس کی دلیل حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا وہ واقعہ ہے جس کو امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب صحیح بخاری میں ہی بیان فرمایا ہے اور جس میں یہ بات صراحت کے ساتھ بیان ہوئی ہے کہ آپ علیہ السلام نے دوران نماز سلام کا جواب نہیں دیا، مفہوم روایت نقل کیا جاتا ہے۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم (اصحاب رسول) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں بھی سلام کیا کرتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں مشغول ہوتے تھے اور وہ ہمیں سلام کا جواب بھی دے دیا کرتے تھے جب ہم ہجرت

حبشہ کے بعد نجاشی بادشاہ کے پاس سے واپس آئے تو پہلے کی طرح آپ کو سلام کیا مگر آپ علیہ السلام نے سلام کا جواب نہیں دیا، ہم نے عرض کی یارسول اللہ ہم پہلے آپ کو سلام کرتے تھے تو آپ جواب عنایت فرماتے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر فرمایا: نماز میں مشغولیت ہوتی ہے (یعنی اللہ رب العزت کی بارگاہ میں حاضری کی) بتانا یہ مقصود تھا کہ نماز میں مشغولیت کے وقت سلام جیسے افعال سے احتراز کرنا چاہئے تاکہ بالکلیہ اللہ رب العزت کی ذات کی طرف متوجہ ہوسکے)۔

اس حدیث میں کہیں بھی اس بات کا ذکر نہیں کہ آپ علیہ السلام زبان سے سلام دینے کے بجائے اشارے کے ساتھ سلام کا جواب دیا ہو بلکہ اس میں تو سلام کا جواب نہ دینے کی وجہ موجود ہے۔

اسی طرح ایک اور روایت میں آتا ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ علیہ السلام نے ان کو ایک کام کے لئے بھیجا، جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ واپس لوٹے، دیکھا تو آپ علیہ السلام اپنی سواری پر نماز ادا فرما رہے ہیں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے سلام کیا مگر آپ خاموش رہے (حتی کہ تین بار ایسا ہوا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سلام کرتے رہے مگر آپ نے کوئی جواب نہ دیا بلکہ خاموش رہے) جب حضور علیہ السلام نماز سے فراغت پاچکے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مجھے سلام کا جواب دینے سے کسی چیز نے نہیں روکا مگر چونکہ میں نماز پڑھ رہا تھا (اس لئے آپ کو سلام کا جواب نہ دے سکا)۔

ان دو احادیث سے معلوم ہوا کہ ائمہ احناف نے جو کچھ بیان فرمایا ہے وہ حدیث کے خلاف نہیں ہے بلکہ حدیث کے مطابق ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَيَرُدُّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّا كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا قَالَ: «إِنَّ فِي الصَّلاَةِ شُغْلًا».[1]

وكذا في شرح سنن أبي داود:

قوله: " كان يشيرُ في الصلاة " استدل به الشافعي ومن تبعه أن المصلي يردّ السلام إشارة. قلتُ: قال ابن حبان: اختصر عبد الرزاق من الحديث: " أن النبي - عليه السلام- لما ضعف قدم أبا بكر يصلي بالناس" وأدخله في " باب من كان يُشيرُ بإصبعه في الصلاة"، وأوْهم أن النبي- عليه السلام- إنما أشار بيده في التشهد؛ وليس كذلك، وقال غيره: إنما كانت إشارة النبي - عليه السلام- لأبي بكر قبل دخوله في الصلاة فلا

[1] كتاب المناقب، باب هجرة الحبشة، ١/ ٥٤٧، ط: قديمي

حجة فيه. وقد يجابُ عن أحاديث الإشارة: أنها كانت قبل نسخ الكلام في الصلاة؛ يُؤيّدهُ حديث ابن مسعود: "كنا نُسلم على رسول الله وهو في الصلاة فيرد علينا، فلما رجعنا من عند النجاشي سلمنا عليه فلم يرد علينا"، ولم يقل فأشار إلينا، وكذا حديث جابر: "انه لم يمنعني أن أردّ عليك إلا أني كنتُ أصَل" " فلو كان الردّ بالإشارة جائزا لفعله... وبهذا الحديث استدل أصحابنا على أن المصلي لا يرد السلام لا نطقا ولا إشارةً. [۱]

وكذا في مسند أحمد:

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، قَالَ: فَجَاءَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ، قَالَ: فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَسَكَتَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ لَمَّا فَرَغَ: " أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ أُصَلِّي. [۲]

وكذا في شرح معاني الآثار:

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، فَجَاءَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَسَكَتَ، ثُمَّ أَوْمَى بِيَدِهِ، ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِ، فَسَكَتَ ثَلَاثًا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: «أَمَّا إِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ أُصَلِّي» فَهَذَا جَابِرٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَدْ أَخْبَرَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ " أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْمَى إِلَيْهِ بِيَدِهِ حِينَ سَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا فَرَغَ مِنَ الصَّلَاةِ: «أَمَّا إِنَّهُ... إِلَّا أَنِّي كُنْتُ أُصَلِّي» فَأَخْبَرَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ رَدَّ عَلَيْهِ فِي الصَّلَاةِ. فَدَلَّ ذَلِكَ أَنَّ تِلْكَ الْإِشَارَةَ الَّتِي كَانَتْ مِنْهُ فِي الصَّلَاةِ، لَمْ تَكُنْ رَدًّا، وَإِنَّمَا كَانَتْ نَهْيًا، وَهَذَا جَائِزٌ. [۳]

وكذا في فتح الباري لابن رجب:

وفي الإشارة في الصلاة أحاديث أخر، سبق بعضها في باب: رد السلام في الصلاة... لكن فعله من غير حاجة من باب العبث، وهو مكروه في الصلاة. وسئل النخعي، عن الإشارة في الصلاة، فقال: إن في الصلاة لشغلاً. وكذا قال الثوري. وكرهه عطاء خصوصاً في المكتوبة، وقد تقدم قوله في ذلك. وكره الإشارة في

==================

[۱] كتاب الصلاة، باب الإشارة في الصلاة، ٤/ ۲۱۰، ۲۱۱، ط: الرشد

[۲] مسند جابر بن عبد الله، ۲۳/ ۱۸۱، رقم الحديث: ۱٤۹۰۷، ط: مؤسسة الرسالة

[۳] كتاب الصلاة، باب الإشارة في الصلاة، ۱/ ۲۹۸، ط: حقانيه

الصلاة، بما ليس شأن الصلاة، منهم: أبو زرعة الرازي وأبو بكر الأثرم. [1]

وكذا في مرعاة المفاتيح:

وقال النووي: معناه أن وظيفة المصلي الاشتغال بصلاته وتدبر ما يقوله، فلا ينبغي أن يعرج على غيرها من رد السلام ونحوه... والحديث استدل به على كراهة ابتداء السلام على المصلي، لكونه ربما شغل بذلك فكره واستدعى منه الرد، وهو ممنوع منه، وبذلك قال جابر وعطاء والشعبي ومالك في رواية ابن وهب. [2]

وكذا في العرف الشذي على سنن الترمذي:

والمفهوم من معاني الآثار: أنه عليه الصلاة والسلام كان يشير لرد السلام، ثم صار منسوخاً مشمولاً بنسخ الكلام، وقول الطحاوي: هذا ليس بعيد لأن الكلام في الصلاة والإشارة كانت جائزة فيها ثم نسخ الكلام فلعله منسحب على الإشارة أيضاً، ولـمّا لم نعلم أن الإشارة التي نحن فيها قبل النسخ أو بعده فحمله على النسخ ورد على قرينة اتفاقاً، ثم لو سلمنا الإشارة بعد النسخ فلعل الإشارة كانت لإخبار أني لا أردّ السلام لا في مصلي فلا تكون الإشارة إشارة رد السلام وأتى الطحاوي على هذا برواية عن جابر، ثم روى عن جابر موقوفاً أنه كان لا يرد السلام في الصلاة بل بعدها مثل المرفوع ولنا في كراهة الإشارة في الصلاة ما أخرجه أبو داود. [3]

وكذا في الحجة على أهل المدينة:

وَقَالَ ابو حنيفَة فِي الرجل يسلم عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي انه لَا يرد عَلَيْهِ السَّلَام فِي صلَاته وَمَا احب لَهُ ان يُشِير بِيَدِهِ فان فِي الصَّلَاة شغلا... وَقَالَ مُحَمَّد بن الْحسن مَا احب لَهُ ان يزِيد فِي صلَاته شَيْئا لَيْسَ مِنْهَا من اشارة وَلَا غَيرهَا وَلَكِن اذا قضى صلَاته فليرد عَلَيْهِ السَّلَام فان من الْخُشُوع فِي الصَّلَاة ترك الاشارة... قَالَ رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم ان فِي الصَّلَاة لشغلا فَترك الرَّد من ذَلِك الْيَوْم. [4]

==================

[1] كتاب السهو، باب الإشارة في الصلاة، ٩/ ٤٩١، ط: الغرباء الأثرية

[2] كتاب الصلاة، باب ما لا يجوز من العمل في الصلاة إلخ، ٣/ ٣٤٥، ط: ادارة البحوث العلمية

[3] كتاب الصلاة، باب ما جاء في الإشارة في الصلاة، ١/ ٨٨، ط: سعيد

[4] باب التشهد والسلام والصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم، ١/ ١٤٦، ١٤٨، ط: عالم الكتب

وکذا في کتاب المسائل: نماز کو فاسد کرنے والی چیزیں، ۱/ ۳۸۵، ط: قدیمی

آدھی آستین والی بنیان میں نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ کیا آدھی آستین والی بنیان میں نماز درست ہوتی ہے یا نہیں؟

جواب: ایسی بنیان پہن کر نماز پڑھنا جس میں کہنیاں ننگی ہوں مکروہ ہے۔

کذا في قاضي خان:

ولو صلی رافعا کمیه إلی المرفقین کره. (۱)

وکذا في رد المحتار:

وَقَيَّدَ الْكَرَاهَةَ فِي الْخُلَاصَةِ وَالْمُنْيَةِ بِأَنْ يَكُونَ رَافِعًا كُمَّيْهِ إلَى الْمِرْفَقَيْنِ. وَظَاهِرُهُ أَنَّهُ لَا يُكْرَهُ إلَى مَا دُونَهُمَا. قَالَ فِي الْبَحْرِ: وَالظَّاهِرُ الْإِطْلَاقُ لِصِدْقِ كَفِّ الثَّوْبِ عَلَى الْكُلِّ اه وَنَحْوُهُ فِي الْحِلْيَةِ، وَكَذَا قَالَ فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ الْكَبِيرِ: إنَّ التَّقْيِيدَ بِالْمِرْفَقَيْنِ اتِّفَاقِيٌّ. قَالَ: وَهَذَا لَوْ شَمَّرَهُمَا خَارِجَ الصَّلَاةِ ثُمَّ شَرَعَ فِيهَا كَذَلِكَ، أَمَّا لَوْ شَمَّرَ وَهُوَ فِيهَا تَفْسُدُ لِأَنَّهُ عَمَلٌ كَثِيرٌ. (۲)

وکذا في الهندیة:

ولو صلی مع السراویل والقمیص عنده یکره. (۳)

وکذا في کفایت المفتی: الفصل الثاني فیما یکره في الصلاة، ٤/ ٤٥١، ط: ادارة الفاروق

وکذا في خیر الفتاوی: کتاب الصلاة، ما یفسد الصلاة وما یکره فیها، ۲/ ٤٢٤، ط: امدادیه

نماز کی حالت میں چادر یا جیکٹ کو کندھے پر لٹکانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص نماز میں کوٹ یا جیکٹ کو کندھے پر ڈال دے اور آستینوں میں ہاتھ داخل نہ کرے آیا اس طرح کرنا جائز ہے یا ناجائز ہے؟

(۱) کتاب الصلاة، فصل فیما یفسد الصلاة، ۱/ ٦٦، ط: حافظ

(۲) کتاب الصلاة، مطلب في الکراهیة التحریمیة والتنزیهیة، ۱/ ٦٤٠، ط: سعید

(۳) کتاب الصلاة، الباب السابع فیما یفسد الصلاة وما یکره فیها، الفصل الثاني فیما یکره في الصلاة وما لا یکره، ۱/ ۱۰٦، ط: رشیدیه

جواب: نماز میں کوٹ یا جیکٹ کو کندھے پر ڈال دینا اور آستینوں میں ہاتھ داخل نہ کرنا سدل کہلاتا ہے یعنی کپڑا لٹکانے کے حکم میں ہے، اس حالت میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

كذا في الدر المختار:

وكره... (سدل) تحريما للنهي (ثوبه) أي اسأله بلا لبس معتاد، وكذا القباء بكم إلى وراء.[1]

وكذا في الهندية:

وَيُكْرَهُ... أَنْ يُسْدِلَ ثَوْبَهُ كَذَا فِي الْمُنْيَةِ وَهُوَ أَنْ يَجْعَلَ ثَوْبَهُ عَلَى رَأْسِهِ أَوْ كَتِفَيْهِ فَيُرْسِلَ جوَانِبَهُ وَمِنْ السَّدْلِ أَنْ يَجْعَلَ الْقَبَاءَ عَلَى كَتِفَيْهِ وَلَمْ يُدْخِلْ يَدَيْهِ. كَذَا فِي التَّبْيِينِ سَوَاءٌ كَانَ تَحْتَهُ قَمِيصٌ أَوْ لَا.[2]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَسَدْلُهُ) لِنَهْيِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْهُ كَمَا أَخْرَجَهُ أَبُو دَاوُد وَالْحَاكِمُ وَصَحَّحَهُ يُقَالُ سَدَلَ الثَّوْبَ سَدْلًا مِنْ بَابِ طَلَبَ إذَا أَرْسَلَهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَضُمَّ جَانِبَهُ.[3]

وكذا في فتاوی دار العلوم زكريا: كتاب الصلاة، فصل مکروہات نماز کا بیان، ۲/ ۳۳۴، ط: زمزم پبلشرز

يُفْسِدَهَا. وَفِي الْخَانِيَةِ أَنَّهَا تَفْسُدُ عَلَى ظَاهِرِ الْجَوَابِ اتِّفَاقًا إِلَّا أَنَّهُ لَا وُضُوءَ عَلَيْهِ فِي الْقَهْقَهَةِ وَكَذَا مُحَاذَاةُ الْمَرْأَةِ لَا تُفْسِدُهَا كَصَلَاةِ الْجِنَازَةِ. (١)

وكذا في حلبي كبيري:

وإن قهقه في صلاة الجنازة أو سجدة التلاوة لا ينقض وضوؤه لأن الحديث ورد في صلاة مطلقة أما في واقعة الحال فظاهر وأما في مثل حديث ابن عمر فلأن الصلاة مذكورة مطلقا وهي تنصرف إلى ذات الركوع والسجود عند الإطلاق. (٢)

وكذا في قاضي خان:

القهقهة في صلاة لها ركوع وسجود تنقض الطهارة والصلاة فرضا كانت أو نفلا ولا تنقض الطهارة خارج الصلاة ولو قهقه في سجدة التلاوة أو في صلاة الجنازة تبطل ما كان فيها ولا تنقض الطهارة. (٣)

وكذا في بدائع الصنائع:

الْقَهْقَهَةُ فِي صَلَاةٍ مُطْلَقَةٍ، وَهِيَ الصَّلَاةُ الَّتِي لَهَا رُكُوعٌ، وَسُجُودٌ، فَلَا يَكُونُ حَدَثًا خَارِجَ الصَّلَاةِ، وَلَا فِي صَلَاةِ الْجِنَازَةِ، وَسَجْدَةِ التِّلَاوَةِ. وَهَذَا اسْتِحْسَانٌ، وَالْقِيَاسُ أَنْ لَا تَكُونَ حَدَثًا. (٤)

اندھیرے کی صورت میں مصلی کے سامنے چراغ جلانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ بعض لوگ چراغ جلا کر نماز پڑھتے ہیں، پوچھنا یہ ہے کہ اپنے آگے چراغ جلا کر نماز پڑھنا درست ہے کہ نہیں؟ نماز میں کوئی کراہت آئے گی یا نہیں؟

جواب: اگر اندھیرا ہو تو روشنی کے لئے سامنے کی جانب چراغ جلا کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

كذا في الدر المختار:

(و) لا يكره (صلاة إلى ظهر قاعد)... يتحدث (و) لا إلى (مصحف أو سيف مطلقا أو شمع أو سراج)

(١) كتاب الصلاة، باب سجود التلاوة، ٢/ ١٠٦، ط: سعيد

(٢) كتاب الصلاة، باب لا ينقض الوضوء، ١/ ١٢٤، ط: نعمانيه

(٣) كتاب الطهارة، باب سجدة التلاوة، ١/ ١٩، ط: حافظ

(٤) كتاب الطهارة، باب نواقض الوضوء، ١/ ١٣٦، ط: رشيدية

أو نار توقد. [1]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ أَوْ شَمْعٍ أَوْ سِرَاجٍ) لِأَنَّهُمَا لَا يُعْبَدَانِ وَالْكَرَاهَةُ بِاعْتِبَارِهَا وَإِنَّمَا يَعْبُدُهَا الْمَجُوسُ إذَا كَانَتْ فِي الْكَانُونِ وَفِيهَا الْجَمْرُ أَوْ فِي التَّنُّورِ فَلَا يُكْرَهُ التَّوَجُّهُ إلَيْهَا عَلَى غَيْرِ هَذَا الْوَجْهِ وَذَكَرَ فِي غَايَةِ الْبَيَانِ اخْتِلَافَ الْمَشَايِخِ فِي التَّوَجُّهِ إلَى الشَّمْعِ أَوْ السِّرَاجِ وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ لَا يُكْرَهُ. [2]

وكذا في تبيين الحقائق:

قَالَ - رَحِمَهُ اللَّهُ - (أَوْ شَمْعٍ أَوْ سِرَاجٍ) لِأَنَّهُمَا لَا يُعْبَدَانِ وَالْكَرَاهَةُ بِاعْتِبَارِهَا وَإِنَّمَا تَعَبَّدَهَا الْمَجُوسُ إذَا كَانَتْ فِي الْكَانُونِ وَفِيهَا الْجَمْرُ أَوْ فِي التَّنُّورِ فَلَا يُكْرَهُ التَّوَجُّهُ إلَيْهَا عَلَى غَيْرِ ذَلِكَ الْوَجْهِ. [3]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب الإمامة والجماعة، ٣/ ٣١٤، ط: سعيد

وكذا في كفايت المفتی: الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة، ٤/ ٤٥٥، ط: ادارة الفاروق

کثرت جماعت کی نیت سے امام کا رکوع اور سجدے کو طول دینا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر امام صاحب رکوع اور سجدے میں تسبیحات کی مقدار اس غرض سے زیادہ پڑھیں تاکہ کثیر تعداد میں لوگ نماز میں شامل ہو سکیں تو اس کے اس عمل سے نماز مکروہ ہوگی یا نہیں؟

جواب: امام صاحب کا رکوع اور سجدہ اس غرض سے طویل کرنا تاکہ لوگ کثیر تعداد میں نماز میں شرکت کر سکیں یہ عمل جماعت میں شریک لوگوں کے لئے باعث بوجھ اور مشقت ہے اور ایسا کرنا مکروہ ہے، البتہ اللہ تعالی کا تقرب حاصل کرنے کے لئے ایسا کرے تو اس میں حرج کی بات نہیں، لیکن ایسا کرنا نادر ہے لہٰذا احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ اس سے بھی احتراز کیا جائے۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

وَيُسَبِّحُ فِيهِ) وَأَقَلُّهُ (ثَلَاثًا) فَلَوْ تَرَكَهُ أَوْ نَقَصَهُ كُرِهَ تَنْزِيهًا؛ وَكُرِهَ تَحْرِيمًا إطَالَةُ رُكُوعٍ أَوْ قِرَاءَةٍ لِإِدْرَاكِ الْجَائِي: أَيْ إنْ عَرَفَهُ وَإِلَّا فَلَا بَأْسَ بِهِ، وَلَوْ أَرَادَ التَّقَرُّبَ إلَى اللَّهِ تَعَالَى لَمْ يُكْرَهْ اتِّفَاقًا لَكِنَّهُ نَادِرٌ وَتُسَمَّى مَسْأَلَةَ

[1] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب الكلام على اتخاذ المسبحة، ١/ ٦٥١، ٦٥٢، ط: سعيد

[2] باب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٥٦، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٤١٧، ط: سعيد

الرِّيَاءِ، فَيَنْبَغِي التَّحَرُّزُ عَنْهَا... (قَوْلُهُ وَكُرِهَ تَحْرِيمًا) لِمَا فِي الْبَدَائِعِ وَالذَّخِيرَةِ عَنْ أَبِي يُوسُفَ قَالَ: سَأَلْت أَبَا حَنِيفَةَ وَابْنَ أَبِي لَيْلَى عَنْ ذَلِكَ فَكَرِهَاهُ. وَقَالَ أَبُو حَنِيفَةَ: أَخْشَى عَلَيْهِ أَمْرًا عَظِيمًا يَعْنِي الشِّرْكَ. وَرَوَى هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ كَرِهَ ذَلِكَ أَيْضًا، وَكَذَا رُوِيَ عَنْ مَالِكٍ وَالشَّافِعِيِّ فِي الْجَدِيدِ، وَتَوَهَّمَ بَعْضُهُمْ مِنْ كَلَامِ الْإِمَامِ أَنَّهُ يَصِيرُ مُشْرِكًا فَأَفْتَى بِإِبَاحَةِ دَمِهِ وَلَيْس كَذَلِكَ، وَإِنَّمَا أَرَادَ الشِّرْكَ فِي الْعَمَلِ لِأَنَّ أَوَّلَ الرُّكُوعِ كَانَ لِلَّهِ تَعَالَى وَآخِرَهُ لِلْجَائِي وَلَا يَكْفُرُ لِأَنَّهُ مَا أَرَادَ التَّذَلُّلَ وَالْعِبَادَةَ لَهُ، وَتَمَامُهُ فِي الْحِلْيَةِ وَالْبَحْرِ (قَوْلُهُ إطَالَةُ رُكُوعٍ أَوْ قِرَاءَةٍ) وَكَذَا الْقُعُودُ الْأَخِيرُ قَبْلَ السَّلَامِ. وَذُكِرَ فِي السِّرَاجِ أَنَّ فِيهِ خِلَافًا، وَأَشَارَ إلَى أَنَّ الْكَلَامَ فِي الْمُصَلِّي، فَلَوْ انْتَظَرَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَفِي أَذَانِ الْبَزَّازِيَّةِ لَوْ انْتَظَرَ الْإِقَامَةَ لِيُدْرِكَ النَّاسُ الْجَمَاعَةَ يَجُوزُ لِوَاحِدٍ بَعْدَ الِاجْتِمَاعِ لَا إلَّا إذَا كَانَ دَاعِرًا شِرِّيرًا اهـ (قَوْلُهُ أَيْ إنْ عَرَفَهُ) عَزَاهُ فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ إلَى أَكْثَرِ الْعُلَمَاءِ أَيْ لِأَنَّ انْتِظَارَهُ حِينَئِذٍ يَكُونُ لِلتَّوَدُّدِ إلَيْهِ لَا لِلتَّقَرُّبِ وَالْإِعَانَةِ عَلَى الْخَيْرِ. (قَوْلُهُ وَإِلَّا فَلَا بَأْسَ) أَيْ وَإِنْ لَمْ يَعْرِفْهُ فَلَا بَأْسَ بِهِ لِأَنَّهُ إعَانَةٌ عَلَى الطَّاعَةِ، لَكِنْ يُطَوِّلُ مِقْدَارَ مَا لَا يُثْقِلُ عَلَى الْقَوْمِ، بِأَنْ يَزِيدَ تَسْبِيحَةً أَوْ تَسْبِيحَتَيْنِ عَلَى الْمُعْتَادِ، وَلَفْظَةُ لَا بَأْسَ تُقَيِّدُ فِي الْغَالِبِ أَنَّ تَرْكَهُ أَفْضَلُ... وَلِأَنَّهُ وَإِنْ كَانَ إعَانَةً عَلَى إدْرَاكِ الرَّكْعَةِ فَفِيهِ إعَانَةٌ عَلَى التَّكَاسُلِ وَتَرْكِ الْمُبَادَرَةِ وَالتَّهَيُّؤِ لِلصَّلَاةِ قَبْلَ حُضُورِ وَقْتِهَا فَالْأَوْلَى تَرْكُهُ شَرْحُ الْمُنْيَةِ. (۱)

وکذا فی البحر الرائق:

(قَوْلُهُ وَسَبَّحَ فِيهِ ثَلَاثًا) أَيْ فِي رُكُوعِهِ بِأَنْ يَقُولَ " سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ " ثَلَاثًا لِحَدِيثِ ابْنِ مَاجَهْ «إذَا رَكَعَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ ثَلَاثًا وَذَلِكَ أَدْنَاهُ وَإِذَا سَجَدَ فَلْيَقُلْ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى ثَلَاثًا وَذَلِكَ أَدْنَاهُ»... وَلَا يَنْبَغِي لِلْإِمَامِ أَنْ يُطِيلَ عَلَى وَجْهٍ يَمَلُّ الْقَوْمُ؛ لِأَنَّهُ سَبَبٌ لِلتَّنْفِيرِ وَأَنَّهُ مَكْرُوهٌ، وَلِهَذَا قَالَ الْإِسْبِيجَابِيُّ وَلَوْ كَانَ إمَامًا يَقُولُهَا ثَلَاثًا عَلَى قَوْلِ بَعْضِهِمْ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَقُولُهَا أَرْبَعًا حَتَّى يَتَمَكَّنَ الْمُقْتَدِي مِنْ الثَّلَاثِ، وَلَوْ أَطَالَ الرُّكُوعَ لِإِدْرَاكِ الْجَائِي لَا تَقَرُّبًا لِلَّهِ تَعَالَى فَهُوَ مَكْرُوهٌ. (۲)

وکذا فی بدائع الصنائع:

وَأَمَّا إذَا كَانَ إمَامًا فَيَنْبَغِي أَنْ يُسَبِّحَ ثَلَاثًا، وَلَا يُطَوِّلُ عَلَى الْقَوْمِ، لِمَا رَوَيْنَا مِنْ الْأَحَادِيثِ، وَلِأَنَّ التَّطْوِيلَ

---

[۱] کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، مطلب فی إطالۃ الرکوع للجائی، ۱/ ٤۹٤، ٤۹۵، ط: سعید

[۲] کتاب الصلاۃ، باب صفۃ الصلاۃ، ۱/ ۵۵۰ تا ۵۵۲، ط: رشیدیة

سَبَبُ التَّنْفِيرِ وَذَلِكَ مَكْرُوهٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَقُولُهَا أَرْبَعًا حَتَّى يَتَمَكَّنَ الْقَوْمُ مِنْ أَنْ يَقُولُوهَا ثَلَاثًا، وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ أَنَّهُ يَقُولُهَا خَمْسًا، وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: يَزِيدُ فِي الرُّكُوعِ عَلَى التَّسْبِيحَةِ الْوَاحِدَةِ اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَلَكَ خَشَعْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَيَقُولُ فِي السُّجُودِ سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ كَذَا رُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ - وَهُوَ عِنْدَنَا مَحْمُولٌ عَلَى النَّوَافِلِ ثُمَّ الْإِمَامُ إِذَا كَانَ فِي الرُّكُوعِ فَسَمِعَ خَفْقَ النَّعْلِ مِمَّنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ هَلْ يَنْتَظِرُهُ أَمْ لَا؟ قَالَ أَبُو يُوسُفَ سَأَلْتُ أَبَا حَنِيفَةَ وَابْنَ أَبِي لَيْلَى عَنْ ذَلِكَ فَكَرِهَا، وَقَالَ أَبُو حَنِيفَةَ: أَخْشَى عَلَيْهِ أَمْرًا عَظِيمًا يَعْنِي الشِّرْكَ... وَقَالَ أَبُو الْقَاسِمِ الصَّفَّارُ: إِنْ كَانَ الرَّجُلُ غَنِيًّا لَا يَجُوزُ لَهُ الِانْتِظَارُ وَإِنْ كَانَ فَقِيرًا يَجُوزُ، وَقَالَ الْفَقِيهُ أَبُو اللَّيْثِ: إِنْ كَانَ الْإِمَامُ قَدْ عَرَفَ الْجَائِيَ فَإِنَّهُ لَا يَنْتَظِرُهُ؛ لِأَنَّهُ يُشْبِهُ الْمَيْلَ وَإِنْ لَمْ يَعْرِفْهُ فَلَا بَأْسَ بِهِ؛ لِأَنَّ فِي ذَلِكَ إِعَانَةً عَلَى الطَّاعَةِ. [1]

وكذا في معارف السنن: باب ما جاء أن النبي صلى الله عليه وسلم قال... إلخ، ٣/ ٤٥٦، ٤٥٧، ط: سعيد

وکذا فی کتاب المسائل: مکروہات تحریمیہ، ۱/ ۳۷۷، ط: قدیمی

دورانِ نماز مسجد میں لکھی ہوئی تحریر پر نظر پڑنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل مساجد میں جگہ جگہ کچھ نا کچھ لکھائی ہوتی ہے اور دورانِ نماز نمازی کی نظر اس لکھائی پر پڑ جاتی ہے تو اگر نمازی کی نظر اس لکھائی پر پڑ جائے اور وہ مضمون بھی سمجھ میں آ جائے تو اس سے نماز فاسد ہو جائے گی یا نہیں؟

جواب: اگر کسی تحریر پر نمازی کی نظر پڑ جائے اور وہ مضمون بھی سمجھ میں آ جائے لیکن وہ زبان سے تلفظ نہ کرے تو اس کی نماز فاسد نہیں ہو گی۔

كذا في الدر المختار مع رد المحتار:

(وَلَا يُفْسِدُهَا نَظَرُهُ إِلَى مَكْتُوبٍ وَفَهْمُهُ) وَلَوْ مُسْتَفْهِمًا وَإِنْ كُرِهَ... (قَوْلُهُ وَلَوْ مُسْتَفْهِمًا)... قَالَ فِي الْبَحْرِ: وَالصَّحِيحُ عَدَمُهُ اتِّفَاقًا لِعَدَمِ الْفِعْلِ مِنْهُ... (قَوْلُهُ وَإِنْ كُرِهَ) أَيْ لِاشْتِغَالِهِ بِمَا لَيْسَ مِنْ أَعْمَالِ الصَّلَاةِ، وَأَمَّا لَوْ وَقَعَ عَلَيْهِ نَظَرُهُ بِلَا قَصْدٍ وَفَهِمَهُ فَلَا يُكْرَهُ. [2]

---

[1] كتاب الصلاة، سنن الانتقال، ١/ ٤٨٨، ٤٨٩، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب إذا قرأ تعالى جد بدون ألف لا تفسد، ١/ ٦٣٤، ط: سعيد

وكذا في الهندية:

وَلَوْ نَظَرَ إِلَى مَكْتُوبٍ هُوَ قُرْآنٌ وَفَهِمَهُ لَا خِلَافَ فِيْهِ لِأَحَدٍ أَنَّهُ يَجُوزُ. كَذَا فِي النِّهَايَةِ. وَفِي الْجَامِعِ الصَّغِيرِ الْحُسَامِيِّ لَوْ نَظَرَ فِي كِتَابٍ مِنْ الْفِقْهِ فِي صَلَاتِهِ وَفَهِمَ لَا تَفْسُدُ صَلَاتُهُ بِالْإِجْمَاعِ. كَذَا فِي التَّتَارْخَانِيَّة. إِذَا كَانَ الْمَكْتُوبُ عَلَى الْمِحْرَابِ غَيْرَ الْقُرْآنِ فَنَظَرَ الْمُصَلِّي إِلَى ذَلِكَ وَتَأَمَّلَ وَفَهِمَ فَعَلَى قَوْلِ أَبِي يُوسُفَ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى لَا تَفْسُدُ وَبِهِ أَخَذَ مَشَايِخُنَا. [١]

وكذا في قاضي خان:

ولو نظر في المصحف أو المحراب فهم ولم يقرأ لا تفسد صلاته وهو الصحيح. [٢]

وكذا في مجمع الأنهر:

(وَلَا إِنْ نَظَرَ إِلَى مَكْتُوبٍ وَفَهِمَهُ) يَعْنِي إِذَا كَانَ قُدَّامَ الْمُصَلِّي شَيْءٌ مَكْتُوبٌ عَلَى الْجِدَارِ أَوْ كِتَابٌ مَنْشُورٌ أَوْ غَيْرُ ذَلِكَ فَنَظَرَ فِيهِ وَفَهِمَ مَعْنَاهُ فَالصَّحِيحُ أَنَّهُ لَا يُفْسِدُ صَلَاتَهُ بِالْإِجْمَاعِ. [٣]

وكذا في فتاوی رحیمیہ: كتاب الصلاة، مكروهات صلوة، ٥/ ١٤٨، ط: دار الاشاعت

وكذا في خیر الفتاوی: كتاب الصلاة، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٤٢٤، ط: امداديه

نماز میں بھول کر باتیں کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے اندر بھول کر باتیں کر لینے سے نماز کی صحت پر کوئی اثر پڑھتا ہے یا نہیں؟

جواب: نماز کے اندر باتیں کرنا قصداً ہو یا بھول کر ہو نماز کو فاسد کر دیتا ہے، لہٰذا ایسی صورت میں نماز کا اعادہ کرنا ضروری ہے۔

كذا في رد المحتار:

(قَوْلُهُ يُفْسِدُهَا التَّكَلُّمُ) أَيْ يُفْسِدُ الصَّلَاةَ، وَمِثْلُهَا سُجُودَ السَّهْوِ وَالتِّلَاوَةِ وَالشُّكْرِ عَلَى الْقَوْلِ. عَنْ الْحَمَوِيِّ (قَوْلُهُ هُوَ النُّطْقُ بِحَرْفَيْنِ إلَخْ) أَيْ أَدْنَى مَا يَقَعُ اسْمُ الْكَلَامِ عَلَيْهِ الْمُرَكَّبُ مِنْ حَرْفَيْنِ كَمَا فِي الْقُهُسْتَانِيِّ عَنْ الْجَلَّابِي. [٤]

---

[١] كتاب الصلاة، باب فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ١٠١، ط: رشيديه

[٢] كتاب الصلاة، فصل في ما يفسد الصلاة، ١/ ٦٥، ط: اشرفيه

[٣] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ١٨٢، ط: الحبيبية

[٤] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦١٣، ط: سعيد

وكذا في الهندية:

إِذَا تَكَلَّمَ فِي صَلَاتِهِ نَاسِيًا أَوْ عَامِدًا خَاطِئًا أَوْ قَاصِدًا قَلِيلًا أَوْ كَثِيرًا تَكَلَّمَ لِإِصْلَاحِ صَلَاتِهِ بِأَنْ قَامَ الْإِمَامُ فِي مَوْضِعِ الْقُعُودِ فَقَالَ لَهُ الْمُقْتَدِي اُقْعُدْ أَوْ قَعَدَ فِي مَوْضِعِ الْقِيَامِ فَقَالَ لَهُ قُمْ أَوْ لَا لِإِصْلَاحِ صَلَاتِهِ وَيَكُونُ الْكَلَامُ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ اسْتَقْبَلَ الصَّلَاةَ عِنْدَنَا. كَذَا فِي الْمُحِيطِ. [1]

وكذا في البحر الرائق:

(قَوْلُهُ يُفْسِدُ الصَّلَاةَ التَّكَلُّمُ) لِحَدِيثِ مُسْلِمٍ «إِنَّ صَلَاتَنَا هَذِهِ لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ إِنَّمَا هُوَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ» وَفِي رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ «إِنَّمَا هِيَ» وَمَا لَا يَصْلُحُ فِيهَا مُبَاشَرَتُهُ يُفْسِدُهَا مُطْلَقًا كَالْأَكْلِ وَالشُّرْبِ وَالْمَكْرُوهُ غَيْرُ صَالِحٍ مِنْ وَجْهٍ دُونَ وَجْهٍ وَالنَّصُّ يَقْتَضِي انْتِفَاءَ الصَّلَاحِ مُطْلَقًا أَطْلَقَهُ فَشَمِلَ الْعَمْدَ وَالنِّسْيَانَ وَالْخَطَأَ وَالْقَلِيلَ وَالْكَثِيرَ لِإِصْلَاحِ صَلَاتِهِ أَوْ لَا عَالِمًا بِالتَّحْرِيمِ أَوْ لَا وَلِهَذَا عَبَّرَ بِالتَّكَلُّمِ دُونَ الْكَلَامِ لِيَشْمَلَ الْكَلِمَةَ الْوَاحِدَةَ كَمَا عَبَّرَ بِهَا فِي الْمَجْمَعِ لِأَنَّ التَّكَلُّمَ هُوَ النُّطْقُ. [2]

وكذا في احسن الفتاوى: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة، ٣/ ٤٣٣، ط: سعيد

وكذا في خير الفتاوى: كتاب الصلاة، ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٤١٣، ط: امداديه

دورانِ نماز حیض کا آجانا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر عورت کو دورانِ نماز حیض آجائے تو پھر پاک ہونے کے بعد کیا وہ عورت اس نماز کے اعادہ کرے گی یا نہیں؟

جواب: مذکورہ عورت پر اس نماز کی قضاء لازم نہیں ہے۔

كذا في الهندية:

لَوْ افْتَتَحَتْ الصَّلَاةَ فِي آخِرِ الْوَقْتِ، ثُمَّ حَاضَتْ، لَا يَلْزَمُهَا قَضَاءُ هَذِهِ الصَّلَاةِ بِخِلَافِ التَّطَوُّعِ. كَذَا فِي الْخُلَاصَةِ. [3]

---

[1] كتاب الصلاة، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٩٨، ط: رشيدية

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٣، ط: رشيدية

[3] كتاب الطهارة، الباب السادس في الدماء المختصة بالنساء، ١/ ٣٨، ط: رشيديه

وكذا في خلاصة الفتاوى:

ولو افتتحت الصلاة في آخر الوقت ثم حاضت لا يلزمها قضاء هذه الصلاة عندنا بخلاف التطوع فإنه لو أدركها الحيض بعد ما افتتحت صلاة التطوع كان عليها قضاء تلك الصلاة إذا طهرت. (١)

وكذا في التاتارخانية:

شرعت في صلاة التطوع أو الصوم فحاضت تقضي وفي الفرض لا. (٢)

وكذا في المبسوط:

(قَالَ) وَإِذَا أَدْرَكَهَا الْحَيْضُ فِي شَيْءٍ مِنْ الْوَقْتِ، وَقَدْ افْتَتَحَتْ الصَّلَاةَ أَوْ لَمْ تَفْتَتِحْهَا، سَقَطَتْ تِلْكَ الصَّلَاةُ عَنْهَا. (٣)

وكذا في كتاب المسائل: كتاب الصلاة، باب الحيض، ١/ ٢١٨، ط: قديمي

===================

(١) كتاب الحيض، الفصل الثاني في انقطاع الدم، ١/ ٢٣٢، ط: رشيدية

(٢) كتاب الطهارة، نوع آخر في الأحكام التي تتعلق بالحيض، ١/ ٢٥٠، ط: قديمي

(٣) كتاب الصلاة، باب المستحاضة، ٢/ ٢٥، ط: رشيدية

باب مکروهات الصلاة

ایک ہی سورت کو دو رکعتوں میں پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص پہلی رکعت میں سورہ اخلاص پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورہ اخلاص پڑھے تو اس کا کیا حکم ہے اکثر گاؤں میں لوگ اس طرح کرتے ہیں کیونکہ ان کو کوئی اور سورت یاد نہیں ہوتی ہے، اور جن کو اور سورتیں یاد ہوں وہ اس طرح کریں تو کیا حکم ہے اور جن کو کوئی سورت یاد نہ ہو تو وہ اس طرح کریں تو کیا حکم ہے؟

جواب: دو رکعت میں ایک سورت پڑھنا خلاف اولی ہے اور خلاف اولی سے مراد کراہت تنزیہی ہے اگر اس طرح کیا گیا تو نماز ہو جائے گی۔

كذا في الدر مع الرد:

لا بأس أن يقرأ سورة ويعيدها في الثانية... (قوله لا بأس أن يقرأ سورة إلخ) أفاد أنه يكره تنزيها، وعليه يحمل جزم القنية بالكراهة، ويحمل فعله عليه الصلاة والسلام لذلك على بيان الجواز هذا إذا لم يضطر. [1]

وكذا في الهندية:

وإذا جمع بين آيتين بينهما آيات أو آية واحدة في ركعة واحدة أو في ركعتين فهو على ما ذكرنا في السور كذا في المحيط، هكذا كله في الفرائض وأما في السنن فلا يكره، هكذا في المحيط. [2]

وكذا في حلبي كبيري: كتاب الصلاة، مكروهات الصلاة، ص٣٠٨، ط: نعمانيه

وكذا في فتح القدير:

إذا قرأ سورة واحدة في ركعتين اختلف فيه، والأصح أنه لا يكره، لكن لا ينبغي أن يفعل ولو فعل لا بأس به. [3]

نماز میں آستین چڑھانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر آستین کہنیوں سے اوپر ہوں تو نماز مکروہ ہے اگر کہنیوں سے کچھ

[1] كتاب الصلاة، فصل في القراءة، مطلب الاستماع للقرآن فرض كفاية، ١/ ٥٤٦، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٨٧، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، فصل في القراءة، ١/ ٣٥٢، ط:

نیچے کرلے اس طور پر کہ کہنیاں چھپ جائیں توکیا اس سے کراہت ختم ہو جاتی ہے یا گٹوں تک نیچے کرنا ضروری ہے؟

جواب: صورت مسئولہ میں اگر مصلی (نماز پڑھنے والے) نے مکمل آستین والے کپڑے پہن رکھے ہوں تو آستین کو گٹوں تک نیچے کرنا ضروری ہے صرف کہنیاں چھپالینے سے کراہت ختم نہیں ہوگی۔

كذا في الشامية:

وَقَيَّدَ الْكَرَاهَةَ فِي الْخُلَاصَةِ وَالْمُنْيَةِ بِأَنْ يَكُونَ رَافِعًا كُمَّيْهِ إلَى الْمِرْفَقَيْنِ. وَظَاهِرُهُ أَنَّهُ لَا يُكْرَهُ إلَى مَا دُونَهُمَا. قَالَ فِي الْبَحْرِ: وَالظَّاهِرُ الْإِطْلَاقُ لِصِدْقِ كَفِّ الثَّوْبِ عَلَى الْكُلِّ اهـ وَنَحْوُهُ فِي الْحِلْيَةِ، وَكَذَا قَالَ فِي شَرْحِ الْمُنْيَةِ الْكَبِيرِ: إنَّ التَّقْيِيدَ بِالْمِرْفَقَيْنِ اتِّفَاقِيٌّ. [۱]

وكذا في قاضي خان:

لو صلى رافعا كميه إلى المرفقين كره. [۲]

وكذا في البحر الرائق:

وَيَدْخُلُ أَيْضًا فِي كَفِّ الثَّوْبِ تَشْمِيرُ كُمَّيْهِ كَمَا فِي فَتْحِ الْقَدِيرِ وَظَاهِرُهُ الْإِطْلَاقُ وَفِي الْخُلَاصَةِ وَمُنْيَةِ الْمُصَلِّي قَيَّدَ الْكَرَاهَةَ بِأَنْ يَكُونَ رَافِعًا كُمَّيْهِ إلَى الْمِرْفَقَيْنِ. [۳]

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ١/ ٤٠٦، ط: سعيد

وكذا في فتاوی محموديہ: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني إلخ، ٦/ ٦٥١، ط: فاروقيه

فجر اور عصر کی نماز کے بعد قضاء نمازیں پڑھنے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ فجر اور عصر کی نماز کے بعد قضاء نمازیں پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: فجر کی نماز کے بعد طلوع شمس تک اور عصر کی نماز کے بعد سورج میں تغیر ہونے سے پہلے قضاء نمازیں پڑھنا بلا کراہت جائز ہے۔

==================

[۱] كتاب الصلاة، مطلب في الكراهة التحريمية، ١/ ٦٤٠، ط: سعيد

[۲] كتاب الصلاة، فصل فيما يفسد الصلاة، ١/ ٦٦، ط: حافظ

[۳] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٤٢، ط: رشيديه

كذا في التنوير مع شرحه:

(وَالَّذِي شَرَعَ فِيهِ...) (ثُمَّ أَفْسَدَهُ وَ)... (بَعْدَ صَلَاةِ فَجْرٍ وَ) صلاة (عَصْرٍ)... (لَا) يُكْرَهُ (قَضَاءُ فَائِتَةٍ وَ) لَوْ وِتْرًا أَوْ (سَجْدَةَ تِلَاوَةٍ وَصَلَاةَ جِنَازَةٍ...). [1]

وكذا في الهندية:

ثُمَّ لَيْسَ لِلْقَضَاءِ وَقْتٌ مُعَيَّنٌ بَلْ جَمِيعُ أَوْقَاتِ الْعُمُرِ وَقْتٌ لَهُ إلَّا ثَلَاثَةً، وَقْتَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَوَقْتَ الزَّوَالِ، وَوَقْتَ الْغُرُوبِ، فَإِنَّهُ لَا تَجُوزُ الصَّلَاةُ فِي هَذِهِ الْأَوْقَاتِ، كَذَا فِي الْبَحْرِ الرَّائِقِ. [2]

وكذا في البحر الرائق:

ثُمَّ لَيْسَ لِلْقَضَاءِ وَقْتٌ مُعَيَّنٌ بَلْ جَمِيعُ أَوْقَاتِ الْعُمْرِ وَقْتٌ لَهُ إلَّا ثَلَاثَةً وَقْتُ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَوَقْتُ الزَّوَالِ وَوَقْتُ الْغُرُوبِ فَإِنَّهُ لَا تَجُوزُ الصَّلَاةُ فِي هَذِهِ الْأَوْقَاتِ لِمَا مَرَّ فِي مَحَلِّهِ. [3]

آنکھیں بند کرکے نماز پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز کے اندر آنکھیں بند کرنے سے کیا نماز مکروہ ہوتی ہے؟

جواب: حالت نماز میں بلاضرورت آنکھیں بند کرنا مکروہ تنزیہی ہے ہاں اگر آنکھیں بند کرنے سے خشوع وخضوع زیادہ یا کمال خشوع کے لئے مُعین ہو تو مکروہ نہیں۔

كذا في التنوير مع الدر:

(وتغميض عينيه) للنهي إلا لكمال الخشوع.

وكذا في الشامية:

(قَوْلُهُ لِلنَّهْيِ) أَيْ فِي حَدِيثِ «إذَا قَامَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلَا يُغْمِضْ عَيْنَيْهِ» رَوَاهُ ابْنُ عَدِيٍّ إلَّا أَنَّ فِي سَنَدِهِ مِنْ ضُعْفٍ وَعَلَّلَ فِي الْبَدَائِعِ بِأَنَّ السُّنَّةَ أَنْ يَرْمِيَ بِبَصَرِهِ إلَى مَوْضِعِ سُجُودِهِ، وَفِي التَّغْمِيضِ تَرْكُهَا. ثُمَّ الظَّاهِرُ أَنَّ الْكَرَاهَةَ تَنْزِيهِيَّةٌ، كَذَا فِي الْحِلْيَةِ وَالْبَحْرِ، وَكَأَنَّهُ لِأَنَّ عِلَّةَ النَّهْيِ مَا مَرَّ عَنْ الْبَدَائِعِ، وَهِيَ الصَّارِفُ لَهُ عَنْ التَّحْرِيمِ

===================

[1] كتاب الصلاة، مطلب يشترط العلم يدخل الوقت، ١/ ٣٧٥، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ١/ ١٣٤، ط: قديمي

[3] كتاب الصلاة، باب قضاء الفوائت، ٢/ ١٤١، ط: رشيدية

(قَوْلُهُ إلَّا لِكَمَالِ الْخُشُوعِ) بِأَنْ خَافَ فَوْتَ الْخُشُوعِ بِسَبَبِ رُؤْيَةِ مَا يُفَرِّقُ الْخَاطِرَ فَلَا يُكْرَهُ، بَلْ قَالَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ إنَّهُ الْأَوْلَى، وَلَيْسَ بِبَعِيدٍ حِلْيَةٌ وَبَحْرٌ. (١)

وكذا في التاتارخانية:

ويكره للمصلي أن يغمض عينيه في الصلاة لأنها عادة اليهود. (٢)

وكذا في كفايت المفتي: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة، ٤/ ٤٤٧، ط: فاروقيه

بنیان یا پائجامہ پہن کر نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ موسم سرما میں سردی سے بچنے کے لئے عام کپڑوں کے نیچے موٹے کپڑے اس طرح کے پہنے جاتے ہیں کہ وہ بالکل جسم کے ساتھ لپٹے ہوئے ہوتے ہیں جنہیں بنیان پائجامہ کہا جاتا ہے، ایسے کپڑوں میں جسم تو نظر نہیں آتا البتہ اعضاء کی نشو و نما بہت اچھی طرح واضح ہوتی ہے، اگر کوئی آدمی صرف انہی کپڑوں میں جو عام کپڑوں کے نیچے پہنے جاتے ہیں اور اوپر عام کپڑے نہ پہنے ہوں تو نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: ایسا چست لباس پہننا جس سے اعضائے پوشیدہ کی ہیئت نظر آئے حرام ہے، البتہ لباس اتنا موٹا ہو کہ اس میں بدن کا رنگ نظر نہ آتا ہو تو اس میں نماز کا فرض اداء تو ہو جائے گا مگر ممنوع لباس میں نماز مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہوگی، البتہ اگر عورت ایسے کپڑوں کے اوپر چادر یا دوپٹہ اوڑھ کر نماز پڑھے تو اس میں کراہت نہیں، اگر کسی کے پاس ان کپڑوں کے علاوہ دوسرے کپڑے موجود نہ ہوں تو ایسے کپڑوں میں بلا کراہت نماز درست ہو جائے گی۔

كذا في الدر المختار:

(وَالشَّرْطُ سَتْرُهَا عَنْ غَيْرِهِ) وَلَوْ حُكْمًا كَمَكَانٍ مُظْلِمٍ (لَا) سَتْرُهَا (عَنْ نَفْسِهِ) بِهِ يُفْتَى، فَلَوْ رَآهَا مِنْ زِيقِهِ لَمْ تَفْسُدْ وَإِنْ كُرِهَ. (وَعَادِمُ سَاتِرٍ) لَا يَصِفُ مَا تَحْتَهُ، وَلَا يَضُرُّ الْتِصَاقُهُ وَتَشَكُّلُهُ وَلَوْ حَرِيرًا أَوْ طِينًا يَبْقَى إلَى تَمَامِ صَلَاةٍ أَوْ مَاءً كَدِرًا إلَّا صَافِيًا إنْ وَجَدَ غَيْرَهُ. وَهَلْ تَكْفِيهِ الظُّلْمَةُ؟ فِي مَجْمَعِ الْأَنْهُرِ بَحْثًا، نَعَمْ فِي الِاضْطِرَارِ لَا الِاخْتِيَارِ (يُصَلِّي قَاعِدًا) كَمَا فِي الصَّلَاةِ، وَقِيلَ مَادًّا رِجْلَيْهِ (مُومِيًا بِرُكُوعٍ وَسُجُودٍ، وَهُوَ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ)

---

(١) كتاب الصلاة، باب مكروهات الصلاة، ١/ ٦٤٥، ط: سعيد

(٢) الفصل الرابع في بيان ما يكره للمصلي أن يفعل ي صلاته وما لا يكره، ١/ ٤٠٩، ط: قديمي

قَاعِدًا يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ وَ (قَائِمًا) بِإِيمَاءٍ أَوْ (بِرُكُوعٍ وَسُجُودٍ) لِأَنَّ السَّتْرَ أَهَمُّ مِنْ أَدَاءِ الْأَرْكَانِ (وَلَوْ أُبِيحَ لَهُ ثَوْبٌ) وَلَوْ بِإِعَارَةٍ (ثَبَتَتْ قُدْرَتُهُ) هُوَ الْأَصَحُّ. [1]

وفيه أيضا:

وَكَذَا كُلُّ صَلَاةٍ أُدِّيَتْ مَعَ كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ تَجِبُ إِعَادَتُهَا. وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ جَابِرٌ لِلْأَوَّلِ. [2]

وكذا في الشامية:

وَأَنَّ النَّقْصَ إِذَا دَخَلَ فِي صَلَاةِ الْإِمَامِ وَلَمْ يُجْبَرْ وَجَبَتْ الْإِعَادَةُ عَلَى الْمُقْتَدِي أَيْضًا وَأَنَّهُ يُسْتَثْنَى مِنْهُ الْجُمُعَةُ وَالْعِيدُ إِذَا أُدِّيَتْ مَعَ كَرَاهَةِ التَّحْرِيمِ إِلَّا إِذَا أَعَادَهَا الْإِمَامُ وَالْقَوْمُ جَمِيعًا. [3]

وكذا في *احسن الفتاوی*: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٠٣، ط: سعيد

وكذا في *فتاوی محمودیہ*: كتاب الصلاة، الفصل الثاني فيما يكره في الصلاة، ٦/ ٦٦٦، ط: فاروقیہ

نماز کے دوران غیر اختیاری طور پر خیالاتِ فاسدہ آجائیں

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ اگر نماز کے دوران کوئی ایسا فاسد خیال دل میں آجائے جس سے ذکر میں تھوڑا انتشار پیدا ہو جائے تو کیا نماز فاسد ہو گی یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ تمام عبادات میں سے نماز افضل ترین عبادت ہے، اور شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے، آدمی جب نماز پڑھتا ہے تو شیطان طرح طرح کے وسوسے اس کے دل میں پیدا کرتا ہے، نماز خشوع و خضوع سے پڑھنی چاہئے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ قرات کے الفاظ کی طرف توجہ دی جائے، اور نماز کے ہر رکن کے آداب کی رعایت رکھی جائے تو ان شاء اللہ نماز میں خشوع و خضوع بھی رہے گا، اور فاسد خیالات بھی پیدا نہ ہوں گے۔

تاہم نماز کے دوران غیر اختیاری طور پر خیالاتِ فاسدہ آجائیں اور ان خیالات کی وجہ سے کس قدر غیر اختیاری انتشار پیدا ہو جائے، اور فوراً خیالات کو ہٹالیا جائے، کہ ان سے تلذذ حاصل نہ کرے تو پھر ایسی صورت میں نماز فاسد نہ ہو گی، البتہ از خود ایسے خیالات کو سوچ سوچ کر ذہن میں جگہ دینے سے نماز کے فاسد ہونے کا خدشہ ہے۔

==================

[1] كتاب الصلاة، باب شروط الصلاة، ١/ ٤٠٩، ٤١١، ط: سعيد

[2] كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٥٧، ط: سعيد

[3] مطلب كل صلاة أديت مع كراهة التحريم يجب إعادتها، ١/ ٤٥٧، ط: سعيد

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ اللهَ تَعَالَى تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي مَا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا مَا لم تعمل بِهِ أَو تَتَكَلَّم». (١)

وكذا في الدر المختار:

(وَلَهَا آدَابٌ) تَرْكُهُ لَا يُوجِبُ إسَاءَةً وَلَا عِتَابًا كَتَرْكِ سُنَّةِ الزَّوَائِدِ، لَكِنْ فِعْلُهُ أَفْضَلُ (نَظَرُهُ إلَى مَوْضِعِ سُجُودِهِ حَالَ قِيَامِهِ، وَإِلَى ظَهْرِ قَدَمَيْهِ حَالَ رُكُوعِهِ، وَإِلَى أَرْنَبَةِ أَنْفِهِ حَالَ سُجُودِهِ، وَإِلَى حِجْرِهِ حَالَ قُعُودِهِ. وَإِلَى مَنْكِبِهِ الْأَيْمَنِ وَالْأَيْسَرِ عِنْدَ التَّسْلِيمَةِ الْأُولَى وَالثَّانِيَةِ) لِتَحْصِيلِ الْخُشُوعِ. (٢)

وكذا في الشامية:

وَفِي شَرْحِ الْمُقَدِّمَةِ الْكَيْدَانِيَّةِ لِلْعَلَّامَةِ الْقُهُسْتَانِيِّ: يَجِبُ حُضُورُ الْقَلْبِ عِنْدَ التَّحْرِيمَةِ، فَلَوْ اشْتَغَلَ قَلْبُهُ بِتَفَكُّرِ مَسْأَلَةٍ مَثَلًا فِي أَثْنَاءِ الْأَرْكَانِ فَلَا تُسْتَحَبُّ الْإِعَادَةُ: وَقَالَ الْبَقَّالِيُّ: لَمْ يَنْقُصْ أَجْرُهُ إلَّا إذَا قَصَّرَ، وَقِيلَ يَلْزَمُ فِي كُلِّ رُكْنٍ وَلَا يُؤَاخَذُ بِالسَّهْوِ لِأَنَّهُ مَعْفُوٌّ عَنْهُ، لَكِنَّهُ لَمْ يَسْتَحِقَّ ثَوَابًا كَمَا فِي الْمُنْيَةِ. (٣)

وكذا في مجموعة الفتاوى:

وفي الفتاوى إذا لم تفكر في صلاته فتذكر شعرا أو خطبة قرأ بقلبه ولم يتكلم بلسانه لا تفسد صلاته. (٤)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، الفصل الأول فيما يفسد الصلاة، ٦/ ٦٢٤، ط: فاروقيہ

نماز میں کسی تحریر پر نظر پڑ جائے یا کوئی آواز سنائی دے

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ نماز پڑھتے ہوئے کوئی تحریر اردو یا انگریزی میں پڑھ لے اور سمجھ میں بھی آجائے تو اس کی نماز فاسد ہوگی یا نہیں؟اوراسی طرح اگر کوئی آواز سن لے اور مفہوم سمجھ میں آجائے تو اس کا کیا حکم ہے اوراسی

(١) كتاب الطلاق، باب الطلاق في الإغلاق والكره والسكران، ٢/ ٧٩٤، ط: قديمي

(٢) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ١/ ٤٧٧، ط: سعيد

(٣) باب شروط الصلاة، مطلب في حضور القلب و الخشوع، ١/ ٤١٧، ط: سعيد

(٤) كتاب الصلاة، الفصل الثالث عشر فيما يفسد الصلاة وما لا يفسد، ١/ ١١٩، ط: رشيدية

طرح گانے وغیرہ کی آواز سن لے تو نماز فاسد ہو گی یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ نماز کے دوران قصداً کسی لکھی ہوئی چیز کو دیکھ کر دل ہی دل میں پڑھنے سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے۔ اگر پڑھنے میں زبان کو حرکت دی تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اگر بلا قصد وارادہ اتفاقاً کسی مکتوب پر نظر پڑ جائے اور اس کے ما حصل کو سمجھ جائے تو یہ معاف ہے، نماز کو اس طرح بے توجہی کے ساتھ پڑھنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ اسی طرح اگر نماز میں کوئی آواز سنائی دے تو اس کی طرف توجہ نہیں کرنی چاہئے اگر اس آواز کو اپنے اختیار سے خیالات میں لایا تو نماز مکروہ ہو گی خواہ وہ کوئی بھی آواز ہو لیکن اس سے نماز فاسد نہیں ہو گی۔

كذا في الدر المختار:

(ولا يفسدها نظره إلى مكتوب وفهمه) ولو مستفهما وإن كره. [1]

وكذا في البحر الرائق:

(قوله ولو نظر إلى مكتوب وفهمه أو اكل ما بين أسنانه أو مر مار في موضع سجوده لا تفسد وإن إثم). [2]

وكذا في حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح:

لو نظر إلى مكتوب وفهمه سواء كان قرآنا أو غيره قصد الاستفهام أو لا (قوله لو نظر المصلي إلى مكتوب إلخ) وحد عدم الفساد أنه إنما يتحقق بالقراءة وبالنظر والفهم لم تحصل وإليه أشار المؤلف بقوله لعدم النطق. [3]

وكذا في الهندية:

إذا كان المكتوب على المحراب غير القرآن فنظر المصلي إلى ذلك وتأمل وفهم فعلى قول أبي يوسف رحمه الله تعالى لا تفسد وبه أخذ مشائخنا. [4]

وكذا في مراقي الفلاح:

(لو نظر المصلي إلى مكتوب وفهمه) سواء كان قرآنا أو غيره قصد الاستفهام أو لا أساء الأدب ولم تفسد

====================

[1] كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦٣٤، ط: دار الفكر بيروت

[2] كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٢٤، ط: رشيدية

[3] كتاب الصلاة، فصل فيما لا يفسد الصلاة، ص١٨٧، ط: قديمي

[4] كتاب الصلاة، الباب السابع، ١/ ١٠١، ط: رشيدية

صلاته لعدم النطق بالكلام. (١)

وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته:

ولا تفسد الصلاة بالنظر إلى المكتوب وفهمه غير أنه مكروه أما القراءة من المصحف فتفسد الصلاة عند أبي حنيفة رحمه الله. (٢)

وكذا في فتاوی محمودیہ: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٦/ ٦٠٦، ط: فاروقیہ

تصاویر والے کمرے میں نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایسے کمرے میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے جس کی دیواروں میں تصاویر آویزاں ہوں یا کتے، بلی وغیرہ کا مجسمہ ہو، نیز بند الماری میں موجود تصویر کی وجہ سے نماز میں کراہت آئے گی یا نہیں؟

جواب: ایسے کمرے میں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ بند الماری میں موجود تصاویر سے نماز میں کوئی کراہت نہیں آئے گی۔

كذا في الهندية:

ويكره أن يصلي وبين يديه أو فوق رأسه أو على يمينه أو على يساره أو في ثوبه تصاوير. (٣)

وكذا في الدر المختار:

(وكره)... (وليس ثوب فيه تماثيل) ذي روح، وأن يكون فوق رأسه أو بين يديه أو (بحذائه) يمنة أو يسرة أو محل سجوده (تمثال). (٤)

وكذا في الدر المختار:

ومفاده كراهة المستبين لا المستتر بكيس. (٥)

وكذا في التاتارخانية:

وأشدها كراهة أن يكون أمام المصلي ثم فوق رأسه ثم على يمينه ثم على شماله ثم خلفه. (٦)

===================

(١) كتاب الصلاة، فصل في ما لا يفسد الصلاة، ص٣٤١، ط: رشيدية

(٢) كتاب الصلاة، الفصل السابع، ٢/ ١٠٢٤، ط: دار الفكر

(٣) كتاب الصلاة، باب فيما يكره في الصلاة، ١/ ١٠٧، ط: رشيدية

(٤) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٦٤٦، ط: سعيد

(٥) كتاب الصلاة، مطلب إذا تردد الحكم بين السنة والبدعة، ١/ ٦٤٨، ط: سعيد

(٦) الفصل الرابع في بيان ما يكره للمصلي، ١/ ٤١١، ط: قديمي

وکذا في احسن الفتاوی: کتاب الصلاۃ، باب مفسدات الصلاۃ والمکروھات، ۳/ ۴۲۶، ط: سعید

آدھی آستین والی بنیان پہن کر نماز پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ آج کل فیکٹریوں میں ورکر عموماً آدھی آستینوں والی بنیان پہن کر کام پر آتے ہیں اور اسی آدھی آستینوں والی بنیان میں وہ نماز بھی پڑھتے ہیں، پوچھنا یہ کہ ایسی آدھی آستین والی بنیان پہن کر نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ نیز کام کے لئے مختص کپڑوں میں نماز کا کیا حکم ہے؟

جواب: آدھی آستینوں والی بنیان میں نماز پڑھنا مکروہ ہے، فیکٹری ملازمین کو چاہئے کہ نماز کے لئے متبادل کپڑوں کا انتظام رکھیں، البتہ اگر متبادل کپڑے میسر نہ ہوں تو ایسی بنیان میں نماز پڑھنی چاہئے۔

ایسے کپڑے جو کام کے لئے مختص ہوں بلا ضرورت ان میں نماز پڑھنا مکروہ ہے، جب ایسے میلے کچیلے کپڑے پہن کر عام لوگوں کے پاس جانا گوارا نہیں ہوتا تو اللہ رب العالمین کے دربار میں جانا بطریق اولی گوارا نہیں ہونا چاہئے۔

کذا في الدر المختار:

(و) کرہ (کفه) أي رفعه ولو لتراب کمشمرکم أو ذیل. (۱)

وفیه أیضا:

وکرہ... وصلاته في ثیاب بذلة ومهنة. (۲)

وکذا في الهندیة:

ولو صلی رافعا کمیه إلی المرفقین کرہ. (۳)

وفیه أیضا:

وتکرہ الصلاۃ في ثیاب البذلة. (٤)

وکذا في البدائع:

ویکرہ أن یکف ثوبه، لما روي عن النبي علیه السلام أنه قال: أمرت أن أسجد علی سبعة أعظم، وأن لا

==================

(۱) کتاب الصلاۃ، ۱/ ٦٤٠، ط: سعید

(۲) کتاب الصلاۃ، مطلب في الکراھة التحریمیة والتنزیھیة، ۱/ ٦٤٠، ط: سعید

(۳) کتاب الصلاۃ، الفصل الثاني فیما یکرہ في الصلاۃ، ۱/ ۱۰٦، ط: رشیدیة

(٤) کتاب الصلاۃ، الفصل الثاني فیماي کرہ في الصلاۃ، ۱/ ۱۰۷، ط: رشیدیة

أكف ثوبا ولا أكف شعرا. (1)

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٠٧، ط: سعيد

وكذا في امداد الفتاوی: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ١/ ٣٣٧، ط: دار العلوم

نمازی کے سامنے لیٹنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک آدمی سامنے لیٹا ہو تو کیا اس طرف رخ کرکے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر لیٹے ہوئے شخص کی وجہ سے نمازی کی توجہ میں خلل واقع نہ ہو رہا ہو تو جائز ہے ورنہ مکروہ ہوگا، اور مصلی کی طرف منہ کرکے سویا ہو تب بھی مکروہ ہے۔

كذا في صحيح البخاري:

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: بِئْسَمَا عَدَلْتُمُونَا بِالكَلْبِ وَالحِمَارِ «لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَأَنَا مُضْطَجِعَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ القِبْلَةِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ غَمَزَ رِجْلَيَّ، فَقَبَضْتُهُمَا». (2)

وكذا في الدر المختار مع ردا لمحتار:

(وَ) لَا يُكْرَهُ (صَلَاةٌ إلَى ظَهْرِ قَاعِدٍ) أَوْ قَائِمٍ (قَوْلُهُ إلَى ظَهْرِ قَاعِدٍ إلَخْ) قَيَّدَ بِالظَّهْرِ احْتِرَازًا عَنْ الْوَجْهِ فَإِنَّهَا تُكْرَهُ إلَيْهِ كَمَا مَرَّ... وَمَا رُوِيَ عَنْهُ - عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ - «لَا تُصَلُّوا خَلْفَ نَائِمٍ وَلَا مُتَحَدِّثٍ» فَضَعِيفٌ. وَصَحَّ عَنْ عَائِشَةَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا... رَوَيَاهُ فِي الصَّحِيحَيْنِ، وَهُوَ يَقْتَضِي أَنَّهَا كَانَتْ نَائِمَةً. (3)

وكذا في الهداية:

ولا بأس بأن يصلي إلى ظهر رجل قاعد يتحدث. قال في الحاشية: ومن الناس من كره ذلك لما روي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى أن يصلي الرجل وعنده قوم يتحدثون أو نائمونن وتأويله عندنا إذا رفعوا أصواتهم على وجه يخاف منه وقوع الغلط في الصلاة أو ي خاف أن يظهر صوت من النائمين فيضحك

(1) كتاب الصلاة، بيان ما يستحب وما يكره في الصلاة، ١/ ٥٠٦، ط: رشيدية

(2) كتاب الصلاة، باب هل يغمز الرجل امرأته عن السجود لكي يسجد، ١/ ٧٤، ط: قديمي

(3) كتاب الصلاة، ٢/ ٥٠٩، ط: رشيدية

في صلاته فإن لم يكن كذلك فلا بأس به العناية. (١)

وكذا في خیر الفتاوی: كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، ٢/ ٤٥٤، ط: امدادیه

وكذا في احسن الفتاوی: كتاب الصلاة، باب مفسدات الصلاة والمكروهات، ٣/ ٤٣٥، ط: سعید

تصاویر والے موبائل یا میموری کارڈ وغیرہ ساتھ لے کر نماز پڑھنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ کسی شخص کے موبائل یا میموری کارڈ میں فحش تصاویر وغیرہ ہوں کیا اس موبائل یا میموری کارڈ کو جیب میں رکھ کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: موبائل میں یا کسی اور ذریعے سے فحش تصاویر دیکھنا ناجائز اور حرام ہے، اس لئے ایسی چیزوں سے اجتناب کرنا ضروری ہے، تاہم اگر کسی کے موبائل یا میموری کارڈ میں ایسی تصاویر ہوں تو اس کو جیب میں رکھ کر نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی۔

كذا في الهندية:

لا بأس للرجل أن يؤم الناس وعلى بدنه تصاوير لأنها مستورة بالثياب وكذا لو صلى إلخ. (٢)

وكذا في فتاوى قاضي خان:

لا بأس للرجل أن يؤم الناس وعلى يديه تصاوير لأنها مستورة بالثياب إلخ. (٣)

وكذا في البحر الرائق:

لو كانت في يديه وهو يصلي لا تكره لأنه مستورة بالثياب، وكذا لو كان على خاتمه إلخ. (٤)

وكذا في التاتارخانية:

أما إذا كانت مستورة فلا بأس به. (٥)

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: شرائط نماز، ٣/ ٣٥٠، ط: لدھیانوی

===================

(١) كتاب الصلاة، باب ما يفسد ما يكره فيها، ١/ ٣٦١، ط: البشرى

(٢) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٩٦، ط: قديمي

(٣) كتاب الصلاة، ١/ ٤٥، ط: اشرفيه

(٤) كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ٢/ ٤٨، ط: رشيدية

(٥) كتاب الصلاة، الفصل الرابع في بيان ما يكره للمصلي، ١/ ٤١١، ط: قديمي

متعین وغیر متعین مسجد میں جماعت ثانیہ کے لئے اذان واقامت کہنا

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ جن جگہوں پر جماعت ثانی کرانا جائز ہو اور وہ مساجد جہاں جماعت ثانی مکروہ ہے لیکن پھر بھی لوگ جماعت کرانا چاہتے ہوں تو کیا وہاں جماعت ثانی کے لئے اذان واقامت کہی جائے گی یا نہیں؟اور کن صورتوں میں یا جگہوں میں جماعت ثانی کے لئے اذان واقامت کہی جائے گی اور کن میں نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ محلّہ کی مسجد جہاں پر نمازی، امام اور مؤذن معلوم ومتعین ہوں وہاں اگر اہل محلّہ نے جماعت کرائی ہو تو ان کے بعد باقی اہل محلّہ یا غیر اہل محلّہ کا دوسری جماعت کرانا مکروہ ہے، اور اس کے لئے اذان واقامت کہنا بھی مکروہ ہے۔

اور اگر وہاں پر دوسرے محلے والوں نے اذان واقامت کہہ کر جماعت کرائی ہو اس مسجد کے محلّہ والے بعد میں آئیں تو ان کے لئے دوبارہ اذان واقامت کہنا اور دوسری جماعت کرانا مکروہ نہیں۔

اور ایسی مسجد جہاں پر نمازی، امام اور مؤذن معلوم ومتعین نہ ہوں جیسا کہ راستے کی مساجد، وہاں پر دوبارہ اذان واقامت کہنا اور جماعت ثانیہ کرانا مکروہ نہیں بلکہ جائز ہے۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں جہاں پر جماعت ثانیہ کرانا جائز ہے وہاں پر اذان واقامت دوبارہ کہنا افضل ہے مکروہ نہیں ہے، اور جہاں جماعت ثانیہ مکروہ ہے پھر بھی لوگ دوسری جماعت کرانا چاہتے ہوں تو وہاں پر اذان واقامت دوبارہ کہنا مکروہ ہے۔

كذا في بدائع الصنائع:

وَلَوْ صَلَّى فِي مَسْجِدٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ هَلْ يُكْرَهُ أَنْ يُؤَذَّنَ وَيُقَامُ فِيهِ ثَانِيًا، فَهَذَا لَا يَخْلُو مِنْ أَحَدِ وَجْهَيْنِ: أَمَّا إِنْ كَانَ مَسْجِدًا لَهُ أَهْلٌ مَعْلُومٌ، أَوْ لَمْ يَكُنْ: فَإِنْ كَانَ لَهُ أَهْلٌ مَعْلُومٌ، فَإِنْ صَلَّى فِيهِ غَيْرُ أَهْلِهِ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ لَا يُكْرَهُ لِأَهْلِهِ أَنْ يُعِيدُوا الْأَذَانَ وَالْإِقَامَةَ... وَإِنْ كَانَ مَسْجِدًا لَيْسَ لَهُ أَهْلٌ مَعْلُومٌ بِأَنْ كَانَ عَلَى شَوَارِعِ الطَّرِيقِ - لَا يُكْرَهُ تَكْرَارُ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ فِيهِ. [1]

وكذا في الهندية:

أَهْلُ الْمَسْجِدِ إِذَا صَلَّوْا بِأَذَانٍ وَجَمَاعَةٍ، يُكْرَهُ تَكْرَارُ الْأَذَانِ وَالْجَمَاعَةِ فِيهِ. وَلَوْ صَلَّى بَعْضُ أَهْلِ الْمَسْجِدِ بِإِقَامَةٍ وَجَمَاعَةٍ، ثُمَّ دَخَلَ الْمُؤَذِّنُ وَالْإِمَامُ وَبَقِيَّةُ الْجَمَاعَةِ، فَالْجَمَاعَةُ الْمُسْتَحَبَّةُ لَهُمْ، وَالْكَرَاهَةُ لِلْأُولَى..... مَسْجِدٌ

[1] كتاب الصلاة، تكرار الجماعة في المسجد، ١/ ٣٧٨، ٣٧٩، ط: رشيديه

لَيْسَ لَهُ مُؤَذِّنٌ وَإِمَامٌ مَعْلُومٌ، يُصَلِّي فِيهِ النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا بِجَمَاعَةٍ، فَالْأَفْضَلُ أَنْ يُصَلِّيَ كُلُّ فَرِيقٍ بِأَذَانٍ وَإِقَامَةٍ عَلَى حِدَةٍ. [١]

وكذا في الدر المختار:

